طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِیْضَۃٌ عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ

اسلامی بچّوں اور بچیوں کے لیے اہم اسلامی معلومات پر مشتمل مفید کتاب

چوتھی جماعت کے لیے

# سُبحانی دینی نِصاب

## حصّہ چہارم




تالیف

سید محمد اکرام الحق قادری مصباحی

صدر المدرسین دار العلوم محبوبِ سبحانی، کرلا، ممبئی



ناشر

شعبۂ اشاعت دار العلوم محبوبِ سبحانی کرلا ویسٹ ممبئی

طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِیْضَۃٌ عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ

اسلامی بچوں اور بچیوں کے لیے

اہم اسلامی معلومات پر مشتمل نہایت مفید کتاب

حصۂ چہارم

# سبحانی دینی نصاب

چوتھی جماعت کے لیے

تالیف

سید محمد اکرام الحق قادری مصباحی عفی عنہ

صدر المدرسین: دار العلوم محبوبِ سبحانی، کرلا ممبئی

ناشر: شعبۂ اشاعت، دار العلوم محبوبِ سبحانی، کرلا ویسٹ، ممبئی

جملہ حقوق بحقِ ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب : سبحانی دینی نصاب حصۂ چہارم

مؤلف : سید محمد اکرام الحق قادری مصباحی عفی عنہ
صدر مدرس: دار العلوم محبوبِ سبحانی کرلا ممبئی
فون نمبر 9029249679

کمپوزنگ : بدستِ خود

نظرِ ثانی : حضرت علامہ مفتی محمد فاروق خان مہائمی مصباحی
استاد و نائب مفتی ادارہ ہٰذا

تزیین : حضرت مولانا نصر الدین صاحب سبحانی
استاد ادارہ ہٰذا

اشاعت بارِ اول : شوال ۱۴۴۲ھ مطابق مئی ۲۰۲۱ء

تعداد : ۱۱۰۰

قیمت : 250

پیش کش : شعبۂ اشاعت دار العلوم محبوبِ سبحانی، کرلا ویسٹ، ممبئی ۷۰

# فہرستِ مضامین


| شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱ | شرفِ انتساب | م |
| ۲ | پہلا سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۱ |
| ۳ | قیامت کی حقیقت | // |
| ۴ | قیامت کی نشانیاں | // |
| ۵ | دجال کا تعارف | ۲ |
| ۶ | دوسری فصل: [فقہیات] | // |
| ۷ | نماز کو فاسد کرنے والی باتیں | // |
| ۸ | مکروہِ تحریمی کا معنیٰ | // |
| ۹ | نماز کے مکروہاتِ تحریمیہ | // |
| ۱۰ | جماعت کی اہمیت | ۳ |
| ۱۱ | ترکِ جماعت کے اَعذار | // |
| ۱۲ | تیسری فصل: [اخلاقیات] | // |
| ۱۳ | اچھے اَخلاق کی حقیقت | // |
| ۱۴ | خوش اخلاقی اور بداخلاقی میں فرق | ۴ |
| ۱۵ | خوش اخلاق شخص کے اوصاف | // |
| ۱۶ | چوتھی فصل: [گوشۂ سیرتِ پاک] | ۵ |
| ۱۷ | مسجدِ قبا کی تعمیر | // |
| ۱۸ | شہرِ مدینہ کی جانب روانگی | // |
| ۱۹ | مسجد ''الجمعۃ'' کی تعمیر | // |
| ۲۰ | اہلِ مدینہ کی بے قراری | // |
| ۲۱ | مدینے کی بچیوں کا ترانۂ وجد آفریں | // |
| ۲۲ | پانچویں فصل: [حسنِ مصطفیٰ ﷺ] | ۶ |
| ۲۳ | ہمارے حضور ﷺ جیسا کوئی نہیں | // |
| ۲۴ | حسنِ بے مثال | // |
| ۲۵ | چھٹی فصل: [معمولاتِ اہلِ سنت] | ۷ |
| ۲۶ | اذان واقامت سے پہلے درود پڑھنے کا جواز | // |
| ۲۷ | ساتویں فصل: [عام دینی معلومات] | ۸ |
| ۲۸ | آسمانی کتابوں کی تعداد | // |
| ۲۹ | تمام آسمانی کتابوں پر ایمان ضروری ہے | // |
| ۳۰ | ہم پر صرف قرآنِ مقدس پر عمل کرنا لازم ہے | // |
| ۳۱ | دینِ اسلام کی بنیاد قرآنِ مقدس پر ہے | // |
| ۳۲ | قرآنِ حکیم کے مضامین | ۹ |
| ۳۳ | کتابِ مبین کی تعریف | // |
| ۳۴ | قرآنِ مجید کے ''معجز'' ہونے کا مطلب | // |
| ۳۵ | دوسرا سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۱۰ |
| ۳۶ | فتنۂ دجال کی سختی | // |
| ۳۷ | دابۃ الارض کی حقیقت | // |
| ۳۸ | یاجوج ماجوج کا تعارف | ۱۰ |
| ۳۹ | دوسری فصل: [فقہیات] | // |
| ۴۰ | جماعت کے اہم مسائل | ۱۱ |
| ۴۱ | مسبوق کے چند ضروری احکام | // |
| ۴۲ | نمازِ وتر کی شرعی حیثیت مع طریقہ | ۱۲ |

| شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۴۳ | تیسری فصل: [اخلاقیات] | ۱۲ |
| ۴۴ | اچھے اخلاق سے آراستہ کرنے کے طریقے | 〃 |
| ۴۵ | خوش اخلاقی کی اہمیت پر دو حدیثیں | ۱۳ |
| ۴۶ | بداخلاقی کے نقصانات | 〃 |
| ۴۷ | چوتھی فصل: [گوشۂ سیرتِ پاک] | 〃 |
| ۴۸ | خوش نصیب میزبان | 〃 |
| ۴۹ | حضور ﷺ کے اہل وعیال مدینے میں | ۱۴ |
| ۵۰ | مسجدِ نبوی کی تاریخ | 〃 |
| ۵۱ | پانچویں فصل: [حسنِ مصطفیٰ ﷺ] | 〃 |
| ۵۲ | ہمارے نبی حضرت یوسف سے بھی حسین | 〃 |
| ۵۳ | ہمارے نبی اور حضرت یوسف کے حسن میں فرق | ۱۵ |
| ۵۴ | حسنِ مصطفیٰ ﷺ کے سلسلے میں اسلامی عقیدہ | 〃 |
| ۵۵ | چھٹی فصل: [معمولاتِ اہلِ سنت] | 〃 |
| ۵۶ | قبر پر اذان دینے کی شرعی حیثیت | 〃 |
| ۵۷ | اذانِ قبر کے ثبوت پر دلائل | 〃 |
| ۵۸ | ساتویں فصل: [عام دینی معلومات] | ۱۷ |
| ۵۹ | قرآن کے ترجمے کو قرآن کہنا کیسا؟ | 〃 |
| ۶۰ | قرءاتِ متواترہ کی تعداد | 〃 |
| ۶۱ | تواتر کا معنیٰ | 〃 |
| ۶۲ | قراءاتِ سبعہ کے اماموں کے اسمائے گرامی | 〃 |
| ۶۳ | قرآن میں مذکور اسمائے قرآن | ۱۸ |
| ۶۴ | تیسرا سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۱۹ |
| ۶۵ | حضرت امام مہدی کا مختصر حال | 〃 |
| ۶۶ | حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزولِ مبارک | ۱۹ |
| ۶۷ | حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانے کی برکتیں | 〃 |
| ۶۸ | دوسری فصل: [فقہیات] | ۲۰ |
| ۶۹ | نمازِ جمعہ کی شرعی حیثیت | 〃 |
| ۷۰ | نمازِ جمعہ کے فضائل | 〃 |
| ۷۱ | تارکِ جمعہ کا انجامِ بد | 〃 |
| ۷۲ | نمازِ جمعہ کے شرائط | 〃 |
| ۷۳ | تیسری فصل: [اخلاقیات] | ۲۱ |
| ۷۴ | زبان کی حقیقت | 〃 |
| ۷۵ | زبان کی آفتیں | 〃 |
| ۷۶ | خاموشی کے فائدے | ۲۲ |
| ۷۷ | چوتھی فصل: [گوشۂ سیرتِ پاک] | 〃 |
| ۷۸ | اذان کی تاریخ | 〃 |
| ۷۹ | سن ایک ہجری کے چند اہم واقعات | 〃 |
| ۸۰ | یہودیوں سے معاہدہ کرنے کی وجہ | ۲۳ |
| ۸۱ | پانچویں فصل: [حسنِ مصطفیٰ ﷺ] | ۲۴ |
| ۸۲ | حضور ﷺ کے جسمِ مبارک کی رنگت | 〃 |
| ۸۳ | جسمِ اطہر کی طہارت و پاکیزگی | 〃 |
| ۸۴ | جسمِ بے مثال کی نازکی | 〃 |
| ۸۵ | چھٹی فصل: [معمولاتِ اہلِ سنت] | ۲۵ |
| ۸۶ | حضور ﷺ کا نامِ اقدس سن کر انگوٹھا چومنا | 〃 |
| ۸۷ | انگوٹھا چومنا صرف اذان کے ساتھ خاص نہیں | ۲۶ |
| ۸۸ | حضرتِ صدیقِ اکبر کا اندازِ محبت | 〃 |

| شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر | شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| ۸۹ | ساتویں فصل: [عام دینی معلومات] | ۲۶ | ۱۱۲ | جسمِ اقدس سے پھوٹنے والی خوش بو | ۳۳ |
| ۹۰ | قرآنِ پاک کو "ذکر" کہنے کی وجہ | // | ۱۱۳ | انتہائی خوش بودار پسینہ | ۳۴ |
| ۹۱ | قرآنِ پاک کو "نور" کہنے کا سبب | // | ۱۱۴ | چھٹی فصل: [معمولاتِ اہلِ سنت] | // |
| ۹۲ | قرآنِ مقدس کی شانِ اعجاز بزبانِ قرآن | // | ۱۱۵ | اولیا کی مزارات پر جانے کا ثبوتِ شرعی | // |
| ۹۳ | اعجازِ قرآن کے وجوہ | ۲۷ | ۱۱۶ | مزارات پر جانے کے فوائد | // |
| ۹۴ | چوتھا سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۲۸ | ۱۱۷ | حضرت امام شافعی کا واقعہ | ۳۵ |
| ۹۵ | قیامت صرف کافروں پر قائم ہوگی | // | ۱۱۸ | ساتویں فصل: [عام دینی معلومات] | // |
| ۹۶ | قیامت قائم ہونے کی کیفیت | // | ۱۱۹ | قرآنِ مقدس کے منفرد اسلوب کا اعجاز | // |
| ۹۷ | دوسری فصل: [فقہیات] | ۲۹ | ۱۲۰ | ترتیل کا معنیٰ | ۳۶ |
| ۹۸ | جمعہ کی پہلی اور دوسری شرط کی توضیح | // | ۱۲۱ | فرضِ کفایہ کا مفہوم | // |
| ۹۹ | جمعہ کی باقی شرطوں کی تشریح | // | ۱۲۲ | قرآنِ پاک سے متعلق نہایت اہم معلومات | // |
| ۱۰۰ | خطبۂ جمعہ کی سنتیں | // | ۱۲۳ | پانچواں سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۳۷ |
| ۱۰۱ | جمعہ فرض ہونے کے شرائط | ۳۰ | ۱۲۴ | سب سے پہلے قبر سے باہر آنے والی ذات | // |
| ۱۰۲ | جمعہ کے دن یہ کام کرنے چاہییں | // | ۱۲۵ | قیامت سے متعلق اہم عقائد | // |
| ۱۰۳ | تیسری فصل: [اخلاقیات] | // | ۱۲۶ | میدانِ محشر کی ہولناکیاں | ۳۸ |
| ۱۰۴ | "سچ" کا معنیٰ اور اُس کی شرعی حیثیت | // | ۱۲۷ | دوسری فصل: [فقہیات] | // |
| ۱۰۵ | "جھوٹ" کا مفہوم اور اُس کی نحوست | // | ۱۲۸ | عیدین کی شرعی حیثیت | // |
| ۱۰۶ | چوتھی فصل: [گوشۂ سیرتِ پاک] | ۳۱ | ۱۲۹ | عیدین کے واجب ہونے کی شرطیں | // |
| ۱۰۷ | طیبہ کے لیے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خاص دعا | // | ۱۳۰ | نمازِ عیدین پڑھنے کا طریقہ | // |
| ۱۰۸ | تین جاں نثاروں کی وفات | ۳۲ | ۱۳۱ | نمازِ عیدین کے چند اہم مسائل | ۳۹ |
| ۱۰۹ | خوش نصیب صحابی | // | ۱۳۲ | تیسری فصل: [اخلاقیات] | ۴۰ |
| ۱۱۰ | پانچویں فصل: [حسنِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم] | ۳۳ | ۱۳۳ | غیبت کا معنیٰ اور اس کی شرعی حیثیت | // |
| ۱۱۱ | جسمِ اطہر کی لطافت | // | ۱۳۴ | غیبت زنا سے بدتر کیوں؟ | // |

| شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۳۵ | غیبت کی تباہ کاریاں | ۴۰ |
| ۱۳۶ | وہ صورتیں جو غیبت میں شمار نہیں ہوتیں | // |
| ۱۳۷ | چوتھی فصل: [گوشۂ سیرت پاک] | ۴۱ |
| ۱۳۸ | تحویلِ قبلہ کی تاریخ | // |
| ۱۳۹ | مسلمانوں نے دشمنوں سے جنگ کیوں کی؟ | // |
| ۱۴۰ | کیا اسلام تلوار کے زور سے پھیلا ہے؟ | ۴۲ |
| ۱۴۱ | پانچویں فصل: [حسنِ مصطفیٰ ﷺ] | // |
| ۱۴۲ | حضور ﷺ کا رُوئے منور | // |
| ۱۴۳ | آپ ﷺ کا سرِ اقدس | // |
| ۱۴۴ | ہمارے آقا ﷺ کے موئے مبارک | ۴۳ |
| ۱۴۵ | چھٹی فصل: [معمولاتِ اہلِ سنت] | // |
| ۱۴۶ | ۲۷ ویں رجب کو عبادت کرنا کیسا؟ | // |
| ۱۴۷ | ۲۷ ویں رجب کے فضائل | ۴۴ |
| ۱۴۸ | ساتویں فصل: [اللہ عزوجل کے اسمائے حسنیٰ] | ۴۵ |
| ۱۴۹ | اسمائے حسنیٰ کا معنیٰ | // |
| ۱۵۰ | اسمائے حسنیٰ کی تعداد | // |
| ۱۵۱ | اسمائے حسنیٰ مع ترجمہ | // |
| ۱۵۲ | چھٹا سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۴۶ |
| ۱۵۳ | محشر کی سختیوں سے بچنے والے خوش نصیب | // |
| ۱۵۴ | حضور شفیعِ محشر ﷺ | // |
| ۱۵۵ | دوسری فصل: [فقہیات] | ۴۷ |
| ۱۵۶ | نمازِ تراویح کی شرعی حیثیت | // |
| ۱۵۷ | نمازِ تراویح ''بدعتِ حسنہ'' ہے | // |
| ۱۵۸ | نمازِ تراویح کی فضیلت | ۴۷ |
| ۱۵۹ | نمازِ تراویح کی رکعات کی تعداد | ۴۸ |
| ۱۶۰ | تراویح پڑھنے کا طریقہ | // |
| ۱۶۱ | تراویح میں ختمِ قرآن کرنا کیسا؟ | // |
| ۱۶۲ | تیسری فصل: [اخلاقیات] | // |
| ۱۶۳ | ''چغلی'' کا معنیٰ اور اس کی شرعی حیثیت | // |
| ۱۶۴ | چغل خور کی مذمت، قرآنِ مقدس کی روشنی میں | ۴۹ |
| ۱۶۵ | چغل خور کی مذمت، حدیثِ پاک کی روشنی میں | // |
| ۱۶۶ | چغل خوری کی نحوستیں | // |
| ۱۶۷ | چوتھی فصل: [گوشۂ سیرت پاک] | ۵۰ |
| ۱۶۸ | ناپاک سازشیں اور پاکیزہ تدبیریں | // |
| ۱۶۹ | غزوات وسرایا کا معنیٰ | // |
| ۱۷۰ | غزوات وسرایا کی تعداد | // |
| ۱۷۱ | کچھ اہم غزوات وسرایا کے اسما | // |
| ۱۷۲ | غزوۂ بدر کا مختصر تعارف | ۵۱ |
| ۱۷۳ | پانچویں فصل: [حسنِ مصطفیٰ ﷺ] | // |
| ۱۷۴ | آقائے دوجہاں ﷺ کی جبینِ پرنور | // |
| ۱۷۵ | حضور فخرِ عالم ﷺ کے ابروئے مبارک | // |
| ۱۷۶ | سید المرسلین ﷺ کی چشمانِ مقدسہ | ۵۲ |
| ۱۷۷ | چھٹی فصل: [معمولاتِ اہلِ سنت] | // |
| ۱۷۸ | شبِ براءت کیا ہے؟ | // |
| ۱۷۹ | اِس شب کے معمولات کی شرعی حیثیت | // |
| ۱۸۰ | اِس مبارک شب کی فضیلت واہمیت | // |

| شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۸۱ | شبِ براءت کے حلوے کا ثبوت | ۵۳ |
| ۱۸۲ | ساتویں فصل: [حمدِ پاک ونعتِ اقدس] | ۵۴ |
| ۱۸۳ | حمدِ باری تعالیٰ | // |
| ۱۸۴ | نعتِ پاک | ۵۵ |
| ۱۸۵ | ساتواں سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۵۶ |
| ۱۸۶ | شافعینِ محشر کون؟ | // |
| ۱۸۷ | عرشِ الٰہی کا سایہ پانے والے خوش نصیب | // |
| ۱۸۸ | گرمیِ محشر سے بچنے والے سعادت مند | ۵۷ |
| ۱۸۹ | دوسری فصل: [فقہیات] | // |
| ۱۹۰ | نمازِ جنازہ کی شرعی حیثیت | // |
| ۱۹۱ | نمازِ جنازہ کے شرائط | // |
| ۱۹۲ | نمازِ جنازہ کے ارکان مع سُنَن | // |
| ۱۹۳ | نماز جنازہ پڑھنے کا طریقہ | ۵۸ |
| ۱۹۴ | نمازِ جنازہ کے چند اہم مسائل | // |
| ۱۹۵ | تیسری فصل: [اخلاقیات] | // |
| ۱۹۶ | اخلاص کا معنیٰ اور اس کی شرعی حیثیت | // |
| ۱۹۷ | اخلاص حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی نظر میں | ۵۹ |
| ۱۹۸ | رِیا کسے کہتے ہیں؟ | // |
| ۱۹۹ | رِیا کاری کی نیکیوں کا حکم | // |
| ۲۰۰ | ریا کاری شرکِ اصغر ہے | // |
| ۲۰۱ | ریا کاری کا حکم اور اُس کے نقصانات | // |
| ۲۰۲ | چوتھی فصل: [گوشۂ سیرت پاک] | ۶۰ |
| ۲۰۳ | جنگِ بدر کے اسباب وعلل | // |
| ۲۰۴ | کفارِ مکہ کی تیاریاں | ۶۰ |
| ۲۰۵ | مسلمانوں کی جاں بازیاں | // |
| ۲۰۶ | میدانِ بدر میں آمد | ۶۱ |
| ۲۰۷ | پانچویں فصل: [حسنِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم] | // |
| ۲۰۸ | تاجدارِ انبیا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی بینیٔ اقدس | // |
| ۲۰۹ | ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے رخسارِ روشن | // |
| ۲۱۰ | سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے لبِ اقدس | ۶۲ |
| ۲۱۱ | چھٹی فصل: [معمولاتِ اہلِ سنت] | // |
| ۲۱۲ | خود کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا بندہ کہنا کیسا؟ | // |
| ۲۱۳ | اِس کے ثبوت پر چند دلائل | ۶۳ |
| ۲۱۴ | ساتویں فصل: [حفظِ سُورِ قرآنِ کریم] | ۶۴ |
| ۲۱۵ | سورۂ علق مع ترجمہ | // |
| ۲۱۶ | آٹھواں سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۶۵ |
| ۲۱۷ | قیامت کے دن حساب وکتاب | // |
| ۲۱۸ | بلاحساب جنت جانے والے خوش نصیب | // |
| ۲۱۹ | پلِ صراط کا معنیٰ ومفہوم | ۶۶ |
| ۲۲۰ | دوسری فصل: [فقہیات] | // |
| ۲۲۱ | نماز قضا ہوجائے تو کیا کرے؟ | // |
| ۲۲۲ | قضا نماز پڑھنے کی شرعی حیثیت | // |
| ۲۲۳ | قضا نماز پڑھنے کا وقت | // |
| ۲۲۴ | قضا نماز کے چند اہم مسائل | ۶۷ |
| ۲۲۵ | تیسری فصل: [اخلاقیات] | // |
| ۲۲۶ | ''حسد'' کا معنیٰ | // |

| شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۲۲۷ | اِس کی شرعی حیثیت | ۶۷ |
| ۲۲۸ | ''حسد'' کی مذمت پر دو حدیثیں | ۶۸ |
| ۲۲۹ | کیا ''حسد'' کا علاج ممکن ہے؟ | // |
| ۲۳۰ | چوتھی فصل: [گوشۂ سیرتِ پاک] | // |
| ۲۳۱ | جنگِ بدر کے نتائج | // |
| ۲۳۲ | فریقین کے جانی و مالی نقصان کی تفصیل | ۶۹ |
| ۲۳۳ | حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی غیب دانی | // |
| ۲۳۴ | پانچویں فصل: [رسول خدا کی عظمت وشان] | ۷۰ |
| ۲۳۵ | بارگاہِ رسالت میں شجر و حجر کی سلامی | // |
| ۲۳۶ | درِ رسول سے خَلقِ خدا کو کیا نہیں مِلتا؟ | // |
| ۲۳۷ | حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدا داد قدرت | // |
| ۲۳۸ | چھٹی فصل: [جاں نثارانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم] | ۷۱ |
| ۲۳۹ | حضرت صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ کا نام ونسب | // |
| ۲۴۰ | حضرت صدیقِ اکبر کے فضائل ومناقب | // |
| ۲۴۱ | حضرت صدیقِ اکبر کی صحابیت پر نصِّ قطعی | ۷۲ |
| ۲۴۲ | ساتویں فصل: [عام دینی معلومات] | ۷۳ |
| ۲۴۳ | تلاوتِ قرآن کا دوگنا اجر کس کے لیے؟ | // |
| ۲۴۴ | تلاوتِ قرآن کے ماہر کا مقام | // |
| ۲۴۵ | قرآنِ مجید دیکھ کر پڑھنا افضل ہے یا زبانی؟ | ۷۳ |
| ۲۴۶ | حالتِ جنابت پر تلاوتِ قرآن حرام ہے | // |
| ۲۴۷ | بے وضو تلاوت کرنے کی رخصت ہے | // |
| ۲۴۸ | مقصدِ بعثتِ انبیا علیہم السلام | // |
| ۲۴۹ | رسولانِ عظام کو کس دلیل کے ساتھ بھیجا گیا؟ | // |
| ۲۵۰ | معصوم کون؟ | ۷۴ |
| ۲۵۱ | نواں سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۷۵ |
| ۲۵۲ | آج لے اُن کی پناہ آج مدد مانگ اُن سے | // |
| ۲۵۳ | کیا مسلمان بھی دوزخ میں جائیں گے؟ | // |
| ۲۵۴ | حشر میں اعمال نامے کس طرح دیے جائیں گے | // |
| ۲۵۵ | میزانِ عدل سے کیا مراد ہے؟ | ۷۶ |
| ۲۵۶ | دوسری فصل: [فقہیات] | // |
| ۲۵۷ | سجدۂ سہو کا معنیٰ مع طریقہ | // |
| ۲۵۸ | سجدۂ سہو کب کافی ہوگا کب نہیں | // |
| ۲۵۹ | کیا سنت ونفل میں بھی سجدۂ سہو ہے؟ | // |
| ۲۶۰ | سجدۂ تلاوت کا مفہوم | ۷۷ |
| ۲۶۱ | سجدۂ تلاوت کا مسنون طریقہ | // |
| ۲۶۲ | سجدۂ تلاوت کے کچھ اہم مسائل | // |
| ۲۶۳ | تیسری فصل: [اخلاقیات] | // |
| ۲۶۴ | غصے کی حقیقت | // |
| ۲۶۵ | غصہ کرنے کے مقامات | // |
| ۲۶۶ | بے جا غصے کی مذمت پر چند روایتیں | // |
| ۲۶۷ | بے جا غصے سے بچنے کی چند تدبیریں | ۷۸ |
| ۲۶۸ | چوتھی فصل: [گوشۂ سیرت پاک] | // |
| ۲۶۹ | سب سے بہادر کون | // |
| ۲۷۰ | جنگِ بدر میں آسمان سے فرشتوں کا نزول | // |
| ۲۷۱ | جنگی قیدیوں کے ساتھ بے مثال حسنِ سلوک | ۷۹ |
| ۲۷۲ | سن دو ہجری کے متفرق واقعات | // |

| شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۲۷۳ | پانچویں فصل: [رسولِ خدا کی عظمت وشان] | ۷۹ |
| ۲۷۴ | حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اختیارات وتصرفات | // |
| ۲۷۵ | کرامت کی کنجیاں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے قبضے میں | ۸۰ |
| ۲۷۶ | کل خزانوں کی کنجیاں ہمارے نبی کے ہاتھوں میں | // |
| ۲۷۷ | چھٹی فصل: [جاں نثارانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم] | ۸۱ |
| ۲۷۸ | حضرت صدیقِ اکبر کی خصوصیات | // |
| ۲۷۹ | حضرت صدیقِ اکبر کے کارنامے | // |
| ۲۸۰ | حضرت صدیقِ اکبر کی سخاوت | // |
| ۲۸۱ | آپ کے بارے میں اسلامی عقائد | ۸۲ |
| ۲۸۲ | ساتویں فصل: [عام دینی معلومات] | // |
| ۲۸۳ | انبیائے کرام تمام مخلوقِ خدا سے افضل ہیں | // |
| ۲۸۴ | مولا علی کو نبیوں سے افضل بتانا کفر ہے | // |
| ۲۸۵ | انبیائے کرام کے مختلف درجات | // |
| ۲۸۶ | انبیائے کرام کی برزخی زندگی | ۸۳ |
| ۲۸۷ | بدمذہبوں کے اعتراضات مع جوابات | // |
| ۲۸۸ | انبیا کو بھی اَجل آنی ہے | // |
| ۲۸۹ | دسواں سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۸۴ |
| ۲۹۰ | ''حوضِ کوثر'' کیا ہے؟ | // |
| ۲۹۱ | ''حوضِ کوثر'' کی خوبیاں | // |
| ۲۹۲ | ''لواء الحمد'' کا معنیٰ | // |
| ۲۹۳ | ''مقامِ محمود'' کا مفہوم | ۸۵ |
| ۲۹۴ | دوسری فصل: [فقہیات] | // |
| ۲۹۵ | شرعی مسافر کون ہے؟ | // |
| ۲۹۶ | مسافر کی نماز کا طریقہ | ۸۵ |
| ۲۹۷ | مسافر کب تک مسافر رہتا ہے؟ | // |
| ۲۹۸ | اِقامت کی نیت کب صحیح ہوتی ہے؟ | ۸۶ |
| ۲۹۹ | امام مقیم ہو تو مسافر کیا کرے؟ | // |
| ۳۰۰ | تیسری فصل: [اخلاقیات] | // |
| ۳۰۱ | ''تکبر'' کا معنیٰ اور شرعی حیثیت | // |
| ۳۰۲ | ''تکبر'' کتنی چیزوں میں کیا جاتا ہے؟ | // |
| ۳۰۳ | ''متکبرین'' کی مذمت پر آیتِ کریمہ | ۸۷ |
| ۳۰۴ | ''متکبرین'' کی مذمت پر حدیثِ پاک | // |
| ۳۰۵ | ''تکبر'' کی علامتیں | // |
| ۳۰۶ | کیا تکبر کا ''علاج'' ممکن ہے؟ | // |
| ۳۰۷ | چوتھی فصل: [گوشۂ سیرت پاک] | ۸۸ |
| ۳۰۸ | ''غزوۂ احد'' کا مختصر حال | // |
| ۳۰۹ | غزوۂ احد کے ''اسباب وعوامل'' | // |
| ۳۱۰ | جنگِ احد کے لیے مسلمانوں کی ''تیاریاں'' | // |
| ۳۱۱ | جنگِ احد کی ''ابتدا'' کیسے ہوئی؟ | ۸۹ |
| ۳۱۲ | پانچویں فصل: [رسولِ خدا کی عظمت وشان] | // |
| ۳۱۳ | درختوں کا جذبۂ اطاعت | // |
| ۳۱۴ | بے زبان جانوروں کی فریاد | ۹۰ |
| ۳۱۵ | ندیاں پنج آبِ رحمت کی ہیں جاری واہ واہ | // |
| ۳۱۶ | چھٹی فصل: [جاں نثارانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم] | ۹۱ |
| ۳۱۷ | سیدنا عمر فاروقِ اعظم کا نام ونسب | // |
| ۳۱۸ | آپ کی ولادت کب ہوئی؟ | // |

| شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر | شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| ۳۱۹ | کب مشرف بہ اسلام ہوئے؟ | ۹۱ | ۳۴۲ | بخل کی مذمت ''آیتِ قرآنی'' سے | ۹۷ |
| ۳۲۰ | آپ کو ''فاروق'' کیوں کہا گیا؟ | // | ۳۴۳ | کیا بخل کا ''علاج'' ممکن ہے؟ | // |
| ۳۲۱ | حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے فضائل | // | ۳۴۴ | چوتھی فصل: [گوشۂ سیرتِ پاک] | // |
| ۳۲۲ | ساتویں فصل: [عام دینی معلومات] | ۹۲ | ۳۴۵ | ''غزوۂ احد'' میں جنگ کا پانسہ کیسے پلٹ گیا؟ | // |
| ۳۲۳ | انبیائے کرام علیہم السلام کی غیب دانی | // | ۳۴۶ | صحابۂ کرام کی جاں نثاری | ۹۸ |
| ۳۲۴ | سب سے زیادہ علمِ غیب کس نبی کو دیا گیا | // | ۳۴۷ | پانچویں فصل: [رسول خدا کی عظمت وشان] | ۹۹ |
| ۳۲۵ | علمِ غیب کا مطلقاً انکار کرنے والے کا حکم | // | ۳۴۸ | خطرناک جانوروں پر کس کی حکم رانی؟ | // |
| ۳۲۶ | کسی کے لیے علمِ غیبِ ذاتی ماننے والے کا حکم | // | ۳۴۹ | آسمانی دنیا پر کس کی بادشاہت؟ | ۱۰۰ |
| ۳۲۷ | ''غیوبِ خمسہ'' سے کیا مراد ہے؟ | ۹۳ | ۳۵۰ | ہمارے نبی ﷺ قانون ساز بھی ہیں | // |
| ۳۲۸ | غیوبِ خمسہ کے علم سے کسے نوازا گیا؟ | // | ۳۵۱ | چھٹی فصل: [جاں نثارانِ مصطفیٰ ﷺ] | ۱۰۱ |
| ۳۲۹ | حضور کے لیے ان پانچ باتوں کا علم نہ ماننا کیسا؟ | // | ۳۵۲ | حضرتِ فاروقِ اعظم کے کچھ کمالات | // |
| ۳۳۰ | ''حاضر وناظر'' کا لغوی وشرعی معنیٰ | // | ۳۵۳ | آپ رضی اللہ عنہ کے روشن کارنامے | // |
| ۳۳۱ | گیارہواں سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۹۴ | ۳۵۴ | آپ رضی اللہ عنہ کی شہادت | // |
| ۳۳۲ | بروزِ حشر مومنوں کے لیے سب سے بڑی نعمت | // | ۳۵۵ | ساتویں فصل: [عام دینی معلومات] | ۱۰۲ |
| ۳۳۳ | ''پل صراط'' سے گزرنے کے بعد کی منزل | // | ۳۵۶ | ہمارے نبی اللہ کی عطا سے حاضر وناظر ہیں | // |
| ۳۳۴ | جنت ودوزخ سے متعلق چند عقائد | // | ۳۵۷ | قرآن وحدیث سے اِس عقیدے کا ثبوت | // |
| ۳۳۵ | قیامت، حشر اور حساب کا نیا معنیٰ گڑھنا کفر ہے | ۹۵ | ۳۵۸ | کیا حضور ﷺ کو بشر کہہ سکتے ہیں؟ | // |
| ۳۳۶ | دوسری فصل: [فقہیات] | // | ۳۵۹ | حضور ﷺ کو بڑا بھائی کہنا کیسا؟ | // |
| ۳۳۷ | ''زکاۃ'' کا معنیٰ اور اہمیت | // | ۳۶۰ | ''خاتم النبیین'' کس نبی کا لقب ہے؟ | ۱۰۳ |
| ۳۳۸ | زکاۃ واجب ہونے کی شرطیں | // | ۳۶۱ | کیا کسی اور نبی کو خاتم النبیین کہہ سکتے ہیں؟ | // |
| ۳۳۹ | رائج پیمانے سے نصاب کی مقدار | ۹۶ | ۳۶۲ | خاتم النبیین کا معنیٰ | // |
| ۳۴۰ | تیسری فصل: [اخلاقیات] | // | ۳۶۳ | جو حضور کو خاتم النبیین نہ مانے، کافر ہے | // |
| ۳۴۱ | ''بخل'' کا معنیٰ اور حکمِ شرعی | // | ۳۶۴ | بارہواں سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۱۰۴ |

| شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۳۶۵ | جنت کس چیز سے بنائی گئی؟ | ۱۰۴ |
| ۳۶۶ | جنت کس طرح کا مکان ہے؟ | // |
| ۳۶۷ | کیا کوئی مکان جنت سے بھی اعلیٰ ہے؟ | // |
| ۳۶۸ | جنت کا حسن و جمال کیسا ہے؟ | // |
| ۳۶۹ | دوسری فصل: [فقہیات] | ۱۰۵ |
| ۳۷۰ | نصابِ زکاۃ سے متعلق چند اہم باتیں | // |
| ۳۷۱ | مالِ تجارت کسے کہتے ہیں؟ | // |
| ۳۷۲ | حاجتِ اصلیہ کی توضیح | // |
| ۳۷۳ | بینک میں جمع رقم کی زکاۃ کا حکم | ۱۰۶ |
| ۳۷۴ | تیسری فصل: [اخلاقیات] | // |
| ۳۷۵ | سخاوت کا معنیٰ | // |
| ۳۷۶ | سخاوت کی فضیلت | // |
| ۳۷۷ | نواسۂ رسول کی سخاوت | ۱۰۷ |
| ۳۷۸ | چوتھی فصل: [گوشۂ سیرتِ پاک] | // |
| ۳۷۹ | حضور کو زخمی کرنے والے بدبختوں کا انجامِ بد | // |
| ۳۸۰ | غزوۂ احد سے متعلق چند اہم واقعات | ۱۰۸ |
| ۳۸۱ | اِس جنگ سے مسلمانوں کو کیا سبق ملا؟ | // |
| ۳۸۲ | پانچویں فصل: [رسولِ خدا کی عظمت وشان] | ۱۰۹ |
| ۳۸۳ | حضور ﷺ کی قوتِ باصرہ | // |
| ۳۸۴ | ہمارے نبی ﷺ کی قوتِ سامعہ | // |
| ۳۸۵ | دور و نزدیک کے سننے والے وہ کان | ۱۱۰ |
| ۳۸۶ | چھٹی فصل: [جاں نثارانِ مصطفیٰ ﷺ] | // |
| ۳۸۷ | حضرتِ ذوالنورین کا نام ونسب | // |
| ۳۸۸ | ذوالنورین سے موسوم ہونے کی وجہ | ۱۱۰ |
| ۳۸۹ | حضرت عثمانِ غنی کے فضائل ومناقب | ۱۱۱ |
| ۳۹۰ | ساتویں فصل: [عام دینی معلومات] | ۱۱۲ |
| ۳۹۱ | مابقی اسمائے نبی ﷺ مع ترجمہ | // |
| ۳۹۲ | تیرھواں سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۱۱۳ |
| ۳۹۳ | جنت کی لمبائی اور چوڑائی | // |
| ۳۹۴ | جنت کے محلات اور دیواریں | // |
| ۳۹۵ | جنت کے دریا | // |
| ۳۹۶ | جنت میں مومنوں کو ملنے والی نعمتیں | // |
| ۳۹۷ | دوسری فصل: [فقہیات] | ۱۱۴ |
| ۳۹۸ | مالِ زکوۃ کے مصارف | // |
| ۳۹۹ | کِن لوگوں کو مالِ زکاۃ نہیں دے سکتے؟ | // |
| ۴۰۰ | صدقۂ فطر کن پر واجب ہے؟ | ۱۱۵ |
| ۴۰۱ | صدقۂ فطر کے کچھ اہم مسائل | // |
| ۴۰۲ | تیسری فصل: [اخلاقیات] | // |
| ۴۰۳ | توکُّل کا معنیٰ ومفہوم | // |
| ۴۰۴ | توکُّل کی فضیلت | ۱۱۶ |
| ۴۰۵ | چوتھی فصل: [گوشۂ سیرت پاک] | // |
| ۴۰۶ | تین ہجری کے متفرق واقعات | // |
| ۴۰۷ | چار ہجری کے چند اہم واقعات | ۱۱۷ |
| ۴۰۸ | پانچویں فصل: [رسولِ خدا کی عظمت وشان] | // |
| ۴۰۹ | حضور ﷺ کی قوتِ شامّہ | // |
| ۴۱۰ | ہمارے آقا ﷺ کی قوتِ ذائقہ | ۱۱۸ |

| شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر | شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴۱۱ | حضور تاجدارِ کونین ﷺ کی قوتِ لامسہ | ۱۱۸ | ۴۳۱ | چوری کا شرعی ولغوی معنیٰ | ۱۲۴ |
| ۴۱۲ | چھٹی فصل: [جاں نثارانِ مصطفیٰ ﷺ] | ۱۱۹ | ۴۳۲ | چوری کی شرعی سزا | ۱۲۵ |
| ۴۱۳ | حضرت عثمانِ غنی کی جود وسخاوت | // | ۴۳۳ | ہاتھ کاٹنے میں حکمت | // |
| ۴۱۴ | حضرت عثمانِ غنی کے کارنامے | // | ۴۳۴ | چوری کی مذمت پر چند روایتیں | // |
| ۴۱۵ | حضرت عثمانِ غنی کی شہادت | ۱۲۰ | ۴۳۵ | چوتھی فصل: [گوشۂ سیرتِ پاک] | // |
| ۴۱۶ | ایک اعتراض کا جواب | // | ۴۳۶ | غزوۂ خندق کا مختصر بیان | // |
| ۴۱۷ | ساتویں فصل: [نعت ومنقبت] | ۱۲۱ | ۴۳۷ | غزوۂ خندق کے چند اہم واقعات | ۱۲۶ |
| ۴۱۸ | حاجیو! آؤ شہنشاہ کا روضہ دیکھو! | // | ۴۳۸ | حضرت علی کی بے مثال شجاعت | // |
| ۴۱۹ | منقبتِ فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ | // | ۴۳۹ | پانچویں فصل: [رسول خدا کی عظمت وشان] | ۱۲۷ |
| ۴۲۰ | چودھواں سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۱۲۲ | ۴۴۰ | لعابِ دہن کی خصوصیات | // |
| ۴۲۱ | دوزخ کس طرح کا گھر ہے؟ | // | ۴۴۱ | لعابِ دہن کی برکتیں | ۱۲۸ |
| ۴۲۲ | آتشِ دوزخ کی کیفیت | // | ۴۴۲ | چھٹی فصل: [جاں نثارانِ مصطفیٰ ﷺ] | // |
| ۴۲۳ | دوزخ کی گہرائی | // | ۴۴۳ | حضرت مولا علی کا نام ونسب | // |
| ۴۲۴ | عذابِ دوزخ کی ایک معمولی سی جھلک | ۱۲۳ | ۴۴۴ | شیرِ خدا کے فضائل | ۱۲۹ |
| ۴۲۵ | دوسری فصل: [فقہیات] | // | ۴۴۵ | حیدرِ کرّار کی خوبیاں | // |
| ۴۲۶ | زکاۃ کی عظمت | // | ۴۴۶ | لافتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار | ۱۳۰ |
| ۴۲۷ | زکاۃ ادا کرنے کے فائدے | // | ۴۴۷ | آپ رضی اللہ عنہ کی شہادت | // |
| ۴۲۸ | زکاۃ نہ دینے کے نقصانات | ۱۲۴ | ۴۴۸ | ساتویں فصل: [سُورحفظِ قرآنِ کریم] | ۱۳۱ |
| ۴۲۹ | صدقۂ فطر کی فضیلت | // | ۴۴۹ | سورۂ بینہ مع اردو ترجمہ | // |
| ۴۳۰ | تیسری فصل: [اخلاقیات] | // | ۴۵۰ | تمت بالخیر | // |

# شرفِ انتساب

عمدۃ الاصفیاء، زبدۃ الاتقیاء، خیر الاذکیاء،
ماہرِ رضویات وجامع علوم نقلیہ وعقلیہ
حضرت علامہ محمد احمد مصباحی
حفظہ اللہ تعالیٰ ورعاہ

کے نام

گر قبول افتد زہے عز وشرف

احقر الزمن: سید محمد اکرام الحق قادری مصباحی عفی عنہ

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ

اَمَّا بَعْدُ

# پہلا سبق

## تفہیم — ایمانیات: ایمان سے متعلق باتیں — پہلی فصل

**سوال:** ''قیامت'' کی حقیقت کیا ہے؟ کیا اُس پر ''ایمان رکھنا'' ضروری ہے؟

**جواب:** جس طرح ہر چیز کی ایک عمر مقرّر رہے، اُس کے پورا ہونے کے بعد وہ چیز فنا ہوجاتی ہے، اسی طرح دنیا کی بھی ایک عمر اللہ تبارک وتعالیٰ کے علم میں مقرر ہے، اُس کے پورا ہونے کے بعد دنیا فنا ہوجائے گی، زمین وآسمان، جنّ وانسان، شجر وحجر، فرشتے، جانور کوئی بھی مخلوق باقی نہ بچے گی، سب فنا ہوجائیں گے، اِسی دن کو ''قیامت کا دن'' کہتے ہیں۔

- اِس پر ایمان لانا ضروری ہے، اِس پر ایمان لائے بغیر کوئی بھی شخص مومن نہیں ہوسکتا۔[1]

**سوال:** قیامت کی ''کچھ نشانیاں'' بتائیں!

**جواب:** قرآن وحدیث میں قیامت کی ''بہت سی نشانیاں'' بیان کی گئیں ہیں، اُن میں سے چند یہ ہیں:

- علم اٹھ جائے گا یعنی علما باقی نہ رہیں گے اور جہالت عام ہوجائے گی۔
- بدکاری اور بے حیائی عام ہوگی اور عورتوں کی تعداد مردوں سے بڑھ جائے گی حتّٰی کہ ایک مرد کی سرپرستی میں پچاس عورتیں ہوں گی۔
- بڑے دجّال کے علاوہ ۳۰/ دجال اور ہوں گے جو اپنے نبی ہونے کا دعویٰ کریں گے، اُن میں کچھ گزر چکے ہیں جیسے ''مسیلمہ کذاب، اسود عنسی، مرزا غلام قادیانی، مرزا علی حسین'' اور کچھ باقی ہیں، وہ بھی نکل کر نبوت کا دعویٰ ضرور کریں گے۔
- عرب شریف میں کھیتی، باغ اور نہریں ہوجائیں گی۔
- دین پر قائم رہنا بڑا مشکل ہوجائے گا۔
- زکاۃ دینا لوگوں پر گراں ہوگا، مسلمان زکاۃ کو تاوان سمجھیں گے۔
- مرد اپنے والدین کی نافرمانی اور بیوی کی اطاعت کریں گے۔
- گانے بجانے کی کثرت ہوگی۔ شراب نوشی عام ہوگی۔ فاسق وفاجر لوگ سردار بنائے جائیں گے۔ لوگ بزرگوں کو بُرا کہیں گے۔

---

[1] ملخصاً از بہارِ شریعت حصۂ اول، معاد وحشر کا بیان

- دجال، دابۃ الارض اور یاجوج وماجوج نکلیں گے۔ حضرت امام مہدی ظاہر ہوں گے۔ حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السلام تشریف لائیں گے۔
- سورج مغرب سے طلوع ہوگا اور توبہ کا دروازہ ہمیشہ کے لیے بند ہوجائے گا۔[1]

**سوال:** ''دَجَّال'' کون ہے؟ اِس کے نکلنے کا حال اختصار کے ساتھ بیان فرمائیں!

**جواب:** دجَّال ''مسیحِ کذَّاب'' کا نام ہے، یہ قیامت کے قریب نکلے گا اور اپنے خدا ہونے کا جھوٹا دعویٰ کرے گا۔ اُس کی صرف ایک آنکھ ہوگی یعنی وہ کانا ہوگا، اُس کی پیشانی پر ''ک۔ف۔ر'' یعنی کافر لکھا ہوگا۔ ہر مسلمان اُسے پڑھے گا، مگر کافر کو نظر نہ آئے گا۔ چالیس دن میں بہت تیزی کے ساتھ پوری دنیا کی سیر کرے گا؛ مگر حرمین شریفین یعنی مکۂ مکرمہ اور مدینۂ منوّرہ نہ جاسکے گا۔

## دوسری فصل — فقہیات: فقہی مسائل — تفہیم

**سوال:** ''مُفسِدَاتِ نماز'' یعنی نماز کو فاسد کرنے والی باتیں کیا ہیں؟

**جواب:** ''مُفسِدَاتِ نماز'' بہت ہیں، عام لوگ جن باتوں سے ناآشنا ہیں اُن میں سے چند یہ ہیں:

- بات کرنے، کھانے، پینے اور سلام کرنے سے ہر حال میں نماز فاسد ہوجاتی ہے۔
- عملِ کثیر یعنی ایک رکن میں کوئی عمل [مثلاً کھجانا] تین بار کرنے سے نماز فاسد ہوجاتی ہے۔
- چھینک کے جواب کی نیت سے ''اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ'' یا ''یَرْحَمُكَ اللّٰہُ'' کہنے سے نماز باطل ہوجاتی ہے۔
- بُری خبر سن کر ''اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ'' کہنے سے نماز ٹوٹ جاتی ہے۔
- امام کے علاوہ کسی اور کو لقمہ دینے اور مقتدی کے علاوہ کسی اور کا لقمہ لینے سے نماز فاسد ہوجاتی ہے۔
- دانتوں میں کوئی چیز پھنسی تھی نمازی نے اُسے نگل لیا، اگر وہ چنے کے برابر یا اُس سے زیادہ ہے تو نماز چلی جائے گی۔
- قبلہ کی جانب سے سینے کو پھیرنا یا بلاعذر کسی رکن اور شرط کو چھوڑنا بھی مفسدِ نماز ہے۔
- تکبیر میں ''آللّٰہُ اَکْبَرُ'' یا ''اللّٰہُ آکْبَرُ'' یا ''آللّٰہُ اَکْبَارُ'' کہنا باعثِ فساد ہے۔[2]

**سوال:** مکروہِ تحریمی کا معنیٰ بتاتے ہوئے نماز کے چند ''مَکْرُوْھَاتِ تَحْرِیْمِیَّۃ'' بیان کریں۔

**جواب:** مکروہِ تحریمی اُس سخت ناپسندیدہ کام کو کہتے ہیں جس کے کرنے سے عبادت ناقص ہوجاتی ہے اور کرنے والا گناہ گار ہوتا ہے۔ نماز میں بہت سی باتیں ''مکروہِ تحریمی'' ہیں، اُن میں سے چند یہ ہیں:

---

[1] ملخصاً از بہارِ شریعت حصۂ اول، معاد وحشر کا بیان [2] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصۂ سوم، مفسداتِ نماز کا بیان

- کپڑے، داڑھی یا بدن کے ساتھ کھیلنا۔ کپڑا سمیٹنا یا لٹکانا یا دامن سمیٹے ہوئے نماز پڑھنا۔ آسمان کی طرف سر اٹھانا۔
- کسی آستین کو آدھی کلائی سے زیادہ چڑھانا۔ پیشاب یا پاخانہ کی سخت حاجت کے وقت نماز پڑھنا۔ انگلیاں چٹکانا۔
- انگلیوں کی قینچی باندھنا۔ کمر پر ہاتھ رکھنا۔ اِدھر اُدھر منہ کرنا۔ بالقصد نماز میں جماہی لینا۔
- کسی شخص کے منہ کے سامنے نماز پڑھنا۔ کپڑے میں اِس طرح لپٹ جانا کہ ہاتھ بھی باہر نہ ہو۔
- جان دار کی تصویر والے کپڑے کو پہن کر نماز پڑھنا۔ نمازی کے آگے، پیچھے، دائیں بائیں اور اوپر کی جانب جان دار کی تصویر کا ہونا۔
- کسی واجب کو ترک کرنا۔ قبر کی طرف منہ کرکے نماز پڑھنا۔ اُلٹا کپڑا پہن کر نماز پڑھنا۔[1]

**سوال:** جماعت کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے، اُس میں حاضر نہ ہونے کے کچھ "اعذار" بیان کریے!

**جواب:** نمازِ پنج گانہ کے لیے ہر مسلمان عاقل بالغ قادر پر جماعت میں حاضر ہونا واجب ہے۔ بغیر عذر ایک بار بھی جماعت چھوڑنے والا گناہ گار ہے اور بار بار چھوڑنے والا فاسق، مردود الشہادہ اور سخت سزا کا مستحق ہے۔ عیدین اور جمعہ کے لیے جماعت شرط اور نمازِ تراویح کے لیے سنتِ کفایہ ہے۔ جماعت چھوڑنے کے چند عُذر یہ ہیں:

- سخت مریض یا انتہائی بوڑھا ہو۔ اندھا یا اپاہج ہو۔ سخت بارش، گھور اندھیرا، تیز آندھی یا بہت زیادہ کیچڑ ہو۔
- مال ہلاک ہونے کا قوی اندیشہ ہو۔ دشمن یا کسی ظالم کا سخت خوف ہو۔[2]

## تیسری فصل — اَخلاقیات: اسلامی اخلاق و آداب — تفہیم

**سوال:** "اَخلاق" کی حقیقت کیا ہے؟

**جواب:** "اَخلاق"، خُلق کی جمع ہے، اِس کا معنٰی ہے عادت وخصلت۔ انسان دو چیزوں سے بنا ہے [۱] جسم [۲] روح۔ جسم اگر اچھا ہو تو اُسے "حُسنِ خَلق" کہتے ہیں اور اگر روح خوب صورت ہو تو اُسے "حُسنِ خُلق" کہتے ہیں۔ جسم کی خوب صورتی یہ ہے کہ جسمانی اعضا مثلاً: چہرہ، ہاتھ اور پیر وغیرہ حسین ہوں اور روح کا جمال یہ ہے کہ انسان کے اندر چار خوبیاں یعنی "قوّتِ علم، قوتِ خشم، قوتِ شہوت اور قوتِ عدل" عمدہ حالت میں موجود ہوں۔ جس کے اندر یہ خوبیاں ہوں وہ "اچھے اخلاق والا" انسان کہلاتا ہے۔[3]

**سوال:** اِن "چاروں خوبیوں" کی کچھ وضاحت فرمادیں!

---

[1] ملخصاً از بہارِ شریعت حصۂ سوم، مکروہات کا بیان
[2] ملخصاً از بہارِ شریعت حصۂ سوم، جماعت کا بیان
[3] ملخصاً از غنیۃ الطالبین، مترجَم ص: ۴۶۰۔۴۶۱

**جواب:** جی! ملاحظہ فرمائیں!

**قُوّتِ عِلم:** اِس سے مراد ایسی دانائی ہے جس سے انسان سچ اور جھوٹ اور اچھائی و برائی کے درمیان فرق کر سکے۔

**قُوّتِ خشم:** اِس سے مراد ایسی صلاحیت ہے جس کے سبب انسان اپنے [بے جا] غصے پر قابو پا سکے۔

**قُوّتِ شہوت:** اِس سے مراد ایسی قوت ہے جس کے ذریعے انسان اپنی شہوت کو شریعت کے تابع کر سکے۔

**قُوّتِ عدل:** اِس سے مراد وہ طاقت ہے جس سے انسان اپنے غصے اور شہوت کو دین کے تقاضے کے مطابق اپنے قابو میں رکھ سکے۔

- جس کے اندر یہ چار خوبیاں ہوتی ہیں وہ ''خوش اَخلاق'' کہلاتا ہے اور جو اِن سے محروم ہو اُسے ''بداَخلاق'' کہا جاتا ہے۔[1]

**سوال:** ''اچھے اخلاق'' اور ''برے اخلاق'' والے انسانوں میں کیا فرق ہے؟ بیان کیجیے!

**جواب:** ''خوش اخلاقی'' اللہ عزوجل کی عظیم ترین نعمتوں سے ہے۔ یہ، انبیا، صدیقین اور صالحین کا وصف ہے۔ ''اچھے اخلاق'' کا مالک جہاں بھی جاتا ہے عزت و سُرخ رُوئی پاتا ہے، لوگ اُسے قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور اپنے بیگانے سبھی اُس سے سچے دل سے پیار کرتے ہیں۔ ایسا شخص اللہ عزوجل، اُس کے حبیب ﷺ، جملہ فرشتوں؛ بلکہ تمام انسانوں کا محبوب ہوتا ہے۔

- جب کہ ''بداخلاقی'' شیطان، نمرود، قارون اور ابوجہل جیسوں کا وصف ہے۔ ''بُرے اخلاق'' والا دنیا میں بھی ذلیل و رسوا ہوتا ہے اور آخرت میں بھی ناکام و نامراد ہوگا، دشمن تو دشمن خود اُس کے رشتے دار بھی اُس سے گِھن کرتے ہیں اور ایسے شخص پر اللہ عزوجل کی طرف سے ہر وقت پھٹ کار برستی رہتی ہے۔

**سوال:** عام طور پر لوگ سمجھتے ہیں کہ ''خوش اَخلاق'' وہ ہے جو لوگوں سے ''ہنس کر، محبت بھرے انداز'' میں بات کرے، کیا یہ صحیح ہے؟

**جواب:** صرف ہنس کر یا محبت بھرے انداز میں باتیں کر لینے سے کوئی شخص ''خوش اَخلاق'' نہیں ہو جاتا؛ بلکہ اِس کے لیے اُن مذکورہ چاروں چیزوں کا پایا جانا ضروری ہے۔ آسان لفظوں میں یوں سمجھیے کہ ''خوش اَخلاق'' وہ ہے جو:

- تمام رشتے داروں اور جملہ اَحباب کے وہ حقوق ادا کرے جو شریعتِ اسلامیہ نے بیان کیے ہیں۔
- جھوٹ، چوری، چغلی، غیبت، ظلم، حسد، ریاکاری، تکبر، لالچ، شراب نوشی، جوابازی اور ہر قسم کی بدتمیزی و حرام کاری سے بچتا رہے۔
- مصیبتوں پر صبر کرے، نعمتوں پر رب تعالیٰ کا شکر ادا کرے اور توبہ واستغفار کی کثرت کرے۔
- زبان سے کسی کو تکلیف نہ دے؛ مگر باطل [غلط بات] پر خاموش بھی نہ رہے۔ وغیرہ۔

---

[1] ملخصاً از مصدرِ سابق

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم — تفہیم

**سوال:** "قُبا" پہنچ کر آقائے دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلے "کون سا کام" سرانجام دیا؟

**جواب:** "قُبا" پہنچ کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلے ایک مسجد کی بنیاد رکھی۔ یہی مسجد آج "مَسْجِدِ قُبا" کے نام سے مشہور ہے۔ اِسے یہ شرف حاصل ہے کہ صحابۂ کرام کے ساتھ خود آقائے دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم نے اِس کی تعمیر میں حصہ لیا اور پروردگارِ عالَم نے قرآنِ مقدس میں اِس کی شانِ اقدس بیان فرمائی۔[1]

**سوال:** حضور سرورِ انبیا صلی اللہ علیہ وسلم "قُبا" سے "شَهْرِ مَدِيْنَة" کی جانب کب روانہ ہوئے؟

**جواب:** چودہ دن یا بائیس روز "قُبا" میں قیام فرما کر، رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم "یَثْرِب" کی پیاسی سرزمین کو سیراب کرنے اور اُسے عظمت و رفعت کی چوٹیوں پر پہنچانے کے لیے جانب "مدینہ" روانہ ہوئے۔ راستے میں قبیلۂ بنی سالم میں آپ نے پہلا جمعہ ادا فرمایا۔ جس مکان پر جمعہ ادا فرمایا وہاں ایک مسجد تعمیر کی گئی، یہ مسجد آج تک "مَسْجِدُ الْجُمُعَة" کے نام سے مشہور ہے۔[2]

**سوال:** جمالِ نبوت کی ایک جھلک پانے کے لیے مدینہ والے کس قدر "بے قرار" تھے، بیان فرمائیے!

**جواب:** جب اہلِ مدینہ کو پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد کی خبر ملی تو شمعِ رسالت کے پروانے ہر چہار جانب سے، استقبال کے لیے دوڑ پڑے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دادا جان کے ننھیالی رشتے دار "بَنُو النَّجَّار" ہتھیار سجا کر، صفیں بنا کر مستانہ وار چل رہے تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سب کو خیر و برکت کی دعائیں دیتے ہوئے چل رہے تھے۔ جب "طَيْبَة" قریب آ گیا تو اُن کے جوش وخروش کا عالَم دیکھنے کے لائق تھا۔ پردہ نشیں خواتین مکانوں کی چھتوں پر چڑھ گئیں اور بچیاں جذباتِ شوق میں ترانے گانے لگیں۔[3]

**سوال:** اُن بچیوں کے وَجد آفریں "تَرَانَة" کے چند اشعار ترجمے کے ساتھ سنائیں؛ تاکہ ایمان تازہ ہو جائے۔

**جواب:** جی! سماعت فرمائیں!

| | |
|---|---|
| طَلَعَ الْبَدْرُ عَلَيْنَا<br>ہم پر چاند طلوع ہو گیا | مِنْ ثَنِيَّاتِ الْوَدَاع<br>وداع کی گھاٹیوں سے |
| وَجَبَ الشُّكْرُ عَلَيْنَا<br>ہم پر خدا کا شکر واجب ہے | مَا دَعَا لِلّٰهِ دَاع<br>جب تک مانگنے والے، اللہ سے دعا مانگتے رہیں |
| أَيُّهَا الْمَبْعُوْثُ فِيْنَا<br>اے وہ ذاتِ گرامی! جو ہمارے اندر مبعوث کیے گئے | جِئْتَ بِالْأَمْرِ الْمُطَاع<br>آپ ایسا دین لائے جو قابلِ اِطاعت ہے |
| أَنْتَ شَرَّفْتَ الْمَدِيْنَة<br>آپ نے مدینہ کو مشرف فرما دیا | مَرْحَبًا يَا خَيْرَ دَاع<br>اے سب سے بہتر داعی! آپ کا خیر مقدم ہے |

[1] ملخصاً از ضیاء النبی، ج:۳، ص:۱۰۷ [2] ملخصاً از سیرتِ مصطفی، ص:۱۴۲۔ وضیاء النبی، ج:۳، ص:۱۱۱
[3] ملخصاً از سیرتِ مصطفی، ص:۱۴۲

## پانچویں فصل — حسن و جمالِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم — تفہیم

**سوال:** وہ کون سی ذاتِ گرامی ہے جسے اللہ عزوجل نے کائنات میں سب سے ''حسین'' بنایا ہے؟

**جواب:** اِس کائنات میں وہ مبارک شخصیت جس کے اندر اللہ عزوجل نے **''صورت و سیرت''** کے تمام محاسن بدرجۂ اتم جمع فرما دیے ہیں، پیغمبرِ آخر الزماں ﷺ کی ذاتِ گرامی ہے۔ عالَمِ انسانیت میں حضور نبی آخر الزّماں ﷺ **''ظاہری و باطنی حسن و جمال''** کے اُس مرتبۂ کمال پر فائز ہیں جہاں سے کائنات کے ہر حسین کو حسن و جمال کی خیرات مل رہی ہے۔ اللہ ربُّ العزت نے اپنے محبوب ﷺ کو ایسا خوب صورت بنایا کہ کائنات میں اُس کی مثال ملنا ناممکن ہے۔

- اور یہ حقیقت بھی ہے کہ حضور رحمتِ عالم ﷺ کی ذاتِ اقدس حسن و جمال کا سرچشمہ ہے۔ کائناتِ حسن کا ہر ذرّہ دہلیزِ مصطفیٰ ﷺ کا ادنی سا بھکاری ہے۔ اِس چمنِ جہاں کی تمام رعنائیاں آپ ﷺ ہی کے دم قدم سے ہیں۔ خالقِ کائنات نے آپ ﷺ کو وہ حسن و جمال عطا فرمایا کہ اگر اُس کا **''ظہورِ کامل''** ہوجاتا تو انسانی آنکھ اُس کے جلووں کی تاب نہ لاسکتی؛ کیوں کہ ربِّ کائنات نے وہ آنکھ ہی نہیں بنائی جو تاج دارِ عرب و عجم ﷺ کے بے مثال حسن و جمال کا مشاہدہ کر سکے۔ اِسی لیے اللہ رب العزت نے اپنے محبوب کے حقیقی حسن و جمال کو مخلوق پر مخفی (پوشیدہ) رکھا۔

حضرت سیدنا امام زُرقانی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت سیدنا امام قرطبی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا یہ ایمان افروز قول نقل کیا ہے:

- **لَمْ يَظْهَرْ لَنَا تَمَامُ حُسْنِهِ ﷺ لِأَنَّهُ لَوْ ظَهَرَ لَنَا تَمَامُ حُسْنِهِ لَمَا أَطَاقَتْ أَعْيُنُنَا رُؤْيَتَهُ ﷺ** [1]

  **ترجمہ:** حضور ﷺ کا حسن و جمال ہم پر مکمل طور پر ظاہر نہیں کیا گیا؛ کیوں کہ اگر آقائے دو جہاں ﷺ کا حسن و جمال ہم پر کامل طور پر ظاہر کر دیا جاتا تو ہماری آنکھیں حضور سیدِ عالم ﷺ کے جلووں کا نظارہ کرنے سے قاصر رہتیں۔

حسن و جمال کو مخفی رکھنے کے باوجود روئے تاباں کی جلوہ ریزیوں کا عالَم یہ تھا کہ صحابیِ رسول حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کہتے ہیں:

- میں نے جب حضور ﷺ کے انوار کا مشاہدہ کیا تو [حسن و جمال کی تابانیوں کے سبب] بینائی سے محروم ہوجانے کے خوف سے میں نے اپنی ہتھیلی آنکھوں پر رکھ لی۔ **اللہ اکبر** [2]
- حضرت سیدنا حسان بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے یہ اشعار بڑے وجد آفریں ہیں:

---

[1] شرح المواهب اللدنیة، ج:۵، ص:۲۴۱
[2] جواہر البحار، ج:۲، ص:۴۵۰

وَأَحْسَنَ مِنْكَ لَمْ تَرَ قَطُّ عَيْنِيْ　　وَأَجْمَلَ مِنْكَ لَمْ تَلِدِ النِّسَآءُ

آپ سے زیادہ حسین میری آنکھ نے کبھی دیکھا ہی نہیں　　اور نہ ہی کسی ماں نے آپ سے زیادہ جمیل کو جنم دیا ہے

خُلِقْتَ مُبَرَّأً مِّنْ كُلِّ عَيْبٍ　　كَأَنَّكَ قَدْ خُلِقْتَ كَمَا تَشَآءُ

آپ کی تخلیق ہر نقص سے پاک ہے　　گویا کہ آپ کی تخلیق آپ کی مرضی کے مطابق ہوئی ہے۔

- اور حسان الہند سید نا سرکارِ اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کیا ہی خوب کہا:

وہ کمالِ حسنِ حضور ہے کہ گمانِ نقص جہاں نہیں　　یہی پھول خار سے دور ہے یہی شمع ہے کہ دھواں نہیں

## چھٹی فصل — معمولاتِ اہلِ سنت و جماعت — تفہیم

### اذان و اقامت سے پہلے درودِ پاک پڑھنا کیسا

**سوال:** اہلِ سنت کی بہت سی مسجدوں میں "آذان" اور "اِقامت" سے پہلے درودِ پاک پڑھا جاتا ہے۔ اِس کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

**جواب:** درودِ پاک چاہے "اذان واقامت" سے پہلے پڑھا جائے یا بعد میں، بہر حال جائز و درست؛ بلکہ مستحسن اور کارِ ثواب ہے۔ اِس اچھے کام سے وہی لوگ روکتے ہیں جن کے پاس دین کی کچھ بھی سمجھ نہیں۔

**سوال:** اِس کے "ثبوت" پر کوئی دلیل پیش فرمائیں!

**جواب:** اللہ تبارک وتعالیٰ نے قرآنِ مجید میں مسلمانوں کو اپنے حبیب ﷺ پر درودِ پاک بھیجنے کا حکم دیتے ہوئے فرمایا:

- اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْماً [1]

ترجمہ: بے شک اللہ اور اُس کے فرشتے اِس غیب بتانے والے نبی پر درود بھیجتے ہیں۔ اے ایمان والو! تم بھی اُن پر درود اور خوب سلام بھیجو۔

- اِس آیتِ مبارکہ میں اللہ عز وجل نے درودِ پاک پڑھنے کا حکم تو دیا؛ لیکن وقت کی تخصیص نہ فرماتے ہوئے اُسے بالکل عام رکھا۔ اِس عموم میں "اذان و اقامت" سے پہلے والا وقت بھی داخل ہے؛ لہذا "اذان و اقامت" سے پہلے درودِ پاک پڑھ سکتے ہیں۔ منع کرنے والے کوئی آیت یا حدیث ایسی پیش کریں جس میں صاف طور پر "اذان واقامت سے پہلے درودِ پاک پڑھنے سے روکا گیا ہو"۔

**سوال:** کیا حضور ﷺ اور صحابۂ کرام کے مبارک زمانے میں "اذان واقامت سے پہلے" درودِ پاک پڑھا جاتا تھا؟

**جواب:** اگر چہ آپ ﷺ اور حضراتِ صحابۂ کرام کے زمانۂ مسعود میں یہ رواج نہ تھا؛ مگر اِس کے باوجود یہ عمل جائز؛ بلکہ مستحسن ہے؛ کیوں کہ نہ ہی حضور ﷺ نے اِس سے منع فرمایا اور نہ ہی صحابۂ کرام نے۔ زمانے کے حالات کے لحاظ سے

---

[1] سورۂ احزاب، آیت نمبر: ۵۶

بہت سی چیزیں رائج ہو جاتی ہیں، مثلاً صحابۂ کرام کے زمانے میں نہ ہی مسجدیں آراستہ کی جاتی تھیں اور نہ ہی اُن میں گنبد و مینار ہوا کرتے تھے؛ لیکن آج اِن تمام چیزوں کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ اِس طرح کی نا جانے کتنی چیزیں ہیں جو پہلے نہ تھیں؛ لیکن آج دین کا حصہ سمجھ کر اُن پر عمل کیا جا رہا ہے اور مسلمان اُنھیں کرتے اور اچھا سمجھتے ہیں۔

- ''اذان و اقامت سے پہلے درودِ پاک پڑھنے کا معاملہ بھی ایسا ہی ہے'' کہ اگرچہ یہ کسی حدیث سے صراحتاً ثابت نہیں؛ لیکن چوں کہ ''اسلامی تعلیمات کے عین مطابق'' ہے، اس لیے جائز؛ بلکہ ثواب کا کام ہے۔ حدیثِ پاک میں ہے:
- جس نے اسلام میں کوئی اچھا طریقہ رائج کیا اُسے اُس کا ثواب ملے گا اور جو لوگ اُس پر عمل کریں گے اُس کا اجر بھی اُس ایجاد کرنے والے کو ملے گا اور عمل کرنے والوں کے اجر سے کچھ کم نہ کیا جائے گا۔[1]

## ساتویں فصل — عام دینی معلومات — تفہیم

**سوال:** اللہ تعالیٰ نے جو صحیفے اپنے نبیوں پر نازل فرمائے کیا اُن کی ''یقینی تعداد'' بتا سکتے ہیں؟

**جواب:** اللہ عزوجل نے جو صحیفے یا آسمانی کتابیں اپنے نبیوں اور رسولوں [علیہم السلام] پر نازل کیں، اُن کی یقینی تعداد بیان نہیں کی جا سکتی؛ البتہ! ایک روایت میں اُن کی تعداد ۱۰۰ ربتائی گئی ہے۔[2]

**سوال:** اللہ تعالیٰ نے جتنے صحیفے یا جتنی کتابیں نازل فرمائیں کیا ''اُن سب پر ایمان لانا'' ضروری ہے؟

**جواب:** جی ہاں! ''سب پر ایمان لانا اور سب کو سچ ماننا لازم و ضروری ہے''۔ کسی ایک کا انکار بھی کفر ہے۔

**سوال:** کیا تمام صحیفوں پر ''عمل کرنا'' بھی لازم ہے؟

**جواب:** جی نہیں! ہم پر صرف قرآنِ مقدس میں بیان کردہ اَحکام پر عمل کرنا لازم ہے۔

**سوال:** ''دینِ اسلام کی بنیاد'' کس کتاب پر ہے؟

**جواب:** دینِ اسلام کی بنیاد ''قرآنِ مجید'' پر ہے جو کہ ہمارے نبی حضور رحمتِ عالَم ﷺ پر نازل ہوئی۔

**سوال:** دینِ اسلام کی ''بنیاد'' قرآنِ مقدس پر ''کیوں'' رکھی گئی؟

**جواب:** اللہ تعالیٰ کی حکمت کا تقاضا یہ تھا کہ سابقہ آسمانی کتابوں میں تحریف [تبدیلی] کے واقع ہو جانے کے بعد دنیا میں قیامت تک ''وحیِ اِلٰہی'' صرف قرآنِ مجید کی صورت میں باقی رہے۔ گزشتہ شریعتیں ''شریعتِ محمدی'' کے ذریعے منسوخ ہوگئیں اور اللہ ربُّ العزت نے قیامت تک کے لیے صرف ''شریعتِ محمدی'' اور ''دینِ اسلام'' کے واجب القبول ہونے کا اعلان کر دیا اور اُس نے دینِ اسلام کی بنیاد اپنے کلام ''قرآنِ مجید'' کو قرار دیا۔

**سوال:** قرآنِ مجید میں ''کِن باتوں'' کا ذکر ہے؟

---

[1] الصحیح للامام مسلم، کتاب الزکاۃ، باب الحث علی الصدقۃ، رقم الحدیث: ۱۰۱۷

[2] النبراس، بیان الکتب المنزلہ، ص: ۲۹۰

**جواب:** اِس میں اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات پر دلائل ہیں۔ گزشتہ انبیاے کرام علیہم السلام اور حضور ﷺ کی نبوت و رسالت اور اُن کی عظمت وشان کا بیان ہے۔ حلال اور حرام، عبادات اور معاملات، آداب اور اخلاق کے جملہ اَحکام کا تذکرہ ہے۔ معادِ جسمانی، حشر ونشر اور جنت و دوزخ کا تفصیلی ذکر ہے اور انسان کی ہدایت کے لیے تمام ضروری چیزوں کا تفصیلی بیان ہے۔

**سوال:** اِس سلسلے میں کوئی "آیت کریمہ" پیش کریں!

**جواب:** اللہ عزوجل نے فرمایا:

وَنَزَّلۡنَا عَلَيۡكَ الۡكِتٰبَ تِبۡيَانًا لِّكُلِّ شَىۡءٍ وَّهُدًى وَّرَحۡمَةً وَّبُشۡرٰى لِلۡمُسۡلِمِيۡنَ [1]

ترجمہ: ہم نے آپ پر اُس کتاب کو نازل کیا ہے جو ہر شے کا روشن بیان ہے اور [جس میں] ہدایت اور رحمت اور مسلمانوں کے لیے بشارت ہے۔

**سوال:** قرآنِ مقدس کی "تعریف" [انٹروڈکشن] کیا ہے؟

**جواب:** اُصولِ فقہ کے علمانے قرآنِ مقدس کی یہ تعریف کی ہے:

قرآنِ مجید اللہ تعالیٰ کا "کلامِ معجز" ہے جو ہمارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر عربی زبان میں نازل ہوا، یہ مَصاحف میں لکھا ہوا ہے اور ہم تک تواتر کے ساتھ پہنچا ہے۔ اِس کی ابتدا "سورۂ فاتحہ" سے ہے اور اِس کا اختتام "سورۂ ناس" پر ہے۔

**سوال:** قرآن اللہ تعالیٰ کا "کَلَامِ مُعۡجِز" ہے، اِس کی مراد واضح کریں!

**جواب:** یعنی یہ ایسا کلام ہے کہ تمام مخلوق مِل کر بھی اِس جیسی ایک آیت بھی پیش نہیں کرسکتی۔

## دینی غیرت وحمیّت ایمان کا حصہ ہے

عَنۡ أَبِي هُرَيۡرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: اَلۡحَيَاۤءُ مِنَ الۡإِيمَانِ وَالۡإِيمَانُ فِي الۡجَنَّةِ وَالۡبَذَاۤءُ مِنَ الۡجَفَاۤءِ وَالۡجَفَاۤءُ فِي النَّارِ.

[الجامع للامام الترمذی، ابواب البر والصلة، باب ماجاء فی الحیاء، رقم الحدیث: ۲۱۴۰]

ترجمہ: حضرتِ سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ اللہ عزوجل کے رسول حضرت سیدنا محمد مصطفیٰ ﷺ نے ارشاد فرمایا: حیا [دینی غیرت] ایمان کا حصہ ہے اور ایمان جنت میں ہے اور بے حیائی [بے غیرتی] ظلم ہے اور ظلم کا ٹھکانہ جہنم ہے۔

[1] سورۂ نحل، آیت نمبر: ۸۹

# دوسرا سبق

## پہلی فصل — ایمانیات: ایمان سے متعلق باتیں — تفہیم

**سوال:** ''دجّال کا فتنہ'' کیسا ہوگا؟

**جواب:** اُس کا فتنہ ''بہت سخت'' ہوگا۔ خود آقائے دوعالم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے تعلیمِ امت کے لیے ''دجال کے فتنے'' سے بار ہا پناہ طلب کی۔ اُس کے ساتھ ایک ''باغ'' ہوگا، جس کو وہ اپنی دوزخ کہے گا اور ایک ''آگ'' ہوگی جس کو وہ اپنی جنت کہے گا، جو اُس پر ایمان لائے گا اُسے اپنی جنت میں ڈالے گا اور جو انکار کرے گا اُسے اپنی جہنم میں پھینکے گا۔ وہ مردود اپنے ''جادو'' کے بَل پر طرح طرح کے کرشمے دکھائے گا۔ مثلاً زمین سے سبزہ [ ہریالی ] اُگائے گا، آسمان سے پانی برسائے گا اور مُردوں کو زندہ کرے گا۔ وہ اپنے جادو کے زور سے اِس طرح کے بہت سے کرشمے دکھائے گا۔ **نعوذ باللہ من فتنۃ الدجال**[1]

**سوال:** ''دَآبَّۃُ الْاَرْضِ'' کیا چیز ہے؟ وضاحت فرمائیں!

**جواب:** ''دَآبَّۃُ الْاَرْضِ'' ایک جانور ہوگا جو قربِ قیامت نکلے گا۔ اُس کی شکل وصورت بڑی عجیب وغریب ہوگی، اُس کے ہاتھ میں حضرت سیدنا موسیٰ کلیم اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی لاٹھی اور حضرت سیدنا سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی ہوگی۔ یہ کوہِ صفا سے ظاہر ہوکر بہت تیزی کے ساتھ دنیا کے تمام شہروں میں پھرے گا۔ نہایت فصاحت و بلاغت کے ساتھ کلام کرے گا۔ ہر شخص پر ایک نشانی لگائے گا۔

**سوال:** کس طرح کی ''نشانی'' لگائے گا؟

**جواب:** ایمان والوں کی پیشانی پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لاٹھی سے ''ایک نورانی خط'' [ لکیر ] کھینچے گا اور کافر کی پیشانی پر حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی سے ''کالی مہر'' لگائے گا۔ اُس کے بعد تمام مسلمان اور کافر علی الاعلان [ کھلم کھلا ] پہچانے جائیں گے۔ یہ علامت کبھی نہیں بدلے گی۔ جو کافر ہوگا وہ کبھی ایمان نہ لائے گا اور جو مومن ہوگا وہ مرتے دم تک ایمان پر قائم رہے گا۔[2]

**سوال:** ''یاجوج وماجوج'' کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

**جواب:** ''یاجوج وماجوج'' یافث بن نوح علیہ السلام کی اولاد میں سے ''فسادی گروہ'' کا نام ہے۔ اِن کی تعداد بہات زیادہ ہے، یہ لوگ زمین میں فساد مچاتے تھے، بہار کے موسم میں نکلتے تھے اور تمام پانی پی جاتے تھے۔ جانوروں، درندوں

---

[1] ملخصاً از بہارِ شریعت حصۂ اول، معاد وحشر کا بیان۔ کتاب العقائد ص: ۳۹۔۴۰

[2] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصۂ اول، معاد وحشر کا بیان۔ کتاب العقائد ص: ۴۱

یہاں تک کہ انسانوں کو بھی کھا جاتے تھے۔حضرت سکندر ذوالقرنین نے لوہے کی دیوار بنا کر اُن کا آنا بند کر دیا۔

- قربِ قیامت جب حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السلام دجال کو قتل کر کے مسلمانوں کو طور پہاڑ پر لے جائیں گے، اُس وقت "یاجوج وماجوج" نکلیں گے اور دنیا میں فساد اور قتل وغارت گری مچائیں گے، حضرت عیسیٰ علیہ السلام ان کی ہلاکت کی دعا کریں گے، آپ کی دعا سے اللہ تعالیٰ اُن کی گردنوں میں کیڑے پیدا کر دیگا، جن سے وہ سب کے سب ہلاک ہوجائیں گے۔اُن کی ہلاکت کے بعد اللہ ربُّ العزت کی طرف سے ایک قسم کے پرندے ظاہر ہوں گے، جو اُن کی لاشوں کو اُٹھا کر وہاں پھینک آئیں گے جہاں اللہ عزوجل چاہے گا۔[۱]

## دوسری فصل — فقہیات: فقہی مسائل — تفہیم

**سوال:** جماعت سے متعلق کچھ "اہم مسائل" سے آگاہ فرمائیں!

**جواب:** چند اہم مسائل ملاحظہ فرمائیں!

- عورت کسی بھی جماعت میں مسجد میں حاضر نہیں ہوسکتی، جوان ہو یا بوڑھی، نماز دن کی ہو یا رات کی۔
- مقتدی اگر تنہا ہو تو اِمام کے برابر دائیں جانب کھڑا ہو؛ لیکن اُس کے پیر کا گٹّہ امام کے پیر کے گٹّے سے پیچھے ہو۔
- دو مقتدی ہوں تو اِمام کے پیچھے کھڑے ہوں، امام کے برابر کھڑا ہونا "مکروہِ تنزیہی" ہے۔
- اگر دو سے زیادہ مقتدی ہوں تو لازماً امام کے پیچھے کھڑے ہوں، اِمام کے برابر کھڑا ہونا "مکروہِ تحریمی" ہے۔
- ایک شخص امام کے برابر کھڑا تھا پھر ایک اور آیا تو یا تو امام آگے بڑھ جائے اور وہ آنے والا اُس مقتدی کے برابر کھڑا ہوجائے یا وہ مقتدی پیچھے ہٹ جائے یا پھر آنے والا مقتدی، اُس مقتدی کو پیچھے کھینچ لے۔ یہ تمام صورتیں جائز ہیں۔
- پہلی صف جو امام سے قریب ہے دوسری صف سے اور دوسری تیسری صف سے افضل ہے۔اِسی طرح اخیر تک۔[۲]

**سوال:** جو مقتدی "کچھ رکعتیں ہوجانے کے بعد" جماعت میں شامل ہو وہ کیا کرے؟

**جواب:** امام کی بعض رکعتیں پڑھنے کے بعد جو شامل ہو اُسے "مسبوق" کہتے ہیں۔مسبوق کے چند ضروری احکام ملاحظہ فرمائیں!

- مسبوق پہلے امام کے ساتھ شامل ہوجائے اور اُس کے سلام پھیرنے کے بعد اپنی فوت شُدہ رکعتیں مکمّل کرے۔

---

[۱] ملخصاً از بہارِ شریعت حصۂ اول، معاد و حشر کا بیان۔ کتاب العقائد ص: ۴۱۔۴۲

[۲] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصۂ سوم، جماعت کا بیان

- مسبوق اپنی فوت شدہ رکعتوں میں "قراءت" کرے گا۔
- چھوٹی ہوئی رکعتوں کو مکمل کرنے میں مسبوق سے اگر کوئی واجب چھوٹ جائے تو اُسے "سجدۂ سہو" کرنا ہوگا۔
- مسبوق جب اپنی رکعتیں مکمل کرے گا تو "ثنا" اور "تعوذ و تسمیہ" بھی پڑھے گا۔
- مسبوق کو چاہیے کہ اُس وقت کھڑا ہو جب امام دوسری طرف سلام پھیرے۔
- مسبوق نے اگر امام کے ساتھ جان بوجھ کر سلام پھیرا تو اُس کی نماز گئی اور اگر بھول کر پھیرا تو کھڑے ہو کر اپنی رکعتیں مکمل کرے اور پھر بعد میں سجدۂ سہو کرے۔[1]

**سوال:** "نمازِ وِتر" کی شرعی حیثیت واضح کرتے ہوئے، اُس کی ادائیگی کا طریقہ بیان کریں!

**جواب:** "نمازِ وِتر" واجب ہے۔ اگر سہواً یا قصداً نہ پڑھے تو قضا لازم ہے۔ احادیثِ کریمہ میں اِس کی بڑی تاکید آئی ہے۔ وتر میں تین رکعتیں ہیں، تینوں میں "قراءت" فرض ہے اور ہر رکعت میں "سورۂ فاتحہ" کے بعد سورت ملانا واجب ہے۔ قعدۂ اُولیٰ میں "التحیات" پڑھ کر کھڑے ہوں، قراءت سے فارغ ہو کر "اللہ اکبر" کہتے ہوئے کانوں تک ہاتھ اٹھا کر باندھ لیں۔ اب آہستہ سے دعائے قنوت پڑھیں، اِس کے بعد درود شریف پڑھ لینا بہتر ہے۔ دعائے قنوت یاد نہ ہو تو "رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا الٰی آخرہ" والی دعا پڑھ لیں۔ پھر رکوع کریں اور باقی نمازوں کی طرح اِسے بھی مکمل کریں۔[2]

## تیسری فصل — اَخلاقیات: اسلامی اخلاق و آداب — تفہیم

**سوال:** لوگوں کو "اچھے اخلاق" سے آراستہ کرنے کے لیے کیا "طریقے" اختیار کیے جاسکتے ہیں؟

**جواب:** **دیکھیے!** جس شخص کا دِل بالکل سادہ ہو، یعنی اُسے اچھے اور بُرے کی کچھ بھی تمیز نہ ہو، اُسے "اچھے اخلاق" کا خوگر بنانا بہت ہی آسان ہے۔ اُس کے لیے ایک ایسے "استاذ" کا انتظام کردیں جو اُسے "اچھے اخلاق" کے فائدوں اور "برے اخلاق" کے نقصانوں سے آگاہ کرے۔

- چوں کہ چھوٹے بچوں کو بھی بالکل تمیز نہیں ہوتی، اِس لیے ماں باپ پر، اپنے بچوں کو "اسلامی حقوق و آداب" سے آگاہ کرنا واجب ہے۔ اگر خود نہیں کرسکتے تو اُن کے لیے کسی اچھے "معلّم" کا انتظام کرنا ضروری ہے۔ اور ٹی۔ وی، موبائیل، انٹرنیٹ سے اُنھیں بالکل دور رکھیں؛ کیوں کہ یہ چیزیں بچوں کے اخلاق کو برباد کردیتی ہیں۔
- اور جو شخص بداخلاقی کا خوگر تو ہے؛ مگر دل سے اُسے برا جانتا ہے، اُسے درست راستے پر لانے کا مؤثر طریقہ یہ ہے کہ اُسے نیکوں کی صحبت میں رکھا جائے، بری عادتوں سے نکالنے اور اُس کے دل میں اچھی عادتوں کا بیج بونے کی پوری کوشش کی جائے۔ لگاتار کوشش سے ان شاء اللہ عزوجل چند دنوں میں اُس کے اخلاق سنور جائیں گے۔

---

[1] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصۂ سوم، جماعت کا بیان

[2] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصۂ چہارم، وتر کا بیان

**سوال:** خوش اخلاقی کی ''اہمیت'' پر دو حدیثیں بیان فرمائیں!

**جواب:** خوش اخلاقی کی اہمیت کا اندازہ اِس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ یہ صفت جس قدر زائد ہوتی ہے، مسلمان کے ایمان میں اُسی قدر کمال پیدا ہوتا ہے۔ حضور ﷺ کی بعثت کے بے شمار مقاصد میں ایک مقصد یہ بھی تھا کہ آپ ﷺ حسنِ اخلاق کی تکمیل فرمائیں۔ چناں چہ حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے روایت کیا کہ حضور رحمتِ عالَم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

- أَكْمَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ إِيْمَاناً أَحْسَنُهُمْ خُلُقًا۔[1]

ترجمہ: مومنوں میں سب سے کامل ایمان والے وہ ہیں، جن کے اخلاق اچھے ہیں۔

حضرت مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا:

- بُعِثْتُ لِاُتَمِّمَ مَكَارِمَ الْأَخْلَاقِ۔[2]

ترجمہ: میں اِسی لیے بھیجا گیا ہوں کہ [ اپنے قول وفعل کے ذریعے ] ''حسنِ اخلاق'' کو مکمل کر دوں۔

**سوال:** بداخلاقی کے ''نقصانات'' پر کوئی ایک حدیث پیش کریں!

**جواب:** بداخلاقی ایسی بیماری ہے جو انسان کو تباہ و برباد کر دیتی ہے، اِس کے نقصانات حد سے زیادہ ہیں، اِس کا سب سے بڑا نقصان یہ ہے کہ یہ انسان کو دوزخ میں لا ڈالتی ہے۔ چناں چہ حضور رحمتِ عالَم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

- ترجمہ: بے شک انسان اپنی بداخلاقی کے سبب جہنم کے سب سے نچلے طبقے میں پہنچ جاتا ہے[3] العیاذ باللہ منہ۔

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم ﷺ — تفہیم

**سوال:** مدینۂ منورہ میں سب سے پہلے کس ''خوش نصیب'' کو ہمارے آقا ﷺ کی ''ضیافت'' کی سعادت ملی؟

**جواب:** حضرت سیدنا ''ابو ایوب انصاری'' رضی اللہ عنہ کو حضور ﷺ کی ضیافت کا شَرَف ملا۔ اِس کا واقعہ کچھ یوں بیان کیا جاتا ہے:

- جب حضور ﷺ کی آمد ہوگئی تو انصار جوشِ مسرت میں عرض کرنے لگے: یارسول اللہ! ہمارے گھروں کو شرفِ نزول بخشیں! مگر آپ ﷺ سب سے یہی فرماتے کہ جس جگہ خدا کو منظور ہوگا یہ اونٹنی وہیں بیٹھ جائے گی۔ جس جگہ مسجدِ نبوی ہے، حضور ﷺ کی اونٹنی اُسی جگہ بیٹھ گئی۔ وہیں حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کا مکان تھا۔ اِس لیے سب سے پہلے اُنھیں ہی ہمارے آقا ﷺ کی میزبانی کا شرف ملا۔

**سوال:** میزبانِ رسول، حضرت ''ابو ایوب انصاری'' رضی اللہ عنہ نے کس ادب و احترام کے ساتھ ہمارے آقا ﷺ کی میزبانی کی؟

---

[1] الجامع للامام الترمذی، ج:۲،ص:۸۹۔ مشکاۃ المصابیح،ص:۴۳۲
[2] مشکاۃ المصابیح،ص:۴۳۲
[3] مجمع الزوائد، ج:۸،ص:۲۰۰

**جواب:** حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ دونوں وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے کھانا بھیجتے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا بچا ہوا کھانا دونوں میاں بیوی تبرُّک بنا کر کھاتے۔ کھانے میں جہاں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مقدس انگلیوں کا نشان پڑا ہوتا، حضرت ابو ایوب تبرُّکاً اُسی جگہ سے لقمہ اٹھاتے اور بے پناہ عقیدت و احترام اور جاں نثاری کا مظاہرہ فرماتے۔ سات مہینے تک آپ رضی اللہ عنہ نے اِسی شان کے ساتھ رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ضیافت کرنے کی سعادت حاصل کی۔[۱]

**سوال:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے "اہلِ وعَیَال" مدینۂ منورہ "کس طرح" تشریف لائے۔

**جواب:** حضرتِ ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے مکان میں قیام کے دوران آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اہلِ خانہ کو لانے کے لیے اپنے غلام "حضرت زید بن حارثہ" اور "حضرتِ ابورافع" رضی اللہ عنہما کو مکۂ مکرمہ روانہ کیا۔ یہ دونوں حضرات مکہ جا کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل وعیال میں سے "حضرت سیدتنا فاطمہ، حضرت سیدتنا اُم کلثوم، اُمُّ المومنین حضرت سَودہ، حضرت اُسامہ بن زید اور حضرت اُمِّ اَیمن" رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کو مدینۂ منورہ لے آئے۔ حضرت زینب رضی اللہ عنہا نہ آسکیں؛ کیوں کہ اُن کے شوہر حضرتِ ابو العاص رضی اللہ عنہ نے انھیں مکہ ہی میں روک لیا تھا اور حضرتِ رُقیہ رضی اللہ عنہا اپنے شوہر حضرتِ عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے ساتھ "حَبْشَہ" میں تھیں۔[۲]

**سوال:** "مَسْجِدِ نَبَوِی" کی تعمیر کے حوالے سے کچھ بتائیے!

**جواب:** مدینۂ منورہ میں کوئی ایسی جگہ نہیں تھی جہاں مسلمان ایک ساتھ نماز ادا کرسکیں۔ اِس لیے ایک مسجد کی سخت ضرورت تھی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی قیام گاہ کے قریب ہی "بَنُوْ نَجَّار" کا ایک باغ تھا جس کے مالک دو یتیم تھے۔ آقائے دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے خریدا، اُس کے پیڑ کٹوائے، مشرکوں کی قبریں اُکھڑوائیں، زمین ہموار کرائی اور پھر اپنے دستِ اقدس سے مسجد کی بنیاد رکھی۔ اِس مسجد کی تعمیر میں صحابۂ کرام کے ساتھ خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی حصہ لیا، اینٹیں اُٹھائیں، پتھر توڑے اور اپنے غلاموں کو جوش دلانے کے لیے بار بار یہ اشعار پڑھے۔

| | |
|---|---|
| اَللّٰھُمَّ لَا أَجْرَ اِلَّا أَجْرُ الْاٰخِرَۃْ | فَاغْفِرِ الْأَنْصَارَ وَ الْمُھَاجِرَۃْ |
| اے اللہ! بھلائی تو صرف آخرت کی ہے | لہٰذا تو انصار و مہاجرین کو بخش دے |

- اِسی مسجد کو آج "مَسْجِدِ نَبَوِی" کے نام سے جانا جاتا ہے۔[۳]

## پانچویں فصل — حسن و جمالِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم — تفہیم

**سوال:** کیا ہمارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم حضرتِ سیدنا یوسف علیہ السلام سے بھی "خوب صورت" ہیں؟

**جواب:** جی ہاں! ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم حضرت سیدنا یوسف علیہ السلام سے بھی زیادہ خوب صورت ہیں؛ بلکہ حقیقت یہ ہے کہ حضرت سیدنا یوسف علیہ السلام اور دنیا کے تمام حسینوں کا حسن و جمال حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حسن و جمال کے مقابلے میں

---

[۱] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۱۴۴۔ و از ضیاء النبی، ج: ۳، ص: ۱۲۵۔۱۲۶
[۲] ملخصا از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۱۴۶۔ و از مدارج النبوۃ، ج: ۲، ص: ۷۲
[۳] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۱۴۷۔ و از ضیاء النبی، ج: ۳، ص: از ۱۴۸ تا ۱۵۴

ایک جز کی حیثیت رکھتا ہے۔ اِس پر دلیل حضرت سیدنا امام محمد مہدی الفاسی کا یہ قول ہے:

حضرت یوسف علیہ السلام اور دیگر حسینانِ جہاں کا حسن، حضور رحمتِ عالم ﷺ کے بے مثال حسن و جمال کے سامنے ایک جز کی حیثیت رکھتا ہے؛ کیوں کہ وہ آپ ﷺ کے اسمِ مبارک کی صورت پر پیدا کیے گئے ہیں۔ اگر اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے حبیب ﷺ کے حسن و جمال کو ہیبت ووقار کے پردوں میں نہ ڈھانپا ہوتا اور دوسروں [کفار ومشرکین] کو آپ ﷺ کے دیدار سے اندھا نہ کیا گیا ہوتا تو کوئی شخص آپ ﷺ کی طرف دنیا کی اِن کمزور آنکھوں سے نہ دیکھ سکتا۔[1]

**سوال:** پھر لوگ آپ ﷺ کو دیکھ کر ''بے ہوش'' کیوں نہ ہوئے اور عرب کی عورتوں نے ''اپنی انگلیاں کیوں نہ کاٹ'' لیں؟

**جواب:** حضرتِ شاہ ولیُّ اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں:

میرے والدِ ماجد شاہ عبد الرحیم علیہ الرحمہ کو خواب میں حضور ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔ عرض کیا: یارسول اللہ! حضرت یوسف علیہ السلام کو دیکھ کر مصر کی عورتوں نے بے خودی میں اپنے ہاتھ کاٹ لیے اور اُن کے حسن و جمال کو دیکھ کر بعض لوگ بے ہوش بھی ہوئے، لیکن کیا وجہ ہے کہ آپ کے حسن و جمال کو دیکھ کر صحابۂ کرام پر ایسی کیفیات طاری نہیں ہوئیں؟ اِس پر نبیِّ اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میرے اللہ نے غیرت کی وجہ سے میرا جمال لوگوں سے مخفی رکھا ہے، اگر میرا جمال کما حقہ آشکارا ہو جاتا تو لوگوں پر بے خودی کا عالم اُس سے کہیں بڑھ کر طاری ہوتا جو حضرت یوسف علیہ السلام کو دیکھ کر ہوا کرتا تھا۔[2]

سرکارِ اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

حسنِ یوسف پہ کٹیں مصر میں انگشتِ زناں     سر کٹاتے ہیں ترے نام پہ مردانِ عرب

**سوال:** ''حسنِ مصطفیٰ'' ﷺ کے سلسلے میں ہمارا عقیدہ کیسا ہونا چاہیے؟

**جواب:** حضور ﷺ کے ''حسن و جمال کو بے مثال ماننا'' ایمان کا بنیادی جز ہے۔ کسی شخص کا ایمان اُس وقت تک مکمل نہیں ہو سکتا جب تک وہ حضور سید المرسلین ﷺ کو صورت وسیرت کے لحاظ سے ساری مخلوق سے افضل اور اکمل تسلیم نہ کرے۔

حضرت امام قسطلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

ایمان کی تکمیل کے لیے یقیناً یہ عقیدہ رکھنا لازمی ہے کہ اللہ عزوجل نے کسی کو بھی آپ ﷺ جیسا حسین و جمیل نہیں بنایا، نہ آپ ﷺ سے پہلے، نہ بعد میں۔[3]

---

[1] مطالع المسرات، ص: ۳۹۴    [2] الدر الثمین، ص: ۳۹
[3] المواہب اللدنیہ، ج: ۱، ص: ۲۴۸

## چھٹی فصل — معمولاتِ اہلِ سنت وجماعت — تفہیم

### مومن کی قبر پر اذان دینے کا ثبوت

سوال: مُردے کو دفنانے کے بعد ”قبر پر اذان دینا“ کیسا ہے؟

جواب: دفن کرنے کے بعد ”قبر پر اذان دینا“ صرف جائز ہی نہیں؛ بلکہ مستحسن یعنی ثواب کا کام اور اسلامی تعلیمات کے عین مطابق اور ”میت“ کے لیے ”بہترین خیر خواہی“ ہے۔

سوال: اِس کا ”ثبوتِ شرعی“ پیش فرمائیں!

جواب: اِس کے جائز و درست ہونے کی سب سے واضح دلیل تو یہی ہے کہ ”شریعتِ اِسلامیہ نے اِس سے منع نہیں فرمایا“۔ شریعت کا منع نہ کرنا ہی جائز ہونے کی دلیل ہے۔ ہمارے علماے اہلِ سنت نے مزید دلائل بھی پیش فرمائے ہیں۔ حکیم الامت مفتی احمد یار خان صاحب نعیمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

- قبر پر اذان دینا حدیثوں اور فقہی عبارتوں سے ثابت ہے۔ مشکاۃ المصابیح میں ہے: لَقِّنُوْا مَوْتَاکُمْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ۔ یعنی اپنے مُردوں کو ”لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ“ کی تلقین کرو۔ دفن کرنے کے بعد ”نکیرین کے سوالات“ کا وقت انتہائی خطرناک وقت ہے؛ کیوں کہ اگر قبر کے امتحان میں ناکامی ہوگئی تو آخرت کی زندگی برباد ہو جائے گی۔ اس لیے حضور ﷺ نے دفن کے بعد مردوں کو ”کلمۂ پاک کی تلقین“ کرنے کا حکم دیا، لہٰذا میت کو تلقین کرنا مستحب ہے؛ تاکہ مردہ نکیرین کے سوالات کے جوابات دینے میں کامیاب ہو سکے۔ اذان میں بھی کلمۂ پاک ہے، لہٰذا قبر پر اذان دینا مستحب ہے۔[۱]

سوال: اِس کے ثبوت پر ”مزید دلائل“ پیش فرمائیں!

جواب: روایت میں آیا ہے کہ

- جب مردے سے سوالاتِ قبر ہوتے ہیں تو شیطان ظاہر ہو کر اپنی طرف اشارہ کرتا ہے یعنی یہ کہ میں تیرا رب ہوں۔ اِسی لیے میت کے لیے جواب میں ثابت قدم رہنے کی دعا کرنے کا حکم آیا ہے۔[۲]

اِس روایت سے معلوم ہوا کہ دفن کرنے کے بعد، نکیرین کے سوالات کے وقت شیطان مردود آکر میت کو ناکام ونامراد بنانے کی پوری کوشش کرتا ہے۔ اِس لیے ہمیں میت کے ثابت قدم رہنے کی دعا کرنی چاہیے! اور چوں کہ اَحادیثِ کریمہ سے ثابت ہے کہ ”جب اذان ہوتی ہے تو شیطان اذان کی جگہ سے کوسوں دور بھاگ جاتا ہے“۔[۳]

---

[۱] ملخصاً از جآء الحق، حصہ اول، ص: ۳۰۸۔۳۰۹
[۲] نوادر الاصول، بحوالہ جآء الحق، ص: ۳۱۰
[۳] الصحیح للامام مسلم، کتاب الصلاۃ، رقم الحدیث: ۳۸۸

اِس لیے ان دونوں حدیثوں پر عمل کرنے کے لیے سنی مسلمان دفن کے بعد قبر پر اذان دیتے ہیں؛ تاکہ ''شیطان بھاگ جائے اور میت کو اُس کے مکر سے امان حاصل ہو جائے''۔

- یہ بھی خیال رکھنا چاہیے کہ بے چارہ مردہ اپنے اہلِ خانہ کو چھوڑ کر جب تنِ تنہا تاریک گھر [قبر] میں پہنچتا ہے تو اُسے ''بڑی وحشت'' [گھبراہٹ] محسوس ہوتی ہے۔ اذان سے اُس کی وحشت دور ہو جاتی ہے؛ کیوں کہ روایتوں میں آیا ہے کہ
- حضرت سیدنا آدم علیہ السلام ہندستان میں اترے تو اُنھیں سخت تنہائی اور وحشت محسوس ہوئی، حضرت جبریل علیہ السلام نے ''اذان دی'' تو اُن کی ''وحشت دور ہو گئی''۔[۱]

## ساتویں فصل — عام دینی معلومات — تفہیم

**سوال:** کیا قرآنِ مجید کے ''ترجمے'' کو بھی قرآن کہیں گے؟

**جواب:** قرآنِ مجید کے ترجموں پر ''قرآن کا اطلاق'' نہیں ہوگا۔ کیوں کہ یہ عربی الفاظ میں نازل ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشادِ گرامی ہے: اِنَّآ اَنۡزَلۡنٰهُ قُرۡءٰنًا عَرَبِيًّا۔ ترجمہ: ہم نے اِس کو بطورِ عربی نازل کیا۔[۲]

**سوال:** قرآنِ مجید کی کتنی ''قراءتیں'' تواتر کے ساتھ ثابت ہیں؟

**جواب:** قرآنِ مقدس کی ''سات قراءتیں'' تواتر کے ساتھ ثابت ہیں، کسی ایک قراءت کا انکار کرنا کفر ہے۔

**سوال:** ''تَوَاتُر'' سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** ''تَوَاتُر'' کا لغوی معنیٰ ہے ''کسی چیز کا لگاتار و مسلسل ہونا اور یکے بعد دیگرے آنا''۔[۳]

اور اِس کا اصطلاحی معنیٰ یہ ہے ''کسی چیز کو ایسی جماعت روایت کرے جس کا جھوٹ پر متفق ہونا عقلاً اور عادۃً محال ہو، یہ جماعت جس جماعت سے روایت کرے وہ بھی ویسی ہی ہو اور یہ وصف شروع سے آخر تک برقرار رہے''۔[۴]

اور قرآنِ مقدس کی ساتوں قراءتیں ایسی ہی ہیں کہ اُنھیں نفوسِ قدسیہ کی اتنی بڑی تعداد نے روایت [نقل] کیا ہے جس کا کذب [جھوٹ] پر متفق ہونا عقل و عادت دونوں لحاظ سے ناممکن ہے۔

**سوال:** قراءتِ سبعہ [ساتوں قراءتوں] کے ''اماموں کے نام'' کیا ہیں؟

**جواب:** قراءتِ سبعہ کے اماموں کے نام یہ ہیں:

- حضرت سیدنا امام نافع
- حضرت سیدنا امام ابن کثیر
- حضرت سیدنا امام ابوعَمرو
- حضرت سیدنا امام ابنِ عامر
- حضرت سیدنا امام عاصم
- حضرت سیدنا امام حمزہ
- حضرت سیدنا امام کِسائی۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین[۵]

---

[۱] جاء الحق، حصہ اول، ص: ۳۱۱ [۲] سورۂ یوسف، آیت نمبر: ۲ [۳] لسان العرب، ج: ۶، ص: ۲۷۳
[۴] ملخصاً از اصول الحدیث، ص: ۳۰۱ [۵] کتاب التیسیر فی القراءات السبع، ص: ۱۷

**سوال:** قرآنِ مجید میں قرآن کے ''کتنے نام'' ذکر کیے گئے ہیں؟

**جواب:** قرآنِ مقدس میں کلامِ مجید کے ''پانچ نام'' ذکر کیے گئے ہیں۔ وہ پانچ نام یہ ہیں:

✪ قُرْآن ✪ فُرْقَان ✪ کِتَاب ✪ ذِکْر ✪ نُوْر۔[1]

**سوال:** قرآن کو ''قرآن'' کیوں کہا گیا؟

**جواب:** قرآن کا لفظ ''قراءت'' سے بنا ہے، جس کا معنیٰ ہے ''پڑھنا'' چوں کہ اِس کو بہت زیادہ پڑھا جاتا ہے، اِس لیے اِس کو ''قرآن'' کہا جاتا ہے۔

**سوال:** قرآنِ مجید کا نام ''فرقان'' کیوں رکھا گیا؟

**جواب:** فرقان ''فَرْق'' سے بنا ہے، کیوں کہ یہ کتابِ مبین ''حق و باطل، ایمان و کفر اور خیر و شر'' کے درمیان فرق کرتی ہے، اِس لیے اِس کا نام فرقان رکھا گیا۔

**سوال:** اِس مبارک کلام کو ''کتاب'' سے کیوں موسوم کیا گیا؟

**جواب:** کتاب ''کَتَبَ'' سے بنا ہے، اِس کا معنیٰ ہے ''جمع کرنا'' چوں کہ اِس میں مختلف قصے، آیتیں اور اَحکام جمع ہیں اِس لیے اِسے ''کتاب'' سے موسوم کیا گیا۔

## بکواس کرنے، ڈینگیں مارنے اور تکبر کرنے والوں کا انجام

عَنْ جَابِرٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ مِنْ أَحَبِّكُمْ إِلَيَّ وَأَقْرَبِكُمْ مِنِّي مَجْلِسًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَحَاسِنَكُمْ أَخْلَاقًا وَإِنَّ أَبْغَضَكُمْ إِلَيَّ وَأَبْعَدَكُمْ مِنِّي مَجْلِسًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ الثَّرْثَارُونَ وَالْمُتَشَدِّقُونَ وَالْمُتَفَيْهِقُونَ۔

[الجامع للامام الترمذی، ابواب البر والصلۃ، باب ماجاء فی معالی الاخلاق، رقم الحدیث: ۲۱۵۰]

ترجمہ: حضرتِ سیدنا جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور رحمتِ عالَم ﷺ نے ارشاد فرمایا: بے شک تم میں سے عمدہ کردار والے مجھے سب سے زیادہ محبوب ہیں اور وہی لوگ قیامت میں مجھ سے سب سے زیادہ قریب ہوں گے اور لایعنی باتیں کرنے والے، لاف زنی کرنے [ڈینگیں مارنے] والے اور تکبر کرنے والے مجھے سب سے زیادہ ناپسند ہیں اور یہی لوگ بروزِ قیامت مجھ سے سب سے زیادہ دور ہوں گے۔

---

[1] تبیان القرآن، ج:۱، ص:۴۹

# تیسرا سبق

## پہلی فصل — ایمانیات: ایمان سے متعلق باتیں — تفہیم

**سوال:** حضرت سیدنا **"امام مَہدِی"** کا تعارُف پیش کریے!

**جواب:** حضرت سیدنا **"امام مَہدِی"** رضی اللہ تعالیٰ عنہ اللہ ربُّ العزت کے خلیفہ ہوں گے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ آقاے کریم ﷺ کی آلِ پاک میں **"حسنی سید"** ہوں گے۔ جب دنیا میں ہر طرف کفر وشرک کا غلبہ ہوگا، اُس وقت ساری دنیا کے اولیاے کرام سمٹ کر حرمین شریفین ہجرت کر جائیں گے۔ اُس وقت صرف اِنھیں دو مقدس جگہوں پر اسلام ہوگا۔

- ماہِ رمضان میں اَبدال خانۂ کعبہ کا طواف کر رہے ہوں گے، وہیں حضرت **"امام مَہدِی"** ظاہر ہو جائیں گے۔ تمام اولیاے کرام اُنھیں پہچان کر اُن سے بیعت کی درخواست کریں گے، آپ انکار فرمائیں گے، اُسی وقت غیب سے آواز آئے گی:

**"یہ اللہ تعالیٰ کے خلیفہ مہدی ہیں، اِن کا حکم مانو اور اِن کی اطاعت کرو"**

- سب لوگ آپ کے دستِ اقدس پر بیعت کریں گے، پھر آپ تمام مسلمانوں کو لے کر ملکِ شام تشریف لے جائیں گے۔[1]

**سوال:** حضرت سیدنا **"عیسیٰ علیہ السلام کے نزول"** کا مختصر حال بیان فرمائیے!

**جواب:** جب دجال پوری دنیا میں فتنہ پھیلا کر ملکِ شام پہنچے گا، اُس وقت حضرت سیدنا عیسیٰ روح اللہ علیہ السلام **"دمشق کی جامع مسجد کے مشرقی مینارے پر"** شریعتِ محمدیہ کے حاکم اور امامِ عادل بن کر نزول فرمائیں گے۔ صبح کا وقت ہوگا اور نمازِ فجر کے لیے اقامت ہو چکی ہوگی۔ آپ علیہ الصلاۃ والسلام کے حکم سے حضرت امام مہدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نماز پڑھائیں گے اور آپ اُن کے پیچھے نماز ادا فرمائیں گے۔

- آپ علیہ السلام کی سانس کی خوشبو تا حدِّ نگاہ ہوگی، آپ کی خوشبو سے دجال پگھلنے لگے گا اور بھاگنے لگے گا، آپ اُس کا پیچھا کر کے اُس کی پیٹھ پر نیزہ ماریں گے، وہ ہلاک ہو کر جہنم رسید ہو جائے گا۔

**سوال:** حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کے زمانۂ اقدس کی **"خیر وبرکت"** پر روشنی ڈالیے!

**جواب:** حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کے زمانۂ اقدس میں بے شمار خیر وبرکت کا نزول ہوگا۔ مال ودولت کی فراوانی ہوگی، زمین اپنے سارے خزانے باہر نکال دے گی، ہر طرف امن وامان قائم ہوگا، یہاں تک کہ آپسی بغض وحسد اور کسی

[1] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصہ اول، معاد وحشر کا بیان۔ کتاب العقائد ص: ۴۲۔۴۳

قسم کی دشمنی کا نام ونشان تک نہ ہوگا۔ اُس وقت پوری دنیا میں ''صرف مذہبِ اسلام'' ہوگا، دوسرا کوئی بھی مذہب نہ ہوگا۔

- اَمن وامان کا یہ حال ہوگا کہ بچے سانپ کے ساتھ کھیلیں گے، شیر اور بکری ایک ساتھ پانی پئیں گے، آپ علیہ الصلاۃ والسلام چالیس سال تک دنیا میں قیام فرمائیں گے، نکاح کریں گے، اولاد بھی ہوگی اور وفات کے بعد حضور ﷺ کے روضۂ منور میں مدفون ہوں گے۔[1]

## دوسری فصل — فقہیات: فقہی مسائل — تفہیم

**سوال:** ''نمازِ جمعہ'' کی شرعی حیثیت واضح کرتے ہوئے اِس کے فضائل بیان کریں!

**جواب:** ''نمازِ جمعہ'' فرضِ عین، یعنی ہر مسلمان عاقل و بالغ پر فرض ہے۔ اِس کی فرضیت کا انکار کرنے والا کافر ہے۔ جمعہ کے دن اور اِس کی نماز کی اَحادیثِ کریمہ میں بڑی فضیلتیں آئی ہیں۔ تین اَحادیثِ مبارکہ ملاحظہ فرمائیں!

- ہمارے آقا ﷺ نے فرمایا: جمعہ کا دن تمام دنوں کا سردار اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے بڑا ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ''عید الاضحیٰ اور عید الفطر سے بھی زیادہ بڑا'' ہے۔ اِس میں ''پانچ خصلتیں'' ہیں [۱] اللہ تعالیٰ نے اِسی دن حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا [۲] اِسی دن اُنھیں زمین پر اُتارا [۳] اِسی دن اُنھیں وفات دی [۴] اِس دن میں ایک ساعت ایسی ہے کہ بندۂ مومن اُس وقت جو بھی دعا مانگے گا اللہ تعالیٰ قبول فرمائے گا بشرطے کہ حرام کا سوال نہ کرے [۵] اور اِسی دن قیامت قائم ہوگی۔ کوئی مقرَّب فرشتہ، آسمان، زمین، ہوا، پہاڑ اور دریا ایسا نہیں کہ جمعہ کے دن سے نہ ڈرتا ہو۔[2]
- حضورِ اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو مسلمان جمعہ کے دن یا رات میں مرے گا اللہ تعالیٰ اُسے قبر کے فتنے سے بچالے گا۔[3]
- مدنی تاجدار ﷺ نے فرمایا: جمعہ کی رات روشن رات ہے اور جمعہ کا دن روشن دن۔[4]

**سوال:** شریعتِ محمدیہ میں ''جمعہ چھوڑنے'' پر کیا وعیدیں [دھمکیاں] آئی ہیں؟

**جواب:** جمعہ چھوڑنے والوں کو سخت ترین وعیدیں سنائی گئی ہیں۔ یہ دو حدیثیں دیکھیں:

- حضور رحمتِ دوعالَم ﷺ نے فرمایا: جو شخص ''تین جمعے'' سستی کی وجہ سے چھوڑ دے اللہ رب العزت اُس کے دل پر مہر کر دے گا۔[5]

---

[1] ملخصاً از بہارِ شریعت حصۂ اول، معاد وحشر کا بیان، کتاب العقائد ص: ۴۴۔۴۵
[2] السنن للامام ابن ماجہ، باب فی فضل الجمعۃ، رقم الحدیث: ۱۰۸۴
[3] الجامع للامام الترمذی، باب ماجآء فی من یموت یوم الجمعۃ، رقم الحدیث: ۱۰۷۶
[4] مشکاۃ المصابیح، کتاب الصلاۃ، باب الجمعۃ، رقم الحدیث: ۱۳۶۹
[5] الجامع للامام الترمذی، باب ماجآء فی ترک الجمعۃ، رقم الحدیث: ۵۰۰

- حضور انیس بے کساں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص بلا عذر تین جمعے چھوڑے وہ منافق ہے۔ [۱]

**سوال:** جمعہ پڑھنے کے لیے ''کتنی شرطیں'' ہیں اور وہ کیا کیا ہیں؟

**جواب:** جمعہ پڑھنے کے لیے چھ شرطیں ہیں، اگر ان میں سے ایک شرط بھی نہ پائی گئی تو جمعہ ہوگا ہی نہیں۔ وہ چھ شرطیں یہ ہیں:

- [۱] مصر یا فنائے مصر [۲] سلطانِ اسلام یا اُس کا نائب [۳] ظہر کا وقت
  [۴] خطبہ [۵] جماعت [۶] اذنِ عام

## تیسری فصل — اَخلاقیات: اسلامی اخلاق و آداب — تفہیم

**سوال:** ''زبان'' کی حقیقت کیا ہے؟

**جواب:** ''زبان'' اللہ عزوجل کی ایک عجیب مخلوق ہے، دیکھنے میں تو یہ گوشت کا ایک چھوٹا سا ٹکڑا ہے؛ لیکن حقیقتاً یہ عقل کی نائب اور دل کی وزیر ہے۔ ''زبان'' دماغ میں آنے والی تمام باتوں کا اظہار بھی کرتی ہے اور دل کی طرح پورے جسم پر حکمرانی بھی۔ زبان سے نکلنے والی باتوں کا اثر دل پر مرتَّب ہوتا ہے۔ اگر زبان سے تلاوتِ قرآن، ذکرِ حق، نعتِ رسولِ مقبول جیسی اچھی باتیں صادر ہوں تو دل بھی روشن ہوتا ہے اور آخرت بھی تابناک ہوتی ہے اور اگر اِس سے گالی، چغلی اور غیبت جیسی بری چیزیں رونما ہوں تو دل بھی اندھا ہو جاتا ہے اور عقبیٰ بھی برباد ہو جاتی ہے۔ اس لیے انسان کی کامیابی اور ناکامی میں ''زبان'' کا بہت اہم کردار ہوتا ہے۔ قیامت کے دن زبان سے نکلنے والے ہر ہر حرف کا حساب ہوگا۔

**سوال:** ''زبان کی آفتیں'' کیا کیا ہیں؟ بیان کریے!

**جواب:** حجۃ الاسلام حضرت سیدنا امام غزالی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ''احیاء العلوم، حصۂ سوم کے چوتھے باب میں'' زبان کی بہت سی آفتیں بیان فرمائی ہیں۔ اُن میں سے چند آفتیں یہاں درج کی جاتی ہیں:

- فضول باتیں کرنا
- باطل اور گناہ کی باتیں کرنا
- بے جا بحث اور جھگڑا کرنا
- گالی بکنا
- لعنت بھیجنا
- خلافِ شرع مذاق کرنا
- کسی کا مذاق اڑانا
- جھوٹا وعدہ کرنا
- جھوٹ بولنا
- جھوٹی قسمیں کھانا
- چغلی کرنا
- غیبت کرنا [۲]

مذکورہ باتیں انسان کی زبان سے سرزَد ہو کر اُسے دنیا و آخرت کے خسارے سے دوچار کرتی ہیں۔ زبان کی اِن آفتوں سے بچنے کے لیے خاموشی اختیار کرنا نہایت ضروری ہے۔ اسی لیے مدنی تاجدار، دونوں عالَم کے مالک و مختار حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہم غلاموں کو حق بات بولنے یا خاموشی اختیار کرنے کا حکم دیا اور خاموشی کے فائدے بھی بیان فرمائے۔

---

[۱] الاحسان بترتیب صحیح ابن حبان، باب ماجآء فی الشرک والنفاق، ج:۱، ص: ۲۳۷

[۲] ملخصاً از احیاء العلوم، حصۂ سوم، چوتھا باب

سوال: ''خاموشی'' کے چند فائدے بیان فرمائیں!

جواب: ''خاموشی'' کے فائدوں کی جانب رہ نمائی کرنے والی چند حدیثیں ملاحظہ فرمائیں:

- حضرت سیدنا عبد اللہ بن عَمر و رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور سید عالَم ﷺ نے فرمایا:
  مَنْ صَمَتَ نَجَا۔ ترجمہ: جو شخص خاموش رہا اُس نے نجات پائی۔[1]
- حضرت سیدنا ابوذر رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے حضور رحمتِ عالم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا:
  ترجمہ: برے دوست کے پاس بیٹھنے سے تنہا رہنا بہتر ہے اور اچھے دوست کے پاس بیٹھنا تنہا رہنے سے بہتر ہے۔ اچھی بات سِکھانا خاموش رہنے سے اور خاموش رہنا بُری بات سِکھانے سے بہتر ہے۔[2]
- حضرت سیدنا عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا:
  سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوْقٌ۔ ترجمہ: مسلمان کو گالی دینا گناہِ کبیرہ ہے۔[3]

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم ﷺ — تفہیم

سوال: ''اَذَان'' کی ابتدا کیسے ہوئی؟ وضاحت فرمائیں!

جواب: مسجدِ نبوی کی تعمیر کے بعد لوگوں کو جماعت کے لیے جمع کرنے کا مسئلہ درپیش ہوا۔ حضور ﷺ نے صحابۂ کرام سے مشورہ کیا، اُنھوں نے مختلف مشورے دیے جنھیں حضور ﷺ نے ناپسند فرمایا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا:

- ہر نماز کے وقت کسی کو بھیج دیا جائے اور وہ پوری مسلم آبادی میں نماز کا اعلان کرے!
  حضور ﷺ نے اِس مشورے کو قبول فرمایا اور حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ کو حکم فرمایا کہ
- وہ نماز کے اوقات میں ''اَلصَّلَاۃُ جَامِعَۃٌ'' کہہ کر لوگوں کو پکارا کریں!
  اِس واقعے کے بعد حضرت عبد اللہ بن زید، حضرت عمر بن خطاب اور دیگر کئی صحابہ کو؛ بلکہ خود حضور ﷺ کو خواب میں ''اذان کے کلمات'' سنائے گئے۔ چناں چہ یہ کلمات حضرت بلال کو یاد کرائے گئے اور اُنھیں اسلام کا پہلا مؤذن بننے کا شرف حاصل ہوا۔ اُسی وقت سے ''اذان'' دینے کا یہ شرعی طریقہ رائج ہے اور ان شاء اللہ قیامت تک رائج رہے گا۔[4]

سوال: سن ''ایک ہجری'' کے مزید کچھ ''اہم واقعات'' بیان فرمائیے!

جواب: سن ایک ہجری میں متعدد واقعات رونما ہوئے، جن میں سے کچھ کا ذکر ہو چکا ہے۔ نہایت اختصار کے ساتھ کچھ مزید واقعات نیچے درج کیے جا رہے ہیں:

---

[1] الجامع للامام الترمذی، ج:۲، ص:۷۶ [2] مشکاۃ المصابیح، ص:۴۱۴ [3] الصحیح للامام البخاری، ج:۲، ص:۸۹۳
[4] ملخصاً از سیرتِ مصطفی، ص:۱۴۹۔ وشرح المواہب اللدنیۃ، ج:۱، ص:۳۷۶

- مسجدِ نبوی کی تعمیر کے بعد ''**ازواجِ مطہرات کے حجرے**'' بنوائے گئے ۔ یہ مکانات بھی بہت سادگی کے ساتھ بنائے گئے تھے ۔ یہ حجرے ''**دس ہاتھ لمبے اور چھے ہاتھ چوڑے**'' تھے ۔ کچی اینٹوں کی دیواریں تھیں اور کھجور کے پتوں کی چھت تھی ۔ اللہ اکبر ! یہ تھا کائنات کے سردار محمد عربی ﷺ کا وہ مقدس مکان، جس کی آستانہ بوسی اور دربانی حضرتِ جبریلِ امین کے لیے بھی باعثِ افتخار تھی ۔
- حضور رحمتِ عالم ﷺ کی محبت میں اپنا سب کچھ مکہ میں چھوڑ کر، مدینہ آنے والے مہاجرین کی سکونت کا اہتمام کیا گیا ۔ اِن کے رہنے کے لیے مسجدِ نبوی کے قرب و جوار میں انتظام کیا گیا ۔ ایسے موقع پر انصار صحابہ رضی اللہ عنہم نے بڑی فراخ دلی کے ساتھ اپنے اِن بھائیوں کی مدد کی ۔
- اِسی سال اُمُّ المومنین حضرت سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی رخصتی عمل میں آئی ۔ حضور ﷺ نے ایک پیالہ دودھ سے لوگوں کی دعوتِ ولیمہ فرمائی ۔
- اِسی سال حضور ﷺ نے انصار و مہاجرین کے درمیان ''**عَقْدِ مُوَاخَاتْ**'' قائم فرمایا ۔ یعنی ہجرت کر کے طیبہ آنے والے مسلمانوں کو مدینۂ منورہ کے باشندوں کا بھائی قرار دیا۔[1]

**سوال:** ''**طَیْبَہْ**'' تشریف لانے کے بعد حضور ﷺ نے یہودیوں سے کیوں معاہدہ فرمایا تھا؟ اُس معاہدے کے جملے کیا تھے؟ اِختصار کے ساتھ بیان فرمائیں!

**جواب:** اہلِ مدینہ سے حضور ﷺ نے اِس لیے معاہدہ فرمایا تھا؛ تاکہ مسلمان امن و چین کے ساتھ زندگی گزار سکیں اور اُنھیں کُھل کر دینِ اسلام کی دعوت و تبلیغ کا موقع مِل سکے ۔ اُس ''**مُعَاهَدَہْ**'' کا خلاصہ ذیل میں درج ہے :

- خون بَہا [ جان کے بدلے جو مال دیا جاتا ہے ] اور فدیہ [ قیدی کو چھڑانے کے بدلے جو رقم دی جاتی ہے ] کا پرانا طریقہ اب بھی قائم رہے گا ۔
- یہودیوں کو مذہبی آزادی حاصل رہے گی ۔
- مسلمان اور یہودی آپس میں جنگ نہیں کریں گے ۔
- اگر مسلمانوں یا یہودیوں کی کسی سے جنگ ہوگی تو یہ دونوں ایک دوسرے کا ساتھ دیں گے ۔
- اگر ''مدینہ'' پر کوئی حملہ کرے گا تو دونوں مِل کر اُس کا مقابلہ کریں گے ۔
- مسلمانوں اور یہودیوں میں سے کوئی بھی ''**قریش اور اُن کے مددگاروں**'' کو پناہ نہیں دے گا ۔
- اگر ایک فریق کسی سے صلح کرے گا تو دوسرا فریق بھی اُس صلح میں شامل ہوگا۔[2]

---

[1] ملخصاً از سیرتِ مصطفی، از ص: ۱۴۷ تا ۱۵۲
[2] ملخصاً از ضیاء النبی، ج: ۳، ص: از ۱۹۲ تا ۱۹۴

## پانچویں فصل — حسن وجمالِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم — تفہیم

**سوال:** حضور نبیِّ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جسم مبارک کی ''رنگت'' کیسی تھی؟

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جسمِ اقدس کی رنگت ''سفید'' [انتہائی گوری] تھی؛ لیکن یہ دودھ اور چونے کی طرح سفید نہ تھی؛ بلکہ سرخی مائل، ملاحت آمیز سفیدی تھی۔

- ام المومنین حضرت سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں:

كَانَ أَنْوَرَهُمْ لَوْنًا۔[1]

ترجمہ: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رنگ کے لحاظ سے تمام لوگوں سے زیادہ پُرنور تھے۔

- جسمِ اطہر کی رنگت کے بارے میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں:

كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم أَحْسَنَ النَّاسِ لَوْنًا۔[2]

ترجمہ: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رنگت کے لحاظ سے سب لوگوں سے زیادہ خوب صورت تھے۔

- امامِ اہلِ سنت اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اِنھی حدیثوں کی ترجمانی کرتے ہوئے فرمایا:

جس سے تاریک دل جگمگانے لگے    اُس چمک والی رنگت پہ لاکھوں سلام

**سوال:** حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جسمِ اطہر کی ''طہارت و پاکیزگی'' کو بیان فرمائیں!

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سر سے پیر تک ''پاکیزگی کا پیکر'' تھے۔ جسمِ اقدس ہر قسم کی آلائش [گندگی] سے پاک تھا۔ قدرت نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نظافت وطہارت کا خصوصی اہتمام فرمایا تھا۔ یہاں تک کہ جس شبِ مبارک آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دنیا میں تشریف لائے اللہ عزوجل نے اُس شب کے لمحے لمحے کو ''طہارت کا مظہر'' بنا دیا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی والدہ ماجدہ حضرت سیدتنا آمنہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں:

- وَلَدْتُهٗ نَظِيْفًا مَا بِهٖ قَذَرٌ۔[3]

ترجمہ: میں نے اپنے لختِ جگر محمد [صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم] کو اِس طرح پاک وصاف جَنا کہ اُن کے جسم پر میل کا نام ونشان تک نہ تھا۔

**سوال:** ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جسمِ اقدس کی ''نازُکی'' کیسی تھی؟

**جواب:** حضرت سیدنا علی شیرِ خدا رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں:

- كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم رَقِيْقَ الْبَشَرَةِ۔[4]

ترجمہ: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جسمِ اقدس نہایت نرم ونازک تھا۔

---

[1] دلائل النبوۃ للامام البیہقی، ج:۱، ص:۳۰۰
[2] السیرۃ النبویۃ، للامام ابن عساکر، ج:۱، ص:۳۱۱
[3] نسیم الریاض، ج:۱، ص:۳۶۳
[4] الوفا للامام ابن الجوزی، ص:۴۰۹

حضرت سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

مَا مَسِسْتُ حَرِيْرًا وَّلَا دِيْبَاجًا أَلْيَنَ مِنْ كَفِّ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ ۔[۱]

ترجمہ: میں نے کسی ایسے ریشم اور دیباج کو نہیں چھوا جو حضور ﷺ کی مبارک ہتھیلی سے زیادہ نرم ہو۔

## چھٹی فصل — معمولاتِ اہلِ سنت و جماعت — تفہیم

### حضور ﷺ کا نامِ اقدس سن کر انگوٹھا چومنے کا جواز

**سوال:** اہلِ سنت و جماعت اذان و اقامت میں حضور ﷺ کا اسمِ مبارک "مُحَمَّدٌ" ﷺ سن کر، اپنے "انگوٹھے چوم کر آنکھوں سے لگاتے" ہیں۔ ایسا کرنا کیسا ہے؟

**جواب:** بالکل جائز و درست؛ بلکہ محمود و پسندیدہ اور حضور رحمتِ عالم ﷺ سے محبت کی علامت ہے۔ اور اَلْحَمْدُ لِلّٰہ نامِ اقدس "مُحَمَّدٌ" سن کر انگوٹھا چومنا محبت رسول کی ایسی مضبوط نشانی ہے کہ جو مسلمان بھی ایسا کرتا ہے دیکھنے والے اُسے "ٹھاٹن سنی مسلمان" اور "سچا عاشقِ رسول" سمجھتے ہیں۔

**سوال:** اِس کے "ثبوت" پر کوئی دلیل ہو تو پیش فرمائیں!

**جواب:** اَلْحَمْدُ لِلّٰہ ہم سنی مسلمان دلیلِ شرعی کے بغیر کسی بھی عمل کو اپنے معمولات میں داخل نہیں کرتے۔ اِس عملِ خیر پر بھی ہمارے پاس دلائل موجود ہیں۔ ایک دلیل ملاحظہ فرمائیں:

حضرت علامہ ابن عابدین شامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں:

جب پہلی شہادت سنے تو مستحب یہ ہے کہ "صَلَّى اللهُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللهِ" کہے۔ اور جب دوسری شہادت سنے تو مستحب یہ ہے کہ دونوں انگوٹھے اپنی دونوں آنکھوں پر لگانے کے بعد یوں کہے: قُرَّتْ عَيْنِيْ بِكَ يَا رَسُوْلَ اللهِ۔ [یا رسول اللہ! آپ ہی میری آنکھ کا قرار ہیں] پھر یہ کہے: اَللّٰهُمَّ مَتِّعْنِيْ بِالسَّمْعِ وَالْبَصَرِ۔ [اے اللہ! مجھے دیکھنے اور سننے کی قوت سے سرفراز فرما!] جو ایسا کرے گا حضور ﷺ اُس کے قائد ہوں گے۔ جیسا کہ "کنز العباد" اور "الفتاوی الصوفیہ" میں ہے اور "کتاب الفردوس" میں [یہ حدیث] ہے کہ جس نے اذان میں "اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللهِ" سننے کے بعد اپنے دونوں انگوٹھوں کو بوسہ دیا تو جنت کی صفوں میں، مَیں اُس کا قائد اور داخل کرنے والا ہوں گا۔[۲]

علامہ شامی وہ عظیم ہستی ہیں جنھیں مخالفین بھی اپنا امام تسلیم کرتے ہیں۔ بہر حال ثابت ہوا کہ ہمارا یہ عمل روایات اور اسلافِ کرام کی تعلیمات کے عین مطابق ہے۔

---

۱۔ الصحیح للامام البخاری، کتاب المناقب، رقم الحدیث: ۳۳۶۸

۲۔ ردالمحتار، کتاب الصلاۃ، مطلب فی کراہۃ تکرار الجماعۃ فی المسجد، ج: ۲، ص: ۸۴

اِس عمل کے جائز ہونے کی ''دوسری دلیل'' یہ ہے کہ شریعتِ اسلامیہ نے اِس سے منع نہیں فرمایا، اور جس چیز کی ممانعت پر دلیلِ شرعی موجود نہ ہو وہ جائز ہوا کرتی ہے۔ انکار کرنے والے ہر نیک کام کو بلا دلیلِ شرعی محض اپنے گمانِ باطل سے ''بدعت'' اور ''ناجائز'' کہہ کر دُھتکار دیتے ہیں۔ اُنھیں اپنی اصلاح کر لینی چاہیے! اللہ اُنھیں ہدایت دے!

**سوال:** کیا یہ عمل ''صرف اذان کے ساتھ خاص'' ہے؟

**جواب:** ہر گز نہیں! بلکہ اذان کے علاوہ بھی حضور ﷺ کا نامِ اقدس سن کر اپنے انگوٹھے یا شہادت کی انگلیوں کا نچلا حصہ چوم کر آنکھوں پر رکھنا مستحب ہے۔ ہاں تلاوتِ قرآن اور خطبۂ جمعہ میں نامِ اقدس سن کر انگوٹھے چومنا ممنوع ہے؛ کیوں کہ اِن دونوں موقعوں پر مکمل خاموش رہنے کا حکم ہے۔

**سوال:** اِس سلسلے کا ''کوئی واقعہ'' یاد ہو تو پیش کریں!

**جواب:** سرکارِ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ''مسند الفردوس'' کے حوالے سے یہ واقعہ نقل فرماتے ہیں:

حضرت سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب آپ رضی اللہ عنہ نے مؤذن کو ''أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللهِ'' کہتے سنا تو یہ دعا پڑھی اور دونوں کلمے کی انگلیوں کے پورے، جانب زیریں سے چوم کر آنکھوں سے لگائے۔ اِس پر حضور ﷺ نے فرمایا: جو ایسا کرے جیسا میرے پیارے نے کیا اُس کے لیے میری شفاعت ثابت ہو گئی۔[۱]

## ساتویں فصل — عام دینی معلومات — تفہیم

**سوال:** قرآن کو ''ذِکْر'' کس وجہ سے کہا گیا؟

**جواب:** ذکر کا معنیٰ ہے ''نصیحت''، چوں کہ قرآنِ مقدس میں بہت زیادہ نصیحتیں بیان کی گئی ہیں، اِس لیے اِسے ''ذِکْر'' کہا گیا۔

**سوال:** قرآنِ مجید کو ''نور'' کہنے کی کیا وجہ ہے؟

**جواب:** ''نور'' اُسے کہتے ہیں جو ''خود ظاہر ہو اور دوسری چیزوں کو ظاہر کرے''۔ قرآنِ مجید چوں کہ خود بھی ظاہر ہے اور بہت سی اَخبار، احکام اور اَسرار کا مُظْہِر [ظاہر کرنے والا] ہے، اِس لیے اُسے ''نور'' کہا گیا۔[۲]

**سوال:** قرآنِ مقدس کی ''شانِ اعجاز'' کو اللہ عزوجل نے کس شان سے بیان فرمایا؟

**جواب:** قرآنِ مقدس کی ''شانِ اعجاز'' کو بیان کرتے ہوئے رب تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَ الْجِنُّ عَلٰۤى اَنْ یَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا یَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ[۳]

---

[۱] فتاویٰ رضویہ، ج:۵، ص:۴۳۲
[۲] ملخصاً از تبیان القرآن، ۱، ص:۴۹-۵۰
[۳] سورۂ اسراء، آیت نمبر:۸۸

ترجمہ: اے حبیب مکرم! آپ اعلان کردیجیے کہ اگر تمام انسان اور جنات قرآن کی مثل لانے پر جمع ہوجائیں تو وہ اُس کی مثل نہیں لاسکتے۔ سبحان اللہ۔

**سوال:** قرآنِ مجید کتنے لحاظ سے "مُعْجِزْ" ہے۔

**جواب:** قرآنِ مجید "بے نظیر ہونے، کمی اور زیادتی قبول نہ کرنے، ماضی کی خبریں دینے، مستقبل کی پیش گوئیاں کرنے، کائنات کے حقائق کی خبر دینے اور اپنے منفرد اسلوب میں" مُعْجِزْ ہے۔

**سوال:** قرآنِ مجید "بے نظیر ہونے کے لحاظ" سے معجز ہے، اِس کی وضاحت کریں۔

**جواب:** نزولِ قرآن کو چودہ سَو سال سے زیادہ کا عرصہ گزر گیا اور علوم وفنون دن بدن ترقی کررہے ہیں اور اسلام کے مخالفین بھی بہت زیادہ ہیں، اِس کے باوجود آج تک کوئی بھی شخص قرآنِ مجید کی کسی آیت کی مثال نہیں لاسکا۔ اِس سے معلوم ہوا کہ قرآنِ پاک کی مثال لانا انسانی بس سے باہر ہے۔ لہٰذا ثابت ہوا کہ یہ اللہ کا کلام ہے جو اُس نے اپنے حبیب ﷺ پر نازل فرمایا۔

**سوال:** قرآنِ مجید "کمی وبیشی قبول نہ کرنے کے لحاظ سے" معجز ہے، اِس کا کیا مطلب ہے؟

**جواب:** قرآنِ مجید نے چیلنج کیا کہ اِس میں "کسی حرف کو گھٹانا یا بڑھانا ممکن نہیں"۔ یہ چیلنج آج بھی برقرار ہے، کوئی بڑا سے بڑا مفکر اور اسلام کا کٹر سے کٹر دشمن بھی قرآن پاک میں کسی قسم کی کمی وبیشی کو ثابت نہ کرسکا۔ یہ اِس بات کی کھلی دلیل ہے کہ یہ کسی انسان کا نہیں؛ بلکہ پروردگارِ عالَم کا نازل کردَہ کلام ہے۔

**سوال:** "ماضی کی خبریں دینے اور مستقبل کی پیش گوئیاں کرنے کے لحاظ سے" قرآنِ مجید معجز ہے، اِس سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** قرآنِ مجید نے گزشتہ زمانے کی جو خبریں دیں اور مستقبل کی جو پیش گوئیاں کیں، اُنھیں آج تک جھوٹا ثابت نہیں کیا جا سکا۔ ثابت ہوا کہ یہ کسی انسان کا نہیں؛ بلکہ خدائے وحدہ لاشریک لہ کا کلام اَزلی ہے۔

**سوال:** "حقائقِ عالَم کی خبریں دینے کے لحاظ سے قرآن معجز ہے"، اِس سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** یعنی قرآنِ مقدس نے "زمین اور آسمان، چاند اور سورج، درخت اور پہاڑ، نہروں اور سمندروں" کے بارے میں جو حقائق بیان کیے ہیں، وہ صد فی صد درست ہیں۔ اُن میں سے ایک حقیقت بھی غلط ثابت نہ ہوئی۔ سائنس جب بھی اپنی تحقیق کے نقطۂ عروج پر پہنچے گی تو حقائقِ عالَم کے بارے میں وہی کہے گی جو قرآن نے کہا ہے۔ ثابت ہوا کہ قرآنِ مقدس خالقِ عالَم کی کتابِ مبین ہے۔ کسی مخلوق کا کلام نہیں۔

# چوتھا سبق

## پہلی فصل — ایمانیات: ایمان سے متعلق باتیں — تفہیم

**سوال:** قیامت ''کن لوگوں پر'' قائم ہوگی؟

**جواب:** حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کی ''وفات'' کے ایک زمانے بعد جب قیامت کے قائم ہونے کو صرف چالیس برس رہ جائیں گے، ایک خوش بودار ہوا چلے گی، جو لوگوں کی بغلوں کے نیچے سے گزرے گی، جس کے اثر سے مسلمان کی روح قبض ہو جائے گی اور دنیا میں کافر ہی کافر رہ جائیں گے ''قیامت اُنھیں کافروں پر قائم ہوگی''[۱]

**سوال:** خوش بودار ہوا سے تمام مسلمانوں کی ''وفات واقع ہو جانے کے بعد کیا ہوگا''؟

**جواب:** تمام مسلمانوں کی وفات کے بعد ''چالیس برس کا زمانہ ایسا گزرے گا جس میں کسی کی اولاد نہیں ہوگی''، یعنی چالیس برس سے کم عمر کا کوئی نہ رہے گا، دنیا میں کافر ہی کافر ہوں گے، اللہ کہنے والا کوئی نہ ہوگا، سب اپنے اپنے کاموں میں مشغول ہوں گے کہ اچانک قیامت قائم ہو جائے گی۔[۲]

**سوال:** اختصار کے ساتھ ''قیامت قائم ہونے کی کیفیت'' بیان فرمائیے!

**جواب:** جب قیامت کی تمام علامتیں ظاہر ہو جائیں گی اور زمین پر اللہ ربُّ العزت کا نام لینے والا کوئی بھی باقی نہیں رہ جائے گا، تب اللہ عزوجل کے حکم سے حضرت سیدنا اسرافیل علیہ السلام صُور پھونکیں گے۔ اُس کی آواز شروع میں نرم ہوگی، پھر بلند ہوتی جائے گی، تمام لوگ اُس آواز کو کان لگا کر سنیں گے اور بے ہوش ہو کر گر جائیں گے، پھر سب کے سب مر جائیں گے اور زمین و آسمان اور تمام جہان فَنا ہو جائے گا، کوئی بھی باقی نہ رہے گا، صرف اللہ عزوجل کی ذات باقی رہے گی۔ وہ فرمائے گا:

- لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ؕ

آج کس کی بادشاہت ہے؟ کہاں ہیں جبّارین؟ کہاں ہیں متکبرین؟ مگر جواب دینے والا کوئی نہ ہوگا۔ پھر خود ہی فرمائے گا:

- لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ۔

صرف اللہ واحد قہار کی سلطنت ہے۔[۳]

**سوال:** ''صور پھونکنے کے بعد'' جب ساری مخلوق فنا ہو جائے گی ''تب کیا ہوگا''؟

**جواب:** اللہ ربُّ العزت جب چاہے گا حضرت سیدنا اسرافیل علیہ السلام کو زندہ فرما کر حکم دے گا، وہ دوبارہ صور میں پھونک

---

[۱] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصہ اول، معاد وحشر کا بیان [۲] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصہ اول، معاد وحشر کا بیان

[۳] ملخصاً از بہارِ شریعت حصہ اُول، معاد وحشر کا بیان۔ کتاب العقائد ص: ۴۴۔۴۵

ماریں گے، صور میں پھونک مارتے ہی تمام اوّلین و آخرین، فرشتے، جنات، انسان اور جملہ حیوانات سب موجود ہو جائیں گے، مُردے اپنی اپنی قبروں سے اٹھیں گے، سب لوگ اپنے اپنے اعمال نامے کے ساتھ میدانِ محشر میں جمع کیے جائیں گے۔[1]

## دوسری فصل — فقہیات: فقہی مسائل — تفہیم

**سوال:** ''پہلی'' اور ''دوسری شرط'' کی توضیح کریے!

**جواب:** **مِصر:** سے مراد وہ جگہ [شہر] ہے جس میں کئی کُوچے اور بازار ہوں اور وہ ضلع، یا ضلع کا حصہ ہو کہ اُس کے متعلق دیہات گنے جاتے ہوں اور وہاں کوئی ایسا حاکم ہو جو اپنے دَبدَبے کے سبب انصاف کرنے پر قادر ہو، اگرچہ ناانصافی کرتا ہو۔

**فِنائے مِصر:** مصر کے آس پاس کی جو جگہ مصر کی مصلحتوں [فائدوں] کے لیے بنائی جائے اُسے ''فنائے مصر'' کہا جاتا ہے۔ جیسے: قبرستان، گھوڑ دوڑ کا میدان، فوج کے رہنے کی جگہ، وغیرہ۔

**سلطانِ اسلام یا اُس کا نائب:** یعنی اسلامی بادشاہ یا اُس کا نائب ہی جمعہ قائم کرسکتا ہے۔ اگر یہ دونوں نہ ہوں تو عام لوگ جسے چاہیں ''اِمام'' بنالیں۔ اِس زمانے میں شہر کا سب سے بڑا مفتی ''سلطانِ اسلام'' کے قائم مقام ہے۔[2]

**سوال:** باقی شرطوں کی وضاحت کریں!

**جواب:** **ظہر کا وقت:** یعنی ظہر کے وقت میں نماز پوری ہوجائے۔ اگر نماز کے درمیان عصر کا وقت آ گیا تو جمعہ باطل ہوگیا۔ ظہر کی قضا پڑھنی ہوگی۔

**خطبہ:** یعنی ذکرِ اِلٰہی کرنا۔ خطبۂ جمعہ میں ''شرط'' یہ ہے کہ

[۱] وقت میں ہو [۲] نماز سے پہلے ہو [۳] خطیب کے سوا تین مردوں کے سامنے ہو [۴] اِتنی آواز سے ہو کہ پاس والے سن سکیں۔

**خطبے میں یہ باتیں سنت ہیں:** [۱] کھڑا ہونا [۲] خطبہ سے پہلے خطیب کا بیٹھنا [۳] خطیب کا منبر پر ہونا [۴] سامعین کی طرف منہ کرنا [۵] خطبے سے پہلے آہستہ ''تَعَوُّذ'' پڑھنا [۶] اَلْحَمْدُ لِلّٰہ سے شروع کرنا [۷] اللہ عز وجل کی ثنا کرنا [۸] اللہ عز وجل کی وحدانیت اور رسول اللہ ﷺ کی رسالت کی گواہی دینا [۹] حضور ﷺ پر درود بھیجنا [۱۰] دو خطبے دینا، دونوں خطبے ہلکے ہونا۔

**جماعت:** یعنی اِمام کے علاوہ کم سے کم تین مرد ہوں۔

**اذنِ عام:** یعنی مسجد کا دروازہ کھول دیا جائے کہ جس مسلمان کا جی چاہے آئے، کسی کی روک ٹوک نہ ہو۔[3]

---

[1] ملخصاً از بہارِ شریعت حصۂ اول معاد وحشر کا بیان۔ کتاب العقائد ص: ۴۷۔۴۸

[2] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصۂ چہارم، جمعہ کا بیان

[3] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصۂ چہارم، جمعہ کا بیان

**سوال:** ''جمعہ'' کن کن لوگوں پر فرض ہے؟

**جواب:** جمعہ فرض ہونے کے لیے یہ شرائط ہیں: [۱] شہر میں مقیم ہونا [۲] مسجد تک جانے کی قدرت ہونا [۳] مرد ہونا [۴] بالغ ہونا [۵] عاقل ہونا [۶] انکھیارا ہونا [۷] چلنے پر قادر ہونا [۸] قید میں نہ ہونا [۹] کسی ظالم کا خوف نہ ہونا [۱۰] سخت بارش یا آندھی یا اُولے کا نہ ہونا۔[۱]

**سوال:** جمعہ کے دن مسلمانوں کو ''کیا کرنا'' چاہیے؟

**جواب:** جمعہ کے دن مسلمانوں کو مندرجہ ذیل باتوں پر عمل کرنا چاہیے:

- حجامت بنوائیں، ناخن ترشوائیں! غسل کر کے نیا یا کم از کم دھلا ہوا لباس زیب تن کریں! خوش بو لگائیں!
- پہلی اذان کے ہوتے ہی نہایت اطمینان و وقار کے ساتھ جمعہ کے لیے چل دیں! صدقات وخیرات کریں، درود وسلام کی کثرت کریں!
- خوب خوب تلاوتِ قرآن کریں۔ رب تعالیٰ سے دعائیں کریں اور دن یا رات میں ''سورۂ کہف'' کی تلاوت کریں۔
- جمعہ کے دن روحیں جمع ہوتی ہیں؛ لہذا قبروں کی زیارت اور مُردوں کے لیے ایصالِ ثواب کا اہتمام کرنا چاہیے۔

## تیسری فصل — اُخلاقیات: اسلامی اخلاق وآداب — تفہیم

**سوال:** ''صِدق''، یعنی سچ کسے کہتے ہیں اور اِس کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

**جواب:** واقع کے مطابق بات کہنا ''صِدق'' ہے۔ یہ پیغمبرانہ وصف، اللہ عزوجل کو اِس قدر محبوب ہے کہ اُس نے اپنے بندوں کو سچوں کے ساتھ رہنے کا حکم دیا ہے۔ چناں چہ اُس نے اپنے کلامِ ازلی میں ارشاد فرمایا:

- يَاأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصَّادِقِيْنَ۔[۲]

ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور سچوں کے ساتھ ہو جاؤ۔ اور حضور رحمتِ عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

- بندہ سچ بولتا اور سچ بولنے کا ارادہ کرتا رہتا ہے، یہاں تک کہ بارگاہِ الٰہی میں اُس کو ''صِدِّیق'' لکھ دیا جاتا ہے۔[۳]

لہذا ہر مسلمان پر ''سچ بولنا اور لکھنا'' واجب وضروری ہے۔

**سوال:** ''جھوٹ'' کسے کہتے ہیں اور ''جھوٹ'' بولنا یا لکھنا کیسا ہے؟

---

[۱] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصۂ چہارم، جمعہ کا بیان [۲] سورۂ توبہ، آیت نمبر: ۱۱۹
[۳] غنیۃ الطالبین، ص: ۲۶۸

**جواب:** واقع کے خلاف بات کرنے کو "جھوٹ" کہتے ہیں[1]۔
"جھوٹ" بولنا اور لکھنا گناہِ کبیرہ اور دوزخ میں لے جانے والا کام ہے۔

**سوال:** "جھوٹ" کی برائی میں ایک حدیثِ پاک پیش کریں!

**جواب:** حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ مدنی آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

- اِنَّ الصِّدْقَ بِرٌّ وَّاِنَّ الْبِرَّ یَھْدِیْ اِلَی الْجَنَّۃِ وَاِنَّ الْکِذْبَ فُجُوْرٌ وَّاِنَّ الْفُجُوْرَ یَھْدِیْ اِلَی النَّارِ[2]

ترجمہ: سچ بولنا نیکی ہے اور نیکی جنت میں لے جاتی ہے۔ اور جھوٹ بولنا فسق و فجور ہے اور فسق و فجور دوزخ میں لے جاتا ہے۔

**سوال:** "جھوٹی قسمیں کھانا" یا "مذاق میں جھوٹ بولنا" کیسا ہے؟

**جواب:** جھوٹی قسم کھانا ناجائز و حرام اور شیطانی کام ہے اور مذاق میں جھوٹ بولنا بھی گناہِ کبیرہ ہے۔ کچھ لوگ اپنے دوستوں کو ہنسانے کے لیے "جھوٹے اور من گھڑت لطیفے" سناتے ہیں، یہ بھی حرام ہے۔

**سوال:** جھوٹ بولنے کے "چند نقصان" بیان کریں!

**جواب:** جھوٹ بولنے کے بے شمار نقصانات میں سے چند یہ ہیں:

- جھوٹ بولنا نفاق کی علامت ہے، اِس سے نیکیاں برباد ہوتی ہیں، گناہوں میں اضافہ ہوتا ہے اور اللہ عزوجل ناراض ہوتا ہے۔
- جھوٹ سے دل سیاہ [کالا] ہو جاتا ہے اور یہ، بندے کو جہنم کے سخت ترین عذاب کا حق دار بناتا ہے۔

اس لیے ہم سب کو یہ عزم کرنا چاہیے کہ ہم ہمیشہ سچ بولیں گے، کبھی بھی جھوٹ نہیں بولیں گے۔ نہ جھوٹی قسمیں کھائیں گے اور نہ ہی ہنسی مذاق میں جھوٹ بولیں گے۔

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم — تفہیم

**سوال:** جب "مہاجرین" کو "مدینۂ منورہ" کی آب و ہوا راس نہ آئی تو ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا کیا؟

**جواب:** چوں کہ "مدینۂ منورہ" میں کثرت کے ساتھ بیماریاں پھیلتی رہتی تھیں، اِس لیے "مہاجرین" بیمار ہونے لگے اور بہت سے صحابۂ کرام شدید بخار میں مبتلا ہو گئے۔ اُس وقت کائنات کے طبیب، اللہ کے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینۂ منورہ کے لیے یہ دعا فرمائی:

- اے اللہ! ہمارے دلوں میں "مدینہ" کی ایسی محبت ڈال دے، جیسی "مکہ" کی محبت ہے؛ بلکہ اُس سے بھی زیادہ اور مدینہ کی آب و ہوا کو صحت بخش بنا دے۔ اے اللہ! "مدینہ" کے "ناپ اور تول کے برتنوں" میں خیر و برکت عطا فرما اور اِس کے "بخار" کو جُحفَہ کی جانب منتقل فرما دے[3]۔

---

[1] حدیقۂ ندیہ، ج: ۲، ص: ۲۰۰
[2] الصحیح للامام مسلم، ج: ۲، ص: ۳۲۴
[3] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۱۵۳

حضور ﷺ کی دعا مقبول ہوئی اور اللہ رب العزت نے اُس کی آب و ہوا کو نہایت خوش گوار اور صحت بخش بنا دیا کہ اُس کی پر کیف فضا آج بھی بیماروں کو ''مژدۂ شفا'' سناتی ہے۔ سبحان اللہ۔

**سوال:** سن ایک ہجری میں حضور ﷺ کے کِن ''تین جاں نثاروں'' نے وفات پائی؟

**جواب:** سن ایک ہجری میں ہمارے نبی ﷺ کے تین ایسے جاں نثاروں نے وفات پائی، جو درحقیقت اسلام کے سچے وفادار اور بڑے مددگار تھے۔ اُن کے نام یہ ہیں:

- [۱] حضرت کلثوم بن ہدم رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

یہ ''مدینۂ منورہ'' کے رہنے والے ایسے خوش نصیب ''انصاری صحابی'' ہیں کہ ہجرت کے بعد ''مقام قُبا'' میں ہمارے آقا ﷺ نے سب سے پہلے اِنھی کے مکان کو شرفِ نزول بخشا تھا، بڑے بڑے مہاجرینِ صحابہ اِنھی کے مکان میں ٹھہرے تھے اور اِنھوں نے تاج دارِ عرب و عجم ﷺ اور آپ کے جاں نثاروں کی مہمان نوازی کا شرف حاصل کیا تھا۔

- [۲] حضرتِ برا ابن معرور انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

اِنھیں ''بیعتِ عقبۂ ثانیہ'' میں حضور ﷺ کے دستِ اقدس پر سب سے پہلے بیعت کرنے کا شرف حاصل ہوا تھا اور حضور ﷺ نے اِنھیں ''قبیلۂ خزرج'' کے نقیبوں میں شامل فرمایا تھا۔

- [۳] حضرتِ اَسعد بن زُرارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

یہ ایسے خوش نصیب ہیں کہ اِنھیں ''بیعتِ عقبۂ اولیٰ'' اور ''بیعتِ عقبۂ ثانیہ'' دونوں میں شریک ہونے کی سعادت ملی اور انھوں نے سب سے پہلے ''مدینۂ منورہ'' میں اسلام کا ڈنکا بجایا اور ہر گھر میں اسلام کا پیغام پہنچایا۔[۱]

**سوال:** ہجرت کے بعد ''مدینۂ منورہ'' میں سب سے پہلے پیدا ہونے والے ''خوش نصیب صحابی'' کے بارے میں کچھ بتائیں!

**جواب:** ہجرت کے بعد مہاجرین کے یہاں سب سے پہلے ''حضرت عبداللہ بن زبیر'' رضی اللہ تعالیٰ عنہما پیدا ہوئے۔ یہ، حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نواسے ہیں۔ پیدا ہوتے ہی اِن کی والدۂ محترمہ حضرتِ اَسما بنت ابوبکر، اِنھیں حضور ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں لے گئیں۔ حضور ﷺ نے اِنھیں اپنی گود میں بٹھا کر، کھجور چبا کر اِن کے منہ میں ڈالی۔ سبحان اللہ! سب سے پہلے حضور ﷺ کا ''لعابِ دہن'' اِن کے جسم میں پہنچا۔

اِن کی پیدائش سے مسلمانوں کو بے انتہا خوشی حاصل ہوئی؛ کیوں کہ مدینہ کے یہودی کہا کرتے تھے کہ ہم نے مہاجرین پر ایسا جادو کر دیا ہے کہ اُن کے یہاں کوئی بچہ پیدا ہی نہیں ہوگا۔ حضرتِ عبداللہ بن زبیر کی پیدائش سے اُن کا دعویٰ باطل و مردود ہو گیا۔[۲]

---

[۱] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۱۵۵ [۲] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۱۵۶

## پانچویں فصل — حسن وجمالِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم — تفہیم

**سوال:** حضور سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کے جسمِ اطہر کی ''لطافت'' پر روشنی ڈالیے!

**جواب:** خالقِ کائنات نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کے جسمِ اطہر کو ایسا ''لطیف'' بنایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے جسمِ اقدس کا ''سایہ'' نہ تھا۔ یہ حقیقت بہت سی روایتوں سے ثابت ہے۔ صرف دو روایتیں ملاحظہ فرمائیں:

- حضرت سیدنا امام جلال الدین سیوطی ''الخصائص الکبریٰ'' میں یہ روایت نقل فرماتے ہیں: اِنَّ ظِلَّهٗ كَانَ لَا يَقَعُ عَلَى الْاَرْضِ، وَاِنَّهٗ كَانَ نُوْرًا فَكَانَ اِذَا مَشٰى فِي الشَّمْسِ اَوِ الْقَمَرِ لَا يُنْظَرُ لَهٗ ظِلٌّ[1]

  ترجمہ: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے جسمِ اقدس کا سایہ زمین پر نہیں پڑتا تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم توسراپا نور تھے، جب سورج یا چاند کی روشنی میں چلتے تھے تو آپ کا سایہ نظر نہیں آتا تھا۔

- حضرت سیدنا امام زُرقانی ''المواہب اللدنیۃ'' کی شرح میں فرماتے ہیں:

  لَمْ يَكُنْ لَهٗ ظِلٌّ فِيْ شَمْسٍ وَّلَا قَمَرٍ[2]

  ترجمہ: سورج اور چاند کی روشنی میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ نہ ہوتا۔

**سوال:** کیا ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے جسمِ اقدس سے ''خوش بو'' پھوٹتی تھی؟

**جواب:** جی ہاں! ہمارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے جسمِ اقدس سے ''نہایت نفیس خوش بو'' پھوٹتی تھی۔ دنیا کی اعلیٰ سے اعلیٰ خوش بو بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے جسمِ اقدس سے نکلنے والی خوش بو کے سامنے بے حیثیت تھی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جس گلی سے گزر جاتے وہ مہینوں مہکتی رہتی اور جس شے کو چھو لیتے وہ مدتِ دراز تک معطّر رہتی۔ جسمِ اطہر سے نکلنے والا ''پسینہ'' بھی مشک و عنبر سے زیادہ مہکتا۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم پیدا ہوئے تو آپ کے جسمِ اقدس سے ''مشک'' سی خوش بو آرہی تھی۔ حضرت سیدتنا آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا:

- پیدائش کے بعد میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے جسمِ اقدس کو چودھویں کے چاند کی طرح چمکتا پایا، جس سے تازہ کستوری کی مہک آرہی تھی۔[3]

حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دودھ پلانے کے لیے انھیں لے کر جب اپنے گھر کی طرف چلیں تو تمام راستے خوش بوؤں سے مہک اُٹھے۔ وہ خود روایت کرتی ہیں:

- جب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے گھر لائی تو بنو سعد کا کوئی گھر ایسا نہ تھا جہاں ہم نے مشک کی خوش بو محسوس نہ کی ہو۔[4]

---

[1] الخصائص الکبریٰ، ج:۱،ص:۱۲۲ [2] شرح المواہب اللدنیہ، ج:۵،ص:۵۳۱
[3] شرح المواہب اللدنیہ، ج:۵،ص:۵۳۱ [4] سبل الہدیٰ والرشاد، ج:۱،ص:۳۸۷

اِسی لیے تو ہمارے امام سرکار اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

واللہ جو مَل جائے مرے گُل کا پسینہ  مانگے نہ کبھی عِطر نہ پھر چاہے دلھن پھول

**سوال:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے **"خوش بودار پسینے"** کے بارے میں کچھ بتائیے!

**جواب:** حضرت سیدنا مولا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضور تاجدارِ کائنات کے **"مبارک پسینے"** کا ذکر ان الفاظ میں کرتے ہیں: كَانَ عَرَقُ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فِيْ وَجْهِهٖ اللُّؤْلُؤُ وَرِيْحُ عَرَقِ رَسُوْلِ اللهِ أَطْيَبُ مِنْ رِيْحِ الْمِسْكِ الْأَذْفَرِ [1]

ترجمہ: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے رُخِ انور پر پسینے کے قطرے خوب صورت موتیوں کی طرح دکھائی دیتے تھے اور اُس کی خوش بو عمدہ مشک سے بڑھ کر تھی۔

- اِسی لیے صحابہ وصحابیات حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے جسمِ اقدس سے نکلنے والے پسینہ کو شیشیوں میں جمع کرتے اور اُسے بطورِ عطر استعمال کرتے؛ کیوں کہ اُس جیسا عطر روئے زمین پر دست یاب نہیں ہوسکتا۔[2]

## چھٹی فصل — معمولاتِ اہلِ سنت وجماعت — تفہیم

### مزاراتِ اولیا پر جانے کے اِرادے سے سفر کرنے کا حکم

**سوال:** اللہ والوں کی مزارات کی **"زیارت کے لیے سفر کرنا"** کیسا ہے؟ کچھ نادان اِس سے سختی کے ساتھ روکتے ہیں۔

**جواب:** انبیاے کرام اور اولیاے عظام کے مزارات بالخصوص حضور رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے روضۂ انور کی زیارت کے لیے سفر کرنا **"مستحسن، باعثِ ثواب؛ بلکہ قربتِ الٰہی کا عظیم وسیلہ"** ہے۔ یہ نفوسِ قدسیہ روحانی طبیب ہیں، اِن کی مزاروں پر جانا مندرجہ ذیل فوائد کا باعث بنتا ہے:

- اِن کے درِ اقدس پر جانے سے تزکیۂ قلب حاصل ہوتا اور دینی احکام پر عمل کرنے کا جذبۂ صادق پیدا ہوتا ہے۔
- بے قرار دلوں کو قرار اور بے اطمینان نفسوں کو سکون کی دولتِ گراں مایہ نصیب ہوتی ہے۔
- اِن کی مزاروں پر صبح وشام جھما جھم برسنے والی رحمت کی بارش کے نورانی ذرّات مُیسّر ہوتے ہیں۔
- اِن کے صدقے میں مصیبتیں ٹلتی اور پریشانیاں حل ہوتی ہیں۔
- اِن کے وسیلے سے بارگاہِ الٰہی میں دعائیں مقبول ہوتی ہیں۔

**سوال:** اِس کے ثبوت پر **"کوئی آیتِ کریمہ"** پیش کریں!

**جواب:** قرآنِ مقدس سے کئی قسم کے سَفر ثابت ہیں۔ مثلاً تجارت کرنے، مشائخ سے ملاقات کرنے، محبوب کو تلاش کرنے، روزی حاصل کرنے، تبلیغ کرنے، علمِ دین طلب کرنے اور دیگر بہت سے اغراض ومقاصد کے لیے سفر کرنا قرآنِ

[1] سبل الہدی والرشاد، ج:۲، ص:۸۶  [2] الصحیح للامام مسلم، کتاب الفضائل، رقم الحدیث:۱۸۱۵

مقدس کی متعدد آیاتِ مبارکہ سے ثابت ہے۔ حضور ﷺ کی بارگاہِ بے کس پناہ میں حاضر ہونے کے لیے سفر کرنا اِس آیتِ کریمہ سے ثابت ہے۔ ارشادِ ربانی ہے:

- وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِیْمًا[1]

ترجمہ: اے محبوب! اگر وہ اپنی جانوں پر ظلم کر بیٹھیں تو آپ کی بارگاہ میں حاضر ہو کر اللہ سے معافی چاہیں اور رسول بھی اُن کے لیے بخشش کی دعا کر دیں تو یقیناً وہ اللہ کو خوب توبہ قبول فرمانے والا رحم کرنے والا پائیں گے۔

- اِس آیتِ کریمہ سے صاف طور پر ثابت ہوا کہ حضور ﷺ کی بارگاہِ مقدس میں جانے کے لیے سفر کرنا نہ صرف یہ کہ جائز؛ بلکہ ''فرمانِ الٰہی کے عین مطابق'' ہے۔ علما فرماتے ہیں کہ یہ حکم آج بھی برقرار ہے۔ اِنکار کرنے والے درحقیقت اِس آیتِ کریمہ کے مضمون کا انکار کر رہے ہیں۔

**سوال:** اِس سلسلے میں اگر ''کسی بزرگ کا کوئی واقعہ'' یاد ہو تو بیان فرمائیں!

**جواب:** علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ، سیدنا امام ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مناقب میں، حضرت امام شافعی رضی اللہ عنہ کا یہ قول نقل فرماتے ہیں:

- ترجمہ: میں حضرت سیدنا امام ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بارگاہ میں آکر اُن سے برکت حاصل کرتا ہوں۔ جب بھی مجھے کوئی حاجت پیش آتی ہے تو دو رکعت نماز پڑھ کر اُن کی قبرِ انور کے پاس آکر رب تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں۔ دعا مانگتے ہی میری حاجت پوری کر دی جاتی ہے[2]۔

- اِس سے ثابت ہوا کہ سفر کر کے اولیاء اللہ کی مزاروں پر حاضر ہونا اسلافِ کرام کے معمولات کا حصہ تھا۔ دیکھیے! امام شافعی علیہ الرحمہ فلسطین سے سفر فرما کر، حضرت امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں بغداد تشریف لاتے ہیں۔

## ساتویں فصل — عام دینی معلومات — تفہیم

**سوال:** قرآنِ مقدس کا ''منفرد اسلوب'' بھی معجز ہے۔ اِس کو واضح کریں!

**جواب:** یعنی قرآنِ مقدس ''ایسی حسین نظم اور ایسی دل کش عبارت میں نازل ہوا جو بالکل یکتا ہے''۔ دنیا کی کسی بھی زبان میں اُس کی کوئی مثال نہیں ملتی۔ اور قرآنِ مجید کے خطاب میں ایسی فصاحت و بلاغت اور ایسی عظمت و جلالت ہے، جس کا تصور کسی اور زبان میں نہیں کیا جا سکتا۔ اِس کو یوں سمجھ لیں کہ قرآنِ مجید میں عربی زبان کے مطابق ہر حرف اور ہر کلمہ اپنی جگہ پر بالکل صحیح ہے، کسی بھی حرف یا کلمے کو اُس کی جگہ سے ہٹایا نہیں جا سکتا۔ یہ بات کسی اور کلام میں نہیں پائی جا سکتی۔

---

[1] سورۂ نسآء، آیت نمبر: ۶۴
[2] مقدمۂ شامی، بحوالہ جاء الحق، حصہ اول، ص: ۳۳۰

**سوال:** قرآنِ مجید کو ''کس طرح'' پڑھنا چاہیے؟

**جواب:** اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِیْلًا ۔[1]

ترجمہ: قرآنِ مجید آہستہ آہستہ اور ٹھہر ٹھہر کر پڑھیے۔ لہٰذا قرآنِ مجید کو جلدی جلدی نہ پڑھا جائے؛ تجوید کے ساتھ آہستہ آہستہ پڑھا جائے۔

**سوال:** قرآنِ مجید پڑھا جائے تو کیا ''اُس کا سننا فرض'' ہے؟

**جواب:** جی ہاں! جب قرآن پڑھا جائے تو اُس کا سننا فرض ہے؛ البتہ فقہاے احناف کے مابین ''فرضِ عین اور فرضِ کِفایہ'' ہونے میں اختلاف ہے۔ بعض نے فرضِ عین کہا جب کہ بعض نے فرضِ کفایہ قرار دیا۔[2]

**سوال:** ''فرضِ کفایہ'' سے کیا مُراد ہے؟

**جواب:** ''فرضِ کفایہ'' یہ ہے کہ اگر چند مسلمان کرلیں تو سب ذمے سے بری ہوجائیں اور اگر کوئی بھی نہ کرے تو سب پر ذمہ باقی رہے۔

**سوال:** بعض لوگ مسجدوں میں ''مائیک'' سے تراویح پڑھتے ہیں اور باہر کے اسپیکروں کو کھول دیتے ہیں جس کے سبب بہت دور تک آواز جاتی ہے۔ کیا ایسا کرنا جائز ہے؟

**جواب:** ایسا کرنا جائز نہیں؛ کیوں کہ لوگ مصروفیات کی وجہ سے قرآن سن نہیں سکتے، جس کے سبب قرآنِ پاک کی بے حرمتی ہوتی ہے۔ مسجد والوں پر لازم ہے کہ صرف اندر کے اسپیکر چلائیں۔[3]

**سوال:** کیا قرآنِ مجید ''حفظ کرنا'' ہر مسلمان پر لازم ہے؟

**جواب:** قرآنِ مجید کی ایک آیت کو زبانی یاد کرنا ہر مسلمان عاقل و بالغ پر فرض ہے اور پورے قرآنِ مقدس کو یاد کرنا فرضِ کِفایہ ہے نیز سورۂ فاتحہ اور ایک دوسری سورت یا اُس کی مثل تین چھوٹی آیتیں یا ایک بڑی آیت کو زبانی یاد کرنا ہر مسلمان پر واجب ہے۔

**سوال:** جس کے سینے میں ''قرآنِ مجید کی ایک آیت بھی نہ ہو'' وہ کیسا ہے؟

**جواب:** حضور رحمتِ عالَم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس کے سینے میں کچھ بھی قرآن نہ ہو وہ ویران گھر کی طرح ہے۔[4]

**سوال:** قرآنِ مقدس ''پڑھنے کی کیا فضیلت'' ہے؟

**جواب:** قرآنِ مقدس کے ''ہر حرف کے بدلے'' اللہ عزوجل پڑھنے والے کو ''دس نیکیاں'' عطا فرماتا ہے۔[5]

**سوال:** جو مسلمان ''قرآنی احکام'' پر عمل بھی کرے اُس کی کیا شان ہے؟

**جواب:** قرآنی تعلیمات پر عمل کرنے والے کی بہت بڑی شان ہے۔ حدیثِ پاک میں ہے: جس نے قرآنِ پاک پڑھ کر اُسے زبانی یاد کیا اور اُس کے حرام کو حرام اور حلال کو حلال جانا، اللہ رب العزت اُس کی سفارش سے اُس کے خاندان کے اُن دس افراد کی مغفرت فرمائے گا جن پر دوزخ کی آگ واجب ہوچکی ہوگی۔ سبحان اللہ۔[6]

---

[1] سورۂ مزمل، آیت نمبر: ۴
[2] تبیان القرآن، ج: ۱، ص: ۵۶
[3] ملخصاً از تبیان القرآن، ج: ۱، ص: ۵۶
[4] الجامع للامام الترمذی، رقم الحدیث، ص: ۴۱۴
[5] الجامع للامام الترمذی، ص: ۴۱۳
[6] الجامع للامام الترمذی، رقم الحدیث: ۲۹۱۴

# پانچواں سبق

## پہلی فصل — ایمانیات: ایمان سے متعلق باتیں — تفہیم

**سوال:** سب سے پہلے ''کون حضرات'' قبر سے باہر تشریف لائیں گے؟

**جواب:** سب سے پہلے ''ہمارے آقا حضور رحمتِ عالم ﷺ'' اپنی قبرِ انور سے اِس شان کے ساتھ باہر تشریف لائیں گے کہ آپ کے دائیں ہاتھ میں صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ کا ہاتھ اور بائیں ہاتھ میں فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کا ہاتھ ہوگا، آپ ﷺ مکۂ مکرمہ اور مدینۂ منورہ کے قبرستانوں میں مدفون مسلمانوں کو اپنے ہمراہ لے کر، میدانِ محشر میں تشریف لے جائیں گے۔[1]

**سوال:** قیامت سے متعلق ''اہم عقائد'' بیان کریں!

**جواب:** قیامت سے متعلق چند ''اہم عقائد'' یہ ہیں:

- قیامت یقیناً قائم ہوگی، اِس کا انکار کرنے والا کافر ہے، ہرگز مومن نہیں۔
- روح وجسم دونوں اُٹھیں گے، جو یہ کہے کہ صرف روحیں اٹھیں گی، جسم زندہ نہیں ہوں گے وہ کافر ہے۔
- دنیا میں جس روح کا تعلق جس جسم کے ساتھ ہے، اُس کا حشر اُسی جسم کے ساتھ ہوگا۔
- مَرنے کے بعد جسم کے اجزا اگرچہ بکھر گئے ہوں یا جانوروں کی غذا بن گئے ہوں، اللہ عزوجل قیامت کے دن سب کو جمع فرما کر اُٹھائے گا۔
- قیامت کے دن اللہ تعالی کے مقرَّب بندوں کے سوا تمام لوگ اپنی اپنی قبروں سے ننگے بدن اور ننگے پاؤں اُٹھیں گے۔ کوئی پیدل ہوگا، کوئی سوار۔ کسی سواری پر دو ہوں گے، کسی پر تین، کسی پر چار ہوں گے اور کسی پر دس۔
- کافر منہ کے بل چلتا ہوا میدانِ محشر کو جائے گا، کچھ کو فرشتے گھسیٹ کر لے جائیں گے اور بعض کو آگ میدانِ محشر میں جمع کرے گی۔
- یہ میدانِ محشر ''ملکِ شام'' کی زمین پر قائم ہوگا۔ زمین ایسی ہموار ہوگی کہ اِس کنارے پر رائی کا دانہ گر جائے تو دوسرے کنارے پر دکھائی دے۔[2]

---

[1] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصہ اول، معاد وحشر کا بیان

[2] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصہ اول، معاد وحشر کا بیان

سوال: میدانِ محشر کی ''سختیوں اور ہولناکیوں'' پر روشنی ڈالیے!

جواب: میدانِ محشر کی سختیوں کا جو حال قرآنِ مقدس اور احادیثِ مبارکہ میں آیا ہے، اُسے پڑھنے کے بعد مومن کی روح کانپ جاتی ہے اور جگر پھٹنے لگتا ہے۔

یہاں چند ہولناکیوں کا تذکرہ کیا جاتا ہے:

- قیامت کے دن زمین تانبے کی ہوگی، سورج ایک میل کے فاصلے پر ہوگا اور گرمی کی تپش سے لوگوں کے بھیجے کھولتے ہوں گے۔
- پسینہ اِس قدر زیادہ نکلے گا کہ ستر گز زمین میں جذب ہو جائے گا، پھر اوپر چڑھے گا، کسی کے ٹخنوں تک ہوگا، کسی کے گھٹنے تک، کسی کی کمر تک ہوگا، کسی کے گلے تک۔
- کافروں کا پسینہ اُن کے منہ تک چڑھ کر لگام کی طرح جکڑ جائے گا، وہ اُس میں ڈبکیاں کھائیں گے اور یہ پسینہ نہایت بدبودار ہوگا۔
- پیاس اِتنی سخت لگے گی کہ زبانیں سوکھ کر کانٹا ہو جائیں گی اور کچھ لوگوں کی زبانیں منہ سے باہر نکل آئیں گی۔
- خلاصۂ کلام یہ کہ ہر شخص اپنے گناہوں کے مطابق سختیوں میں مبتلا ہوگا، قیامت کا دن پچاس ہزار سال کے برابر ہوگا اور پچیس ہزار سال اِسی حالت میں گزر جائیں گے[۱] العیاذ باللہ منہ

## دوسری فصل — فقہیات: فقہی مسائل — تفہیم

سوال: ''نمازِ عید'' اور ''نمازِ بقر عید'' کی شرعی حیثیت واضح کرتے ہوئے اِن کے واجب ہونے کی شرطیں بیان کریں!

جواب: یہ دونوں نمازیں واجب ہیں، مگر سب پر نہیں؛ بلکہ اُنھیں پر جن پر جمعہ واجب ہے۔ اور اِن کی ادا کی وہی شرطیں ہیں جو جمعہ کے لیے ہیں؛ البتہ تین باتوں میں فرق ہے [۱] جمعہ میں خطبہ شرط ہے جب کہ عیدین میں سنت۔ [۲] جمعہ کا خطبہ نماز سے پہلے ہے اور عیدین کا خطبہ نماز کے بعد۔ [۳] جمعہ میں اذان بھی ہے اور اقامت بھی؛ لیکن عیدین میں نہ اذان ہے نہ اقامت۔ صرف دو بار ''اَلصَّلاۃُ جَامِعَۃٌ'' کہنے کی اجازت ہے۔

سوال: ''نمازِ عیدین'' پڑھنے کا طریقہ کیا ہے؟ بیان فرما دیں!

جواب: ''نمازِ عیدین'' کا طریقہ یہ ہے کہ دو رکعت واجب عید الفطر یا عید الاضحی کی نیت کر کے کانوں تک ہاتھ اُٹھائیں اور ''اَللّٰہُ اَکْبَرُ'' کہہ کر باندھ لیں! پھر ''ثَنَا'' پڑھیں اور دو بار ''اَللّٰہُ اَکْبَرُ'' کہتے ہوئے کانوں تک ہاتھ اُٹھا کر چھوڑ دیں۔ چوتھی بار ''اَللّٰہُ اَکْبَرُ'' کہتے ہوئے ہاتھ اُٹھا کر باندھ لیں۔ اب امام ''تَعَوُّذ و تَسْمِیَہ'' پڑھ کر جہر کے ساتھ قراءت کرے گا۔ اس کے بعد امام کے ساتھ رکوع وسجدہ کریں۔ یہ ایک رکعت ہوئی۔

---

[۱] ملخصاً از بہارِ شریعت حصۂ اول، معاد وحشر کا بیان۔ کتاب العقائد ص: ۴۸

دوسری رکعت میں پہلے قراءت ہوگی، اس کے بعد تین مرتبہ "اَللّٰہُ اَکْبَرُ" کہتے ہوئے کانوں تک ہاتھ اٹھا کر چھوڑ دیں اور چوتھی بار بغیر ہاتھ اٹھائے "اَللّٰہُ اَکْبَرُ" کہتے ہوئے رکوع میں چلے جائیں۔ مابقی نماز دیگر نمازوں کی طرح ادا کریں۔ [نوٹ: اساتذہ مزاولت کرائیں]

سوال: "نمازِ عیدین" کے چند اہم مسائل بیان فرمائیں!

جواب: اِن دونوں نمازوں سے متعلق اہم مسائل یہ ہیں:

- اِن میں زائد تکبیریں چھ ہیں۔ ہر تکبیر میں ہاتھ اٹھایا جائے گا۔ اور ہر دو تکبیر کے درمیان تین تسبیح کے برابر ٹھہرا جائے گا۔
- اِن کی پہلی رکعت میں سورۂ جمعہ اور دوسری رکعت میں سورۂ منافقون پڑھنا مستحب ہے۔ نمازِ عیدین کے بعد امام دو خطبے پڑھے۔

سوال: "عید" کے دن کون کون سی باتیں "مستحب" ہیں؟

جواب: یہ باتیں مستحب ہیں:

- [۱] حجامت بنوانا [۲] ناخن ترشوانا [۳] غسل کرنا [۴] مسواک کرنا [۵] اچھے کپڑے پہننا [۶] انگوٹھی پہننا [۷] خوش بو لگانا [۸] فجر کی نماز محلہ کی مسجد میں پڑھنا [۹] عیدگاہ جلد جانا [۱۰] نماز سے پہلے صدقۂ فطر ادا کرنا [۱۱] عیدگاہ کو پیدل جانا [۱۲] دوسرے راستے سے واپس آنا [۱۳] نماز کے لیے جانے سے پہلے چند کھجوریں کھالینا۔ کھجوریں نہ ہوں تو کوئی میٹھی چیز کھالے۔ [۱۴] خوشی کا اظہار کرنا [۱۵] آپس میں مصافحہ و معانقہ کرتے ہوئے مبارک بادی دینا اور بلند آواز سے تکبیر نہ کہنا۔

سوال: "بقر عید" کے دن کون کون سے کام کیے جائیں؟

جواب: "عیدالاضحیٰ" تمام احکام میں عیدالفطر کی طرح ہے؛ البتہ چند باتوں میں فرق ہے۔ عیدالاضحیٰ میں مستحب یہ ہے کہ نماز سے پہلے کچھ نہ کھائے، نیز راستے میں بلند آواز سے تکبیر کہتا ہوا جائے۔ قربانی کرنی ہو تو مستحب یہ ہے کہ پہلی سے دسویں ذوالحجہ تک نہ حجامت بنوائے نہ ناخن ترشوائے۔ نویں ذوالحجہ کی فجر سے تیرہویں کی عصر تک ہر فرض نماز کے بعد کم سے کم ایک بار بلند آواز سے "تکبیرِ تشریق" کہنا واجب ہے۔ تکبیرِ تشریق یہ ہے:

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ۔[۱]

---

[۱] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصہ چہارم، عیدین کا بیان

## تیسری فصل　اُخلاقیات: اسلامی اخلاق و آداب　تفہیم

**سوال:** ''غیبت'' کا معنیٰ اور اُس کا شرعی حکم بیان کریے!

**جواب:** ''غیبت'' یہ ہے کہ کسی شخص کے پوشیدہ عیب کو اُس کی برائی کرنے کے طور پر ذکر کیا جائے۔ یعنی انسان کے اندر موجود کسی عیب کو ذکر کرنا ''غیبت'' کہلاتا ہے۔ وہ عیب چاہے اُس کے دین، دنیا، ذات یا اَخلاق سے متعلق ہو یا اُس کے مال، خادم، لباس اور عادات سے متعلق ہو۔

- ''غیبت'' کرنا حرام و ناجائز اور دوزخ میں لے جانے والا عمل ہے۔ ہمارے نبی حضور رحمتِ عالَم ﷺ نے اپنے اُمتیوں کو ''غیبت'' سے سختی کے ساتھ منع فرمایا ہے۔

**سوال:** ''غیبت'' کی مذمت میں کوئی حدیثِ پاک پیش کریں!

**جواب:** حضرت سیدنا ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا:

- ''غیبت'' زِنا سے بدتر ہے۔ صحابۂ کرام نے عرض کیا: یارسول اللہ! غیبت زنا سے بدتر کیوں ہے؟

فرمایا: آدمی زنا کرتا ہے پھر توبہ کر لیتا ہے تو اللہ عز وجل اُس کو معاف فرما دیتا ہے؛ لیکن غیبت کرنے والے کو اللہ تعالیٰ اُس وقت تک معاف نہیں فرماتا جب تک کہ اُسے وہ شخص معاف نہ کردے جس کی غیبت کی گئی۔[1]

**سوال:** غیبت کی ''تباہ کاریوں'' پر روشنی ڈالیں!

**جواب:** آیاتِ قرآنیہ اور احادیثِ کریمہ میں غیبت کے بہت سے نقصان بیان کیے گئے ہیں، اُن میں سے چند یہ ہیں:

- غیبت کرنے والا اپنے مرے ہوئے بھائی کا گوشت کھانے والے کی طرح ہے۔ غیبت سے دل سیاہ ہو جاتا ہے۔
- غیبت ایمان کو اِس طرح جھاڑ دیتی ہے جس طرح چرواہا درخت سے پتے جھاڑتا ہے۔
- غیبت کرنے والا دوزخ میں ''بندر'' کی شکل میں بدل دیا جائے گا۔
- غیبت کرنے والے اپنے چہروں اور سینوں کو تانبے کے ناخنوں سے نوچیں گے۔ اللہ کی پناہ!

**سوال:** برائی بیان کرنا کِن صورتوں میں غیبت میں شمار نہیں ہوتا؟

**جواب:** جن لوگوں کی برائی بیان کرنا جائز ہے وہ یہ ہیں:

- جو شخص علی الاعلان گناہِ کبیرہ کرتا ہو اور اُسے کسی کی فکر نہ ہو تو اُس کی ایسی بری حرکتوں کو بیان کرنا جائز ہے؛ لیکن اُس کی جو باتیں لوگوں پر ظاہر نہیں، اُنھیں بیان کرنا جائز نہیں۔
- بدمذہب، گستاخِ رسول اور گستاخِ صحابہ کی بدمذہبیت کو بیان کرنا غیبت نہیں؛ بلکہ اگر لوگوں کو اِن کے شر سے بچانا مقصود ہو تو اِن کی برائی بیان کرنا ثواب کا کام ہے۔

---

[1] مشکاۃ المصابیح، ص: ۴۱۵

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم — تفہیم

**سوال:** ”تحویلِ قبلہ“ یعنی قبلہ کی تبدیلی کا واقعہ کب پیش آیا؟

**جواب:** مدینۂ منورہ تشریف لانے کے بعد حضورِ اقدس ﷺ تقریباً سترہ مہینے تک ”بیت المقدس“ کی جانب چہرہ کرکے نماز پڑھتے رہے۔ مگر آقائے دو جہاں ﷺ کی دلی تمنا یہی تھی کہ ”خانۂ کعبہ“ مسلمانوں کا ”قبلہ“ بنا دیا جائے! اِس امید میں آپ ﷺ اپنا چہرۂ اقدس بار بار آسمان کی جانب اُٹھایا کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کی اِس قلبی آرزو کو پورا کرنے کے لیے قرآنِ مقدس کی یہ آیتِ کریمہ نازل فرمائی!

- قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَآءِ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰىهَا فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ[1]

ترجمہ: ہم دیکھ رہے ہیں کہ آپ بار بار آسمان کی طرف چہرہ کر رہے ہیں۔ تو ہم ضرور آپ کو اُس قبلہ کی جانب پھیر دیں گے جس سے آپ راضی ہیں، پس ابھی آپ اپنا چہرہ مسجدِ حرام کی طرف کر لیجیے!

اُسی وقت سے مسلمانوں کا قبلہ ”خانۂ کعبہ“ ہو گیا۔ یہ واقعہ سن دو ہجری میں پیش آیا۔

**سوال:** یہ حکم ”کس مسجد“ میں ”کس نماز“ کے وقت نازل ہوا؟

**جواب:** حضور ﷺ ”قبیلۂ بنو سلمہ“ کی مسجد میں ”ظہر“ کی نماز ادا فرما رہے تھے، کہ یہ آیتِ کریمہ نازل ہوئی اور عین نماز کی حالت میں حضور ﷺ نے اپنا رُخِ انور بیت المقدس سے پھیر کر ”کعبۂ مشرّفہ“ کی جانب کر لیا اور تمام مسلمانوں نے بھی اپنا چہرہ مسجدِ حرام کی طرف پھیر لیا۔

- جس مسجد میں یہ واقعہ پیش آیا اُسے ”مَسْجِدُ الْقِبْلَتَيْن“ کہا جاتا ہے۔ یہ عظیم الشان مسجد مدینۂ منورہ سے تقریباً دو کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے اور عوام و خواص سبھی اُس کی زیارت کو باعثِ سعادت سمجھتے ہیں[2]

**سوال:** مسلمانوں کو ”اپنے دشمنوں“ کے خلاف تلوار اٹھانے کی اجازت کب اور کیوں دی گئی؟

**جواب:** سن دو ہجری میں اللہ رب العزت نے مسلمانوں کو کافروں سے جنگ کرنے کی اجازت دی۔ اِس سے پہلے مسلمانوں کو حکم تھا کہ

- وہ لوگوں کو پیار و محبت کے ساتھ اسلام کی دعوت دیں، کافروں کے ظلم و ستم پر صبر کریں اور اُن کی زیادتیوں کا جواب نہ دیں۔ یہی وجہ ہے کہ مسلمانوں نے مکۂ مکرمہ میں ظالموں کے ہر ظلم پر صبر و تحمل کا مظاہرہ کیا؛ لیکن ہجرت کے بعد جب سارا عرب مسلمانوں کے خلاف ہو گیا، بالخصوص ”کفارِ مکہ“ نے مدینۂ منورہ میں بھی

---

[1] سورۂ بقرہ۔ آیت نمبر: ۱۴۴
[2] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۱۵۷۔ ۱۵۸

مسلمانوں کو چین سے نہ رہنے دیا؛ بلکہ توحید کے متوالوں کو فنا کے گھاٹ اتارنے کا پختہ ارادہ کرلیا، تو اللہ رب العزت نے مسلمانوں کو اُن لوگوں سے جنگ کرنے کی اجازت دے دی جو اُن سے جنگ کی ابتدا کریں۔[۱]

**سوال:** دشمنوں کی جانب سے یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ "اسلام تلوار کے زور سے پھیلا" اِس کا جواب عنایت فرمائیں!

**جواب:** یہ الزام سراسر بے بنیاد ہے۔ اسلامی اِتہاس پر نگاہ رکھنے والا کوئی بھی شخص ایسی باتیں نہیں کرسکتا۔ حقیقت یہ ہے کہ ہجرت کے بعد مسلمانوں نے، اپنے دشمنوں کے ساتھ جتنی بھی لڑائیاں لڑیں وہ سب اپنی بقا اور سلامتی کے لیے لڑیں۔ یہ تمام جنگیں خود دشمنوں کی جانب سے مسلمانوں کے سر تھوپی گئی تھیں۔ مسلمانوں نے تو بوجہِ مجبوری تلوار اُٹھائی تھی۔

- حقیقت یہ ہے کہ اسلام اپنی بے نظیر تعلیم اور لاجواب اخلاق کی تلوار سے پھیلا ہے اور صبحِ قیامت تک یوں ہی پھلتا پھولتا رہے گا۔

## پانچویں فصل — حسن و جمالِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم — تفہیم

**سوال:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا "رُوئے مُنَوَّر" [روشن چہرہ] کیسا تھا؟

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرۂ مقدّس ایسا تاباں [روشن] تھا کہ صحابۂ کرام جب اُس کے دیدار سے فیض یاب ہوتے تو اُن کی آنکھوں میں نور اور سینوں میں ٹھنڈک بھر جاتی تھی۔ اللہ عزوجل نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرۂ اقدس میں ایسی کشش رکھی تھی کہ دیکھنے والا ہر شخص ہمیشہ یہ تمنا رکھتا کہ حسن کی یہ جلوہ گاہ کبھی بھی اُس کی نگاہوں سے اوجھل نہ ہو۔ سیکڑوں رِوایتیں ہیں جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حسنِ بے مثال کی جھلک پیش کررہی ہیں۔ صرف ایک روایت ملاحظہ فرمائیں:

- حضرت سیدنا براابن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ اَحْسَنَ النَّاسِ وَجْهًا وَّ اَحْسَنَهُمْ خُلُقًا۔[۲]

ترجمہ: اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اپنے چہرۂ اطہر اور پاکیزہ اخلاق کے لحاظ سے تمام لوگوں میں سب سے زیادہ حسین وجمیل تھے۔

**سوال:** ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا "سرِ انور" کیسا تھا؟ بیان کریں!

**جواب:** سردارِ دوجہاں صلی اللہ علیہ وسلم کا "سرِ اَنور" مناسب حد تک بڑا اور حسنِ اعتدال کے ساتھ وقار کا مظہرِ کامل دکھائی دیتا تھا۔ دیکھنے والوں کے دل و دماغ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سردار ہونے اور آپ کی عظمت و وجاہت کا تأثر قائم ہوجاتا تھا۔

- حضرت مولا علی شیرِ خدا رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ ضَخْمَ الرَّأْسِ۔[۳]

---

[۱] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۱۵۹
[۲] الصحیح للامام البخاری، کتاب المناقب، رقم الحدیث: ۳۳۵۶
[۳] الادب المفرد، باب الجفا، رقم الحدیث: ۱۳۱۵

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ کا سرِ اقدس اعتدال کے ساتھ بڑا تھا۔خیال رہے کہ انسانی سر کا مَوْزُوْنِیَّت [اعتدال] کے ساتھ بڑا ہونا وقار، عقل اور بصیرت کی دلیل ہوتا ہے۔

شیخ ابراہیم بیجوری علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

- سرِ اقدس کا بڑا ہونا دماغی قوت کے کامل ہونے کے ساتھ ساتھ قوم کے سردار ہونے کی بھی دلیل ہے۔[1]

**سوال:** حضور خاتم النبیین ﷺ کے "مُوْئے مُبَارَك" کے بارے میں کچھ بتائیے!

**جواب:** حضورِ اقدس ﷺ کے سرِ انور کے مبارک بال "ریشم کے سیاہ گچھوں کی طرح نہایت خوب صورت اور دل کش" تھے۔ نہ بالکل سیدھے اور نہ ہی پوری طرح گھنگھریالے۔اللہ ربُّ العزت نے اپنے محبوب کی سیاہ زلفوں کی قسم کھاتے ہوئے ارشاد فرمایا:

- وَاللَّيْلِ إِذَا سَجٰى[2]

ترجمہ: [اے حبیب مکرَّم!] قسم ہے سیاہ رات [کی طرح آپ کی زُلفِ عَنبریں] کی، جب وہ [آپ کے شانوں پر] چھا جائے۔

- حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور ﷺ کے سیاہ بالوں کے حسن و جمال کا تذکرہ اِن الفاظ میں کرتے ہیں:

حضور ﷺ کی مبارک زلفیں کانوں کی لَو تک نیچے لٹکتی رہتیں۔ میں نے سرخ [لال] جبے میں حضور ﷺ سے بڑھ کر کسی کو حسین نہیں دیکھا۔[3]

- حضرت سعد بن ابو وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں:

حضور ﷺ کی ریشِ مبارک [مبارک داڑھی] اور سرِ انور کے بال گہرے سیاہ رنگ کے تھے۔[4]

## چھٹی فصل — معمولاتِ اہلِ سنت و جماعت — تفہیم

### ۲۷ ویں رجب میں عبادت کرنے کا حکمِ شرعی

**سوال:** ۲۷ ویں رجب المرجب میں "اللہ رب العزت کی عبادت کرنا" کیسا ہے؟ کچھ نادان بدعت کہہ کر مسلمانوں کو اِس سے روکتے ہیں۔

**جواب:** حضور ﷺ کا دوسرا سب سے بڑا معجزہ "سَفَرِ مِعْرَاج" رجب المرجب کی ستاسویں شب کو رونما ہوا۔ اِسی شب کو "شبِ مِعْرَاج" کہتے ہیں۔

---

[1] المواہب اللدنیہ علی الشمائل المحمدیہ، ص: ۱۳
[2] سورۂ ضحیٰ، آیت نمبر: ۲
[3] الصحیح للامام مسلم، کتاب الفضائل، رقم الحدیث: ۲۳۳۷
[4] سبل الہدیٰ والرشاد، ج: ۲، ص: ۱۷

۲۷ ویں رجب کا دن بھی عظمت والا ہے اور رات بھی رِفعت والی ہے؛ بلکہ اِن دونوں کو وہ عظمتیں حاصل ہیں جن کا ہم تصور بھی نہیں کر سکتے۔ لہٰذا اِس دن روزہ رکھنا، صدقات وخیرات کرنا اور رات میں ''شب بیداری'' کر کے اللہ رب العزت کی بندگی کرنا نہ صرف یہ کہ جائز؛ بلکہ محمود و پسندیدہ اور سعادتِ اُخروی کا ذریعہ ہے۔

- ہمارے بزرگانِ دین ''اِس مبارک شب اور بابرکت دن'' میں تلاوتِ قرآن اور اذکار و نوافل کا بڑا اہتمام کرتے اور نازل ہونے والی برکتوں کو دونوں ہاتھوں سے سمیٹتے تھے۔ منع کرنے والے مسلمانوں کے بدخواہ ہیں کہ بلاوجہِ شرعی اُنھیں اِس شب کی برکتوں سے محروم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

**سوال:** اِس دن اور رات کی ''کچھ فضیلتیں'' بیان کریں!

**جواب:** روایتوں میں رجب المرجب کی ۲۷ ویں تاریخ کی بڑی فضیلتیں بیان کی گئی ہیں۔ چند روایتیں ملاحظہ فرمائیں:

حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا:

- جس نے ۲۷ ویں رجب کا روزہ رکھا اُس کو ساٹھ مہینوں کے روزوں کا ثواب ملے گا۔[۱]

حضرت سیدنا امام حسن بصری رضی اللہ عنہ نے کہا کہ حضرت سیدنا عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا یہ معمول تھا کہ

- جب ۲۷ ویں رجب آتی تو وہ اعتکاف میں بیٹھ جاتے اور نمازِ ظہر کے بعد نوافل پڑھنے میں مشغول ہو جاتے۔ اُس کے بعد چار رکعات پڑھتے۔ جن میں ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ، تین مرتبہ سورۂ قدر اور پچاس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھتے، پھر عصر تک دعاؤں میں مشغول رہتے۔ حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کا یہی معمول تھا۔[۲]

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نقل کرتے ہیں کہ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا:

- ماہِ رجب میں ایک دن اور ایک رات [یعنی ۲۷ ویں رجب] ایسی ہے کہ اگر کوئی شخص اُس دن کا روزہ رکھے اور اُس رات کو اللہ عز وجل کی بندگی کرے تو اس کے نامۂ اعمال میں ایک سَو برس روزہ رکھنے اور سَو سال کی راتوں میں عبادت کرنے کے برابر ثواب لکھا جائے گا۔[۳]

- اِن تمام روایتوں سے ثابت ہوا کہ ''رجب کی ۲۷ ویں رات میں نوافل پڑھنا اور دن میں روزہ رکھنا'' بڑے اجر وثواب کا کام ہے۔ اِس قدر روایتوں کے باوجود اِس شب میں عبادت کرنے والوں کو بدعتی کہہ کر چڑھانا بہت بڑا ظلم اور دوزخ میں لے جانے والا عمل ہے۔

---

[۱] غنیۃ الطالبین مترجم، ص: ۳۳۲ [۲] غنیۃ الطالبین مترجم، ص: ۳۳۲
[۳] غنیۃ الطالبین مترجم، ص: ۳۳۲

## ساتویں فصل — اللہ عزوجل کے اَسماے حُسنیٰ — تحفیظ

**سوال:** ''اسماے حسنیٰ'' کا معنیٰ بیان فرمائیے!

**جواب:** شریعتِ اسلامیہ نے جن مقدس ناموں سے اللہ تبارک وتعالیٰ کو پکارنے کا حکم دیا ہے اُنھیں ''اسماے حسنیٰ'' کہا جاتا ہے۔ چناں چہ اللہ ربُّ العزت نے قرآنِ مجید میں ارشاد فرمایا: وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا۔[۱]

ترجمہ: اللہ ہی کے ہیں بہت اچھے نام تو اُسے اُن سے پکارو!۔

**سوال:** ''اسماے حسنیٰ'' کی تعداد اور فضیلت بیان کریے!

**جواب:** ''اسماے حسنیٰ'' کی تعداد بہت ہے؛ مگر اُن میں ۹۹ نام زیادہ مشہور ہیں۔ ''اسماے حسنیٰ'' کی فضیلت کے حوالے سے بخاری شریف کی یہ روایت ملاحظہ فرمائیں: ہمارے آقا حضور رحمتِ عالَم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں:

- اللہ تبارک وتعالیٰ کے ۹۹ ''اسماے حسنیٰ'' ہیں، جس بندۂ مومن نے اِنھیں یاد کر لیا وہ ضرور جنت میں داخل ہوگا۔[۲]

### اسماے حسنیٰ مع ترجمہ ملاحظہ فرمائیں!

| | | |
|---|---|---|
| هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ [وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں] | اَلرَّحْمٰنُ [بڑا مہربان] | اَلرَّحِیْمُ [نہایت رحم والا] |
| اَلْمَلِكُ [بادشاہِ حقیقی] | اَلْقُدُّوْسُ [ہر عیب سے پاک] | اَلسَّلَامُ [سلامت رکھنے والا] |
| اَلْمُؤْمِنُ [امن دینے والا] | اَلْمُهَیْمِنُ [نگہبان] | اَلْعَزِیْزُ [سب سے غالب] |
| اَلْجَبَّارُ [ٹوٹے دلوں کو جوڑنے والا] | اَلْمُتَكَبِّرُ [بڑائی والا] | اَلْخَالِقُ [پیدا کرنے والا] |
| اَلْبَارِئُ [پیدا کرنے والا] | اَلْمُصَوِّرُ [صورت بنانے والا] | اَلْغَفَّارُ [بہت معاف فرمانے والا] |
| اَلْقَهَّارُ [سب سے طاقت ور] | اَلْوَهَّابُ [بہت دینے والا] | اَلرَّزَّاقُ [بے حساب رزق دینے والا] |
| اَلْفَتَّاحُ [کھولنے والا] | اَلْعَلِیْمُ [جاننے والا] | اَلْقَابِضُ [بند کرنے والا] |
| اَلْبَاسِطُ [کشادہ کرنے والا] | اَلْخَافِضُ [پست کرنے والا] | اَلرَّافِعُ [بلند کرنے والا] |
| اَلْمُعِزُّ [عزت دینے والا] | اَلْمُذِلُّ [ذلت دینے والا] | اَلسَّمِیْعُ [خوب سننے والا] |
| اَلْبَصِیْرُ [سب دیکھنے والا] | اَلْحَكَمُ [فیصلہ کرنے والا] | اَلْعَدْلُ [انصاف کرنے والا] |
| اَللَّطِیْفُ [باریک بیں] | اَلْخَبِیْرُ [خبردار] | اَلْحَلِیْمُ [بردبار] |

[۱] سورۂ اعراف، آیت نمبر: ۱۸۰

[۲] الصحیح للامام البخاری، کتاب التوحید، باب ان للہ مأۃ اسم الا واحدا، رقم الحدیث: ۷۳۹۲

# چھٹا سبق

## پہلی فصل — ایمانیات: ایمان سے متعلق باتیں — تفہیم

**سوال:** کیا میدانِ محشر کی یہ سختیاں سب کے لیے ہیں، یا **"کچھ خوش نصیب"** اِن سے محفوظ رہیں گے؟

**جواب:** حشر کی یہ سختیاں سب کے لیے نہیں ہوں گی؛ بلکہ بہت سے خوش نصیب اِن سختیوں سے محفوظ و مامون رہیں گے۔ چناں چہ **"حضراتِ انبیاے کرام، مرسلینِ عظام، صدیقین، شہدا اور صالحین، اللہ عزوجل کے فضل و کرم سے اُس دن ہر طرح کی آفتوں اور مصیبتوں سے محفوظ رہیں گے"**؛ بلکہ بچاس ہزار سال کا یہ طویل ترین عرصہ اِن حضرات کے لیے اُتنے وقت کے برابر ہوگا جتنی دیر میں ایک وقت کی فرض نماز ادا کی جاتی ہے۔ بلکہ اِس سے بھی کم اور بعضوں کے لیے تو پلک جھپکنے میں سارا دن طے ہو جائے گا۔[۱]

**سوال:** وہ کون سی ذات ہے جو اہلِ محشر کو **"انتظار کی سختیوں اور ہولناکیوں"** سے نجات دلائے گی؟

**جواب:** ہم سب کے آقا، ساری کائنات کے داتا **"حضور رحمتِ عالم ﷺ"** کی ذاتِ گرامی اہلِ محشر کو انتظار کی سختیوں اور آفتوں سے نجات دلائے گی۔

اَحادیثِ کریمہ سے ثابت ہے کہ قیامت کی سختیاں جھیلتے جھیلتے جب پچیس ہزار سال گزر جائیں گے، تب اہلِ محشر آپس میں مشورہ کر کے اپنا سفارشی تلاش کریں گے، جو اُنھیں مصیبتوں سے نجات دلائے، چناں چہ سب لوگ یکے بعد دیگرے حضرت سیدنا آدم، حضرت سیدنا نوح، حضرت سیدنا ابراہیم، حضرت سیدنا موسیٰ، حضرت سیدنا عیسیٰ علیہم الصلاۃ والسلام کے پاس جائیں گے، اُن کی تعریف و توصیف کریں گے، سفارش کی درخواست کریں گے، سب بیک زبان کہیں گے:

- **آج میرا یہ مرتبہ نہیں، آج مجھے اپنی جان کی فکر ہے، آج رب تعالیٰ نے ایسا غضب فرمایا ہے کہ نہ پہلے کبھی فرمایا اور نہ آئندہ کبھی فرمائے گا، تم لوگ کسی اور کے پاس جاؤ!**

بالآخر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی رہ نمائی سے لوگ روتے، چلاتے، ٹھوکریں کھاتے، دُہائی دیتے، حضور سید الانبیاء والمرسلین جناب محمد رسول اللہ ﷺ کی بارگاہِ بے کس پناہ میں حاضر ہو کر فریاد کریں گے اور حضور ﷺ سے شفاعت کی درخواست کریں گے، حضور ﷺ فرمائیں گے:

- **أَنَا لَهَا۔** ترجمہ: **میں آج اِسی کام کے لیے ہوں۔**

---

۱۔ ملخصاً از بہارِ شریعت، حصۂ اول، معاد و حشر کا بیان۔ کتاب العقائد ص: ۵۲

یہ فرما کر آپ ﷺ بارگاہِ الٰہی میں سجدہ کریں گے، اللہ عزوجل کی جانب سے ارشاد ہوگا:

- يَا مُحَمَّدُ! اِرْفَعْ رَأْسَكَ، قُلْ تُسْمَعْ، وَسَلْ تُعْطَهْ وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ.
ترجمہ: اے محمد! سجدے سے سر اٹھائیے! بات کہیے! سنی جائے گی، مانگیے! دیا جائے گا، سفارش کیجیے! قبول کی جائے گی۔[1]
- پھر شفاعت کا سلسلہ شروع ہو جائے گا، یہاں تک کہ جس کے دل میں رائی کے دانے سے بھی کم ایمان ہوگا، حضور ﷺ اُس کے لیے بھی شفاعت فرما کر اُسے دوزخ سے نجات دلائیں گے، یہاں تک کہ جو سچے دل سے مسلمان ہوا، اگرچہ اُس کے پاس کوئی عمل نہیں ہے، اُسے بھی جہنم سے نکالیں گے، حضور ﷺ کے سجدہ فرمانے کے بعد حساب و کتاب شروع ہوگا اور میزانِ عمل میں لوگوں کے اعمال [نیکیاں اور برائیاں] تولی جائیں گی۔[2]

## دوسری فصل — فقہیات: فقہی مسائل — تفہیم

**سوال:** ''نمازِ تراویح'' کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

**جواب:** ''نمازِ تراویح'' مرد اور عورت دونوں کے لیے سنتِ مؤکدہ ہے۔ اِسے چھوڑنا جائز نہیں۔ ہمارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے بھی تراویح پڑھی اور اِسے بہت پسند فرمایا اور خلفاے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین نے بھی تادمِ وصال اِس کا اہتمام فرمایا۔

**سوال:** کیا ''نمازِ تراویح'' بدعت ہے؟

**جواب:** تراویح تو حضور ﷺ کے عمل سے ثابت ہے، یہ بدعت کیسے ہو سکتی ہے؟ البتہ اِس کی مروّجہ شکل کو ''بدعتِ حسنہ'' کہہ سکتے ہیں۔ کیوں کہ حضرت فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کے ابتدائی دورِ خلافت تک صحابۂ کرام اِس نماز کو متفرق طور پر پڑھتے تھے۔ حضرتِ عمر رضی اللہ عنہ نے سب کو ایک امام، حضرتِ اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ کے ساتھ اکٹھا کر دیا۔ پھر فرمایا: نِعْمَتِ الْبِدْعَةُ هٰذِهٖ۔ یعنی یہ کتنی اچھی بدعت ہے۔

**سوال:** اِس کی ''فضیلت'' پر کوئی ایک حدیث بیان کریں!

**جواب:** حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبیِ اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص ایمان کی وجہ سے، ثواب حاصل کرنے کے لیے رمضان میں قیام کرے اُس کے پچھلے تمام [صغیرہ] گناہ بخش دیے جائیں گے۔[3]

**سوال:** ''نمازِ تراویح'' میں کتنی رکعتیں ہیں؟

---

[1] الصحیح للامام البخاری، باب قول اللہ تعالیٰ، انا أرسلنا نوحا الی قومہ۔۔۔ رقم الحدیث: ۳۳۴۰
[2] ملخصاً از بہارِ شریعت، معاد و حشر کا بیان۔ کتاب العقائد ص: ۴۹۔۵۰
[3] الصحیح للامام مسلم، باب الترغیب فی قیام رمضان وھو التراویح، رقم الحدیث: ۷۵۹

**جواب:** اِس میں بیس رکعتیں ہیں۔ یہی احادیثِ کریمہ سے ثابت ہے۔ چناں چہ حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ

- مسلمان، حضرتِ فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کے زمانے میں بیس رکعتیں پڑھا کرتے تھے۔[1]

اور حضرت مولا علی وعثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہما کے زمانے میں بھی مسلمان بیس رکعت تراویح پڑھا کرتے تھے[2]
اِس طرح کی متعدد روایتیں ہیں جو بیس رکعت تراویح پر دلالت کرتی ہیں۔

**سوال:** تراویح کا ''وقت'' اور ''طریقہ'' بیان کریں!

**جواب:** **وقت:** اِس کا وقت عشا کی فرض نماز کے بعد سے صبحِ صادق تک ہے۔

**طریقہ:** بیس رکعتیں دس سلام سے پڑھی جائیں۔یعنی ہر دو رکعت کے بعد سلام پھیرا جائے۔ ہر دو رکعت کو الگ الگ نیت سے ادا کرنا بہتر ہے۔ بیسوں رکعات کی نیت ایک ساتھ بھی کر سکتے ہیں۔ ہر چار رکعت کے بعد یہ دعا پڑھیں!

- سُبْحَانَ ذِی الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ۔ سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّةِ وَالْعَظَمَةِ وَالْكِبْرِيَآءِ وَالْجَبَرُوْتِ۔ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْحَيِّ الَّذِیْ لَا يَنَامُ وَلَا يَمُوْتُ۔ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَّبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ نَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ۔ نَسْئَلُكَ الْجَنَّةَ وَنَعُوْذُبِكَ مِنَ النَّارِ۔

**ترجمہ:** پاک ہے مُلک وملکوت والا۔ پاک ہے عزت و بزرگی اور بڑائی اور جبروت والا۔ پاک ہے بادشاہ جو زندہ ہے، جو نہ سوتا ہے، نہ مرتا ہے۔ پاک ہے، مقدّس ہے، ہمارا رب ہے، فرشتوں اور روح کا مالک ہے۔ اللہ عزوجل کے سوا کوئی معبود نہیں۔ ہم اللہ عزوجل سے مغفرت چاہتے ہیں۔ اے اللہ! ہم تجھ سے جنت کا سوال کرتے ہیں اور جہنم سے تیری پناہ مانگتے ہیں۔

**سوال:** تراویح میں ''ختمِ قرآن'' کرنا کیسا ہے؟

**جواب:** ایک بار قرآنِ مجید مکمل کرنا ''سنتِ مؤکّدہ'' ہے اور بہتر یہ ہے کہ ۲۷ ویں شب میں ختم کیا جائے؛ مگر تراویح آخرِ رمضان تک برابر پڑھی جائے۔[3]

## تفہیم — تیسری فصل — اَخلاقیات: اسلامی اخلاق و آداب

**سوال:** ''چُغلی'' کا معنیٰ اور حکمِ شرع بیان کریے!

**جواب:** لوگوں میں فساد ڈالنے کے لیے ایک کی بات دوسرے تک پہنچانا ''چغلی'' ہے۔ چغلی کرنے والے کو ''چغل خور'' کہا جاتا ہے۔ چغلی کرنا حرام و ناجائز اور دوزخ میں لے جانے والا کام ہے۔ اللہ عزوجل اور اُس سے پیارے حبیب

---

[1] معرفۃ السنن والآثار، باب قیام رمضان، رقم الحدیث: ۱۳۶۵
[2] فتح باب العنایۃ شرح النقایۃ، فصل فی صلاۃ التراویح، ج: ۱، ص: ۳۴۲
[3] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصۂ چہارم، تراویح کا بیان

حضور رحمتِ عالَم ﷺ نے ''چغل خور'' کی مذمت بیان فرماتے ہوئے اُس کے لیے عذابِ دوزخ کی سخت ترین وعیدیں سنائی ہیں۔

**سوال:** ''چغل خور'' کی مذمت پر کوئی آیتِ کریمہ پیش کریے!

**جواب:** اللہ عزوجل نے قرآنِ مجید میں ارشاد فرمایا:

- وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِينٍ ۝ هَمَّازٍ مَّشَّآءٍۢ بِنَمِيمٍ ۝ [1]

ترجمہ: اور ہر ایسے کی بات نہ سننا جو بہت قسمیں کھانے والا، انتہائی ذلیل و رسوا، بہت طعنے دینے والا، بہت زیادہ چغلی کرنے والا ہے۔

**سوال:** ''چغل خور'' کی مذمت میں دو حدیثیں پیش کریں!

**جواب:** جی ملاحظہ فرمائیں:

- حضرتِ حُذَیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا:

  لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَتَّاتٌ۔ [2]

  ترجمہ: ''چغل خور'' جنت میں نہیں جائے گا۔

- حضرتِ اسما بنت یزید رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور سیدِ عالَم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

  شِرَارُ عِبَادِ اللهِ الْمَشَّآئُوْنَ بِالنَّمِيْمَةِ الْمُفَرِّقُوْنَ بَيْنَ الْأَحِبَّةِ۔ [3]

ترجمہ: اللہ عزوجل کے سب سے بُرے بندے وہ ہیں جو لوگوں میں چغلی کھاتے پھرتے ہیں اور دوستوں کے درمیان جدائی ڈال دیتے ہیں۔

**سوال:** چغلی کی ''نحوستیں'' کیا کیا ہیں؟ بیان کریں!

**جواب:** چغلی کی لاتعداد ''نحوستوں'' میں سے چند یہ ہیں:

- چغلی دل کو سیاہ اور ایمان کو کمزور کر دیتی ہے۔
- چغلی کرنے والا سخت عذابِ اِلٰہی کا حق دار ہے، اللہ عزوجل اُسے آگ کے جوتے پہنائے گا جس سے اُس کا دماغ کھولتا رہے گا۔
- چغلی کرنے والا دنیا اور آخرت میں ذلیل و رسوا ہوتا ہے۔
- چغلی کرنے سے آپسی بھائی چارہ اور ایمانی اُخُوَّت و مَوَدَّت ختم ہو جاتی ہے۔
- چغلی سے معاشرہ میں فساد برپا ہوتا ہے اور لڑائی جھگڑا عام ہو جاتا ہے۔

---

[1] سورۂ قلم، آیت نمبر: ۱۰-۱۱
[2] الصحیح للامام البخاری، ج:۲، ص:۸۹۵
[3] مشکاۃ المصابیح، ص:۴۱۵

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم — تفہیم

**سوال:** کفارِ مکہ کی ''ناپاک سازشوں'' سے بچنے کے لیے ''کیا تدبیریں'' اختیار کی گئیں؟

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اپنے جاں نثار صحابہ کی حفاظت اور دینِ اسلام کی بقا کے لیے دو تدبیریں اختیار فرمائیں:

**پہلی تدبیر:** کفارِ مکہ کی ملکِ شام سے ہونے والی تجارت میں رکاوٹ ڈالی جائے؛ تاکہ وہ مدینۂ منورہ پر ''حملہ کرنے'' کا خیال چھوڑ کر مسلمانوں سے صلح کرنے پر مجبور ہو جائیں۔

**دوسری تدبیر:** مدینۂ منورہ کے قُرب و جوار میں رہنے والے قبیلوں سے ''امن و امان کا معاہدہ'' کیا جائے؛ تاکہ مکۂ مکرمہ کے کافر مدینۂ منورہ پر حملہ آور ہونے کا تصور بھی نہ کر سکیں۔

- اِنھی دونوں تدبیروں کے پیشِ نظر حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اپنے صحابۂ کرام کو مدینہ کے اطراف میں بھیجنا شروع کیا؛ بلکہ بعض دفع خود بھی تشریف لے گئے۔ اِسی سلسلے میں کفارِ مکہ اور اُن کے حلیفوں (ساتھیوں) سے مسلمانوں کا ٹکراؤ شروع ہوا، جس کے نتیجے میں چھوٹی بڑی کئی لڑائیاں ہوئیں۔ اُنھی لڑائیوں کو اسلامی تاریخ میں ''غزوات و سرایا'' کے نام سے بیان کیا جاتا ہے۔[۱]

**سوال:** ''غزوات و سرایا'' سے کیا مراد ہے اور اُن کی تعداد کتنی ہے؟ بیان کریں!

**جواب:** جس جنگی لشکر کے ساتھ حضور رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تشریف لے گئے ہوں اُسے ''غَزْوَہ'' [اس کی جمع ''غزوات'' آتی ہے] کہتے ہیں اور لشکروں کی جن ٹولیوں میں آقائے کونین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم شامل نہیں ہوئے اُنھیں ''سَرِیَّہ'' [اس کی جمع ''سرایا'' آتی ہے] کہا جاتا ہے۔

- غزوات کی تعداد میں اختلاف ہے۔ سیرت کی کتابوں میں ''انیس، اکیس، چوبیس، پچیس، چھبیس اور ستائیس'' کے اقوال ملتے ہیں۔[۲]

اور سرایا کی تعداد میں بھی اختلاف ہے، بعض کے نزدیک اُن کی تعداد ''سینتالیس'' اور بعض کے نزدیک ''چھپن'' ہے۔[۳]

**سوال:** کچھ اہم ''غزوات و سرایا'' کے نام ذکر کریں!

**جواب:** جی ملاحظہ فرمائیں!

اہم ''سرایا'' یہ ہیں: سریۂ حمزہ۔ سریۂ عبیدہ بن حارث۔ سریۂ سعد بن ابو وقاص۔ سریۂ عبد اللہ بن جحش۔

اہم ''غزوات'' یہ ہیں: غزوۂ بدر۔ غزوۂ اُحد۔ غزوۂ خندق۔ غزوۂ خیبر۔ غزوۂ حنین۔ غزوۂ فتحِ مکہ وغیرہا۔

**سوال:** ''جنگِ بَدْر'' کا مختصر تعارف پیش کریے!

---

۱ ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۱۶۲۔۱۶۳  ۲ شرح الزرقانی علی المواہب، ج: ۱، ص: ۳۸۸

۳ ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۱۶۴

**جواب:** ”بدر“ مدینۂ منورہ سے ۸۰ میل کے فاصلے پر ایک گاؤں کا نام ہے۔ دراصل یہاں ایک کنواں تھا جس کے مالک کا نام ”بدر“ تھا۔ اُسی کے نام پر اس جگہ کا نام ”بدر“ رکھا گیا۔ اِسی مقام پر مسلمانوں اور قریش کے کافروں کے درمیان سخت خون ریز جنگ ہوئی، جس میں کائنات کے آقا حضرتِ محمد ﷺ نے بنفسِ نفیس شرکت فرمائی۔ اِس جنگ میں مسلمانوں کو ایسی عظیم الشان فتح ملی جس کے سبب اسلام کی عزت کا پرچم ایسا بلند ہوا کہ کافروں کی عظمت و شوکت بالکل خاک میں مل گئی۔

- تاریخ اسلام نے اِسی معرکہ کو ”جنگِ بدر“ یا ”غزوۂ بدر“ کے نام سے محفوظ کیا ہے۔[1]

## پانچویں فصل — حسن و جمالِ مصطفیٰ ﷺ — تفہیم

**سوال:** آقائے دوجہاں ﷺ کی ”جبینِ پُر نور“ کو بیان فرمائیے!

**جواب:** حضور رحمۃ للعالمین ﷺ کی مبارک پیشانی ”کشادہ، روشن اور چمک دار“ تھی، جس پر ہر وقت اطمینان وسکون اور فرحت ومسرت کی کیفیت نمایاں رہتی۔ آپ ﷺ کی مبارک پیشانی پر نظر ڈالنے والے مسرور ہوجاتے اور اُن کا دل سکون کی دولت سے مالامال ہوجاتا۔ کسی نے بھی آپ ﷺ کی مبارک پیشانی پر اکتاہٹ اور بےزاری کی کیفیت نہیں دیکھی۔ آپ ﷺ کی پیشانی پھولوں کی طرح تازہ اور چاند کی طرح روشن تھی۔

- شاعرِ رسول حضرتِ سیدنا حسان بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے ایک شعر میں حضور ﷺ کی روشن پیشانی کا تذکرہ یوں کیا ہے:[2]

| | |
|---|---|
| مَتٰی یَبْدُ فِی الدَّاجِی الْبَہِیْمِ جَبِیْنُہٗ | یَلُحْ مِثْلَ مِصْبَاحِ الدُّجٰی الْمُتَوَقِّدِ |
| جب رات کی تاریکی میں حضور ﷺ کی پیشانی ظاہر ہوتی | تو وہ سیاہ اندھیرے میں روشن چراغ کی طرح چمکتی دکھائی دیتی |

**سوال:** حضور مختارِ کائنات ﷺ کی ”ابروئے مبارک“ یعنی بھوئیں کیسی تھیں؟

**جواب:** حضور سیدِ کائنات ﷺ کی مبارک بھوئیں ”دراز، باریک اور گھنے بالوں والی“ تھیں۔ دونوں ابروے مبارک اِس قدر متصل تھیں کہ دور سے مِلی ہوئی معلوم ہوتی تھیں، دونوں ابروؤں کے درمیان ایک رَگ چھپی رہتی، جب حضور ﷺ پر جلال کی کیفیت طاری ہوتی تو وہ اُبھر کر نمایاں ہوجاتی، جسے دیکھ کر صحابۂ کرام جان لیتے کہ حضور ﷺ حالتِ جلال میں ہیں۔[3]

- باریک ابروؤں کے بارے میں ایک روایت یوں بیان کی گئی ہے:

كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ دَقِيْقَ الْحَاجِبَيْنِ[4]

ترجمہ: رسولِ اکرم ﷺ کے مبارک ابرو نہایت باریک تھے۔

---

[1] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۱۶۹ [2] دیوان حسان بن ثابت، ص: ۶۷ [3] الشمائل المحمدیہ، ج: ۲، رقم الحدیث: ۸
[4] مجمع الزوائد، ج: ۴، ص: ۷۴

✪ امام اہلِ سنت فاضلِ بریلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کیا ہی خوب فرمایا:

جن کے سجدے کو محرابِ کعبہ جھکی | اُن بھوؤں کی لطافت پہ لاکھوں سلام
چشمۂ مہر میں موجِ نورِ جلال | اُس رگِ ہاشمیت پہ لاکھوں سلام

**سوال:** حضور فخرِ کائنات ﷺ کی **''چشمانِ مقدّسہ''** [مقدس آنکھیں] کیسی تھیں؟

**جواب:** اللہ ربُّ العزت نے اپنے حبیب ﷺ کو نہایت وجیہ، خوب صورت اور فراخ آنکھوں سے سرفراز فرمایا تھا۔ حضراتِ صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کی روایتوں سے پتہ چلتا ہے کہ آپ ﷺ کی مبارک آنکھیں انتہائی پرکشش، خوب سیاہ، جاذبِ نظر اور حسن و جمال کا بے مثال مُرقّع تھیں۔ حضور ﷺ کی آنکھیں قدرتی طور پر **''سُرمگیں''** تھیں، جو بھی اُن چشمانِ مقدسہ کو دیکھتا وہ یہ سمجھتا کہ حضور ﷺ آنکھوں میں ابھی ابھی سرمے کی سلائی ڈال کر آئے ہیں۔ حضرت سیدنا جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

✪ میں جب بھی آقائے کریم ﷺ کی مبارک آنکھوں کا نظارہ کرتا تو اُن میں سرمہ لگا ہونے کا گمان کرتا، حالاں کہ اُس وقت حضور ﷺ سرمہ لگائے ہوئے نہ ہوتے۔[1]

## چھٹی فصل — معمولاتِ اہلِ سنت و جماعت — تفہیم

### شبِ براءت کے معمولات کا جواز

**سوال:** **''شبِ براءت''** کسے کہتے ہیں اور اِس کے **''معمولات''** کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

**جواب:** شعبان المعظم کی پندرہویں شب کو **''شَبِ بَرَاءَتْ''** کہتے ہیں۔ اِس رات اللہ عزجل اپنے بندوں کی جانب خاص توجہ فرما کر بے شمار گناہ گاروں کو دوزخ سے نجات کا پروانہ عطا فرماتا ہے۔ نجات ہی کو دوسرے لفظوں میں **''بَرَاءَتْ''** کہتے ہیں۔ اِس لیے اِس رات کو **''شَبِ بَرَاءَتْ''** [نجات کی رات] کہا جاتا ہے۔

✪ اِس مبارک شب میں **''تلاوتِ قرآن کرنا، نفلی عبادات کا اہتمام کرنا، قضائے عمری پڑھنا، اذکار و وظائف کرنا، قبرستان جانا، حلوہ یا کوئی میٹھی چیز بنا کر فاتحہ دلانا''** خوش عقیدہ سنی مسلمانوں کے **''معمولات''** میں داخل ہیں۔ بلا شبہ یہ سارے کام نیک اور بڑے اجر و ثواب کا باعث ہیں۔ قدیم زمانے سے مسلمان اِن پر عمل کرتے رہے ہیں۔

**سوال:** اِس مبارک شب کی **''فضیلت و اہمیت''** پر روشنی ڈالیے!

**جواب:** متعدد احادیثِ کریمہ سے اِس شب کی فضیلت ثابت ہے۔ چند روایات ملاحظہ فرمائیں:

---

[1] الجامع للامام الترمذی، ابواب المناقب، رقم الحدیث: ۳۶۴۵

حضرت علی شیرِ خدا رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ اللہ کے رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا:

- جب شعبان کی پندرہویں رات آئے تو رات کو جاگا کرو! اور اُس کے دن میں روزہ رکھو۔ جب سورج غروب ہوتا ہے تو اُس وقت سے اللہ تعالیٰ آسمانِ دنیا کی جانب نزولِ رحمت فرماتا ہے اور اعلان کرتا ہے کہ ”ہے کوئی مغفرت طلب کرنے والا؛ تاکہ میں اُسے بخش دوں، ہے کوئی رزق طلب کرنے والا؛ تاکہ میں اُسے رزق دوں، ہے کوئی مصیبتوں کا مارا؛ تاکہ میں اس کو اس سے نجات دوں“۔ یہ اعلان طلوعِ فجر تک ہوتا رہتا ہے۔ [1]

اُمُّ المومنین حضرت سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں:

- ایک رات میں نے آقائے دوعالم ﷺ کو اپنے بستر پر نہ پایا تو میں حضور ﷺ کی تلاش میں نکلی۔ میں نے سیدِ عالم ﷺ کو جنۃ البقیع میں پایا۔ مجھے دیکھ کر حضور رحمتِ عالم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نصفِ شعبان کی رات کو آسمانِ دنیا کی جانب نزولِ رحمت فرماتا ہے اور قبیلۂ بنی کلب کی بکریوں کے بالوں سے بھی زیادہ [یعنی بے شمار] لوگوں کو بخش دیتا ہے۔ [2]
- اِن دونوں روایتوں سے اِس شب میں ”توبہ واستغفار کرنا، رو رو کر دعائیں مانگنا، اپنے گناہوں پر ندامت کے آنسو بہانا، نفلی عبادات کا اہتمام کرنا، شب کے بعد آنے والے دن میں روزہ رکھنا“ ثابت ہوا۔ اِسی لیے مسلمان اِس رات میں اِن چیزوں کو بجالاتے ہیں۔ فالحمد للہ علی ذٰلك۔

**سوال:** شبِ براءت کا ”حلوا“ کہاں سے ثابت ہے؟

**جواب:** بخاری شریف کی حدیث سے ثابت ہے۔ ام المومنین حضرت سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ کو حلوا اور شہد بہت پسند تھا۔ [3]

- چوں کہ ہمارے آقا ﷺ کو میٹھی چیزیں بہت پسند تھیں، اِس لیے مسلمانوں نے اِس مبارک شب میں حلوا بنانا شروع کر دیا۔ لہٰذا حلوا بنا کر فاتحہ دلانا پھر دوست واحباب اور فقرا ومساکین کو کھلانا، سب جائز و درست؛ بلکہ کارِ ثواب ہے۔ نہ ہم اِسے واجب کہتے ہیں نہ حرام۔ جس کی مرضی ہو پکائے جس کی مرضی نہ ہو نہ بنائے؛ مگر اِسے ناجائز وحرام کہنا دین میں زیادتی اور بہت بڑی جسارت ہے؛ کہ جسے اللہ ورسول نے حرام نہیں کیا کسی کو کیا حق پہنچتا ہے کہ اُسے حرام کہے۔

---

[1] السنن للامام ابن ماجہ، کتاب اقامۃ الصلاۃ، باب ماجآء فی لیلۃ النصف من شعبان، رقم الحدیث: ۱۳۸۸

[2] الجامع للامام الترمذی، کتاب الصوم، باب ماجآء فی لیلۃ النصف من شعبان، رقم الحدیث: ۷۳۹

[3] الصحیح للامام بخاری، باب الحلواء والعسل، رقم الحدیث: ۵۴۳۱

ساتویں فصل — حمدِ پاک ونعتِ اقدس — تحفیظ

## حمدِ باریِ تعالیٰ

اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ
قلب کو اُس کی رویت کی ہے آرزو
بلکہ خود نفس میں ہے وہ سُبْحَانَہٗ

اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ
جس کا جلوہ ہے عالم میں ہر چار سُو
عرش پر ہے مگر عرش کو جستجو

اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ
عرش و فرش و زَمان و جہت اے خدا!
ذرّے ذرّے کی آنکھوں میں تو ہی ضیا

اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ
جس طرف دیکھتا ہوں ہے جلوہ تِرا
قطرے قطرے کی تُو ہی تُو ہے آبرو

اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ
سارے عالَم کو ہے تیری ہی جستجو
یاد میں تیری ہر ایک ہے کُو بکُو

اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ
جن و اِنس و مَلَک کو تری آرزو
بَن میں وَحشی لگاتے ہیں ضَرباتِ ھُوْ

اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ
طائرانِ جِناں میں تری گفتگو
کوئی کہتا ہے حَقّ کوئی کہتا ہے ھُوْ

اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ
گیت تیرے ہی گاتے ہیں وہ خوش گلُو
اور سب کہتے ہیں لَا شَرِیْکَ لَہٗ

اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ
ٹھنڈی ٹھنڈی نسیمیں چلیں میرے رب!
ایسا برسا بہا دے جو خاشاک سب

اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ
فتنوں کی دھول سے پاک ہووے عرب
تیری رحمت کے بادل گھریں چار سُو

اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ
خوابِ نوریؔ میں آئیں جو نورِ خدا
جگمگا اُٹھے دِل چہرہ ہو پُر ضیا

اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ
بُقْعَۂ نور ہو اپنا ظلمت کدا
نُورِیوں کی طرح شُغل ہو ذکرِ ھُوْ

# نعتِ پاک

## خدا چاہتا ہے رضائے محمد ﷺ

زَہے عزت و اِعتلائے محمد ‏ ‏ کہ ہے عرشِ حق زیرِ پائے محمد ﷺ
مکاں عرش اُن کا فلک فرش اُن کا ‏ ‏ مَلَک خَادِمانِ سَرَائے محمد ﷺ
خدا کی رَضا چاہتے ہیں دو عالَم ‏ ‏ خدا چاہتا ہے رَضائے محمد ﷺ
عَجَب کیا اگر رَحم فرمائے ہم پر ‏ ‏ خدائے محمد برائے محمد ﷺ
محمد! برائے جنابِ اِلٰہی ‏ ‏ جنابِ اِلٰہی ! برائے محمد ﷺ
دمِ نَزع جاری ہو میری زباں پر ‏ ‏ محمد محمد خدائے محمد ﷺ
عصائے کلیم اَژدہائے غضب تھا ‏ ‏ گِروں کا سہارا عصائے محمد ﷺ
خدا اُن کو کس پیار سے دیکھتا ہے ‏ ‏ جو آنکھیں ہیں مَحوِ لِقائے محمد ﷺ
رِضا! پل سے اَب وَجد کرتے گُزریے ‏ ‏ کہ ہے ربِّ! سَلِّم صَدائے محمد ﷺ

## رشتے داری نبھانے کی اہمیت

عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: لَيْسَ الْوَاصِلُ بِالْمُكَافِئِ وَلٰكِنَّ الْوَاصِلَ الَّذِيْ إِذَا انْقَطَعَتْ رَحِمُهٗ وَصَلَهَا۔

[الجامع للامام الترمذی، باب ماجاء فی صلۃ الرحم، رقم الحدیث: ۲۰۳۲]

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمرو سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: صلہ رحمی کرنے والا وہ نہیں جو بدلہ چکائے؛ بلکہ حقیقی رشتہ جوڑنے والا وہ ہوتا ہے کہ جس کے ساتھ رشتہ توڑا جائے؛ مگر وہ رشتے داری نبھائے۔

# ساتواں سبق

## پہلی فصل — تفہیم
## ایمانیات: ایمان سے متعلق باتیں

**سوال:** کیا بروزِ قیامت حضور ﷺ کے علاوہ **"دیگر حضرات کو بھی شفاعت کرنے کی"** اجازت ہوگی؟

**جواب:** جی ہاں : بابِ شفاعت کھل جانے کے بعد، حضراتِ انبیاے کرام و مرسلینِ عظام صلوات اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین، صدیقین، شہدا، صالحین، حُجّاج، علما، حُفّاظ وغیرہم بھی شفاعت فرمائیں گے، یہاں تک کہ علما کے پاس لوگ آ کر عرض کریں گے:

- **ہم نے آپ کے وضو کے لیے فلاں وقت میں پانی بھر دیا تھا۔**

  کوئی یہ کہے گا:

- **میں نے آپ کو استنجا کے لیے ڈھیلہ دیا تھا۔** علما ایسے لوگوں کی بھی شفاعت کریں گے۔[1]

**سوال:** وہ کون خوش نصیب ہیں، جنھیں قیامت کے دن **"عرشِ الٰہی"** کا سایہ نصیب ہوگا؟

**جواب:** جامع ترمذی شریف کے اندر "سات" طرح کے لوگوں کا ذکر آیا ہے، جنھیں بروزِ قیامت **"عرشِ الٰہی کا سایہ نصیب ہوگا"** اور وہ محشر کی سخت گرمی سے محفوظ رہیں گے۔ حدیثِ پاک کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں:

- حضرت سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور رحمتِ دو جہاں ﷺ نے فرمایا: سات لوگ ایسے ہیں جنھیں اللہ عزوجل اُس [قیامت کے] دن اپنے عرش کے سایہ میں رکھے گا، جس دن اُس کے عرش کے سایے کے سوا کوئی سایہ نہ ہوگا۔
- انصاف کرنے والا مومن بادشاہ۔
- وہ نوجوان جس کی نشو و نما اللہ عزوجل کی عبادت میں ہوئی ہو۔
- وہ شخص جو مسجد سے نکلے تو دوبارہ آنے تک اُس کا دل مسجد میں اٹکا رہے۔
- وہ دو مسلمان جنھوں نے اللہ عزوجل کے لیے آپس میں محبت کی، اللہ کی محبت کے سبب جمع ہوئے اور اُسی کی محبت کے ساتھ جدا ہوئے۔
- وہ بندۂ مومن جس نے تنہائی میں اللہ عزوجل کو یاد کیا تو اُس کی آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے۔
- وہ نوجوان جس کو حسب و نسب والی کسی خوب صورت لڑکی نے گناہ [زنا] کی طرف بلایا؛ مگر اُس نے یہ کہہ

---

[1] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصہ اول، معاد و حشر کا بیان

کر اُس کی دعوت ٹھکرا دی کہ میں اللہ عزوجل سے ڈرتا ہوں۔

- وہ شخص جس نے راہِ خدا میں صدقہ کیا تو اُسے اس طرح چھپایا کہ اُس کے بائیں ہاتھ کو بھی معلوم نہ ہو سکا کہ اُس کے دائیں ہاتھ نے کیا دیا۔[1]

**سوال:** کیا اِن سات خوش نصیبوں کے علاوہ بھی ''کچھ لوگ گرمیِ محشر سے محفوظ رہیں گے''؟

**جواب:** آقائے دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم نے متعدد احادیثِ کریمہ میں مختلف قسم کی نیکی کرنے والوں کو بھی یہ بشارت دی ہے۔ صرف ایک روایت ملاحظہ فرمائی:

- جس شخص میں تین خوبیاں ہوں گی، اللہ تعالیٰ اُسے عرش کے سایے تلے جگہ عنایت فرمائے گا، جب کہ اُس دن صرف اُسی کے عرش کا سایہ ہوگا[۱] پریشانی کے وقت مکمل وضو کرنا[۲] اندھیرے میں چل کر مسجد کی طرف جانا[۳] بھوکے کو کھانا کھلانا۔

## دوسری فصل — فقہیات: فقہی مسائل — تفہیم

**سوال:** ''نمازِ جنازہ'' کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

**جواب:** ''نمازِ جنازہ'' فرضِ کفایہ ہے یعنی کسی ایک مسلمان نے بھی پڑھ لی تو سب بری الذمہ ہو گئے اور اگر کسی نے نہیں پڑھی تو جان کاری رکھنے والے تمام لوگ گناہ گار ہوں گے۔

**سوال:** ''نمازِ جنازہ'' کے شرائط بیان کریں!

**جواب:** ''نمازِ جنازہ'' میں دو طرح کی شرطیں ہیں۔ [۱] نمازی سے متعلق۔ [۲] میت سے متعلق۔

**نمازی سے متعلق شرائط:** [۱] طہارت [۲] سترِ عورت [۳] استقبالِ قبلہ [۴] نیت۔

**میت سے متعلق شرائط:** [۱] میت کا مسلمان ہونا [۲] میت کے بدن اور کفن کا پاک ہونا۔ [۳] جنازے کا وہاں موجود ہونا۔ [۴] جنازے کا زمین پر ہونا۔ [۵] جنازے کا آگے کی جانب ہونا۔ [۶] میت کا امام کے چہرے کے مُقابِل ہونا۔

**سوال:** ''نمازِ جنازہ'' کے ''ارکان'' اور ''سنتیں'' بیان کریں!

**جواب:** ''نمازِ جنازہ'' میں دو رکن ہیں: [۱] چار بار ''اَللّٰہُ اَکْبَر'' کہنا [۲] قیام۔ اور تین چیزیں ''سنتِ مؤکدہ'' ہیں: [۱] اللہ عزوجل کی حمد وثنا کرنا۔ [۲] نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درودِ پاک پڑھنا۔ [۳] میت کے لیے دعا کرنا۔

**سوال:** ''نمازِ جنازہ'' پڑھنے کا طریقہ بیان کر دیں!

**جواب:** جی! ملاحظہ فرمائیں:

---

[1] الجامع للامام الترمذی، باب ماجاء فی الحب فی اللہ، رقم الحدیث: ۲۵۶۸

- دِل میں نمازِ جنازہ کی نیت کرکے، کانوں تک ہاتھ اُٹھا کر، اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہتے ہوئے، ناف کے نیچے باندھ لیں۔ اب ثنا پڑھیں۔ ثنا میں وَلَآ اِلٰہَ غَیْرُكَ سے پہلے "وَجَلَّ ثَنَآءُكَ" کا اضافہ کریں۔ پھر بغیر ہاتھ اٹھائے اَللّٰہُ اَکْبَر کہیں اور درودِ ابراہیمی پڑھیں۔ اس کے بعد اَللّٰہُ اَکْبَر کہیں اور یہ دعا پڑھیں!
- اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِحَیِّنَا وَ مَیِّتِنَا وَ شَاھِدِنَا وَ غَآئِبِنَا وَ صَغِیْرِنَا وَ کَبِیْرِنَا وَ ذَکَرِنَا وَ اُنْثَانَا۔ اَللّٰھُمَّ مَنْ اَحْیَیْتَہٗ مِنَّا فَأَحْیِہٖ عَلَی الْاِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّیْتَہٗ مِنَّا فَتَوَفَّہٗ عَلَی الْاِیْمَانِ۔

ترجمہ: اے اللہ! تو ہمارے زندہ و مردہ، حاضر و غائب، صغیر و کبیر اور مذکر و مؤنث کو بخش دے۔ اے اللہ! تو ہم میں سے جسے بھی زندہ رکھ اُسے اسلام پر زندہ رکھ اور ہم میں سے جسے وفات دے اُسے ایمان پر وفات دے۔

- اگر میت مجنون یا نابالغ ہو تو تیسری تکبیر کے بعد یہ دعا پڑھیں! اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ لَنَا فَرَطًا وَّ اجْعَلْہُ لَنَآ أَجْرًا وَّ ذُخْرًا وَّاجْعَلْہُ لَنَا شَافِعًا وَّ مُشَفَّعًا۔ اگر لڑکی ہو تو "اِجْعَلْھَا" اور "شَافِعَةً وَّ مُشَفَّعَةً" کہیں! اب چوتھی تکبیر کہیں اور بغیر کوئی دعا پڑھے ہاتھ کھول کر سلام پھیر دیں۔

**سوال:** جنازہ سے متعلق کچھ اہم مسائل سے آگاہ کریں!

**جواب:** جی! ملاحظہ فرمائیں:

- مسلمان کا بچہ زندہ پیدا ہو تو اُسے غسل اور کفن دیں گے اور اُس کی نمازِ جنازہ بھی پڑھی جائے گی۔
- اگر بچہ مردہ پیدا ہو تو اُسے ویسے ہی نہلا کر ایک کپڑے میں لپیٹ کر دفن کر دیں گے۔
- بچہ زندہ ہو یا مردہ بہر حال اُس کا نام رکھا جائے گا اور قیامت کے دن اُس کا حشر بھی ہوگا۔
- تدفین میں شرکت کریں اور میت کے سرہانے کی جانب دونوں ہاتھوں سے تین بار مٹی ڈالیں۔ پہلی بار میں: مِنْھَا خَلَقْنٰکُمْ۔ دوسری بار میں: وَفِیْھَا نُعِیْدُکُمْ اور تیسری بار میں: وَمِنْھَا نُخْرِجُکُمْ تَارَۃً اُخْرٰی، کہیں۔[1]

## تیسری فصل — اَخلاقیات: اسلامی اخلاق و آداب — تفہیم

**سوال:** "اِخلاص" کا معنیٰ بیان کرتے ہوئے اِس کی شرعی حیثیت واضح کریں!

**جواب:** "اخلاص" یہ ہے کہ ریاکاری اور دکھاوے کے بغیر محض اللہ عزوجل کی رضا کے لیے کوئی اچھا کام کیا جائے۔ ہر نیک کام میں "اخلاص" بہت ضروری ہے، بغیر "اخلاص" کے کوئی بھی عمل رب تعالیٰ کی بارگاہ میں مقبول نہیں ہوتا۔

**سوال:** "اخلاص" سے متعلق حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے کچھ ارشادات سنائیے!

**جواب:** جی! ملاحظہ فرمائیں:

[1] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصۂ چہارم، نمازِ جنازہ کا بیان

- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو! اللہ کے لیے "اخلاص" کے ساتھ عمل کرو؛ کیوں کہ اللہ عزوجل وہی اعمال[ کام ] قبول فرماتا ہے جو "اخلاص" کے ساتھ، اُس کی رضا کے لیے کیے جاتے ہیں۔[1]
- رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو مومن دنیا سے اِس حال میں گیا کہ وہ اپنے تمام کاموں میں اللہ کے لیے مخلص تھا اور نماز و روزے کی پابندی کرتا تھا تو اللہ اُس سے راضی ہے۔[2]

سوال: "رِیا" کسے کہتے ہیں؟

جواب: "رِیا" سے مراد یہ ہے کہ نیک کاموں کے ذریعے لوگوں سے اپنی عزت و شہرت کی خواہش کی جائے ،یعنی اِس لیے اچھے کام کیے جائیں کہ لوگوں میں "واہ واہی" ہو۔ جس کے اندر ریا ہو اسے "ریاکار" کہتے ہیں۔

سوال: کیا "ریاکار" اپنے اعمالِ صالحہ کا ثواب پاتا ہے؟

جواب: "ریاکار" کی عبادت اور اُس کے تمام اَعمال ضائع ہوجاتے ہیں۔ اللہ عزوجل نے قرآنِ مجید میں فرمایا:

- يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى كَالَّذِيْ يُنْفِقُ مَالَهٗ رِئَآءَ النَّاسِ[3]

ترجمہ: اے ایمان والو! احسان جتلا کر اور تکلیف پہنچا کر اپنے صدقے باطل نہ کرو، اُس کی طرح جو اپنا مال لوگوں کے دکھاوے کے لیے دیتا ہے۔

سوال: کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ریاکاری کو "شرکِ اصغر" کہا ہے؟

جواب: جی ہاں! ہمارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

- تمھارے بارے میں جس چیز سے مَیں ڈرتا ہوں وہ "شرکِ اصغر" ہے۔ صحابۂ کرام نے عرض کیا : یارسول اللہ! شرکِ اصغر کیا چیز ہے؟ فرمایا : ریاکاری۔ یعنی لوگوں کے دکھاوے کے لیے کام کرنا۔[4]

سوال: "ریاکاری" کا حکم اور اِس کے چند نقصان بیان فرمائیں!

جواب: "ریاکاری" حرام و ناجائز ہے، اِس کے بے شمار نقصانوں میں سے چند یہ ہیں:

- رِیا سے نیکیاں برباد ہوجاتی ہیں، اِس سے دل سیاہ ہوجاتا ہے، ریاکار شرکِ اصغر میں مبتلا ہوتا ہے۔
- رِیاکار میدانِ محشر میں سب کے سامنے ذلیل و رسوا کیا جائے گا۔

---

[1] ملخصاً من السنن للامام الدارقطنی، کتاب الطہارۃ، باب النیۃ، رقم الحدیث: ۱۳۰
[3] سورۂ بقرہ، آیت نمبر: ۲۶۴
[2] المستدرک، باب خطبۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم، رقم الحدیث: ۳۳۳۰
[4] مشکاۃ المصابیح، ص: ۴۵۶

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم ﷺ — تفہیم

**سوال:** جنگِ بدر کے ''اَسْبَاب'' پر روشنی ڈالیے!

**جواب:** جب حضور ﷺ اپنے جاں نثار غلاموں کے ساتھ مدینۂ منورہ تشریف لے آئے تو اسلام تیزی کے ساتھ ترقی کرنے لگا اور اس کی کرنیں دور دور تک پہنچنے لگیں۔ اِس سے کافروں کو سخت تکلیف ہوئی اور وہ اسلام کو مٹانے کے لیے طرح طرح کے منصوبے تیار کرنے لگے۔ دنیا کی واحد اسلامی ریاست کے خاتمے کے لیے قریش نے جنگ کی تیاری شروع کی اور یہ فیصلہ کیا کہ ''اِس سال ملکِ شام جانے والے تجارتی قافلے سے حاصل ہونے والی تمام دولت کو اسلام کے خاتمے کے لیے خرچ کیا جائے گا''۔

- اِسی عزمِ مُحکم کے ساتھ انھوں نے ابوسفیان کی قیادت میں ایک بڑا قافلہ ملکِ شام کی جانب روانہ کیا۔ واپسی پر ابوسفیان کو مسلمانوں سے خطرہ محسوس ہوا اور اُس نے کفارِ مکہ تک مسلمانوں کے ممکنہ حملے کی خبر پہنچائی۔ خبر پاتے ہی اہلِ مکہ اپنے قافلے کی حفاظت کے لیے پوری تیاری کے ساتھ نکلے۔ راستے میں معلوم ہوا کہ قافلہ مسلمانوں سے محفوظ ہے؛ مگر وہ طاقت کے نشے میں چور تھے۔ بولے: اب مسلمانوں کو صفحۂ ہستی سے مٹا کر ہی دم لیں گے اور میدانِ بدر میں پہنچ کر خیمہ زن ہو گئے۔

**سوال:** جب حضور ﷺ کو کفارِ مکہ کی ''تیاریوں'' کی خبر ملی تو آپ نے کیا کیا؟

**جواب:** جب آقائے دوعالَم ﷺ کو اطلاع ملی تو آپ نے صحابۂ کرام کو جمع فرما کر اُنھیں صورتِ حال سے آگاہ کیا۔ اُس وقت حضرت سیدنا صدیقِ اکبر اور حضرتِ سیدنا عمر فاروقِ اعظم کے ساتھ دیگر مہاجرین نے بھی بڑے جوش وخروش کا اظہار کیا؛ مگر حضور ﷺ انصار کے جذبات دیکھنا چاہتے تھے۔ اپنے آقا ﷺ کی منشا سمجھ کر انصار میں سے قبیلۂ خزرج کے سردار حضرت سعد بن عُبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پکار اُٹھے:

- **یارسولَ اللہ!** ہم پوری جاں نثاری کا ثبوت دیں گے، اگر آپ کا حکم ہوگا تو ہم سمندر میں بھی کود پڑیں گے۔

اِسی طرح انصار کے ایک دوسرے مُعزَّز سردار حضرت مقداد بن اسود رضی اللہ عنہ نے بھی جذبۂ فدویَّت کا اِظہار کرتے ہوئے کہا:

- **یارسولَ اللہ!** ہم حضرتِ موسیٰ علیہ السلام کی قوم کی طرح یہ نہیں کہیں گے کہ ''**آپ اور آپ کا خدا جا کر لڑیں**''۔ بلکہ ہم لوگ آپ کے دائیں، بائیں، آگے اور پیچھے سے دشمنوں کا مقابلہ کریں گے۔ انصار کے اِن دونوں سرداروں کے جاں نثارانہ جذبات دیکھ کر آقائے دوعالَم ﷺ کا رُخِ زیبا خوشی سے چمک اُٹھا۔[1]

---

[1] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: از ۱۶۹ تا ۱۷۱

سوال: میدانِ بدر میں ''آنے کے بعد'' حضور ﷺ نے کیا ''تدبیر'' اِختیار فرمائی؟

جواب: حضور ﷺ نے ٦٦/مہاجرین اور ٢٤٠/انصار کے ساتھ، ماہِ رمضان ٢/ہجری میں میدانِ بدر میں نزول فرما کر ایسی جگہ پڑاؤ ڈالا جہاں نہ کوئی کنواں تھا نہ چشمہ؛ لیکن پھر بعض صحابۂ کرام کے مشورے سے دوسری جگہ پڑاؤ ڈال کر پانی کے چشموں پر قبضہ فرمالیا۔ خدا کے کرم سے بارش بھی ہونے لگی جس سے ایک طرف میدانِ بدر کی ریت جم گئی اور مسلمانوں کے لیے چلنا پھرنا آسان ہوگیا تو دوسری طرف کافروں کی زمین پر کیچڑ ہوگئی جس نے اُنھیں سخت پریشانیوں میں مبتلا کردیا۔

- ١٧/رمضان کی شب جمعہ کو آقائے دوعالَم ﷺ صبح تک خداوندِ عالَم کی بارگاہ میں دعا کرتے رہے۔ صبح نمودار ہوئی تو آپ ﷺ نے تمام مجاہدین کو نمازِ فجر کے لیے بیدار کیا۔ نماز سے فارغ ہوکر، آیاتِ جہاد کی روشنی میں اُن کے سامنے ایسا ولولہ انگیز خطاب فرمایا کہ مجاہدینِ اسلام کی رگوں کے خون کا قطرہ قطرہ جوش وخروش کا سمندر بن کر طوفانی موجیں مارنے لگا اور وہ سب جنگ کی تیاریاں کرنے لگے۔[1]

## پانچویں فصل — حسن و جمالِ مصطفیٰ ﷺ — تفہیم

سوال: تاجدارِ انبیا ﷺ کی ''بِینِیِ اَقدَس'' [مبارک ناک] کیسی تھی؟

جواب: حضور رحمتِ عالم ﷺ کی ''مبارک ناک'' انتہائی حسین وجمیل اور بلند تھی، اُس پر ایک نور چمکتا تھا۔ بغور نہ دیکھنے سے محسوس ہوتا کہ حضور ﷺ کی مبارک ناک کافی اونچی ہے، حالاں کہ وہ زیادہ اونچی نہ تھی؛ مگر جلوہ فگن ہونے والے نور کی وجہ سے وہ کچھ اونچی دکھائی دیتی تھی۔[2]

- حضرت سیدنا ہند بن ہالہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضور ﷺ کی مبارک ناک کچھ اونچی تھی، جس سے نور کی شعائیں پھوٹتی رہتی تھیں۔ جو شخص بینیِ مبارک کو غور سے نہ دیکھتا وہ حضور ﷺ کو بلند ناک والا تصور کرتا [حالاں کہ ایسا نہ تھا]۔[3]

نیچی آنکھوں کی شرم و حیا پر درود — اونچی بینی کی رِفعت پہ لاکھوں سلام

سوال: ہمارے نبی ﷺ کے ''رخسارِ روشن'' کو بیان کریے!

جواب: حضور ﷺ کے ''مبارک رخسار'' نہ زیادہ اُبھرے ہوئے تھے اور نہ اندر کی طرف دھنسے ہوئے؛ بلکہ تو اُن کا دل کش نمونہ تھے، جن کی چمک ایسی کہ چاند بھی شرما جائے، رنگت ایسی کہ گلاب کے پھولوں کو بھی دیکھ کر پسینہ آجائے۔

سبحان اللہ!

---

[1] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ١٧٥
[2] شمائلِ محمدیہ، ص: ٢١، رقم الحدیث: ٧
[3] الخصائص الکبریٰ، ج: ١، ص: ١٣٠

حضرت سیدنا ہند بن ہالہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ سَهْلَ الْخَدَّيْنِ۔[1]

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ کے رخسارِ روشن ہموار تھے۔

اُن کے خَد کے سہولت پہ بے حد درود　　　اُن کے قَد کی رَشاقت پہ لاکھوں سلام

**سوال:** سیدِ عالم ﷺ کے "لَبِ اَقدَس" [پاکیزہ ہونٹ] پر روشنی ڈالیے!

**جواب:** حضور رحمتِ عالم ﷺ کے "لبِ اقدس" انتہائی حسین، سرخی مائل تھے، نزاکت اور دل کشی میں اپنی مثال آپ تھے۔

حضرت علامہ یوسف نبہانی رحمۃ اللہ علیہ "انوارِ محمدیہ" میں فرماتے ہیں:

حضور ﷺ کے "مقدس لب" اللہ کے تمام بندوں سے بڑھ کر خوب صورت تھے اور بوقتِ سکوت [خاموشی] انتہائی لطیف محسوس ہوتے تھے۔

پتلی پتلی گلِ قدس کی پتیاں　　　اُن لبوں کی نزاکت پہ لاکھوں سلام

**سوال:** حضور ﷺ کے "دندانِ اقدس" [مقدس دانت] کیسے تھے؟

**جواب:** حضور ﷺ کے "دندانِ مبارک" باریک اور خوب چمک دار تھے۔ سامنے کے دندانِ مبارک میں تھوڑا سا فاصلہ تھا، جب تبسّم فرماتے تو یوں لگتا کہ اُس سے نور کی شعائیں نکل رہی ہیں۔

حضرت سیدنا عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں:

حضور ﷺ کے سامنے کے دانتوں کے درمیان موزوں فاصلہ تھا، جب گفتگو فرماتے تو اُس فاصلے سے نور کی شعائیں نکلتی دکھائی دیتیں۔[2]

## چھٹی فصل — معمولاتِ اہلِ سنت وجماعت — تفہیم

### عبد النبی اور عبد الرسول نام رکھنا کیسا؟

**سوال:** "عَبْدُ النَّبِیِّ، عَبْدُ الرَّسُوْلِ" اور "عَبْدُ الْعَلِیِّ" نام رکھنا کیسا ہے؟ بدمذہب اِسے ناجائز؛ بلکہ شِرک تک کہتے ہیں۔

**جواب:** اِس طرح کے نام رکھنا اور اپنے آپ کو حضور ﷺ کا عبد [غلام] کہنا جائز و درست اور بے شمار برکتوں کا باعث ہے قرآنِ مجید، اَحادیثِ کریمہ اور فقہاے کرام کے مبارک اقوال سے ثابت ہے۔ جو لوگ اِیسے ناموں سے منع کرتے ہیں، اُن سے دلیل کا مطالبہ کیا جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ یہ نادان دلیل پیش کرنے سے قیامت تک عاجز رہیں گے۔

---

[1] البدایہ والنہایہ، ج:۶، ص:۱۷

[2] السنن للامام الدارمی، ج:۱، باب فی حسن النبی، رقم الحدیث:۵۸

**سوال:** اِن ناموں کے ثبوت میں ''چند دلیلیں'' پیش فرمائیں!

**جواب:** جی! ملاحظہ فرمائیں:

اللہ ربُّ العزت نے قرآنِ مجید میں اپنے محبوب ﷺ سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا:

- قُلۡ یٰعِبَادِیَ الَّذِیۡنَ اَسۡرَفُوۡا عَلٰۤی اَنۡفُسِهِمۡ لَا تَقۡنَطُوۡا مِنۡ رَّحۡمَةِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ یَغۡفِرُ الذُّنُوۡبَ جَمِیۡعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ الۡغَفُوۡرُ الرَّحِیۡمُ ۔[1]

ترجمہ: اے حبیبِ مکرم! آپ کہہ دیجیے! اے میرے وہ بندو! جنھوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا، تم اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو، بے شک اللہ تمام گناہوں کو معاف فرما دیتا ہے، بے شک اللہ ہی بخشنے والا مہربان ہے۔

اِس آیتِ کریمہ میں خود اللہ عزوجل نے اپنے حبیب کے امتیوں کو اُن کا ''عبد'' یعنی بندہ وغلام قرار دیا۔ بہت سے بزرگانِ دین نے آیتِ کریمہ کے اِسی معنیٰ کو اختیار فرمایا ہے۔ لہذا ثابت ہوا کہ مسلمان اپنا یا اپنی اولاد کا نام ''عبد النبی'' یا ''عبد الرسول'' رکھ سکتے ہیں۔

- صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین بطورِ فخر و ناز خود کو حضور ﷺ کی جانب منسوب کرتے اور خود کو اُن کا ''بندہ وغلام'' قرار دیتے تھے۔ چناں چہ حضرت سیدنا عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے برسرِ منبر خطبے میں ارشاد فرمایا:

قَدْ كُنْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَكُنْتُ عَبْدَهٗ وَ خَادِمَهٗ ۔[2]

ترجمہ: میں حضور ﷺ کے ساتھ تھا، پس مَیں حضور ﷺ کا ''بندہ'' اور ''خادم'' تھا۔

- ہمارا یہ عمل اُن کی کتابوں سے بھی ثابت ہے جو اِس سے منع کرتے ہیں۔ چناں چہ تمام بدمذہبوں کے پیشوا مولوی رشید احمد گنگوہی کے استاذ حاجی امداد اللہ مہاجر مکی فرماتے ہیں: عِبَادُ الله اور عِبَادُ الرسول کہہ سکتے ہیں، چناں چہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: قل یعبادی ... ضمیر متکلم کا مرجع آں حضرت ﷺ ہیں۔[3]
- اِسی لیے ہم سب کے امام، سرکار اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ نے بطورِ صد فخر و ناز فرمایا:

خوف نہ رکھ رضا ذرا تُو تو ہے ''عبدِ مصطفیٰ'' تیرے لیے اَمان ہے تیرے لیے اَمان ہے

---

[1] سورۂ زمر، آیت نمبر: ۵۳ [2] الریاض النضرۃ، ج: ۲، ص: ۲۶۸

[3] نفحۂ مکیہ ترجمہ شمائم امدادیہ، ص: ۵-۱۳۔ بحوالہ جاء الحق، حصہ اول، ص: ۳۷۴

## ساتویں فصل — سُوَرِ قُرآنِ کَرِیم — تحفیظ

### سُوۡرَۃُ الۡعَلَقِ مَکِّیَّۃٌ وَّھِیَ تِسۡعَ عَشۡرَۃَ آیَۃً

سورۂ علق مکی ہے، اِس میں انیس آیتیں ہیں

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا

اِقۡرَاۡ بِاسۡمِ رَبِّکَ الَّذِیۡ خَلَقَ ۞ خَلَقَ الۡاِنۡسَانَ مِنۡ عَلَقٍ ۞ اِقۡرَاۡ وَ رَبُّکَ الۡاَکۡرَمُ ۞

اپنے رب کے نام سے پڑھیے، جس نے پیدا کیا ہے ۞ اُس نے انسان کو جمے ہوئے خون سے پیدا کیا ۞ پڑھیے! اور آپ کا رب ہی سب سے زیادہ کریم ہے ۞

الَّذِیۡ عَلَّمَ بِالۡقَلَمِ ۞ عَلَّمَ الۡاِنۡسَانَ مَا لَمۡ یَعۡلَمۡ ۞ کَلَّاۤ اِنَّ الۡاِنۡسَانَ لَیَطۡغٰۤی ۞

جس نے قلم سے لکھنا سکھایا ۞ انسان کو وہ سکھایا جس کو وہ نہیں جانتا تھا ۞ بے شک انسان ضرور سرکشی کرتا ہے ۞

اَنۡ رَّاٰہُ اسۡتَغۡنٰی ۞ اِنَّ اِلٰی رَبِّکَ الرُّجۡعٰی ۞ اَرَءَیۡتَ الَّذِیۡ یَنۡہٰی ۞

اُس نے اپنے آپ کو بے نیاز سمجھ لیا ہے ۞ بے شک آپ کے رب کی طرف ہی لَوٹنا ہے ۞ کیا آپ نے اُس کو دیکھا جو منع کرتا ہے ۞

عَبۡدًا اِذَا صَلّٰی ۞ اَرَءَیۡتَ اِنۡ کَانَ عَلَی الۡہُدٰۤی ۞ اَوۡ اَمَرَ بِالتَّقۡوٰی ۞

ہمارے بندے کو جب وہ نماز پڑھے ۞ آپ بتائیں! اگر وہ منع کرنے والا ہدایت پر ہوتا ۞ یا وہ اللہ سے ڈرنے کا حکم دیتا ۞

اَرَءَیۡتَ اِنۡ کَذَّبَ وَ تَوَلّٰی ۞ اَلَمۡ یَعۡلَمۡ بِاَنَّ اللّٰہَ یَرٰی ۞ کَلَّا لَئِنۡ لَّمۡ یَنۡتَہِ ۬ۙ لَنَسۡفَعًۢا بِالنَّاصِیَۃِ ۞

آپ بتائیں! اگر وہ حق کی تکذیب کرے اور پیٹھ پھیرے ۞ کیا اُس نے یہ جانا کہ اللہ سب کچھ دیکھ رہا ہے ۞ بے شک اگر وہ باز نہ آیا، تو ہم ضرور اُس کو پیشانی کے بالوں سے پکڑ کر کھینچیں گے ۞

نَاصِیَۃٍ کَاذِبَۃٍ خَاطِئَۃٍ ۞ فَلۡیَدۡعُ نَادِیَہٗ ۞ سَنَدۡعُ الزَّبَانِیَۃَ ۞

وہ پیشانی جو جھوٹی، گناہ گار ہے ۞ اُسے چاہیے کہ اپنے ہم مجلس مددگاروں کا بلائے ۞ ہم بھی عن قریب دوزخ کے مقرّر کردہ فرشتوں کو بلائیں گے ۞

کَلَّا ؕ لَا تُطِعۡہُ وَ اسۡجُدۡ وَ اقۡتَرِبۡ ۞

ہرگز نہیں! آپ اُس کی کوئی بات نہ مانیں! آپ سجدہ کریں اور زیادہ قریب ہوں ۞

# آٹھواں سبق

## پہلی فصل — ایمانیات : ایمان سے متعلق باتیں — تفہیم

**سوال:** قیامت کے دن سب کا ''حساب'' ہوگا، اِس سے کیا مراد ہے؟ کیا اِس پر ایمان لانا ضروری ہے؟

**جواب:** جی ہاں! ''حساب'' حق ہے، اعمال کا حساب یقیناً ہوگا، حساب کا انکار کرنے والا کافر ہے؛ البتہ کسی کا حساب چپکے سے ہوگا اور کسی سے نہایت سختی کے ساتھ ایک ایک بات پوچھی جائے گی۔ جس کا حساب چپکے سے ہوگا اُس سے کہا جائے گا:

- تو نے یہ کام کیے؟ وہ کہے گا: ہاں! اے میرے رب! یہاں تک کہ وہ اپنے تمام گناہوں کا اقرار کرلے گا۔ اللہ عزوجل فرمائے گا : ہم نے دنیا میں تیرے عیب چھپائے ہیں، جا! میں نے تجھے معاف کیا۔ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنَا مِنْھُمْ۔

اور جس کا ''حساب'' سخت ہوگا اُس سے ایک ایک بات پوچھی جائے گی، جس سے اِس طرح ''حساب'' لیا جائے گا، وہ ہلاک ہوجائے گا۔ کسی کو نعمتیں یاد دلائے گا، پھر پوچھے گا : کیا تیرا خیال تھا کہ مجھ سے ملنا ہے؟ بندہ عرض کرے گا : نہیں، اللہ فرمائے گا:

- جس طرح تو نے ہمیں یاد نہ کیا، ہم بھی تجھے عذاب میں چھوڑتے ہیں۔ العیاذ باللہ تعالیٰ منہ۔
- کچھ کُفّار جھوٹ بول کر بچنا چاہیں گے، اللہ تعالیٰ ان کے منہ پر مہر لگا کر، اعضا [جسم کے پارٹس] کو بولنے کا حکم دے گا۔ اُن کے ہاتھ اور پیر گواہی دیں گے کہ اِنھوں نے یہ یہ کام کیے ہیں، یہ ایسے ایسے تھے۔ چناں چہ اُنھیں دوزخ میں جھونک دیا جائے گا۔[1]

**سوال:** کیا کچھ خوش نصیب ایسے بھی ہوں گے جو ''بلا حساب و کتاب'' جنت میں داخل ہوں گے؟

**جواب:** جی ہاں! بہت سے خوش نصیب ایسے بھی ہوں گے جو ''بِلا حساب و کتاب'' جنت میں داخل ہوں گے۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا :

- میری امت کے ستر ہزار افراد بے حساب جنت میں داخل ہوں گے اور اُن میں سے ہر ایک کے ساتھ ستر ہزار بے حساب جنت میں جائیں گے اور رب تعالیٰ ان کے ساتھ مزید تین جماعتوں کو بغیر حساب جنت کا پروانہ عطا فرمائے گا، ہر جماعت میں کتنے افراد ہوں گے، اُن کا شمار تو وہی جانے۔ تہجد پڑھنے والے بھی بے حساب جنت میں داخل ہوں گے۔[2]

---

[1] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصۂ اول، معاد و حشر کا بیان

[2] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصۂ اول، معاد و حشر کا بیان

**سوال:** ''پُل صِراط'' کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں!

**جواب:** جہنم کے اوپر ایک پل ہے، اُسی کو ''صراط'' کہا جاتا ہے۔ وہ بال سے زیادہ باریک اور تلوار سے زیادہ تیز ہے۔ بروزِ قیامت یہی ''پُل صِراط'' جنت کا راستہ ہوگا اور سب کو اِس پر سے گزرنا ہوگا۔ گزرنے والا جس درجے کا ہوگا، اُسے گزرنے میں اُتنی ہی آسانی یا دشواری ہوگی۔ بعض مسلمان بجلی کی تیزی کے ساتھ گزریں گے، بعض ہوا کی طرح، بعض تیز گھوڑوں کی طرح، بعض آہستہ آہستہ اور بعض گرتے پڑتے کانپتے لنگڑاتے ہوئے گزریں گے اور کفار و مشرکین نہ گزر سکیں گے اور کٹ کر دوزخ میں گر جائیں گے۔

- ''پُل صِراط'' کے دونوں جانب بڑے بڑے آنکڑے [ اللہ عزوجل ہی جانے کہ وہ کتنے بڑے ہوں گے ] لٹکتے ہوں گے، جس شخص کے بارے میں حکم ہوگا، اُسے پکڑ لیں گے اور کچھ کو دوزخ میں گرا دیں گے؛ مگر کچھ لوگ زخمی ہو کر نجات پالیں گے۔ العَیاذ باللہ تعالیٰ منہ۔[1]

## دوسری فصل — فقہیات: فقہی مسائل — تفہیم

**سوال:** اگر نماز ''قَضَا'' ہو جائے یعنی چھوٹ جائے تو کیا کرنا چاہیے؟

**جواب:** جس نے بلا عذر جان بوجھ کر نماز چھوڑی، اُس پر فرض ہے کہ سچے دل سے توبہ کرے اور اُس نماز کی قضا پڑھے؛ کیوں کہ نماز چھوڑنا گناہِ کبیرہ ہے؛ لہٰذا قضا پڑھنے کے ساتھ توبہ بھی کرنی ہوگی۔

**سوال:** ''قَضَا'' پڑھنے کی شرعی حیثیت بتاتے ہوئے نمازِ قضا کا وقت بیان کریں؟

**جواب:** فرض نماز کی قضا فرض ہے، واجب کی قضا واجب اور سنت کی قضا سنت ہے۔ قضا کے لیے کوئی وقت متعین نہیں۔ جب پڑھے گا بری الذمہ ہو جائے گا؛ لیکن طلوع وغروب اور زوال کے وقت نہیں پڑھ سکتا؛ کیوں کہ اِن وقتوں میں کوئی نماز جائز نہیں۔

**سوال:** نماز قضا ہونے کی کِن کِن صورتوں میں بندہ گناہ گار ہوتا ہے اور کِن صورتوں میں نہیں ہوتا؟

**جواب:** اگر بھولے سے یا سوتے میں نماز قضا ہو جائے تو کوئی گناہ نہیں؛ البتہ اگر وقتِ مکروہ نہ ہو تو تاخیر نہ کرے؛ بلکہ فوراً قضا پڑھ لے۔ کیوں کہ ہمارے آقا ﷺ نے فرمایا: جو نماز پڑھنا بھول جائے یا [ نماز کے وقت ] سو جائے تو یاد آنے پر پڑھ لے؛ کیوں کہ وہی اُس کا وقت ہے۔ اِسی طرح اگر دشمن کا خوف ہو مثلاً مسافر کو ڈاکوؤں کا صحیح اندیشہ ہو تو نماز قضا کر سکتا ہے۔ بلا عذرِ شرعی محض اپنی سستی اور کاہلی کی وجہ سے نماز قضا کرنا گناہِ کبیرہ ہے۔

**سوال:** قضا نماز کے چند مسائل بیان فرما دیں!

**جواب:** جی! ملاحظہ فرمائیں!

---

[1] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصۂ اول، معاد وحشر کا بیان۔ کتاب العقائد، ص: ۵۴

- جو نماز جیسی فَوت ہوئی اُس کی قضا ویسی ہی پڑھی جائے گی۔مثلاً سفر میں نماز قضا ہوئی تو چار رکعت والی دو ہی پڑھی جائے گی اگرچہ اقامت کی حالت میں پڑھے۔
- اگر حالتِ اقامت میں نماز فوت ہوئی تو چار رکعت والی کی قضا چار رکعت ہی ہے اگرچہ سفر میں پڑھے۔
- اگر کسی کی ایک دن کی پانچوں نمازیں قضا ہوجائیں تو پانچوں فرضوں میں اور فرض و وتر میں ترتیب ضروری ہے۔یعنی پہلے فجر، پھر ظہر، پھر عصر، پھر مغرب پھر عشااور پھر وتر پڑھے۔
- کسی دن کی پانچ سے کم نمازیں قضا ہوجائیں تو اُنھیں پڑھے بغیر وقتی نماز پڑھنا، ناجائز ہے۔مثلاً کسی کی ظہر قضا ہوجائے تو فرض ہے کہ پہلے اُسے پڑھے پھر عصر پڑھے۔
- جمعہ کی دن فجر کی نماز قضا ہوجائے تو فرض ہے کہ پہلے اُسے پڑھے بعد میں جمعہ؛اگرچہ خطبہ شروع ہوگیا ہو۔
- جس کی چھ یا چھ سے زائد نمازیں قضا ہوجائیں، اُس پر ترتیب واجب نہیں۔
- قضا نمازیں نفلی نمازوں سے اہم ہیں؛لہٰذا نوافل کی جگہ قضا نمازیں پڑھے؛ تاکہ بری الذمہ ہوجائے۔ لیکن تراویح اور بارہ رکعتیں سنتِ مؤکدہ نہ چھوڑے۔

## تیسری فصل — اَخلاقیات: اسلامی اخلاق وآداب — تفہیم

**سوال:** ”حسد“ کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** ”حسد“ یہ ہے کہ کسی کے پاس کوئی نعمت دیکھ کر یہ تمنا کی جائے کہ کاش یہ نعمت اُس سے چِھین کر مجھے دے دی جائے۔مثلاً کوئی شخص کسی کی عزّت دیکھ کر، اُس سے نفرت کا جذبہ رکھتے ہوئے یہ تمنا کرے کہ اِسے ذلیل کر کے مجھے عزّت کا مقام دے دیا جائے۔

**سوال:** ”حسد“ کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

**جواب:** ”حسد“ حرام و ناجائز ہے؛البتہ ”رشک“ کرنا جائز ہے۔رشک یہ ہے کہ کوئی شخص کسی کی نعمت دیکھ کر یہ آرزو کرے کہ اِس کی نعمت برقرار رہے اور اِس جیسی نعمت مجھے بھی مِل جائے۔

**سوال:** ”حسد“ کے حرام ہونے پر اللہ عزوجل کا کوئی فرمان پیش فرمائیے!

**جواب:** ”حسد“ اللہ عزوجل کو اِس قدر ناپسندیدہ ہے کہ اُس نے سورۂ فلق کی آخری آیت کریمہ میں اپنے بندوں کو حاسد کے حسد سے پناہ مانگنے کا حکم دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ۔[1]

ترجمہ: اور [کہو! میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کی] حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ مجھ سے حسد کرے۔

**سوال:** ”حسد“ کی مذمت میں دو حدیثیں پیش کریے!

---

[1] سورۂ فلق، آیت نمبر: ۵

**جواب:** ✺ حضرت سیدنا زبیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا:
اگلی امتوں کی بیماری تمہاری طرف بھی آ گئی ، وہ بیماری بغض و حسد ہے جو کہ مونڈ دیتی ہے ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ وہ بالوں کو مونڈتی ہے؛ بلکہ میرا مطلب یہ ہے کہ وہ دین کو مونڈ دیتی ہے۔[1]

✺ حضرت سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور رحمتِ عالَم ﷺ نے فرمایا:
اپنے آپ کو حسد سے بچاؤ! کیوں کہ حسد نیکیوں کو اِس طرح کھا جاتا ہے جس طرح آگ لکڑی کو کھا جاتی ہے۔[2]

**سوال:** کیا ''حسد کا علاج'' بھی ہوسکتا ہے۔

**جواب:** ''حسد'' دل کی نہایت خطرناک بیماری ہے ؛ مگر اِس کا علاج ہو سکتا ہے ۔ علاج کی دو تدبیریں ہیں [۱] علمی تدبیر [۲] عَملی تدبیر۔

✺ عِلمی تدبیر یہ ہے کہ ''حسد کرنے والا'' غور کرے کہ اُس کا حسد، محسود [جس سے حسد کیا گیا ہے] کے لیے نہیں ؛ بلکہ خود اُسی کے لیے نقصان دِہ ہے؛ کیوں کہ حسد ہمیشہ اُسے رنج و غم میں مبتلا رکھتا ہے اور پھر یہ بھی غور کرے کہ اُس کا حسد کرنا درحقیقت خالقِ دوعالَم عزوجل پر اعتراض کرنا ہے کہ اُس نے اُسے کیوں دیا، مجھے کیوں نہ دیا؟

✺ عَملی تدبیر یہ ہے کہ جس سبب سے حسد پیدا ہوا اُسے دل سے نکال دے، مثلاً اگر دشمنی نے اُسے حسد پر اُبھارا ہو تو دشمنی ترک کر دے، یا یہ کہ حسد جس چیز پر اُبھارے اُس کے خلاف کرے، مثلاً حسد اگر محسود کی مذمت پر ابھارے تو اُس کی تعریف کرنے لگے۔ یہ دونوں تدبیریں اختیار کی جائیں تو ان شاء اللہ حسد کی بیماری ختم ہوسکتی ہے۔

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم ﷺ — تفہیم

**سوال:** جنگِ بدر کے ''نتائج'' پر روشنی ڈالیے!

**جواب:** جنگِ بدر میں مختلف جنگی آلات سے لبریز، ایک ہزار کفار و مشرکین، ۳۱۳ / بے سروسامان مسلمانوں کے روبرو ٹھہر نہ سکے اور حضور ﷺ کے جاں باز صحابہ نے اُن کی شان و شوکت خاک میں ملا کر رکھ دی۔ انصار و مہاجرین کے جذبۂ جہاد اور اُن کی تمنائے سرفروشی نے دینِ اسلام کو صبحِ قیامت تک کے لیے ایسا اِستحکام بخشا کہ اب ہزاروں طوفان مِل کر بھی اسلام کی شمع کو گُل نہیں کر سکتے۔

[1] مشکاۃ المصابیح، ص: ۴۲۸
[2] السنن للامام ابی داوٗد، ج: ۲، ص: ۶۷۲

- اِس جنگ میں کفارِ قریش کے بڑے بڑے سردار ہلاک ہوئے۔ عُتبہ، شَیبہ، اُمَیَّہ، عاص، عُقْبَہ اور ابوجہل کی ہلاکت سے کفارِ مکہ کی کمر ٹوٹ گئی، اُن کے پاؤں اُکھڑ گئے اور ہتھیار ڈال کر میدانِ بدر سے بھاگنے ہی میں انھوں نے عافیت جانی۔

**سوال:** فریقین [مسلمانوں اور کافروں] کے ''جانی و مالی نقصانات'' کی تفصیل بیان کر دیں!

**جواب:** اِس جنگ میں دشمنوں کے ''ستَّر آدمی مارے گئے''، اِن کی لاشوں کو گھسیٹ گھسیٹ کر بدر کے ایک گڑھے میں پھینکا گیا، اِتنے ہی کفار گرفتار کیے گئے اور باقی اپنا سامان چھوڑ کر فرار ہو گئے۔ جب کہ صرف ''چودہ مسلمان شہادت سے سرفراز ہوئے''، جن میں چھ مہاجر اور آٹھ انصار تھے۔

**شہدائے مہاجرین کے اسمائے گرامی یہ ہیں:**

- [۱] حضرت عبیدہ بن حارث۔ [۲] حضرت عُمیر بن ابو وقاص۔ [۳] حضرت عُمیر بن عبد۔ [۴] حضرت عاقل بن ابو بکیر [۵] حضرت مہجع بن صالح۔ [۶] حضرت صفوان بن بیضا۔

**اور شہدائے انصار کے ناموں کی فہرست یہ ہے:**

- [۱] حضرت سعد بن خیثمہ۔ [۲] حضرت مبشر بن عبد المنذر۔ [۳] حضرت حارثہ بن سراقہ۔ [۴] حضرت مُعَوِّذ بن عفرا۔ [۵] حضرت عُمیر بن حمام۔ [۶] حضرت رافع بن معلیٰ۔ [۷] حضرت عوف بن عفرا۔ [۸] حضرت یزید بن حارث۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔[1]

**سوال:** حضور ﷺ کی ''غیب دانی'' پر غزوۂ بدر سے متعلق کوئی واقعہ بیان کریں!

**جواب:** یوں تو جنگِ بدر کے موقع پر بہت سے ایسے واقعات رونما ہوئے جو صحابۂ کرام کے سچے عشقِ رسول، اُن کے جذبۂ جاں نثاری، حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی عظمت و شان اور اہلِ سنت و جماعت کے کئی عقائد پر دلالت کرتے ہیں؛ مگر یہاں پر حضور ﷺ کی غیب دانی کا صرف ایک واقعہ ملاحظہ فرمائیں:

- حدیث کی کتابوں میں یہ واقعہ درج ہے کہ آقائے دو جہاں ﷺ نے رات کے وقت چند غلاموں کے ساتھ میدانِ بدر کا معائنہ فرمایا۔ آپ ﷺ اپنی چھڑی سے زمین پر لکیریں بنانے لگے، ساتھ ہی ساتھ یہ فرمانے لگے کہ کل یہاں فلاں کافر مارا جائے گا، یہاں فلاں کافر کی لاش ملے گی۔ اگلے دن ایسا ہی ہوا، حضور ﷺ نے جس کافر کے مرنے کے لیے جو جگہ مقرر فرما دی تھی وہ کافر وہیں مرا۔ کوئی بھی کافر ایک بال برابر بھی اِدھر اُدھر نہیں مَرا۔[2]

- ثابت ہوا کہ ہمارے نبی ﷺ خدا کی عطا سے یہ جانتے ہیں کہ کَون، کَب اور کہاں مرے گا۔ اِسی لیے ہمارے امام سرکار اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ کہتے ہیں:

اور کوئی غیب کیا تم سے نِہاں ہو بھلا　　　جب نہ خدا ہی چھپا تم پہ کروڑوں درود

---

[1] شرح الزرقانی علی المواہب، ج:۱، ص: ۴۴۴۔۴۴۵
[2] السنن للامام ابی داوٗد، ج:۲، ص: ۳۶۴۔ الصحیح للامام مسلم، ج:۲، ص: ۱۰۲

## پانچویں فصل — رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی عظمت و شان — تفہیم

**سوال:** وہ کون سی ہستی ہے جس کی بارگاہِ اقدس میں ''درخت اور پہاڑ'' بھی سلام پیش کرتے ہیں؟

**جواب:** جن کی بارگاہِ اقدس میں ''درخت اور پہاڑ'' بھی سلام پیش کرتے ہیں وہ ہمارے آقا ﷺ کی ذاتِ گرامی ہے۔
حضرت سیدنا مولا علی شیرِ خدا رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں:

- میں مکۂ مکرمہ میں حضور رحمتِ عالم ﷺ کے ہمراہ تھا، ہم شہر کے اَطراف کی طرف نکلے تو میں نے دیکھا کہ حضور ﷺ کے سامنے آنے والا ہر درخت اور پہاڑ یوں سلامِ عقیدت پیش کرتا ''اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللهِ'' [اے اللہ کے رسول! آپ پر سلام ہو][1]
- اِس حدیثِ پاک سے معلوم ہوا کہ حضور رحمتِ عالم ﷺ ساری کائنات کے سردار ہیں، یہاں تک کہ بے جان مخلوق بھی آپ کو پہچانتی اور آپ کی بارگاہِ اقدس میں خراجِ عقیدت پیش کرتی ہے۔

**سوال:** حضور ﷺ اللہ عزوجل کی مخلوق کو ''کیا کیا عطا فرماتے'' ہیں؟

**جواب:** حضور ﷺ مخلوقِ خدا کو، خدا کی عطا سے ''سب کچھ'' عطا فرماتے ہیں۔ جس کو جو بھی ملتا ہے درِ مصطفیٰ ﷺ سے مِلتا ہے، یہاں تک آپ ﷺ نظر نہ آنے والی چیزیں مثلاً ''قوتِ یادداشت'' بھی عطا فرماتے ہیں۔ چناں چہ حضرت سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اپنا واقعہ روایت کرتے ہیں:

- میں نے حضور جانِ عالم ﷺ کی بارگاہِ بے کس پناہ میں حاضر ہو کر عرض کیا: یارسول اللہ! میں کثیر تعداد میں آپ کی گفتگو سماعت کرتا ہوں؛ لیکن بھول جاتا ہوں۔ [حضور! کرم فرما دیں!] یہ سن کر آپ ﷺ نے فرمایا: اپنی چادر پھیلاؤ! میں نے اپنی چادر بچھا دی، آپ نے دونوں ہاتھوں سے لَپ بنا کر میری چادر میں کچھ ڈالا اور فرمایا: اِسے اپنے سینے سے لگالو! میں نے سینے سے لگالیا۔ اُس ایک لَپ کی برکت سے میری قوتِ حافظہ اِس قدر بڑھ گئی کہ اس واقعہ کے بعد مَیں کبھی کچھ نہیں بھولا۔[2]
- اِس حدیثِ پاک سے آقائے دوجہاں ﷺ کی شانِ تصرف اور خداداد قدرت ثابت ہوئی کہ آپ نے پَل بھر میں ایسی ''قوتِ یادداشت'' سے نواز دیا جو سالہا سال دوائیں کھانے سے بھی حاصل نہ ہوتی۔ یہ حضور ﷺ ہی کی عطا کا نتیجہ ہے کہ صحابۂ کرام میں سب سے زیادہ حدیثیں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہی سے مروی ہیں۔ اِس لیے اہلِ سنت کا اجماعی عقیدہ ہے کہ

> لَا وَرَبِّ الْعَرْش جس کو جو ملا اُن سے ملا
> بٹتی ہے کونین میں نعمت رسول اللہ کی

**سوال:** صحابیِ رسول ''حضرت عبداللہ بن عتیک'' کی ٹوٹی ہوئی پنڈلی کیسے درست ہوگئی؟

---

[1] الجامع للامام الترمذی، باب ماجآء فی معبث النبی ﷺ ص: ۲۰۳
[2] الصحیح للامام البخاری، ج: ۱، باب حفظ العلم، ص: ۲۲

**جواب:** حضرت عبد اللہ بن عتیک رضی اللہ تعالیٰ عنہ گستاخِ رسول ''ابو رافع یہودی'' کو قتل کرنے کے لیے تشریف لے گئے، اُسے واصلِ جہنم کرنے کے بعد جب پلٹے تو ایک حادثے میں آپ کا پیر ٹوٹ گیا۔ اب آگے کا واقعہ اُنھی کی زبانی سنیے! کہتے ہیں:

- حضور رحمتِ عالم ﷺ کی بارگاہِ مقدس میں حاضر ہو کر میں نے پورا قصہ عرض کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ٹوٹا ہوا پیر بچھاؤ! میں نے بچھا دیا۔ حضور ﷺ نے اُس پر اپنا مبارک ہاتھ پھیرا تو وہ ایسا دُرست ہو گیا جیسے اُسے کبھی کوئی تکلیف ہی لاحق نہ ہوئی ہو۔[1]
- **سبحان اللہ!** آج کا انسان بے شمار سائنسی ترقیوں کے باوجود، جسم کی ٹوٹی ہوئی کسی بھی ہڈی کو اِس انداز سے درست نہیں کر سکتا۔

## چھٹی فصل — جاں نثارانِ مصطفیٰ ﷺ — تفہیم

### سیرتِ سیدنا صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ

**سوال:** حضور ﷺ کے پہلے جانشین، حضرت سیدنا صدیقِ اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ''نام و نسب'' بیان کریں!

**جواب:** آپ کا اسمِ گرامی ''**عبد اللہ**''، کنیت ''**ابو بکر**'' اور لقب ''**صدیق و عتیق**'' ہے۔ آپ کی والدۂ محترمہ کا نام ''**سلمیٰ**'' اور اُن کی کنیت ''**ام الخیر**'' ہے۔ آپ کے والد کا اسمِ شریف ''**عثمان**'' اور اُن کی کنیت ''**ابو قحافہ**'' ہے۔ آپ کا سلسلۂ نسب ساتویں پشت میں ''**مرہ بن کعب**'' پر حضور ﷺ کے شجرۂ نسب سے مل جاتا ہے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

**سوال:** حضرت صدیقِ اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ''**فضیلت**'' پر ''**دو آیاتِ کریمہ**'' پیش کریں!

**جواب:** قرآنِ مجید کی بہت سی آیاتِ کریمہ میں آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تعریف و توصیف اور عظمت و شان بیان کی گئی ہے۔ دو آیات ملاحظہ فرمائیں!

- اللہ عزوجل نے کلامِ مجید میں ارشاد فرمایا: **وَالَّذِيْ جَآءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖۤ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ**[2]
  ترجمہ: جو سچائی لائے اور جنھوں نے اُن کی تصدیق کی، یہی لوگ متقی ہیں۔
- اِس آیتِ کریمہ کی تفسیر میں حضرت علی مولائے کائنات رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ "**اَلَّذِيْ جَآءَ بِالصِّدْقِ**" سے مراد ''**حضور رحمتِ عالم ﷺ**'' ہیں اور "**وَصَدَّقَ بِهٖ**" سے مراد ''**حضرت صدیقِ اکبر**'' رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔[3]

اِس سے معلوم ہوا کہ حضرت صدیقِ اکبر اِس اُمت کے پہلے ''**متقی**'' ہیں اور قیامت تک پیدا ہونے والے

[1] الصحیح للامام البخاری، ج: ۲، باب قتل ابی رافع، ص: ۵۷۷
[2] سورۂ مریم، آیت نمبر: ۳۲
[3] ملخصاً از خطباتِ محرم، ص: ۷۷

تمام متقیوں کے امام وسردار ہیں۔ اِسی لیے اہلِ سنت آپ رضی اللہ عنہ کو "سَیِّدُ الْمُتَّقِیْن" یعنی تمام متقیوں کا سردار کہتے ہیں۔ سبحان اللہ۔

- اللہ عزوجل نے فرمایا: اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثَانِيَ اثْنَيْنِ اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ اِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا [1]

ترجمہ: اگر تم لوگ میرے رسول کی مدد نہ کرو تو بے شک اللہ نے اُن کی مدد فرمائی، جب کافروں کی شرارت سے اُنھیں [مکہ سے] باہر تشریف لے جانا ہوا، صرف دو جان سے جب کہ وہ دونوں [یعنی حضور ﷺ اور حضرت ابوبکر صدیق] غار میں تھے، جب کہ رسول اپنے یارِ غار سے فرمارہے تھے : غم نہ کر! بے شک اللہ ہمارے ساتھ ہے۔

- اِس نصِّ قطعی سے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا "صحابی" ہونا ثابت ہوا۔ اِسی لیے ہمارا یہ اعتقاد ہے کہ جو شخص حضرت صدیقِ اکبر کو "حضور ﷺ کا صحابی" نہ مانے وہ دائرۂ اسلام سے خارج ہے۔

**سوال:** حضرت صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ کی "فضیلت" پر "دو احادیثِ کریمہ" پیش فرمائیں!

**جواب:** جی! ملاحظہ فرمائیں:

ایک مرتبہ حضور سرورِ دوعالم ﷺ نے اپنے یارِ غار حضرت صدیقِ اکبر کو مخاطَب کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

- اَمَا اِنَّكَ يَا اَبَابَكْرٍ اَوَّلُ مَنْ يَّدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ اُمَّتِيْ [2]

ترجمہ: اے ابوبکر! بے شک میری امت میں سب سے پہلے تم جنت میں داخل ہوگے۔

اُمُّ المؤمنین حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے:

- ایک چاندنی رات میں، مَیں نے عرض کیا : یارسول اللہ! کیا کسی شخص کی نیکیاں آسمان کے ستاروں کے برابر ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا : ہاں عمر کی نیکیاں آسمان کے ستاروں کے برابر ہیں۔ میں نے عرض کی: حضور! میرے والد ابوبکر کی نیکیوں کا کیا حال ہے؟ فرمایا: عمر کی زندگی بھر کی نیکیاں ابوبکر کی ایک نیکی کے برابر ہے۔ [3]

### کھانے میں عیب نہ نکالو

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ مَا عَابَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ طَعَامًا قَطُّ. كَانَ إِذَا اشْتَهَاهُ أَكَلَهُ وَإِلَّا تَرَكَهُ. [الجامع للامام الترمذی، ابواب البر والصلة، باب ماجاء فی ترک العیب للنعمة، رقم الحدیث : ٢١٦٣]

ترجمہ: حضرت سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ اللہ کے رسول حضور رحمتِ عالَم ﷺ نے کبھی بھی کھانے میں عیب نہیں نکالا۔ اگر خواہش ہوتی تو تناول فرمالیتے؛ ورنہ ترک کردیتے۔

---

[1] سورۂ توبہ، آیت نمبر: ٤٠ [2] مشکاۃ المصابیح، ص ٥٥٦:
[3] مشکاۃ المصابیح، ص: ٥٦٠

## ساتویں فصل — عام دینی معلومات — تحفیظ

**سوال:** کیا کسی شخص کو تلاوتِ قرآن کا ''دوگنا اجر'' ملتا ہے؟

**جواب:** جس کی زبان میں ''لکنت ہو اور وہ رُک رُک کر تلاوتِ قرآن کرتا ہو'' ایسے شخص کے بارے میں حدیثِ پاک میں آیا کہ اللہ اُسے دوگنا اجر عطا فرماتا ہے۔[1]

**سوال:** جو شخص ''تلاوتِ قرآن میں ماہر'' ہو اُس کا مقام کیا ہے؟

**جواب:** جو شخص تلاوتِ قرآن میں ماہر ہو''وہ معزّز اور بزرگ فرشتوں'' کے ساتھ ہوتا ہے۔[2]

**سوال:** قرآنِ مجید ''دیکھ کر'' پڑھنا افضل ہے یا ''زبانی''؟

**جواب:** قرآنِ مجید ''دیکھ کر پڑھنا'' زبانی پڑھنے سے زیادہ افضل ہے؛ کیوں قرآنِ پاک کو دیکھنا، چھونا اور پڑھنا سب عبادت ہے اور یہ تمام کام دیکھ کر پڑھنے سے حاصل ہوتے ہیں۔

**سوال:** کیا ''ناپاکی کی حالت میں'' قرآنِ پاک کو زبانی پڑھ سکتے ہیں؟

**جواب:** ہرگز نہیں! ناپاکی کی حالت میں قرآنِ پاک پڑھنا مطلقاً ''ناجائز وحرام'' ہے۔

**سوال:** کیا قرآنِ پاک کو ''بے وضو بھی زبانی پڑھنے'' کی اجازت نہیں ؟

**جواب:** قرآنِ پاک کو بے وضو ''زبانی پڑھ سکتے'' ہیں؛ البتہ وضو کر لینا بہتر ہے؛ لیکن بے وضو قرآنِ پاک کو چھو نہیں سکتے۔

**سوال:** اللہ ربُّ العزت نے دنیا میں ''نبیوں'' اور ''رسولوں'' کو کیوں مبعوث فرمایا؟

**جواب:** تا کہ وہ اللہ عزّ وجل کے اَحکام اُس کے بندوں تک پہنچائیں اور بندے اُن پر عمل پیرا ہو کر دارین کی سعادتوں سے مالا مال ہوں۔

**سوال:** کیا مقدس پیغمبروں نے مخلوق تک ''اللہ کے تمام احکام'' پہنچائے ؟

**جواب:** جی ہاں! اُنھوں نے بغیر کسی کمی وبیشی کے تمام احکام بندوں تک پہنچائے۔ جو شخص یہ بکواس کرے کہ ''کسی نبی یا رسول نے کسی حکم کو چھپالیا اور بندوں تک نہیں پہنچایا'' وہ کافر ہے۔

**سوال:** اللہ عزوجل نے اپنے رسولوں کو ''کس دلیل'' کے ساتھ دنیا میں مبعوث فرمایا؟

**جواب:** اللہ عزوجل نے اپنے رسولوں کو ''معجزات'' کے ساتھ دنیا میں مبعوث فرمایا۔ ہر نبی ورسول کو چند ''معجزات'' ملے؛ مگر ہمارے نبی حضور ﷺ کو بے شمار ''معجزات'' سے نوازا گیا۔

---

[1] الصحیح للامام مسلم، ج:۱، ص:۲۶۹

[2] الصحیح للامام مسلم، ج:۱، ص:۲۶۹

**سوال:** کیا کسی نبی یا رسول سے کبھی ''کوئی گناہ'' سرزَد ہوا؟

**جواب:** ہرگز نہیں! کیوں کہ اللہ نے ہر نبی کو ''معصوم'' پیدا فرمایا۔ یعنی اُن حضرات سے گناہ کا صادر ہونا ممکن ہی نہ تھا۔

**سوال:** کیا انبیاے کرام علیہم السلام کے علاوہ بھی کوئی ''معصوم'' ہے؟

**جواب:** جی ہاں! حضراتِ انبیاے کرام علیہم السلام کے علاوہ ''فرشتوں'' کو بھی معصوم پیدا کیا گیا ہے۔ اُن سے بھی گناہ صادر ہونا ناممکن ہے۔ اِن دونوں حضرات کے علاوہ کسی اور کو ''معصوم'' سمجھنا ''بددینی'' ہے۔ لہٰذا جو لوگ ''آئمۂ اہلِ بیتِ اَطہار'' علی جدھم وعلیہم الصلاۃ والسلام کو ''معصوم'' سمجھتے ہیں وہ گمراہ ہیں۔

## خوش نصیب مسلمان

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: مَنْ نَفَّسَ عَنْ مُسْلِمٍ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ الدُّنْيَا نَفَّسَ اللّٰهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَمَنْ يَسَّرَ عَلَى مُعْسِرٍ فِي الدُّنْيَا يَسَّرَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَمَنْ سَتَرَ عَلَى مُسْلِمٍ فِي الدُّنْيَا سَتَرَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَاللّٰهُ فِي عَوْنِ الْعَبْدِ مَا كَانَ الْعَبْدُ فِي عَوْنِ أَخِيهِ۔

[الجامع للامام الترمذی، ابواب البر والصلۃ، رقم الحدیث: ۲۰۵۵]

ترجمہ: جو کسی مسلمان کی دنیاوی تکلیف دور کرے گا اللہ تعالیٰ بروز قیامت اس کی ایک بڑی مصیبت دور فرما دے گا۔ جو کسی پریشان حال کے لیے دنیا میں آسانی پیدا کرے گا اللہ تعالیٰ اس کے لیے دنیا اور آخرت میں آسانی فراہم کر دے گا۔ جو شخص دنیا میں کسی مسلمان کا عیب چھپائے گا اللہ عزوجل دنیا اور آخرت میں اس کی عیب پوشی فرمائے گا اور اللہ اپنے بندے کی مدد اس وقت تک فرماتا ہے جب تک بندہ اپنے اسلامی بھائی کی مدد کرتا رہتا ہے۔



# نواں سبق

## پہلی فصل — ایمانیات: ایمان سے متعلق باتیں — تفہیم

**سوال:** جب اُمّت پل صراط سے گزر رہی ہوگی، اُس وقت **"حضور ﷺ کے مبارک لبوں پر کون سی دعا"** جاری ہوگی؟

**جواب:** تمام اہلِ محشر پل صراط سے گزرنے میں مشغول ہوں گے ؛ مگر حضور شفیع محشر ﷺ پل کے کنارے کھڑے ہو کر، اپنے گنہ گار اُمتیوں کی نجات کی فکر میں، نہایت گریہ وزاری کے ساتھ، رب تبارک وتعالی کی بارگاہ میں یوں عرض کر رہے ہوں گے:

- رَبِّ سَلِّمْ سَلِّمْ[1]

  ترجمہ: اِلٰہی! اِن گنہ گاروں کو بچالے! ۔مولا! انھیں سلامتی کے ساتھ پل صراط سے پار کردے!

- صرف پل صراط ہی کیا! حضور ﷺ اُس دن پورے میدانِ محشر میں دورہ فرماتے رہیں گے ۔ کبھی **"میزان"** پر تشریف لے جائیں گے ۔ وہاں جس غلام کی نیکیوں میں کمی دیکھیں گے، اُسے نجات دلوائیں گے ۔فوراً ہی **"حوضِ کوثر"** پر جلوہ افروز ہو کر پیاسوں کو سیراب فرمائیں گے ۔ ہر شخص اُنھی کو پکارے گا، ہر جگہ اُنھی سے فریاد کی جائے گی[2]

- آج جو لوگ کہتے ہیں کہ حضور ﷺ کو مت پکارو، اُن سے فریاد مت کرو! اُن سے آس مت لگاؤ۔ وہ تمھاری کچھ بھی مدد نہیں کر سکتے ۔ وغیرہ۔ وہ لوگ بھی بروزِ قیامت اُنھی کے دامن میں پناہ تلاش کریں گے ؛ مگر اُس وقت اُنھیں پناہ نصیب نہ ہوگی ۔ اِسی لیے امام اہلِ سنت اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

  آج لے اُن کی پناہ آج مدد مانگ اُن سے    پھر نہ مانیں گے قیامت میں اگر مان گیا

**سوال:** کیا **"مسلمان بھی دوزخ"** میں جائیں گے؟

**جواب:** جی ہاں! بعض گنہ گار مسلمان دوزخ میں جائیں گے ؛لیکن ہمیشہ کے لیے نہیں ؛ بلکہ جتنا عرصہ خدا چاہے گا وہ عذاب میں مبتلا رہیں گے، آخر کار وہ نجات پا کر جنت میں داخل ہوں گے ۔

**سوال:** قیامت کے دن لوگوں کو اُن کے **"اعمال نامے"** کس طرح دیے جائیں گے؟

**جواب:** قیامت کے دن ہر شخص کو اُس کا **"نامۂ اعمال"** دیا جائے گا۔نیکوں کے نامۂ اعمال **"داہنے ہاتھ"** میں اور بروں کے نامۂ اعمال **"بائیں ہاتھ"** میں دیے جائیں گے ۔ یہ عقیدہ اُنتیسویں پارے کی سورۃ **"حَاقَّۃ"** کی آیت نمبر ۱۹، ۲۰ اور ۲۵

---

[1] الصحیح للامام مسلم، کتاب الایمان، باب أدنی أھل الجنۃ منزلۃ فیھا، رقم الحدیث: ۳۲۹

[2] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصۂ اول، معاد وحشر کا بیان

میں مذکور ہے۔کافر کا نامۂ اعمال اُس کا سینہ توڑ کر، اُس سے اُس کا بایاں ہاتھ نکال کر، اُس کی پیٹھ کے پیچھے سے دیا جائے گا۔ یہ حقیقت سورۂ انشقاق کی آیت نمبر ۱۰، ۱۱ اور ۱۲ سے ثابت ہے۔ العیاذ باللہ تعالیٰ منہ۔[۱]

**سوال:** قیامت کے دن ''میزانِ عدل'' قائم ہوگا۔ اِس سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** ''میزان'' کا قائم ہونا حق ہے۔ اِس پر ایمان لانا ضروری ہے۔ یہ ایک ترازو ہے، اِس پر بروزِ قیامت لوگوں کے اچھے اور برے اعمال تولے جائیں گے۔ یہ دنیا کے ترازو کے برخلاف ہے، یعنی نیکی کا پلہ بھاری ہونے کے یہ معنیٰ ہیں کہ اوپر اُٹھے گا۔ دنیا کے ترازو کی طرح نہیں کہ یہاں جو پلہ بھاری ہوتا ہے نیچے جھکتا ہے۔

## دوسری فصل — فقہیات: فقہی مسائل — تفہیم

**سوال:** ''سجدۂ سہو'' کسے کہتے ہیں اور اُس کا طریقہ کیا ہے؟

**جواب:** جب نماز کا کوئی واجب بھولے سے رہ جائے تو اُس کی بھرپائی کے لیے دو سجدے کیے جاتے ہیں، اُنھیں ''سجدۂ سہو'' کہتے ہیں۔ سجدۂ سہو واجب ہے۔ اِس کا طریقہ یہ ہے کہ ''التحیات'' کے بعد داہنی طرف سلام پھیر کر دو سجدے کرے پھر تشہد وغیرہ پڑھ کر سلام پھیرے۔

**سوال:** اگر کسی نے جان بوجھ کر واجب ترک کیا تو سجدۂ سہو کافی ہوگا؟

**جواب:** قصداً واجب ترک کیا تو سجدۂ سہو سے وہ نقصان دفع نہ ہوگا؛ بلکہ نماز دوبارہ پڑھنا واجب ہے۔ اگر بھولے سے واجب ترک ہوگیا؛ لیکن سجدۂ سہو نہیں کیا تو بھی نماز دہرانا واجب ہے۔

**سوال:** نماز کا کوئی ''فرض'' ترک ہوجائے تو کیا سجدۂ سہو سے کام چل جائے گا؟

**جواب:** ''فرض'' ترک ہوجائے تو نماز فاسد ہوجاتی ہے، سجدۂ سہو سے اُس کی تلافی نہیں ہوسکتی؛ لہٰذا دوبارہ پڑھے۔

**سوال:** اگر ''تعوذ و تسمیہ، آمین و ثنا'' اور ''تکبیراتِ انتقالات و تسبیحات'' میں سے کچھ چھوٹ جائے تو کیا سجدۂ سہو کرنا ہوگا؟

**جواب:** اِن چیزوں کے ترک ہوجانے کی صورت میں سجدۂ سہو کی حاجت نہیں پڑتی؛ کیوں کہ اِن کا تعلق نماز کی سُنَن و مستحبّات سے ہے۔ نماز ہوجائے گی؛ لیکن اگر دوبارہ پڑھ لے تو بہتر ہے۔

**سوال:** سنت یا نفل نماز کا واجب چھوٹ جائے تو کیا کرے؟

**جواب:** سجدۂ سہو کرے؛ کیوں کہ فرض و نفل دونوں نماز کا حکم ایک ہے۔

**سوال:** اگر ایک نماز میں کئی واجب چھوٹ جائیں تو کیا حکم ہے؟

**جواب:** ایک نماز کے کئی واجب چھوٹ جائیں تو وہی ''سہو کے دو سجدے'' سب کے لیے کافی ہیں۔[۲]

**سوال:** ''سجدۂ تلاوت'' کسے کہتے ہیں؟

---

[۱] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصۂ اول، معاد و حشر کا بیان

[۲] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصۂ چہارم، سجدۂ سہو کا بیان

**جواب:** آیتِ سجدہ پڑھنے یا سننے سے جو سجدہ واجب ہوتا ہے اُسے ''سجدۂ تلاوت'' کہتے ہیں۔ قرآنِ کریم میں ایسی چودہ آیتیں ہیں جنھیں ''آیاتِ سجدہ'' کہا جاتا ہے۔

**سوال:** ''سجدۂ تلاوت'' کا مسنون طریقہ کیا ہے؟

**جواب:** اِس کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ کھڑے ہو کر ''اَللّٰهُ اَكْبَرْ'' کہتے ہوئے سجدے میں جائے، تین بار ''سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى'' پڑھے اور ''اَللّٰهُ اَكْبَرْ'' کہتا ہوا کھڑا ہو جائے۔

**سوال:** سجدہ تلاوت کے ''کچھ اہم مسائل'' بیان کریں!

**جواب:**
- کسی اور زبان میں آیتِ سجدہ کا ترجمہ پڑھنے یا سننے سے بھی سجدہ واجب ہو جاتا ہے۔
- تکبیرِ تحریمہ کے سوا سجدۂ تلاوت کی وہی شرطیں ہیں جو نماز کی ہیں۔ نماز میں آیتِ سجدہ پڑھی تو اُس کا سجدہ نماز ہی میں واجب ہے۔
- اگر جان بوجھ کر نماز میں نہ کیا تو گناہ گار ہوگا، توبہ کرنی ہوگی۔[1]

## تیسری فصل — اَخلاقیات: اسلامی اخلاق و آداب — تفہیم

**سوال:** ''غُصّے'' کی حقیقت کیا ہے؟ بیان کریں!

**جواب:** ''غُصَّہ'' ایک فطری صفت ہے جو انسان کے دِل میں اُس وقت پیدا ہوتی ہے جب اُس کے مزاج کے خِلاف کوئی کام ہوتا ہے۔ ''غُصَّہ'' درحقیقت ایک آگ ہے جس کی چوٹ ڈائیرکٹ دِل پر پڑتی ہے۔ یہ ایک شیطانی عَمَل ہے؛ لہٰذا ہر مومن کو بے جا غصے سے لازمی طور پر پرہیز کرنا چاہیے۔

**سوال:** ''غُصَّہ کرنا'' کس صورت میں بھلا اور کس صورت میں بُرا ہے؟

**جواب:** اپنے ذاتی مُعامَلات میں ''غُصَّہ کرنا'' اور اپنے نفس کی تسکین کے لیے بے قابو ہونا اچھی بات نہیں؛ لیکن جب شریعت کی حرمت پامال کی جائے، دین کا مذاق اڑایا جائے اور قرآن وحدیث کی بے حرمتی کی جائے تو ''غُصَّہ کرنا'' نہ صرف یہ کہ پسندیدہ عمل ہے؛ بلکہ شریعتِ اسلامیہ کا تقاضا ہے۔

**سوال:** بے جا ''غُصّے'' سے متعلق چند رِوایتیں پیش کریے!

**جواب:** جی! ملاحظہ فرمائیں:
- حضرت بَہز بن حکیم سے مروی ہے کہ حضور تاج دارِ مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اِنَّ الْغَضَبَ لَيُفْسِدُ الْاِيْمَانَ كَمَا يُفْسِدُ الصَّبِرُ الْعَسَلَ۔[2]

ترجمہ: بے شک [بے جا] غصہ ایمان کو اِس طرح برباد کر دیتا ہے جس طرح اِیلُوا شہد کو بے کار کر دیتا ہے۔

---
[1] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصہ چہارم، سجدۂ تلاوت کا بیان
[2] مشکوۃ المصابیح، ص: ۴۳۴

- حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبیِ پاک ﷺ نے فرمایا:
بہادر وہ نہیں جو پہلوانی میں دوسرے کو پچھاڑ دے۔ بہادر تو وہی ہے جو غصے کے وقت خود پر قابو رکھے۔[۱]
- حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی:
اے میرے رب! تیرے نزدیک سب سے زیادہ عزت والا بندہ کون ہے؟ فرمایا: وہ بندہ جو [غصے کے وقت] قدرت رکھنے کے باوجود معاف کردے۔[۲]

**سوال:** ''غصے'' سے بچنے کی کچھ تدبیریں بیان کریں!

**جواب:** حضور رحمتِ عالم ﷺ نے ''غصے'' سے بچنے کی مندرجہ ذیل ''تدبیریں'' بیان فرمائی ہیں:

- غصہ شیطانی عمل ہے، شیطان کو آگ سے پیدا کیا گیا ہے اور آگ کو پانی سے بجھایا جاتا ہے؛ لہٰذا جسے غصہ آئے اُسے وضو کرلینا چاہیے! [۳]
- جب کسی کو غصہ آئے تو اگر وہ کھڑا ہو تو بیٹھ جائے، اگر بیٹھنے سے غصہ نہ جائے تو لیٹ جائے۔[۴]

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم ﷺ — تفہیم

**سوال:** جنگِ بدر میں ''سب سے زیادہ بہادری کا مُظاہَرہ'' رسول اللہ ﷺ کے کس عاشق نے کیا؟

**جواب:** ''حضرت سیدنا صدیقِ اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سب سے زیادہ ہمت وجرأت کا مظاہرہ فرمایا''۔ اِس کی دلیل یہ ہے کہ میدانِ بدر میں حضور ﷺ کی نشست کے لیے صحابۂ کرام نے ایک ''عَرِیْش'' [چھپر] بنایا تھا۔ اُس عریش کی حفاظت سب سے اہم تھی؛ کیوں کہ اُس کے قریب جانا اپنی موت کو دعوت دینا تھا۔ اِس لیے کہ کفار کا اصل نشانہ آپ ﷺ کی ذاتِ گرامی تھی۔ یہ سعادت بھی حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے حصے میں آئی اور آپ اپنی ننگی تلوار لے کر اُس جھونپڑی کے پاس ڈٹ کر کافروں کا مقابلہ کرتے رہے۔ اِسی لیے حضرت مولائے کائنات شیرِ خدا رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ ہم میں سب سے بہادر حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔[۵]

**سوال:** کیا جنگِ بدر میں مسلمانوں کی مدد کے لیے ''آسمان سے فرشتوں'' کا نزول ہوا تھا؟

**جواب:** جی ہاں! جنگِ بدر میں مسلمانوں کی نصرت وحمایت کے لیے اللہ عزوجل نے آسمان سے فرشتے نازل فرمادیے تھے۔ قرآنِ مقدس میں ہے کہ پہلے ایک ہزار فرشتے آئے، پھر تین ہزار ہوگئے اُس کے بعد یہ تعداد پانچ ہزار تک پہونچ گئی۔ اِس کی تفصیل سورۂ آلِ عمران میں ہے۔ فرشتے کسی کو نظر نہیں آتے تھے؛ مگر اُن کے حملوں کے اثرات صاف دکھائی دیتے تھے۔ مثلاً کافروں کی ناک اور منہ پر کوڑوں کی مار کے نشان پائے جاتے تھے۔ کہیں بغیر تلوار مارے

---

[۱] الصحیح للامام مسلم، ج: ۲، ص: ۳۲۶ [۲] مشکاۃ المصابیح، ص: ۴۳۴ [۳] السنن للامام ابی داؤد، باب مایقال عند الغضب، رقم الحدیث: ۴۷۸۶
[۴] الصحیح للامام مسلم، کتاب الایمان، باب أدنی أھل الجنۃ منزلۃ فیھا، رقم الحدیث: ۳۲۹
[۵] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۱۷۹

کافر کا سر کٹ کر گرتا ہوا نظر آتا تھا۔ یہ فرشتوں کی فوج کے کارنامے تھے۔[1]

**سوال:** جنگِ بدر کے ''قیدیوں'' کے ساتھ ''کیسا سلوک'' کیا گیا؟

**جواب:** قیدیوں کو سرکارِ دوعالم ﷺ نے صحابۂ کرام میں تقسیم فرمایا اور اُن کے ساتھ اچھے سلوک کی تاکید کی۔ صحابۂ کرام نے اُن دشمنوں کے ساتھ ایسا محبت آمیز سلوک کیا کہ انسانی تاریخ میں جس کی مثال نہیں ملتی۔ وہ خود تو کھجوریں کھاتے؛ مگر قیدیوں کو روٹی سالن کھلاتے۔

- اُن کے بارے میں حضور ﷺ نے صحابۂ کرام سے مشورہ فرمایا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے رائے دی کہ اِنھیں قتل کر دیا جائے۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے مشورہ دیا کہ اِنھیں فِدیہ لے کر آزاد کر دیا جائے۔ اور لوگوں نے بھی مختلف رائیں دی؛ مگر حضور ﷺ نے اپنے یارِ غار کی رائے کو پسند فرمایا، چناں چہ جن کے پاس دولت تھی اُنھیں فدیہ لے کر آزاد کیا گیا، جو مفلس تھے اُنھیں یوں ہی چھوڑ دیا گیا اور جنھیں لکھنا آتا تھا اُن کا فدیہ یہ مقرر ہوا کہ وہ انصار کے دس لڑکوں کو لکھنا سکھا دیں۔
- اِس احسان سے کئی فائدے حاصل ہوئے۔ ایک یہ کہ مسلمانوں کو مالی امداد مِل گئی، دوسرا یہ کہ انصار کے بہت سے بچوں کو لکھنا آ گیا اور تیسرا یہ کہ اُن میں بہت سے لوگوں کو ایمان کی دولت ملی اور کئی لوگوں کی آنے والی نسلیں ایمان کی نعمت سے سرفراز ہوئیں۔[2]

**سوال:** سن ۲ ہجری میں رونما ہونے والے ''متفرق واقعات'' اختصار کے ساتھ بیان کریں!

**جواب:** دو ہجری میں مندرجہ ذیل واقعات رونما ہوئے:

- اِسی سال روزہ اور زکاۃ کی فرضیت کے احکام نازل ہوئے۔
- اِسی سال پہلی مرتبہ آقائے دوعالم ﷺ نے عیدگاہ میں عیدالفطر کی نماز باجماعت ادا فرمائی۔
- اِسی سال صدقۂ فطر ادا کرنے کا حکم نازل ہوا۔
- اِسی سال ۱۰ ذوالحجہ کو حضور ﷺ نے بقرعید کی نماز ادا فرمائی اور نماز کے بعد دو مینڈھے قربان کیے۔[3]

## پانچویں فصل — رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عظمت و شان — تفہیم

**سوال:** حضور رحمۃٌ للعالمین ﷺ کے ''اِختیارات'' پر کوئی واقعہ بیان کریے!

**جواب:** کُتُب اَحادِیث [حدیث کی کتابوں] میں حضور ﷺ کی ''شانِ اختیار'' کو واضح کرنے والے سیکڑوں واقعات مذکور ہیں۔ حضرت سیدنا جابر رضی اللہ عنہ کا واقعہ ملاحظہ فرمائیں:

حضرت سیدنا جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں:

---

[1] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ۱۸۶
[2] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۱۹۰
[3] ملخصاً از سیرت مصطفیٰ، ص: ۱۹۹

- میرے والد صاحب کا انتقال اِس حال میں ہو گیا کہ وہ مقروض تھے۔ میں نے حضور جانِ عالم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض کی: یارسول اللہ! میرے والد مجھ پر قرض چھوڑ گئے ہیں، اِن کھجوروں کے درختوں کے سوا میرے پاس دینے کے لیے کچھ بھی نہیں ہے۔ اگر میں اِن کی پیداوار سے دوں تو کئی سالوں میں بھی قرض ادا نہیں ہو گا۔ یارسول اللہ! آپ میرے ساتھ تشریف لے چلیں؛ تاکہ قرض خواہ بدکلامی سے پیش نہ آئیں۔

حضور ﷺ تشریف لائے اور کھجور کے ڈھیروں کے اِرد گرد چکر لگا کر دعا فرمائی پھر ایک ڈھیری پر بیٹھ کر ارشاد فرمایا: قرض خواہوں کو ناپ کر دیتے جاؤ! حضرت جابر کہتے ہیں کہ حضور ﷺ کی آمد اور آپ کی دعا کے طفیل کھجوروں میں ایسی برکت نازل ہوئی کہ تمام قرض خواہوں کا قرضہ بھی ادا ہو گیا اور تمام کھجوریں جوں کی توں باقی رہیں۔ حضور ﷺ نے اپنے خداداد اختیار سے کھجوروں کو اِتنا زیادہ کر دیا کہ حضرت جابر کے والد کا قرض بھی ادا ہو گیا اور اُن کے اہل و عیال کے کھانے کا انتظام بھی ہو گیا۔ **سبحان اللہ!**

ہمارے اِمام نے کیا ہی خوب کہا:

جس طرف اُٹھ گئی دَم میں دَم آ گیا  اُس نگاہِ عنایت پہ لاکھوں سلام

**سوال:** قیامت کے دن **"عزت و کرامت کی ساری کنجیاں"** کس کے ہاتھوں میں ہوں گی؟

**جواب:** بروزِ قیامت عزت و کرامت کی تمام کنجیاں **"حضور ﷺ کے دستِ اقدس"** میں ہوں گی۔ چناں چہ حضرت سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے روایت کیا کہ حضور تاجدارِ کائنات ﷺ نے ارشاد فرمایا:

- حشر کے دن قبر سے سب سے پہلے میں باہر آؤں گا۔ جب لوگ اللہ کی بارگاہ میں جائیں گے تو میں اُن کی قیادت کروں گا۔ جب سب لوگ خاموش ہوں گے تو میں خطاب کروں گا۔ جب سب کو روکا جائے گا تو میں اُن کی شفاعت کروں گا اور جب سب لوگ مایوس ہوں گے تو میں اُنھیں خوش خبری سناؤں گا۔ اُس دن کرامت اور خیر کی کنجیاں میرے ہاتھ میں ہوں گی اور اُس دن حمد کا پرچم بھی میرے ہی ہاتھوں میں ہو گا۔[1]

اِسی لیے امام اہلِ سنت محدّث بریلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا ہے:

عرشِ حق ہے مسندِ رفعت رسول اللہ کی  دیکھنی ہے حشر میں عزّت رسول اللہ کی

**سوال:** زمین کے **"خزانوں کی کنجیاں"** کس کے دستِ اقدس میں ہیں؟

**جواب:** زمین کے تمام خزانوں کی کنجیاں **"ہمارے آقا حضور رحمتِ عالم ﷺ کے مبارک ہاتھوں"** میں ہیں۔ آپ ﷺ باذنِ الٰہی جس کو جتنا چاہتے ہیں دیتے ہیں۔ چناں چہ حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

---

[1] مشکاۃ المصابیح، باب فضائل سید المرسلین، ص: ۵۱۴

- مَیں محوِ خواب [سورہا] تھا کہ زمین کے تمام خزانوں کی جملہ کنجیاں میری خدمت میں پیش کی گئیں اور پھر میرے ہاتھوں میں دے دی گئیں۔[۱]

چھٹی فصل — جاں نثارانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم — تفہیم

## سیرتِ سیدنا صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ

**سوال:** حضرت صدیقِ اکبر کی ''کچھ خصوصیات'' بیان فرمائیں!

**جواب:** آپ رضی اللہ عنہ کی بے شمار خصوصیات میں سے چند یہ ہیں:

- اللہ عزوجل نے آپ کا نام صدیق رکھا، آپ کے علاوہ کسی کا نام صدیق نہ رکھا۔
- ہجرت کے موقع پر آپ رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ساتھ غارِ ثور میں رہے، یہ شرف کسی کو حاصل نہ ہوا۔
- ہجرت کے موقع پر آپ راستے بھر حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے رفیقِ سفر رہے۔ یہ عظمت بھی کسی کے حصے میں نہ آئی۔
- آپ کی ایک بہت بڑی خصوصیت یہ ہے کہ اللہ عزوجل نے آپ کو، آپ کے والد ابو قحافہ کو، آپ کے بیٹے عبد الرحمٰن کو اور آپ کے پوتے ابو عتیق کو شرفِ صحابیت سے سرفراز فرمایا، یعنی ''آپ کی چار نسلیں صحابی ہیں''۔

**سوال:** حضرتِ صدیقِ اکبر کے ''کچھ کارنامے'' بیان کریے!

**جواب:** حضرت صدیقِ اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ''عزم و حوصلہ، شجاعت و بہادری، جود و سخاوت، اخلاص و دیانت داری'' جیسی بے شمار خوبیوں کے مالک تھے۔ آپ نے اپنی خداداد صلاحیتوں کے ذریعے ایسے روشن کارنامے انجام دیے جنھیں رہتی دنیا تک یاد رکھا جائے گا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے وصال کے بعد بہت سے فتنے رونما ہوئے۔ ایک طرف عرب کے تقریباً سات قبیلے مرتد ہو کر دین اسلام کے مقابلے میں اٹھ کھڑے ہوئے، دوسری طرف بہت سے عربوں نے زکاۃ دینے سے انکار کر کے دین کی جڑوں کو کھوکھلا کرنے کی کوشش شروع کر دی۔

- حضرت سیدنا صدیقِ اکبر نے اِن سب کے خلاف پورے عزم و حوصلے کے ساتھ جہاد فرمایا اور چند ہی مہینوں میں اِن تمام فتنوں کو جڑ سے اکھاڑ پھینک کر دینِ اسلام کی جڑوں کو ایسا مضبوط کر دیا کہ شجرِ اسلام صبحِ قیامت تک یوں ہی لہلہاتا رہے گا۔

**سوال:** حضرت صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ کی ''سخاوت'' سے متعلق کوئی واقعہ بیان کریے!

**جواب:** حضرت عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

[۱] الصحیح للامام مسلم، ج:۱، کتاب المساجد، ص:۱۹۹]

- ایک مرتبہ حضور ﷺ نے ہمیں خیرات کرنے کا حکم دیا۔ حسنِ اتفاق سے اُس وقت میرے پاس کافی مال تھا۔ میں نے سوچا کہ آج زیادہ مال خرچ کر کے ابوبکر پر سبقت لے جانے کا موقع ہے۔ چناں چہ مَیں اپنے گھر کا آدھا مال لے کر حضور ﷺ کی خدمتِ عالیہ میں حاضر ہوا۔ حضور ﷺ نے دریافت کیا: اپنے گھر والوں کے لیے کیا چھوڑا؟ میں نے عرض کی: حضور! آدھا مال چھوڑ آیا ہوں۔
اِتنے میں حضرت ابوبکر صدیق اپنے گھر کا سارا مال لے کر آ گئے۔ حضور ﷺ نے پوچھا: گھر والوں کے لیے کیا چھوڑا؟ کہا: اُن کے لیے اللہ و رسول کو چھوڑ آیا ہوں۔ یعنی اہل و عیال کے لیے اللہ و رسول کافی ہیں۔ حضرت عمر کہتے ہیں: میں نے دل میں کہا: میں کبھی بھی کسی بھی خوبی میں ابوبکر صدیق سے سبقت نہیں لے جا سکتا۔[1]

**سوال:** حضرت صدیقِ اکبر کے بارے میں ہمیں کیسا "عقیدہ" رکھنا چاہیے!

**جواب:** ہمیں اُن کے بارے میں یہ "یقین" رکھنا چاہیے کہ

- آزاد مَردوں میں آپ سب سے پہلے دامنِ اسلام سے وابستہ ہوئے اور آپ، حضور ﷺ کے سب سے چہیتے صحابی ہیں۔
- آپ نے جان و مال اور عزت و آبرو سے اسلام کی بے مثال خدمات انجام دی۔
- حضور ﷺ کے وصال کے بعد تمام صحابہ نے متفقہ طور پر آپ کو حضور ﷺ کا خلیفہ مقرر کیا۔ لہذا آپ حضور ﷺ کے پہلے جانشین اور خلیفہ بلافصل ہیں۔
- آپ رضی اللہ عنہ انبیا و رُسل [نبیوں اور رسولوں] کے بعد سب سے افضل ہیں۔

## ساتویں فصل — عام دینی معلومات — تفہیم

**سوال:** انبیائے کرام اور فرشتوں میں کون "افضل" ہیں؟

**جواب:** بلاشبہ حضراتِ انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام فرشتوں؛ بلکہ تمام مخلوقِ خدا سے افضل و بہتر ہیں۔ جو کسی غیر نبی کو نبی سے افضل بتائے کافر ہے؛ لہذا جو لوگ "حضرت سیدنا جبریل علیہ السلام" کو یا "حضرت علی مولائے کائنات" رضی اللہ عنہ کو نبیوں سے افضل کہتے ہیں وہ "کافر" ہیں۔

**سوال:** کیا حضراتِ انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے "درجے" مختلف ہیں؟

**جواب:** جی ہاں! اللہ رب العزت نے اپنی حکمتِ بالغہ کے پیشِ نظر سب نبیوں کے درجات "مختلف" رکھے ہیں۔ خود قرآنِ مجید اعلان کر رہا ہے:

- تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ[2]

---

[1] مشکاۃ المصابیح، ص: ۵۵۶
[2] سورۂ بقرہ، آیت نمبر: ۲۵۳

ترجمہ: یہ رسول ہیں کہ ہم نے اُن میں سے بعض کو بعض پر فضیلت دی۔

**سوال:** کیا انبیاے کرام علیہم السلام ''اپنی اپنی قبروں میں زندہ'' ہیں؟

**جواب:** جی ہاں! وہ مقدس ہستیاں اپنی اپنی قبروں میں ''حقیقی حیات کے ساتھ زندہ'' ہیں، کھاتے پیتے ہیں اور جہاں چاہیں آتے جاتے ہیں۔

**سوال:** بدمذہب اِس عقیدے کو ''اسلامی روح کے مُنافی'' [خلاف] قرار دیتے ہیں۔ کیا یہ صحیح ہے؟

**جواب:** یہ عقیدہ ہرگز ہرگز اسلامی روح کے مُنافی نہیں؛ بلکہ اسلامی تعلیم کے عین مطابق ہے۔ یہ دیکھیے! قرآنِ مجید میں ہمیں یہ حکم دیا گیا:

- وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ یُّقْتَلُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَمْوَاتٌ ؕ بَلْ اَحْیَآءٌ وَّلٰکِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ۔[1]

  ترجمہ: جو خدا کی راہ میں قتل کیے جائیں اُنھیں مُردہ نہ کہو؛ بلکہ وہ زندہ ہیں، لیکن تمھیں خبر نہیں۔

- لہٰذا اسلامی روح کے منافی ہمارا عقیدہ نہیں؛ بلکہ بدمذہبوں کا عقیدہ ہے۔

**سوال:** بدمذہب کہتے ہیں کہ اِس آیتِ کریمہ سے ''شہیدوں کی زندگی ثابت ہوئی نہ کہ نبیوں کی''۔

**جواب:** اُن کی مَت ماری گئی ہے۔ اُنھیں اتنا بھی شعور نہیں کہ ''نبیوں کا درجہ شہیدوں سے بہت زیادہ'' ہے۔ جب کم درجے والوں کی زندگی ثابت ہوئی تو بڑے درجے والے انبیاے کرام کی حیاتِ طیبہ کیوں کر ثابت نہ ہوگی؟۔

**سوال:** کیا انبیاے کرام نے ''مَوت کا ذائقہ چکھا'' ہے؟

**جواب:** جی ہاں! جملہ انبیاے کرام نے ایک آن کے لیے مَوت کا ذائقہ چکھا، پھر وہ بدستور زندہ ہو گئے۔ جیسا کہ متعدد احادیثِ کریمہ سے ثابت ہے۔

**سوال:** کوئی ایک حدیث پیش فرما سکتے ہیں؟

**جواب:** جی! کیوں نہیں؟ ملاحظہ فرمائیں!

- حضور رحمتِ عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

  اَلْاَنْبِیَآءُ اَحْیَآءٌ فِیْ قُبُوْرِھِمْ یُصَلُّوْنَ۔[2]

  ترجمہ: حضراتِ انبیاے کرام علیہم السلام اپنی اپنی قبروں میں زندہ ہیں، [صرف زندہ ہی نہیں؛ بلکہ] نماز [بھی] ادا فرماتے ہیں۔

---

[1] سورۂ بقرہ، آیت نمبر: ۱۵۴
[2] المسند للامام ابی یعلی، ج: ۳، ص: ۲۱۶

# دسواں سبق

## پہلی فصل — ایمانیات: ایمان سے متعلق باتیں — تفہیم

**سوال:** ''حوضِ کوثر'' کیا ہے؟ روشنی ڈالیے!

**جواب:** ''حوضِ کوثر'' ایک حوض کا نام ہے۔ یہ حق ہے۔ اِس پر بھی ایمان رکھنا ضروری ہے۔ یہ حوض ہمارے آقا حضور رحمتِ عالم ﷺ کو دیا گیا ہے۔ اللہ ربُّ العزّت نے اپنے کلامِ ازلی میں ارشاد فرمایا:

- اِنَّآ اَعۡطَیۡنٰكَ الۡكَوۡثَرَ [1]

ترجمہ: اے محبوب! بے شک ہم نے آپ کو ''کوثر'' سے سرفراز فرمایا۔

**سوال:** اِس حوض کی ''خوبیاں'' بیان کریے!

**جواب:** اِس کی ''خوبیاں'' تو کما حقہ دیکھنے کے بعد ہی بیان کی جاسکیں گی؛ البتہ احادیثِ کریمہ میں اِس کے جو اوصاف آقائے دو جہاں ﷺ نے بیان فرمائے ہیں، وہ یہ ہیں:

- اِس کی مسافت ایک مہینے کی راہ ہے اور اِس کے کنارے موتیوں کے گنبد ہیں۔
- اِس کے چاروں کونے برابر ہیں اور اِس کی مٹی نہایت خوش بودار مشک کی ہے۔
- اِس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید، شہد سے زیادہ میٹھا، اور مشک سے زیادہ پاکیزہ ہے۔
- اِس کا مشروب جن برتنوں سے پلایا جائے گا وہ گنتی میں ستاروں سے بھی زیادہ ہیں۔
- جو خوش نصیب ایک بار اِس کا شربت پی لے گا وہ کبھی پیاسا نہ ہوگا۔
- اِس میں ہر وقت جنت سے دو پرنالے گرتے ہیں، ایک سونے کا اور دوسرا چاندی کا۔
- بروزِ قیامت حضور ﷺ اور آپ کے خلفائے راشدین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین، سچے مومنوں کو جام بھر بھر کر پلائیں گے۔ [2]

**سوال:** ''لِوَآءُ الْحَمْد'' کا معنیٰ بیان کریے!

**جواب:** اِس کا معنیٰ ہے ''حمد کا پرچم''۔ قیامت کے دن حضور ﷺ کو ایک جھنڈا ملے گا، اس کو ''لِوَآءُ الْحَمْد'' کہتے ہیں۔ حضرت سیدنا آدم علیہ السلام سے لے کر قیامت تک ہونے والے کل مومنین، اُس جھنڈے کے نیچے جمع ہوں گے۔ حدیثِ پاک میں ہے، آقا ﷺ نے فرمایا:

---

[1] سورۂ کوثر، آیت نمبر: ۱

[2] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصۂ اول، معاد و حشر کا بیان

✱ میں بروزِ قیامت [بھی] انسانوں کا سردار رہوں گا، یہ میں بطورِ فخر نہیں کہہ رہا۔ میرے ہاتھ میں لواء الحمد ہوگا، مجھے اِس پر فخر نہیں ہے، آدم علیہ السلام سمیت جملہ انبیا میرے پرچم کے نیچے ہوں گے۔[1]

**سوال:** ''مقامِ محمود'' سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

**جواب:** بروزِ قیامت اللہ عزوجل اپنے حبیب ﷺ کو ایک مقام عطا فرمائے گا جہاں تمام اگلے پچھلے لوگ آپ کی تعریف و توصیف کریں گے، اُسی کو ''مقامِ محمود'' کہتے ہیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

✱ عَسٰۤى اَنْ یَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا۔[2]

**ترجمہ:** عن قریب آپ کا رب آپ کو مقامِ محمود پر فائز فرمائے گا۔

## دوسری فصل — فقہیات: فقہی مسائل — تفہیم

**سوال:** شریعت کی نظر میں ''مسافر'' کس شخص کو کہتے ہیں؟

**جواب:** شرعاً مسافر وہ شخص ہے جو تین دن کی راہ تک جانے کے ارادے سے بستی سے باہر ہوا۔ اِس کی موجودہ مقدار ''ساڑھے بانوے کلومیٹر'' ہے۔ یہ بھی خیال رہے کہ صرف سفر کی نیت سے مسافر نہیں ہوگا، مسافر کا حکم اُسی وقت لگے گا جب کہ بستی کی آبادی سے باہر ہو جائے۔ شہر میں ہے تو شہر سے اور گاؤں میں ہے تو گاؤں سے۔ اور شہر والے کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ شہر کے آس پاس کی متصل [مِلی ہوئی] آبادی سے بھی باہر ہو جائے۔

**سوال:** کیا ایسا بھی ہو سکتا ہے کہ کوئی شخص پوری دنیا گھوم لے، پھر بھی ''شرعی مسافر'' نہ ہو؟

**جواب:** جی ہاں! جو شخص ساڑھے بانوے کلومیٹر تک جانے کے ارادے سے سفر نہ کرے؛ بلکہ اِس سے کم مسافت تک جانے کے ارادے سے سفر کرتا رہے تو کبھی بھی شرعی مسافر نہیں ہوگا؛ اگرچہ پوری دنیا گھوم لے۔

**سوال:** ''مسافر'' اپنی نماز کس طرح ادا کرے گا؟

**جواب:** اُس پر نماز میں ''قصر'' کرنا، یعنی چار رکعت والی فرض کو دو رکعت پڑھنا واجب ہے؛ مگر اُسے پوری چار رکعت پڑھنے کا ثواب ملے گا۔ اگر جان بوجھ کر چار پڑھے گا تو گنہ گار ہوگا۔

**سوال:** کیا ''سنتوں میں بھی قصر کرنا'' ہوتا ہے؟

**جواب:** جی نہیں، سنتوں میں قصر نہیں۔ خوف و گھبراہٹ کی حالت میں معاف ہیں اور امن و سکون کی حالت میں پوری پڑھی جائیں گی۔

**سوال:** مسافر ''کب تک'' مسافر رہتا ہے؟

**جواب:** مسافر اُس وقت تک مسافر رہتا ہے جب تک کہ اپنی بستی میں نہ پہنچ جائے یا آبادی میں پورے پندرہ یا اُس سے زیادہ

---

[1] الجامع للامام الترمذی، کتاب المناقب، باب سلوا اللہ لی الوسیلۃ، رقم الحدیث: ۳۶۲۵

[2] سورۂ اِسراء، آیت نمبر: ۷۹

دنوں تک اِقامت یعنی ٹھہرنے کی نیت نہ کرلے۔

سوال: ''اِقامت'' کی نیت کب صحیح ہوتی ہے؟

جواب: اِقامت کی نیت اُسی وقت صحیح ہوگی جب کہ مندرجہ ذیل چھ شرطیں پائی جائیں!

- چلنا ترک کرے، اگر چلتے چلتے اقامت کی نیت کی تو مقیم نہ ہوا۔
- جہاں نیت کی، وہ جگہ اقامت کی صلاحیت رکھتی ہو؛ لہٰذا جنگل یا غیر آباد جزیرے میں نیت کرنے سے مقیم نہیں ہوگا۔
- پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت ہو، اِس سے کم کی نیت کرنے سے مقیم نہیں ہوگا۔
- یہ نیت ایک جگہ ٹھہرنے کی ہو، دو جگہ پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت درست نہیں۔
- اُس کی حالت اُس کے ارادے کے مُنافی نہ ہو، اگر اُس کی حالت یہ بتاتی ہو کہ یہ پندرہ دن نہ ٹھہرے گا تو اُس کی نیت بے کار ہے۔

سوال: ''مسافر'' مقیم امام کی اقتدا میں نماز پڑھے تو بھی اُسے قصر کرنا ہوگا؟

جواب: اگر امام مقیم ہو تو مسافر مقتدی پوری نماز پڑھے گا۔ اگر خود امامت کرے یا تنہا پڑھے تو قصر کرنا واجب ہے۔

## تیسری فصل — اَخلاقیات: اسلامی اخلاق و آداب — تفہیم

سوال: ''تَکَبُّر'' کا معنیٰ بیان کرتے ہوئے اِس کی شرعی حیثیت واضح کریں؟

جواب: ''تَکَبُّر'' کا معنیٰ ہے ''دوسروں کو حقیر سمجھتے ہوئے خود کو بڑا سمجھنا''۔ ''تَکَبُّر'' کرنے والے کو ''متکبر'' کہتے ہیں۔ یہ ایک ہلاکت خیز بیماری ہے، جو انسان کو قہرِ خدائے قہار اور عذابِ نار کا حق دار بنا دیتی ہے؛ لہٰذا ہر مومن پر اس حرام و گناہِ کبیرہ کام سے بچنا واجب وضروری ہے۔

سوال: ''تَکَبُّر'' کِن کِن چیزوں میں کیا جاتا ہے؟

جواب: نادان لوگ بہت سی چیزوں میں ''تَکَبُّر'' کرتے ہیں۔ کوئی اپنے حسن و جمال پر تکبر کرتے ہوئے دوسروں کو حقیر سمجھتا ہے، تو کوئی اپنے حسب ونسب پر اِتراتے ہوئے دوسروں کو بے حیثیت جانتا ہے۔ کوئی اپنی دولت وثروت پر فخر کرتے ہوئے دوسروں کو ذلیل سمجھتا ہے تو کوئی اپنی طاقت وقوت پر ناز کرتے ہوئے دوسروں کو بے وَقعت خیال کرتا ہے۔ تکبر کی یہ تمام صورتیں ناجائز وحرام ہیں۔

سوال: ''متکبرین'' کی مذمت پر خدائے وحدہٗ لاشریک لہ کا کوئی فرمان پیش کریں!

**جواب:** ہمارے پیارے رب نے قرآنِ مجید میں بہت سے مقام پر تکبر کرنے والوں کی مذمت فرمائی ہے۔ سورۂ نحل میں ارشاد فرمایا:

- بِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ۔[۱]

ترجمہ: کیا ہی بُرا ٹھکانہ ہے تکبر کرنے والوں کا۔ العیاذ باللہ تعالیٰ منہ۔

**سوال:** "تَکَبُّر" کی مذمت میں حضور ﷺ کا ارشادِ گرامی پیش کریں!

**جواب:** حضرت سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا:

- جس شخص کے دل میں رائی کے برابر بھی تکبر ہوگا وہ جنت میں نہیں جائے گا۔ ایک شخص نے کہا: یارسول اللہ! آدمی یہ پسند کرتا ہے کہ اُس کا لباس اچھا اور اُس کا جوتا عمدہ ہو [کیا یہ بھی تکبر ہے؟] یہ سن کر حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل جمیل ہے اور وہ جمال کو پسند فرماتا ہے۔ یہ تکبر نہیں ہے؛ البتہ "حق بات کو قبول نہ کرنا اور لوگوں کو ذلیل سمجھنا" تکبر ہے۔[۲]

**سوال:** "تَکَبُّر" کی علامتیں کیا کیا ہیں؟

**جواب:** "تَکَبُّر" کی بہت سی علامتیں بیان کی گئی ہیں۔ چند یہ ہیں:

- یہ پسند کرے کہ لوگ اُس کے سامنے ہاتھ باندھے کھڑے رہیں۔ یہ خواہش ہو کہ میرے آنے پر لوگ کھڑے ہوجائیں۔
- کسی کے گھر جا کر اُس سے ملاقات کرنا پسند نہ ہو اور اپنے سے کم درجے والوں سے ملنا گوارا نہ ہو۔

یہ وہ "علامتیں" ہیں جو انسان کے اندر برے اخلاق پیدا کر دیتی ہیں اور اسے رب تعالیٰ کی رحمت سے بہت دور کر دیتی ہیں۔

**سوال:** کیا "تَکَبُّر" کا علاج ہوسکتا ہے؟

**جواب:** جی ہاں! اِس کا علاج یہ ہے کہ بندۂ مومن دو باتیں ہمیشہ مدِّ نظر رکھے:

[۱] ایک یہ کہ ہر وقت اللہ عزوجل کی عظمت و کبریائی کو مَدِّ نظر رکھتے ہوئے، اپنے دل میں اِس یقین کو جمائے کہ ہر طرح کی بڑائی اور ہر قسم کا تکبر اُسی کے شایانِ شان ہے۔

[۲] دوسری یہ کہ ہمہ وقت اِس حقیقت کو سامنے رکھے کہ اللہ نے اُسے بے جان نطفے سے پیدا کیا ہے؛ لہٰذا اُس کے لیے ہرگز مناسب نہیں کہ مخلوق کے سامنے تکبر کرے۔

- اِن دونوں باتوں سے ان شاء اللہ "تَکَبُّر" کا خاتمہ ہوجائے گا۔

---

[۱] سورۂ نحل آیت نمبر: ۲۹
[۲] الصحیح للامام مسلم، کتاب الایمان، باب تحریم الکبر، رقم الحدیث: ۲۶۳

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم — تفہیم

**سوال:** "غَزْوَۂ اُحُد" کے بارے میں بتائیے!

**جواب:** "غَزْوَۂ اُحُد" تین ہجری کا سب سے بڑا واقعہ ہے۔ یہ جنگ ۱۷ر شوال المکرم ۳ر ہجری میں مسلمانوں اور مشرکینِ مکہ کے درمیان، مدینۂ منورہ سے تقریباً تین میل کی دوری پر واقع "اُحد" پہاڑ کے دامن میں ہوئی۔ مسلمانوں کی قیادت حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی؛ جب کہ کافروں کی قیادت ابوسفیان نے کی تھی۔ ابوسفیان نے ہتھیاروں سے لیس تین ہزار سے زائد فوجیوں کے ساتھ مدینۂ منورہ پر حملہ کرنے کی ٹھانی تھی۔ قرآنِ کریم کی آیتوں میں اللہ عزوجل نے اِس جنگ کے واقعات کو تفصیل سے بیان فرمایا ہے۔[1]

**سوال:** اِس جنگ کے "اسباب وعَوَامِل" کیا تھے؟ بیان کریں!

**جواب:** مُندَرَجہ ذیل اسباب کی بِنا پر یہ جنگ واقع ہوئی:

- جنگِ بدر میں قریش کے بڑے بڑے سردار مارے گئے تھے، جس کے سبب مکہ کا ہر گھر ماتم کدہ بنا ہوا تھا اور قریش کا بچہ بچہ مسلمانوں سے لڑنے کے لیے بے قرار تھا۔
- کفارِ عرب خون کا بدلہ لینا نہایت ضروری اور اپنا قومی فریضہ سمجھتے تھے۔
- چناں چہ کفارِ مکہ ابوسفیان کے پاس جمع ہو کر بولے: ہمیں اِس سال تجارت سے جو بھی نفع مِلا ہے اُس سے بہترین ہتھیار خرید کر ایک عظیم الشان لشکر تیار کرنا چاہیے اور مسلمانوں پر حملہ کر کے اُنھیں دنیا سے نیست و نابود کر دینا چاہیے۔
- لیکن ہمارے نبی سردارِ دو جہاں حضرت محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم کے غلاموں سے لڑنا آسان کام نہ تھا، اِس لیے اُنھوں نے دَورہ کر کے عرب کے تمام قبیلوں میں اشتعال پیدا کر دیا۔ چناں چہ بے پناہ جوش وخروش کے ساتھ کافروں کا لشکرِ جرّار مکۂ مکرمہ سے روانہ ہوا۔

**سوال:** جنگِ اُحُد کے لیے مسلمانوں نے "کیا تیاریاں" کی تھیں؟

**جواب:** کافروں کے حملے کی خبر سن کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابۂ کرام سے مشورہ طلب فرمایا۔ بعضوں نے مشورہ دیا کہ شہر کے اندر رہ کر دشمنوں کا مقابلہ کیا جائے؛ جب کہ چند جوانوں نے جوشِ جہاد میں یہ رائے دی کہ میدان میں نکل کر دشمنوں سے فیصلہ کن جنگ کی جائے۔ چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم "ایک ہزار کی فوج" لے کر مدینۂ منورہ سے باہر تشریف لائے۔ راستے میں منافقوں کے سردار عبد اللہ بن اُبَی نے دھوکا دیا اور اپنے "تین سو آدمیوں" کو لے کر واپس چلا گیا۔ اب "تین ہزار" کے لشکرِ جرار کے مقابلے میں صرف "سات سو صحابہ" رہ گئے۔

---

[1] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۲۰۰

سوال: ''جنگ کی ابتدا'' کیسے ہوئی؟ اختصار کے ساتھ بیان کریے!

جواب: حضور صلی اللہ علیہ وسلم ۱۵ رشوال سنیچر کے دن فجر کی نماز کے وقت اپنے جاں نثار غلاموں کے ساتھ ''اُحُد'' پہنچے۔ نمازِ فجر ادا کرنے کے بعد مورچہ بندی شروع فرمائی اور پچاس تیر اندازوں کے ایک دستے کو منتخب فرما کر انھیں لشکر کے پیچھے والے پہاڑ پر موجود اُس دَرّے [تنگ راستے] پر مقرّر فرمایا جس کی طرف سے کافروں کے حملہ کا اندیشہ تھا اور حضرت عبداللہ بن جبیر کو اُس دستے کا افسر بنا کر یہ حکم دیا کہ ہماری اجازت کے بغیر یہاں سے مت ہٹنا۔

اَب ''ابو عامر اَوسی'' چند کافروں کے ساتھ آگے بڑھ کر مسلمانوں پر تیر برسانے لگا۔ اُس کے جواب میں مسلمانوں نے ایسی سنگ باری کی کہ وہ اپنے ساتھیوں سمیت میدان سے بھاگ کھڑا ہوا۔ کچھ دیر بعد لشکرِ کفار کا علم بردار ''طلحہ بن ابوطلحہ'' میدان میں آکر مسلمانوں کو للکارنے لگا۔ ''حضرت علی شیرِ خدا'' رضی اللہ عنہ نے آگے بڑھ کر ایک ہی وار میں اُس کا کام تمام کردیا۔ اُس کے بعد ''عثمان بن ابوطلحہ'' نے زور آزمائی کی؛ لیکن حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا ''حضرت حمزہ'' رضی اللہ عنہ نے شیر بَبر کی طرح جھپٹ کر اُس کی کمر توڑ دی۔

غرض یہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے جاں نثار صحابہ کے سخت حملوں کی تاب نہ لا کر کفارِ مکہ میدانِ جنگ سے بھاگنے پر مجبور ہو گئے۔[1]

## پانچویں فصل — رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی عظمت و شان — تفہیم

سوال: ''درختوں کے جذبۂ اطاعت'' کا کوئی واقعہ سنائیں!

جواب: صحابیِ رسول حضرت سیدنا جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

ایک مرتبہ ہمیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر کرنے کا شرف مِلا، اِس سفر میں ہم نے تین تعجب خیز باتیں دیکھیں۔ اُن میں سے ایک بات یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک درخت کے قریب تشریف لے گئے اور اُس کی ایک شاخ کو پکڑ کر فرمایا: میرے ساتھ چل! حضور کا حکم سُن کر وہ درخت فرماں بردار اونٹ کی طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے پیچھے چلنے لگا۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم دوسرے درخت کے پاس جا کر اُس کی ایک شاخ پکڑ کر بولے: اللہ کے حکم سے میری اطاعت کر! وہ درخت بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے پیچھے آنے لگا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں کو ایک مقام پر لے جا کر فرمایا: اللہ کے حکم سے ایک دوسرے سے مِل جاؤ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم سنتے ہی دونوں باہم مِل گئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کی آڑ میں قضاے حاجت فرمائی۔ پھر وہ دونوں درخت آپ کے حکم سے جدا ہو کر اپنی اپنی جگہ چلے گئے۔[2]

---

[1] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۲۰۶۔۲۰۷ [2] مشکوۃ المصابیح، باب فی المعجزات، ص: ۵۳۳، ملخصاً

* اللہ عزوجل نے ہمارے نبی کو کیسی شان عطا فرمائی، کہ درخت جیسی بے جان مخلوق کو بھی آپ ﷺ نے چلنا سکھا دیا۔

**سوال:** کیا ''بے زبان جانور'' بھی آقائے دوعالم ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں آ کر ''اپنا دُکھڑا'' سناتے تھے؟

**جواب:** جی ہاں! بے زبان جانور بھی ہمارے نبی ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں حاضر ہو کر اپنی ''پریشانیاں'' بیان کیا کرتے تھے، اِس طرح کی بہت سی روایتیں ہیں، صرف ایک روایت ملاحظہ فرمائیں: حضرت سیدنا یعلیٰ بن مُرَّہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

* ہم لوگ حضور ﷺ کے ساتھ کہیں جا رہے تھے، ہمارا گزر ایک اونٹ کے قریب سے ہوا۔ اُس اونٹ نے جیسے ہی سیدِ کائنات ﷺ کو دیکھا فوراً چیختے ہوئے آپ کی بارگاہ میں حاضر ہو گیا اور آپ کے روبرو اپنی گردن بچھا کر بیٹھ گیا۔ حضور ﷺ نے اُس کے مالک کو طلب کیا، جب مالک آ گیا تو آپ نے اُس سے فرمایا: اِسے میرے ہاتھ بیچ دے۔ اُس نے کہا: حضور! یوں ہی قبول فرمالیں! پھر حضور ﷺ نے اُس سے کہا: اِس اونٹ نے تمہاری شکایت کی ہے کہ تم اِس سے کام زیادہ لیتے ہو اور چارہ کم دیتے ہو۔ اِس کے ساتھ اچھا برتاؤ کیا کرو۔[1]

**سوال:** کیا کبھی کسی کی ''انگلیوں'' سے ''پانی کا چشمہ'' جاری ہوا ہے؟

**جواب:** جی ہاں! ہمارے نبی حضور جانِ عالم ﷺ کی مبارک انگلیوں سے ایک بار نہیں؛ بلکہ کئی بار پانی کے چشمے جاری ہوئے اور اُس انتہائی پاکیزہ اور صاف وشفاف پانی سے سیکڑوں لوگ سیراب ہوئے۔ یہ حضور سیدِ کائنات ﷺ کا عظیم الشان معجزہ ہے۔ حضرت سیدنا انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں:

* ''مقامِ زُوراء'' میں آقائے دوعالم ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں پانی کا ایک برتن لایا گیا۔ آپ ﷺ نے اپنا دستِ اقدس اُس میں ڈال دیا تو آپ کی مقدس انگلیوں سے پانی پھوٹ پڑا۔ وہ پانی اِس قدر کثیر تھا کہ تقریباً تین سَو لوگوں نے اُس سے وضو کرنے کا شرف حاصل کیا۔[2]

* دوسری روایت میں ہے کہ صلحِ حدیبیہ کے موقع پر آقائے کریم ﷺ کی پاکیزہ انگلیوں سے چشموں کی طرح پانی ابل پڑا، جس سے پندرہ سَو صحابہ نے پیا اور وضو کیا۔ وہ پانی اِس قدر زیادہ تھا کہ اگر ایک لاکھ لوگ بھی ہوتے تو وہ پانی سب کے لیے کافی ہوتا۔[3]

---

[1] مشکاۃ المصابیح، باب فی المعجزات، ص: ۵۴۰۔ ملخصاً
[2] صحیح البخاری، ج: ۱، باب علامات النبوۃ، ص: ۵۰۴۔ ملخصاً
[3] صحیح البخاری، باب غزوۂ حدیبیہ، ص: ۵۹۸۔ ملخصاً

تفہیم | جاں نثارانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | چھٹی فصل

## سیرتِ سیدنا فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ

**سوال:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دوسرے جانشین "حضرت سیدنا فاروقِ اعظم" رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا "نام" اور "نسب" کیا ہے؟

**جواب:** آپ کا نام "عمر" کنیت "ابو حفص" اور لقب "فاروقِ اعظم" ہے۔ آپ کے والد کا نام "خطاب" اور ماں کا نام "عَنتَمہ" ہے۔ آٹھویں پشت میں آپ کا شجرۂ نسب، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے خاندانی شجرے سے مِل جاتا ہے۔ آپ کو حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے بعد "سب سے اونچا رتبہ" حاصل ہے۔

**سوال:** آپ کی "ولادت" کب ہوئی اور آپ کس "عمر" میں دامنِ اسلام سے وابستہ ہوئے؟

**جواب:** آپ رضی اللہ عنہ واقعۂ فیل کے تیرہ سال بعد مکۂ مکرمہ میں پیدا ہوئے اور اعلانِ نبوت کے چھٹے سال ستائیس برس کی عمر میں مشرف بہ اسلام ہوئے۔ آپ رضی اللہ عنہ جس وقت مسلمان ہوئے اس وقت چالیس مرد اور گیارہ عورتیں ایمان لا چکی تھیں اور بعض علما فرماتے ہیں کہ اُنتالیس مرد اور تیئیس عورتوں کے اسلام لانے کے بعد آپ رضی اللہ عنہ کو ایمان قبول کرنے کی توفیق ملی۔

**سوال:** حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو "فاروق" کیوں کہا جاتا ہے۔

**جواب:** یہ مبارک "لقب" خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنھیں عطا فرمایا تھا۔ اِس کا واقعہ یہ بیان کیا جاتا ہے کہ

- مسلمان ہوجانے کے بعد حضرت عمر نے کہا: **یا رسول اللہ!** کیا ہم حق پر نہیں ہیں؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: کیوں نہیں؟ بے شک ہم حق پر ہیں۔ یہ سن کر حضرت عمر نے کہا: پھر ہم چھپ کر اللہ کی عبادت کیوں کریں، ہم علی الاعلان اپنے رب کی بندگی کریں گے۔ اِس کے بعد تمام مسلمان حضرت ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مکان سے دو صفوں میں نکلے۔ ایک صف میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا حضرت حمزہ، جب کہ دوسری صف میں خود حضرت عمر تھے۔ تمام مسلمان نہایت آزادانہ شان کے ساتھ مسجدِ حرام پہنچے اور کھل کر رب تعالیٰ کی بندگی کی۔ یہ منظر دیکھ کر کافروں کی آنکھیں کھلی کی کھلی رہ گئیں اور اُنھیں بڑا رنج لاحق ہوا۔
- اُسی روز حضور رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر کو "فاروق" کا لقب عطا فرمایا؛ کیوں کہ اُن کے سبب اسلام ظاہر ہوا اور حق و باطل کے درمیان فرق واضح ہوا۔[۱]

**سوال:** حضرت عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی "فضیلت" بیان کریے!

**جواب:** آپ رضی اللہ عنہ کی فضائل و مناقب خود آقائے دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمائے ہیں۔ چند روایتیں ملاحظہ فرمائیں!

---

[۱] تاریخ الخلفاء، ص: ۷۸

- حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا:
اگر میرے بعد کسی نبی کا آنا ممکن ہوتا تو وہ عمر ہوتے۔[۱]
- ام المومنین حضرت سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے روایت کیا ہے کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا:
یقیناً میں نگاہِ نبوت سے دیکھ رہا ہوں کہ جن و انس کے شیاطین میرے عمر کے خوف سے بھاگتے ہیں۔[۲]
- آپ رضی اللہ عنہ کی ایک بڑی فضیلت یہ بھی ہے کہ خود آقائے دو جہاں ﷺ نے آپ کے مشرف بہ اسلام ہونے کی دعا مانگی اور کئی مرتبہ آپ کی رائے کے مطابق قرآن مجید کی آیتیں نازل ہوئیں۔[۳]

## ساتویں فصل — عام دینی معلومات — تفہیم

**سوال:** کیا حضرات انبیائے کرام علیہم السلام "غیب کی باتیں" بھی جانتے ہیں؟

**جواب:** جی ہاں! اللہ ربُّ العزّت کی عطا سے انبیائے کرام علیہم السلام غیب کی بہت سی باتوں کا علم رکھتے ہیں۔

**سوال:** کیا یہ عقیدہ قرآنِ مقدس سے ثابت ہے؟

**جواب:** جی ہاں! یہ عقیدہ قرآنِ مقدس کی متعدد آیتوں سے ثابت ہے۔ مثلاً سورۂ آلِ عمران میں اللہ عزوجل نے فرمایا:

- مَا كَانَ اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَجْتَبِيْ مِنْ رُّسُلِهٖ مَنْ يَّشَآءُ[۴]

ترجمہ: اے عام لوگو! اللہ کی شان یہ نہیں وہ تمھیں غیب پر مطّلع کرے، لیکن اللہ اُنھیں غیب کا علم دیتا ہے جنھیں منتخب فرمالیتا ہے اور وہ [منتخب شدہ لوگ] اُس کے رسول ہیں۔

**سوال:** "سب سے زیادہ علمِ غیب" کس نبی کو دیا گیا؟

**جواب:** علومِ غیبیہ سے سب سے زیادہ ہمارے نبی ﷺ کو سرفراز کیا گیا۔ اللہ عزوجل نے اپنے حبیب ﷺ کے بارے میں فرمایا:

- وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ۔[۵]

ترجمہ: اور اُس نے تمھیں سکھا دیا وہ سب کچھ، جسے تم نہ جانتے تھے۔

**سوال:** جو شخص "خدا کی عطا کے بغیر"، انبیائے کرام کے لیے علمِ غیب ثابت کرے اُس کا کیا حکم ہے۔

**جواب:** جو شخص "خدا کی عطا کے بغیر" کسی نبی یا کسی اور کے لیے ایک ذرّے کا بھی علمِ غیب ثابت مانے وہ دائرۂ اسلام سے خارج ہے۔

**سوال:** جو شخص انبیائے کرام کے "علمِ غیب کو بالکل ہی تسلیم نہ کرے" اُس کا کیا حکم ہے؟

**جواب:** ایسا شخص قرآنِ مقدس کی بہت سی آیتوں کا انکار کرنے کی وجہ سے کافر و مرتد ہے۔

---

[۱] الجامع للامام الترمذی، باب فی مناقب عمر بن الخطاب، رقم الحدیث: ۴۰۵۰۔ مشکاۃ المصابیح، ص: ۵۵۸
[۲] مشکاۃ المصابیح، ص: ۵۵۸
[۳] تاریخ الخلفاء، ص: ۸۳
[۴] سورۂ آلِ عمران، آیت نمبر: ۱۷۹
[۵] سورۂ نسآء، آیت نمبر: ۱۱۳

سوال: ''غیوبِ خمسہ'' سے کیا مراد ہے؟

جواب: غیوبِ خمسہ سے یہ پانچ غیب مراد ہیں:

- [۱] قیامت کب آئے گی۔ [۲] بارش کب ہوگی۔ [۳] کل کیا ہوگا۔ [۴] ماں کے پیٹ میں کیا ہے۔ [۵] کون کہاں مرے گا۔

سوال: کیا اللہ عزوجل کی عطا سے حضور ﷺ کے لیے اِن پانچ غیبوں کا علم ثابت ہے؟

جواب: جی ہاں! ہمارے نبی ﷺ کو اللہ عزوجل نے اِن پانچ غیبوں سے حصۂ وافر [بڑا حصہ] عطا فرمایا ہے۔

سوال: جو شخص حضور ﷺ کے لیے اِن پانچ باتوں کا علم ثابت نہ مانے اُس کا کیا حکم ہے؟

جواب: اِن پانچ باتوں کو حضور ﷺ کے لیے ثابت ماننا ضروریاتِ اہلِ سنت سے ہے؛ لہٰذا انکار کرنے والا گمراہ و بدمذہب ہوگا۔

سوال: ''حاضروناظر'' کا لُغوی معنیٰ کیا ہے؟

جواب: جو سامنے موجود ہو اُسے ''حاضر'' کہتے ہیں اور دیکھنے والے کو ''ناظر'' کہتے ہیں۔

سوال: ''حاضروناظر'' کا شرعی معنیٰ بیان کریے!

جواب: حضرت علامہ مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ نے ''حاضروناظر'' کا شرعی معنیٰ بیان کرتے ہوئے لکھا ہے:

- قوتِ قدسیہ والا ایک ہی جگہ رہ کر تمام عالم کو اپنے کفِ دست [ہاتھ کی ہتھیلی] کی طرح دیکھے اور دور و قریب کی آوازیں سنے۔ یا ایک آن [لمحے] میں تمام عالم کی سَیر کرے اور صدہا کوس [سیکڑوں کوس کی دوری] پر حاجت مندوں کی حاجت رَوائی کرے۔[1]

## یتیم کی کفالت کرنے والے جنتی ہیں

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: مَنْ قَبَضَ يَتِيمًا بَيْنَ الْمُسْلِمِينَ إِلَى طَعَامِهِ وَشَرَابِهِ أَدْخَلَهُ اللهُ الْجَنَّةَ الْبَتَّةَ إِلَّا أَنْ يَعْمَلَ ذَنْبًا لَا يُغْفَرُ لَهُ۔

[الجامع للامام الترمذی، ابواب البر والصلۃ، رقم الحدیث: ۱۹۰۴]

ترجمہ: جو شخص مسلمانوں کے بیچ سے کسی یتیم کو لے کر، اسے اپنے ساتھ کھانے اور پینے میں شریک کرے، اللہ عزوجل یقیناً اسے جنت میں داخل فرمائے گا۔ ہاں اگر وہ کفر و شرک کرے گا تو اسے بخشا نہیں جائے گا۔

[1] جاء الحق، ص: ۱۳۸

# گیارہواں سبق

## پہلی فصل — ایمانیات: ایمان سے متعلق باتیں — تفہیم

**سوال:** بروزِ قیامت مومنوں کو "سب سے بڑی نعمت" کیا ملے گی؟

**جواب:** اُس دن مومنوں کو جو سب سے افضل واعلیٰ نعمت ملے گی وہ رب تبارک وتعالیٰ کا دیدار ہے۔ اِس نعمت کے برابر کوئی نعمت نہیں۔ جسے ایک مرتبہ دیدارِ الٰہی نصیب ہو جائے گا، وہ ہمیشہ اُس کی لذّت میں مشغول رہے گا، کبھی نہ بھولے گا۔ اور اللہ رب العزت کا دیدار سب سے پہلے ہم سب کے آقا، کائنات کے داتا حضور احمدِ مصطفیٰ محمدِ مجتبیٰ ﷺ کو حاصل ہوگا۔[۱]

- حضور رحمتِ عالم ﷺ نے خود ارشاد فرمایا: أَنَا أَوَّلُ شَافِعٍ وَّ أَوَّلُ مُشَفَّعٍ وَّ أَوَّلُ مَنْ يَّنْظُرُ اِلَى اللهِ۔[۲]
ترجمہ: سب سے پہلے میں شفاعت کروں گا، سب سے پہلے میری شفاعت قبول کی جائے گی اور سب سے پہلے مَیں اللہ عزوجل کا دیدار کروں گا۔

**سوال:** پل صراط سے گزرنے کے بعد سب لوگوں کو "کہاں" جانا ہے؟

**جواب:** قیامت کے تمام مراحل سے گزرنے کے بعد سب کو "ہمیشگی کے گھر" میں جانا ہے۔ کسی کو آرام کا گھر ملے گا، جہاں کے چین وسکون کی کوئی انتہا نہیں۔ اِسی کو "جَنَّت" کہتے ہیں۔ کسی کو تکلیف کا گھر ملے گا، جس کی تکلیف ومشقت کی کوئی حد نہیں، اِسی کو "جَهَنَّم" کہتے ہیں۔

**سوال:** جنت ودوزخ کے بارے میں "شک کرنے والا" مسلمان رہ جائے گا؟

**جواب:** جنت ودوزخ حق ہیں، اِن کا ثبوت قرآنِ کریم کی بہت سی آیتوں اور رسولِ پاک ﷺ کی بے شمار حدیثوں سے ہے؛ لہٰذا "اِن کا انکار کرنے والا یا اِن کے وجود میں شک کرنے والا کافر ومرتد ہے، ہرگز ہرگز مومن نہیں"۔ عقائد کی کتابوں میں صاف طور پر لکھا ہے کہ

- جو شخص قیامت کا یا جنت ودوزخ کا انکار کرے گا، اُس کو کافر قرار دیا جائے گا؛ کیوں کہ وہ اُن چیزوں کا انکاری ہے جن کا ثبوت آیاتِ قرآنیہ، اَحادیثِ نَبَوِیّہ اور اجماعِ امت سے ہے۔[۳]

**سوال:** جنت ودوزخ "پیدا" ہو چکی ہیں، یا قیامت میں "پیدا کی جائیں گی"؟

**جواب:** جنت ودوزخ کو بنے ہوئے "نہ جانے کتنے ہزار سال ہو چکے ہیں"۔ یہ دونوں موجود ہیں۔ یہ عقیدہ رکھنا گمراہی ہے کہ

---
۱۔ ملخصاً از بہارِ شریعت، حصۂ اول، معاد وحشر کا بیان
۲۔ حجۃ اللہ علی العالمین، ص: ۵۳
۳۔ شرحِ عقائد، ص: ۱۰۵۔ حدیقۂ ندیہ، ج: ۱، ص: ۳۰۳

''یہ دونوں ابھی نہیں ہیں، قیامت میں پیدا ہوں گی''۔ کیوں کہ اللہ عزوجل نے قرآنِ مجید میں حضرت سیدنا آدم علیہ السلام اور حضرت سیدتنا حوّا رضی اللہ عنہا کا قصہ بیان کیا ہے، کہ کیسے اِنھیں جنت میں رکھا گیا اور پھر کیسے جنت سے دنیا میں بھیجا گیا۔ نیز جنت کے بارے میں فرمایا :

- اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِیْنَ۔ ترجمہ: جنت پرہیزگاروں کے لیے بنی ہے۔
- اور دوزخ کے سلسلے میں فرمایا: اُعِدَّتْ لِلْکَافِرِیْنَ۔ ترجمہ: دوزخ کافروں کے لیے تیار کی گئی ہے۔

معلوم ہوا کہ یہ دونوں تیار ہیں، ایسا نہیں کہ قیامت میں تیار ہوں گی۔

**سوال:** جو شخص ''قیامت، حشر، حساب، جنت و دوزخ'' کو تسلیم کرے؛ مگر اِن کے نئے معانی بیان کرے، اُس کا کیا حکم ہے؟

**جواب:** اِن کے وہی معانی ہیں جو بیان کیے گئے اور یہی معانی مسلمانوں کے درمیان مشہور بھی ہیں۔ جو شخص اِن چیزوں کو تو حق کہے؛ مگر اِن کے نئے معنیٰ گڑھے وہ درحقیقت اِن چیزوں ہی کا منکر ہے؛ لہٰذا ایسا انسان کافر ہے، ہرگز مسلمان نہیں[1]۔

## دوسری فصل — فقہیات: فقہی مسائل — تفہیم

**سوال:** ''زکاۃ'' کا معنیٰ بتاتے ہوئے اِس کی اہمیت واضح کریں!

**جواب:** **زکاۃ کی تعریف** : اللہ عزوجل کی رضا کے لیے، مال کے اُس حصے کو جو شریعت نے مقرر کیا ہے کسی غیر ہاشمی مسلمان فقیر کو اِس طور پر مالک کر دینا کہ اپنا نفع اُس سے بالکل جدا کر لے۔ زکاۃ ''فرض'' ہے، اِس کا منکِر کافر ہے، نہ دینے والا فاسق اور دینے میں تاخیر کرنے والا سخت گنہ گار ہے۔

**سوال:** ''زکاۃ'' واجب ہونے کے لیے کتنی شرطیں ہیں۔

**جواب:** ''زکاۃ'' واجب ہونے کے لیے مندرجہ ذیل چند شرطیں ہیں:

[۱] **مسلمان ہونا :** لہٰذا کافر پر واجب نہیں، یعنی اگر کافر مسلمان ہو جائے تو اُسے زمانۂ کفر کی زکاۃ ادا کرنے کا حکم نہیں دیا جائے گا۔

[۲] **بالغ ہونا:** لہٰذا نابالغ پر زکاۃ واجب نہیں، چاہے وہ کتنا ہی مال دار ہو۔

[۳] **عاقل ہونا:** لہٰذا اگر کسی کو جنون [پاگل پن] پورے سال گھیر لے تو اُس پر زکاۃ واجب نہیں۔

[۴] **بقدرِ نصاب مال کا پورے طور پر مالک ہونا:** لہٰذا جو صاحبِ نصاب نہیں اُس پر زکاۃ واجب نہیں، اِسی طرح اُس پر بھی واجب نہیں جو نصاب کا مالک تو ہے؛ لیکن نصاب پورے طور پر اُس کے قبضے میں نہیں۔ مثلاً وہ مال دوسرے پر دَین [قرض] ہے تو ملنے سے پہلے اُس کی زکاۃ ادا کرنا واجب نہیں؛ لیکن

[1] ملخصاً از فتاویٰ رضویہ، ج:۲۹، ص: ۳۸۳

جب ملے گا تو گزشتہ سالوں کی زکاۃ بھی ادا کرنی ہوگی۔

[۵] **نصاب کا دَین سے فارغ ہونا:** لہٰذا جس کے پاس قدرِ نصاب مال تو ہے؛ مگر اُس پر اِتنا دَین [قرض] ہے کہ اُسے ادا کرنے کے بعد نصاب باقی نہیں رہتا تو اُس پر زکاۃ واجب نہیں۔

[۶] **نصاب کا حاجتِ اصلیہ سے فارغ ہونا:** لہٰذا ضرورت کی چیزیں نصاب سے الگ رہیں گی، اُن میں زکاۃ واجب نہیں۔

[۷] **حَولانِ حَول ہونا:** یعنی نصاب پر چاند کے لحاظ سے ایک سال گزر جانا۔ اگر شروع سال اور آخر سال میں نصاب کامل ہے تو زکاۃ واجب ہوگی۔

[۸] **مالِ نامی ہونا:** یعنی مال بڑھنے والا ہو، چاہے حقیقتاً بڑھے یا حکماً۔ یعنی اگر بڑھانا چاہیں تو بڑھے؛ لہٰذا اگر سونا چاندی بقدرِ نصاب ہیں تو اُن میں زکاۃ واجب ہے، چاہے اُن کا استعمال ہوتا ہو یا دفن کر کے رکھے ہوں؛ کیوں کہ یہ دونوں اِسی لیے پیدا ہوئے ہیں کہ اِن سے چیزیں خریدی جائیں۔ رائج روپے اور پیسوں کا حکم بھی یہی ہے۔[۱]

**سوال:** رائج پیمانے سے **"نصاب کی مقدار"** کیا ہے؟

**جواب:** سونے کا نصاب **"ساڑھے سات تولہ سونا"** ہے جو اِس وقت رائج پیمانے کے حساب سے ترانوے گرام اور تین سَو بارہ ملی گرام [93.312 g] ہے۔ اور چاندی کا نصاب **"ساڑھے باون تولہ"** ہے، جو اِس وقت رائج پیمانے کے حساب سے چھ سَو ترپن گرام اور ایک سو چوراسی ملی گرام [653.184 g] ہے۔

## تیسری فصل — اَخلاقیات: اسلامی اخلاق و آداب — تفہیم

**سوال:** "بُخل" کی تعریف اور اُس کا حکمِ شرعی بیان کریے!

**جواب:** حضرت سیدنا امام غزالی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے "بُخل" کا معنیٰ یہ بیان کیا کہ **"جہاں پر خرچ کرنا شرعاً یا مُرُوَّتاً ضروری ہو وہاں خرچ نہ کرنا بخل ہے۔"**[۲]

لہٰذا زکاۃ اور صدقہ ادا نہ کرنے والے، حاجت مندوں پر خرچ نہ کرنے والے اور مہمانوں کی ضیافت سے کترانے والے **"بخیل"** ہیں اور زکاۃ ادا کرنے والے اور میانہ روی کے ساتھ غریبوں، فقیروں اور محتاجوں کو دینے والے **"سخی"** ہیں۔

- **"بُخل"** نہایت مذموم [بری] صفت اور روحانی بیماری ہے۔ یہ **"بخیل"** کو دنیا میں رسوا اور آخرت میں تباہ کر دیتی ہے؛ جب کہ **"سخاوت"** انبیاے کرام علیہم السلام اور صالحین کی سنت ہونے کے سبب نہایت

---

[۱] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصۂ پنجم، زکاۃ کا بیان

[۲] ملخصاً از احیاء علوم الدین، مترجم، ج: ۳، ص: ۵۸۴

پسندیدہ عمل اور رب تعالیٰ کی رضا کا سبب ہے۔

- اِسی لیے اللہ عزوجل نے بخل کرنے والوں کی مذمت فرمائی اور اُس کے حبیب ﷺ نے اپنے امتیوں کو اِس شیطانی عمل سے منع فرمایا؛ لہٰذا ہر مومن پر واجب ہے کہ "بُخل" سے بچے اور "سخاوت" کا مظاہرہ کرے۔

**سوال:** "بُخل" کی مذمت میں اللہ عزوجل کا ارشادِ گرامی پیش کریے!

**جواب:** جی! ملاحظہ فرمائیں!

- وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ يَبْخَلُونَ بِمَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ سَيُطَوَّقُونَ مَا بَخِلُوا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ[1]

ترجمہ: اور جو لوگ اُس چیز میں "بخل" کرتے ہیں جو اللہ نے اپنے فضل سے انھیں دی، وہ ہرگز اُسے اپنے لیے اچھا نہ سمجھیں؛ بلکہ وہ اُن کے لیے بُرا ہے۔ انھوں نے جس چیز میں بخل کیا تھا عن قریب قیامت میں وہ اُن کے گلے کا طوق ہوگا۔

**سوال:** کیا "بُخل کا علاج" ممکن ہے؟

**جواب:** جی ہاں! بخل کا علاج اِس طور پر ہوسکتا ہے کہ انسان اپنے دل سے مال کی محبت نکال دے۔ دو وجہوں سے انسان مال سے محبت کرتا ہے:

- یا تو اِس لیے کہ اُس سے زندگی گزارنے کی تمام ضروری چیزیں خرید سکے اور کسی کا محتاج بنے بغیر سکون کے ساتھ زندگی بسر کرسکے۔
- یا اِس لیے کہ اُسے مال کے چوری ہونے یا برباد ہونے اور خود کے محتاج ہوجانے کا خوف رہتا ہے۔ اِن وَجہوں سے اُس کے دل میں مال کی محبت راسخ ہوجاتی ہے۔

اِس کا "علاج" یہ ہے کہ انسان اپنے رب اللہ عزوجل پر مکمل توکل کرے، تقدیر پر کامل ایمان رکھے اور اپنے دل میں اِس بات کو جمائے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے مال و دولت کو پیدا ہی اِس لیے کیا ہے کہ اُس سے انسان اپنے رہنے سہنے، کھانے پینے اور دیگر ضروریاتِ زندگی کا انتظام کرے اور اُس کے مال سے جو دینی و دنیوی حقوق وابستہ ہیں اُنھیں ادا کرے۔ اور یہ بھی اعتقاد رکھے کہ بخل کرنے کی صورت میں قیامت کے دن سخت ترین محاسبہ اور پھر عذابِ دوزخ کا سامنا ہوگا۔

- مومن اگر اِن باتوں کو ذہن نشیں کرلیں تو ان شاء اللہ عزوجل آہستہ آہستہ مال کی محبت اُن کے دلوں سے نکل جائے گی اور وہ "بخل کی آفتوں" سے محفوظ ہوجائیں گے۔

---

[1] سورۂ آلِ عمران، آیت نمبر: ۱۸۰

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم — تفہیم

**سوال:** "غزوۂ احد" میں "جنگ کا پانسہ" اچانک کیسے پلٹ گیا؟

**جواب:** کافروں کے بھاگنے کے بعد مسلمان مالِ غنیمت جمع کرنے لگے تو درّے پر موجود پچاس صحابہ میں سے اکثر یہ کہہ کر نیچے اتر آئے کہ "اب یہاں رکنے کی کوئی حاجت نہیں"؛ مگر اُن کے سردار حضرت عبد اللہ بن جبیر وہیں ڈٹے رہے۔ خالد بن ولید [یہ اُس وقت مسلمان نہ تھے] نے درّے کو خالی پا کر، کافروں کو جمع کر کے مسلمانوں پر سخت ترین حملہ کر دیا۔ حضرت عبد اللہ بن جبیر اپنے ساتھیوں سمیت شہید ہو گئے اور اِس ناگہانی حملے سے مسلمانوں کا زبردست جانی و مالی نقصان ہوا۔

- کافروں کے پلٹ وار میں تقریباً "ستّر صحابۂ کرام" نے جامِ شہادت نوش فرمایا؛ مگر تقریباً "تیس کفار" بھی واصلِ جہنم ہوئے۔ اِس جنگ میں حضرت حنظلہ، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پیارے چچا حضرت حمزہ، حضرت مصعب بن عُمیر رضی اللہ عنہم اجمعین بھی شہید ہوئے۔ نیز اسی ہمہ ہمی میں آقائے دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم کے دو دندانِ مبارک [بابرکت دانت] شہید ہوئے اور نیچے کا مقدس ہونٹ زخمی ہو گیا۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔[1]

**سوال:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی "شہادت کی خبر" کس نے اُڑائی اور اِس خبر نے مسلمانوں پر "کیا غضب ڈھایا"؟

**جواب:** ابنِ قمیہ نے "حضرت مُصعَب بن عُمیر" کو تیر مار کر شہید کر دیا، یہ ظاہری شکل میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے کچھ مشابہ تھے۔ جب یہ زمین پر گرے تو بعض کافروں نے غُل مچا دیا کہ [معاذ اللہ] حضور تاجدارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم شہید کر دیے گئے۔

- اللہ اکبر! اِس اعلان نے غضب ڈھا دیا۔ مسلمان بالکل ہی بے قابو ہو کر میدان چھوڑ کر بھاگنے لگے۔ اُس وقت بڑے بڑے بہادروں کے پاؤں اُکھڑ گئے تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کہاں ہیں، کس حال میں ہیں کسی کو کچھ خبر نہ تھی۔ حضرت علی شیرِ خدا رضی اللہ عنہ انتہائی بے قراری کے عالَم میں اپنی "ذو الفقار" چلا کر کافروں کو گاجر مولی کے طرح کاٹتے جاتے اور مُڑ مُڑ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھتے جاتے۔
- جنگ تو جاری رہی اور اسلام کے جاں نثار جہاں تھے وہیں لڑتے رہے؛ مگر سب کی نگاہیں "جمالِ نبوت" کو تلاش کر رہی تھیں۔ عین مایوسی کے عالَم میں جس نے سب سے پہلے "جمالِ مصطفیٰ" دیکھا وہ حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کی خوش نصیب آنکھیں ہیں۔ اُنھوں نے پکارا کہ مسلمانو! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہاں ہیں۔ یہ سن کر مسلمانوں میں جان پڑی اور وہ دوڑ کر اپنے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آگئے۔[2]

**سوال:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر "کافروں کے حملے" کے وقت صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین نے "کس جاں نثاری" کا مظاہرہ فرمایا؟

[1] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۲۱۱ تا ۲۱۶
[2] ملخصاً از سیرت مصطفیٰ، ص: ۲۱۲ تا ۲۱۴

**جواب:** جب کافروں کا بے پناہ ہجوم ہر جانب سے حضور ﷺ پر حملہ کرنے لگا تو صحابۂ کرام، اپنے آقا ﷺ کی حفاظت کے لیے اپنا سر ہتھیلی پر رکھ کر جنگ کی آگ میں کود پڑے۔ چناں چہ:

- حضرت ابو دجانہ جھک کر حضور ﷺ کے لیے ڈھال بن گئے اور کافروں کی طرف سے برسنے والی تلواروں کو اپنی پیٹھ پر روکنے لگے۔
- حضرت طلحہ جوش جاں نثاری میں کافروں کی تلواروں کے وار اپنے ہاتھ سے روکنے لگے یہاں تک کہ اُن کا ایک ہاتھ بیکار ہو گیا۔
- حضرت ابو طلحہ حضور ﷺ کو اپنی پیٹھ کے پیچھے کر کے کافروں پر تیر برسانے لگے اور کہنے لگے: یا رسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان! آپ گردن نہ اُٹھائیں! کہیں ایسا نہ ہو کہ کافروں کا کوئی تیر آپ تک پہنچ جائے۔
- حضرت قتادہ بن نعمان نے حضور ﷺ کے چہرۂ اقدس کو بچانے کے لیے اپنا چہرہ دشمنوں کی طرف کر لیا۔ اچانک ایک تیر اُن کی آنکھ میں لگا جس سے آنکھ بہہ کر رخسار پر آ گئی۔ حضور ﷺ نے اُن کی آنکھ، حلقہ میں رکھ کر دعا فرما دی۔ دعا کی برکت سے اُن کی وہ آنکھ دوسری آنکھ سے زیادہ روشن اور خوب صورت ہو گئی۔ سبحان اللہ۔
- حضرت علی مولائے کائنات اور دیگر صحابہ بھی دشمنوں پر مسلسل حملہ کرتے رہے۔ آقائے دو عالم ﷺ کی حفاظت کے لیے اُنھوں نے اپنی جان کی بازی لگا دی۔[1]

## پانچویں فصل: رسولِ خدا ﷺ کی عظمت و شان — تفہیم

**سوال:** کیا حضور ﷺ کی "بادشاہت" جنگل کے "خطرناک جانوروں" پر بھی ہے؟

**جواب:** جی ہاں! حضور ﷺ کی بادشاہت جنگل کے خطرناک درندوں پر بھی ہے اور وہ بھی رسول اللہ ﷺ کی نسبتوں کا خیال رکھتے ہیں۔ اِس سلسلے کے بے شمار واقعات کتابوں میں مذکور ہیں۔ صحابیِ رسول حضرتِ سفینہ رضی اللہ عنہ کا واقعہ ملاحظہ فرمائیں:

- حضور ﷺ کے غلام حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ سرزمینِ روم میں اسلامی لشکر سے بہک گئے، لشکر تلاش کرتے کرتے ایک خطرناک جنگل میں پھنس گئے اور ایک شیر کا سامنا ہو گیا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے نہایت سکون و اطمینان کے ساتھ اُس شیر سے فرمایا: اے شیر! میں اللہ کے رسول ﷺ کا غلام ہوں۔ یہ سنتے ہی شیر دُم ہلاتے ہوئے اُن کے قریب آ کر کھڑا ہو گیا اور پھر آپ کو اسلامی لشکر تک پہنچا کر واپس چلا گیا۔[2]

---

[1] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۲۱۷ تا ۲۱۹ [2] مشکاۃ المصابیح، باب الکرامات، ص: ۵۴۵

یقیناً جو حضور ﷺ کا سچا غلام ہو جاتا ہے ساری مخلوق اُس کا ادب و احترام کرتی ہے۔

**سوال:** کیا ''آسمانی دنیا'' پر بھی حضور ﷺ کی حکمرانی ہے؟

**جواب:** بے شک! جس طرح زمین کی مخلوق حضور ﷺ کی اطاعت کرتی ہے اُسی طرح چاند، سورج اور ستارے بھی حضور ﷺ کی اطاعت کرتے ہیں۔ اِس سلسلے کی دو روایتیں پیش ہیں، پڑھیں! اور آنکھوں کو نور اور دل کو سرور کی دولت سے مالا مال کریں۔

- حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ مکۂ مکرمہ والوں نے حضور ﷺ سے کہا: آپ کوئی معجزہ دکھائیں! حضور ﷺ نے اُنھیں چاند کے دو ٹکڑے کرکے دکھائے یہاں تک اُنھوں نے حرا پہاڑ کو چاند کے دونوں ٹکڑوں کے درمیان دیکھا۔ سبحان اللہ۔[۱]
- حضرت اسما بنت عُمیس رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ ایک مرتبہ حضور ﷺ پر وحی نازل ہو رہی تھی اور آپ کا سرِ اقدس حضرت علی رضی اللہ عنہ کی گود میں تھا، اِس لیے وہ نمازِ عصر نہ پڑھ سکے، یہاں تک کہ سورج ڈوب گیا۔ حضور ﷺ نے دعا فرمائی کہ اے اللہ! علی تیری اور تیرے رسول کی اطاعت میں تھا؛ لہٰذا سورج واپس کر دے! حضرت اسما فرماتی ہیں: میں نے دیکھا کہ سورج غروب ہو جانے کے بعد دوبارہ طلوع ہو گیا۔[۲]

**سوال:** کیا اللہ عزوجل نے ہمارے نبی ﷺ کو ''قانون ساز'' بھی بنایا ہے؟

**جواب:** جی ہاں! ہمارے نبی ﷺ اللہ کی عطا سے قانون داں بھی ہیں اور قانون ساز بھی؛ بلکہ آپ ﷺ جو فرما دیں وہی قانونِ الٰہی ہے اور جو کر دیں وہی خدا کی مرضی ہے۔ حضور ﷺ کے قول و فعل ہی کا نام ''اسلام'' ہے۔ اِس عقیدے پر صحاحِ ستہ میں درجنوں حدیثیں موجود ہیں۔ صرف ایک حدیث ملاحظہ فرمائیں:

- حضور ﷺ نے ایک دیہاتی سے گھوڑا خریدا، اُس کی قیمت چکانے کے لیے حضور ﷺ گھر کی جانب چل پڑے۔ اُس دیہاتی کو اچھے دام ملنے لگے تو وہ اپنی بات سے مُکر گیا اور حضور ﷺ سے بولا: کیا ثبوت ہے کہ میں نے یہ گھوڑا آپ سے فروخت کیا ہے؟ جب اُس دیہاتی نے گواہ طلب کیے تو حضرت خزیمہ رضی اللہ عنہ نے کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ تو اِس گھوڑے کو رسول اللہ کے مبارک ہاتھوں پر بیچ چکا ہے۔

حضور ﷺ نے اُن سے کہا: تم نے بغیر دیکھے گواہی کیسے دی؟ اُنھوں نے کہا: یارسول اللہ! ہم آپ پر ایمان رکھتے اور آپ کی ہر بات کو سچ جانتے ہیں۔ یہ سن کر حضور ﷺ اِس قدر خوش ہوئے کہ آپ نے حضرت خزیمہ کی گواہی دو گواہوں کے برابر قرار دے دی۔[۳]

---

[۱] صحیح البخاری، ج:۱، باب انشقاق القمر، ص:۵۴۶
[۲] مجمع الزوائد، ج:۸، ص:۲۹۷
[۳] السنن للامام ابی داؤد، کتاب القضا، ص:۵۰۸

چھٹی فصل | جاں نثارانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | تفہیم

## سیرتِ سیدنا فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ

**سوال:** حضرت فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ''چند خوبیوں'' کی نشان دہی کریے!

**جواب:** اللہ ربُّ العزت نے آپ رضی اللہ عنہ کو بے شمار اوصاف و کمالات سے نوازا تھا ۔ تقویٰ و پرہیزگاری، عزم و حوصلہ، جود و سخاوت، شجاعت و بہادری، رِفق و ملاطفت کے ساتھ ''غربا پروری'' آپ کا نمایاں وصف تھا۔ رعایا کی خبر گیری کے لیے، آپ رضی اللہ عنہ راتوں کو بھیس بدل کر، اپنی نیند قربان کر کے، مدینۂ منورہ کے قرب و جوار میں گشت کرتے، مخلوقِ خدا کی حاجتیں پوری کرتے اور اُنھیں گونا گوں پریشانیوں سے نجات دلاتے تھے۔

**سوال:** حضرت فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کے ''کارناموں'' پر مختصر روشنی ڈالیے!

**جواب:** آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایسے نمایاں کارنامے انجام دیے جو آبِ زر سے لکھے جانے کے قابل ہیں۔ چند کارنامے ملاحظہ فرمائیں:

- آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مسجدِ حرام کی توسیع کے ساتھ، نمازِ پنج گانہ کے لیے چار ہزار مسجدوں اور نَو جامع مسجدوں کا اہتمام فرمایا۔
- آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہدِ حکومت میں ایک ہزار چھتیس شہر مع مضافات کے فتح ہوئے۔
- حدودِ حرم شریف میں نشانات بھی آپ ہی نے لگوائے اور آپ ہی نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد حجازِ مقدس سے یہودیوں کو نکال باہر کیا۔
- آپ رضی اللہ عنہ نے بیت المال قائم کیا اور مجاہدینِ اسلام کی پینشن مقرر فرمائی۔
- دنیا میں سب سے پہلے باضابطہ طور پر مردم شماری کا کام بھی آپ رضی اللہ عنہ ہی کے حکم سے انجام پزیر ہوا۔
- جیل اور پولیس کا محکمہ بھی سب سے پہلے آپ رضی اللہ عنہ ہی نے قائم فرمایا۔
- آپ رضی اللہ عنہ کے دورِ حکومت میں اسلامی ریاست اِس قدر مضبوط و مستحکم ہوگئی کہ دنیا کی تمام ریاستوں اور حکومتوں پر اسلامی حکومت کا رُعب قائم ہو گیا۔

**سوال:** حضرت فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کی ''شہادت'' کا واقعہ بیان کریے!

**جواب:** حضرت مغیرہ بن شعبہ کے مجوسی غلام ''ابولولوہ'' نے ایک مرتبہ آپ رضی اللہ عنہ سے اپنے آقا کی شکایت کرتے ہوئے کہا: حضور! میرے آقا روزانہ مجھ سے چار درہم وصول کرتے ہیں۔ آپ کم کرا دیجیے! آپ نے فرمایا: تمھیں کئی ہنر

آتے ہیں۔ تمھارے لیے چار درہم کچھ زیادہ نہیں ہیں۔ اِس جواب سے وہ غصے سے تلملا اٹھا اور اپنے دل میں حضرت خلیفۃ المسلمین کے قتل کا پختہ ارادہ کرلیا۔

- چناں چہ اُس نے ایک خنجر میں دھار لگوائی اور زہر میں بجھا کر اُسے اپنے پاس رکھ لیا اور نمازِ فجر میں، پہلی صف میں، حضرت فاروقِ اعظم کے بالکل قریب کھڑا ہو گیا۔ پھر اُس مردود نے آپ رضی اللہ عنہ کے کندھے اور پہلو پر اُس خنجر سے دو وار کیے جس سے آپ گر گئے۔ اُس کے بعد اُس نے اور نمازیوں پر حملہ کر کے تیرہ آدمیوں کو زخمی کیا جن میں چھ افراد کا انتقال ہو گیا پھر اُسی خنجر سے خودکشی کر لی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ زخمی ہونے کے بعد مسلسل ذکرِ الٰہی کرتے رہے یہاں تک کہ ۲۷ ذوالحجہ ۲۳ ہجری کو اپنے مالکِ حقیقی سے جا ملے اور حضرتِ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے حجرۂ مقدسہ میں، یارِ غار حضرت صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ کے پہلو میں آپ کی تدفین عمل میں آئی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔[1]

## ساتویں فصل — عام دینی معلومات — تفہیم

**سوال:** کیا بعطاے الٰہی ہمارے نبی ﷺ "حاضر و ناظر" ہیں؟

**جواب:** جی ہاں! اللہ رب العزت کی عطا سے ہمارے نبی ﷺ "حاضر و ناظر" ہیں۔

**سوال:** کیا یہ عقیدہ قرآنِ مجید اور احادیثِ مبارکہ سے ثابت ہے؟

**جواب:** جی بالکل! یہ دیکھیے! ہمارے رب عزوجل نے اپنے حبیبِ مکرم ﷺ کے بارے میں کیا فرمایا ہے:

- یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّ مُبَشِّرًا وَّ نَذِیْرًا۔[2]

ترجمہ: اے غیب کی خبریں دینے والے! بے شک ہم نے آپ کو رسول بنا کر بھیجا دراں حالے کہ آپ حاضر و ناظر، بشارت دینے والے اور ڈر سنانے والے ہیں۔

**سوال:** کیا حضور ﷺ کو "بشر" کہہ سکتے ہیں؟

**جواب:** حضور ﷺ کا بشر ہونا قرآنِ مقدس سے ثابت ہے؛ لہٰذا بیانِ حقیقت کے لیے، حاجت کے وقت "بشر" کہہ سکتے ہیں؛ لیکن یہ خیال رہے کہ آپ ﷺ ہرگز ہم جیسے بشر نہیں؛ بلکہ ایسے بشر ہیں کہ کائنات میں آپ جیسا کوئی بشر نہیں۔ اسی لیے آپ ﷺ کو بشر کہہ کر پکارنا ناجائز و حرام ہے۔

**سوال:** کیا حضور ﷺ کو "بڑا بھائی" کہہ سکتے ہیں؟

**جواب:** حضور ﷺ کو "بڑا بھائی" کہنا "حرام و ناجائز" ہے؛ بلکہ اگر توہین کی نیت سے کہا تو کفر ہے۔

**سوال:** "خاتم النبیین" کس مقدس پیغمبر کا لقب ہے؟

---

[1] تاریخ ابن خلدون، ج:۱، ص:۳۰۷

[2] سورۂ احزاب، آیت نمبر: ۴۵

**جواب:** ”خاتم النبیین“ ہمارے آقا حضور ﷺ کا مقدس لقب ہے۔

**سوال:** کیا کسی اور نبی کو ”خاتم النبیین“ کہہ سکتے ہیں۔

**جواب:** ہرگز نہیں! کسی اور نبی کے ”خاتم النبیین“ ہونے کا عقیدہ رکھنا کفر ہے۔

**سوال:** ”خاتم النبیین“ سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** حضور ﷺ کے ”خاتم النبیین“ ہونے کا معنیٰ یہ ہے کہ اللہ عزوجل نے آپ ﷺ پر نبوت و رسالت کا سلسلہ ختم فرما دیا ہے، اب آپ کے بعد قیامت تک کوئی نبی نہیں آسکتا۔

**سوال:** کیا یہ عقیدہ ”ضروریاتِ دین“ سے ہے؟

**جواب:** جی ہاں! ”یہ عقیدہ“ ضروریات دین سے ہے، یعنی جو شخص حضور ﷺ کو آخری نبی تسلیم نہ کرے وہ کافر و مرتد ہے۔

**سوال:** کیا یہ عقیدہ قرآنِ مقدس سے ثابت ہے؟

**جواب:** جی ہاں! قرآنِ مقدس سے بھی ثابت ہے اور احادیثِ کریمہ سے بھی۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے کلامِ ازلی میں فرمایا:

✱ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَاۤ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَ لٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَ خَاتَمَ النَّبِیّٖنَ[1]

ترجمہ: [میرے حبیب] محمد تمھارے مَردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں، لیکن اللہ کے رسول اور اُس کے آخری پیغمبر ہیں۔

### نعمت کو چھپانے والے ناشکرے ہیں

عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: مَنْ أُعْطِيَ عَطَاءً فَوَجَدَ فَلْيَجْزِ بِهِ وَمَنْ لَمْ يَجِدْ فَلْيُثْنِ فَإِنَّ مَنْ أَثْنَى فَقَدْ شَكَرَ وَمَنْ كَتَمَ فَقَدْ كَفَرَ وَمَنْ تَحَلَّى بِمَا لَمْ يُعْطَهُ كَانَ كَلَابِسِ ثَوْبَيْ زُوْرٍ.

[الجامع للامام الترمذی، ابواب البر والصلۃ، باب ماجاء فی المتشبع بمالم یعطہ، رقم الحدیث: ۲۱۶۶]

ترجمہ: حضرتِ سیدنا جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبیِّ پاک صاحبِ لولاک ﷺ نے فرمایا: جسے [کسی کی طرف سے] کچھ [تحفہ وغیرہ] دیا جائے پھر اُسے [مال] مِل جائے تو اُسے چاہیے کہ اُس کے ذریعے بدلہ چکائے۔ اور جسے [بدلہ دینے کے لیے] کچھ نہ ملے تو اُسے [دینے والے کی] تعریف کرنی چاہیے؛ کیوں کہ جس نے تعریف کی اُس نے شکر ادا کر دیا اور جس نے [مال ہونے کے باوجود] چھپا لیا [اور دینے والے کو کچھ نہ دیا] تو اُس نے اُس نعمت کی ناقدری کی اور جو شخص کسی ایسی چیز سے آراستہ ہونے کا دعویٰ کرے جس سے اُسے محروم رکھا گیا ہے تو وہ جھوٹ کے دو کپڑے پہننے والا ہے [یعنی جھوٹ کا پلندہ ہے]۔

---

[1] سورۂ احزاب، آیت نمبر: ۴۰

# بارہواں سبق

## پہلی فصل — ایمانیات: ایمان سے متعلق باتیں — تفہیم

**سوال:** یہ بتائیں کہ "جنّت" اللہ عزوجل نے "کس چیز سے" بنائی ہے؟

**جواب:** حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

- جنت کی اینٹیں سونے اور چاندی کی ہیں، اُس کا گارا خالص [پیور] مشک کا ہے، اُس کے سنگ ریزے یاقوت اور موتی کے ہیں اور اُس کی زمین زعفران اور وَرس [ایک قسم کی خوش بودار گھاس] کی طرح خوش بو دار ہے۔[۱]

**سوال:** جنت "کس طرح" کا مکان ہے؟ وضاحت کریں!

**جواب:** جنت ایک ایسا مکان ہے جسے اللہ تعالیٰ نے مومنوں کے لیے بنایا ہے۔ اُس نے اِس میں ایسی ایسی نعمتیں مُہیّا [تیار] کی ہیں جن کو نہ آنکھوں نے دیکھا، نہ کانوں نے سنا اور نہ کسی آدمی کے دل میں اُن کا خیال گزرا، یعنی اُن نعمتوں کے بارے میں کوئی سوچ بھی نہیں سکتا۔ البتہ اِس حکم سے "حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور آپ کے بہت سے غلام" خارج ہیں؛ کیوں کہ اِن حضرات نے اللہ عزوجل کی توفیق سے دنیا ہی میں جنت کی نعمتوں کا مشاہَدہ کر لیا ہے۔

- جنت کی نعمتیں دائمی ہیں، کبھی بھی فَنا نہیں ہوں گی اور جو خوش نصیب جنت میں داخل ہوگا وہ کبھی بھی اُس سے "نکالا" نہیں جائے گا۔[۲]

**سوال:** کیا کوئی ایسا مکان ہے جو "جنت سے بھی اعلیٰ" ہے؟

**جواب:** جی ہاں! "کعبۂ مقدسہ" جنت سے اعلیٰ ہے؛ لیکن حضور رحمتِ عالَم، جانِ عالَم صلی اللہ علیہ وسلم کی "تربتِ اطہر" خانۂ کعبہ؛ بلکہ عرشِ اعظم سے بھی افضل ہے۔ بروزِ قیامت خانۂ کعبہ، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی قبرِ انور اور دنیا کی تمام مساجد جنت میں منتقل کر دی جائیں گی۔

**سوال:** جنت کے "حسن و جمال" کے بارے میں بتائیں!

**جواب:** جنت کے "حسن و جمال" کے بارے میں کوئی سوچ بھی نہیں سکتا؛ البتہ محض سمجھانے کے لیے حدیثوں میں جو باتیں آئی ہیں، اُن میں سے کچھ یہ ہیں:

- جنت کی کوئی عورت اگر زمین کی طرف صرف جھانک لے تو اُس کے حسن و جمال سے زمین سے آسمان

---

[۱] غنیۃ الطالبین، مترجم، ص: ۱۵۸
[۲] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصۂ اول، جنت کا بیان

تک روشن ہو جائے ،خوش بو سے بھر جائے اور اُس کی چمک کے سامنے چاند سورج کی روشنی بھی پھیکی پڑ جائے اور اُس کا دوپٹّا دنیا اور دنیا کی تمام چیزوں سے بہتر ہے۔[۱]

- اگر جنت کی حور اپنی ہتھیلی زمین و آسمان کے درمیان نکال دے تو اُس کے حسن و جمال کی وجہ سے مخلوقِ خدا آزمائش میں مبتلا ہو جائے اور اگر وہ اپنا دوپٹّا ظاہر کر دے تو اُس کی خوب صورتی کے سامنے آفتاب چراغ کے مانند بے رونق ہو جائے۔[۲]

## دوسری فصل — فقہیات: فقہی مسائل — تفہیم

**سوال:** زکاۃ کے نصاب سے متعلق ''چند اہم باتوں'' کی نشان دہی کریں!

**جواب:** جی! ملاحظہ کریں:

- اگر کسی کے پاس صرف سونا ہے تو جب تک ساڑھے سات تولہ نہ ہو جائے وہ مالکِ نصاب نہیں۔ اِسی طرح اگر کسی کے پاس صرف چاندی ہے تو جب تک ساڑھے باون تولہ نہ ہو جائے وہ صاحبِ نصاب نہیں ۔
- اگر کسی کے پاس سونا اور چاندی دونوں ہیں اور دونوں الگ الگ، نصاب کی مقدار کو نہیں پہنچتے ؛لیکن دونوں کی مجموعی قیمت کسی ایک کے برابر ہو جاتی ہے تو وہ شخص صاحبِ نصاب ہے۔
- اگر کسی کے پاس تجارت کا اتنا مال ہے جس سے ترانوے گرام اور تین سو بارہ ملی گرام [93.312] سونا یا چھ سو ترپن گرام اور ایک سو چوراسی ملی گرام چاندی [653.184] خریدی جا سکتی ہے، تو وہ شخص مالکِ نصاب ہے۔[۳]

**سوال:** ''مالِ تجارت'' کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** ''مالِ تجارت'' اُس مال کو کہتے ہیں جسے بیچنے کی نیت سے خریدا گیا ہو، یعنی خریدتے وقت تجارت کی نیت ہو۔ اگر خریدتے وقت استعمال کرنے کی نیت تھی، بعد میں بیچنے کا ارادہ کیا تو وہ مال ''مالِ تجارت'' نہیں ہوا۔[۴]

**سوال:** ''حاجتِ اَصلِیَّہ'' کی توضیح فرمائیں!

**جواب:** انسانوں کو زندگی گزارنے کے لیے جن چیزوں کی ضرورت پڑتی ہے، وہ سب ''حاجتِ اصلیہ'' میں سے ہیں۔ جیسے:

- رہنے کا مکان، چاہے وہ کتنا ہی بڑا اور قیمتی ہو۔
- جاڑوں اور گرمیوں میں پہننے کے کپڑے۔

---

[۱] الصحیح للامام البخاری، کتاب الرِّقاق، باب صفۃ الجنۃ والنّار، رقم الحدیث: ۶۵۶۸
[۲] الترغیب والترھیب، ج: ۴، ص: ۲۹۸
[۳] ملخصاً از عظمتِ زکاۃ، ص: ۶۲ ـ ۶۳
[۴] ملخصاً از مصدرِ سابق، ص: ۶۵

- خانہ داری کے سامان، مثلاً میز، کرسی، مسہری، صوفہ، الماری، فریج، واشنگ مشین، کولر اور پنکھا۔ یہ چیزیں چاہے کتنی ہی قیمت کی ہوں۔
- سواری کی چیزیں، مثلاً: موٹر سائیکل، کار۔ پیشے کے اوزار، مثلاً: ڈاکٹروں کے چیک اپ کی بڑی بڑی مشینیں۔ وغیرہ۔[1]

**سوال:** کیا ”بینک یا ڈاک خانہ“ میں جمع رقم کی بھی زکاۃ ادا کرنی ہوگی۔

**جواب:** ”بینک یا ڈاک خانہ“ میں عارضی یا فکس کی شکل میں جمع کی گئی رقم، یوں ہی جی، پی، ایف، اور جی، آئی، ایس، کی رقم اگر نصاب کے برابر ہو یا دوسرے مال سے مل کر نصاب کی مقدار کو پہنچ جائے تو اُس پر سال بسال زکاۃ واجب ہوگی۔[2]

## تیسری فصل — اَخلاقیات: اسلامی اخلاق و آداب — تفہیم

**سوال:** ”سَخَاوَت“ کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** حضرت سیدنا امام غزالی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ”سَخَاوَت“ کا معنیٰ یہ بیان فرمایا:

- فضول خرچی اور کنجوسی نیز کشادگی اور تنگی کی درمیانی راہ کا نام ”جود وسخا“ ہے۔[3]

اور مفسّرِ قرآن حضرت علامہ مفتی احمد یا خان صاحب نعیمی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

- محاورۂ عرب میں عُموماً ”سخی“ اُسے کہتے ہیں جو خود بھی کھائے اَوْرُوں کو بھی کھلائے۔ ”جوَّاد“ وہ جو خود نہ کھائے اوروں کو کھلائے۔ اِسی لیے اللہ تعالیٰ کو ”سخی“ نہیں کہا جاتا [جواد کہا جاتا ہے] سخی کے مقابِل ”بخیل“ ہے کہ جو خود کھائے اوروں کو نہ کھِلائے۔ جواد کا مقابِل ”مُمسِک“ ہے کہ جو نہ خود کھائے نہ [کسی] کو کھانے [کے لیے] دے۔[4]

**سوال:** ”سخاوت کی فضیلت“ پر دو حدیثیں پیش کریں!

**جواب:** جی! ملاحظہ فرمائیں: ہمارے نبی حضور رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

- ”سخاوت“ جنت کے درختوں میں سے ایک درخت ہے، جس کی ٹہنیاں زمین کی طرف جھکی ہوئی ہیں۔ جو شخص اُن میں سے ایک ٹہنی لیتا ہے، وہ ٹہنی اُسے جنت کی جانب لے جاتی ہے۔[5]
- دو عادتیں ایسی ہیں جن کو اللہ تعالیٰ پسند فرماتا ہے اور دو عادتیں ایسی ہیں جنھیں اللہ تعالیٰ ناپسند فرماتا ہے۔ جن دو عادتوں کو اللہ پسند کرتا ہے وہ ”اچھے اخلاق“ اور ”سخاوت“ ہیں۔ اور جن دو باتوں کو ناپسند کرتا ہے وہ ”برے اخلاق“ اور ”بخل“ ہیں۔ اور جب اللہ کسی بندے کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے تو اُسے لوگوں

---

[1] ملخصاً از مصدرِ سابق
[2] ملخصاً از مصدرِ سابق، ص:۶۱
[3] احیاء العلوم مترجم، ج:۳، ص:۷۸۰
[4] مرآۃ المناجیح، ج:۱، ص:۲۲۱
[5] کنز العمال، ج:۶، ص:۲۳۷، رقم الحدیث: ۱۵۹۲۷

کی حاجتیں پوری کرنے کی توفیق عطا فرماتا ہے۔[۱]

**سوال:** کسی بزرگ کی سخاوت کا کوئی ''واقعہ'' سنائیں!

**جواب:** ایک شخص نے نواسۂ رسول حضرت امام حسنِ مجتبیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کچھ مانگا۔ آپ نے فرمایا: اے شخص! تیرے سوال کا مجھ پر بہت بڑا حق ہے اور میرے لیے یہ فیصلہ کرنا مشکل ہے کہ میں تجھے کیا دوں۔ فی الوقت جو کچھ ہے اُسے قبول کرلو اور مجھے زیادہ کی مشقت میں نہ ڈالو! اُس نے کہا: حضور! میں آپ کا تحفہ قبول بھی کروں گا اور آپ کا شکریہ بھی ادا کروں گا اور نہ دینے پر عذر بھی مانوں گا۔

حضرت سیدنا امام حسن رضی اللہ تعالیٰ نے اپنے وکیل کو بلا کر اخراجات کا حساب وکتاب کرنے کا حکم دیا۔ اُس کے بعد فرمایا: تین لاکھ درہموں سے جو کچھ زائد ہے اُسے لے آو! اُس نے بچاس ہزار درہم حاضر کیے۔ آپ نے فرمایا: پانچ سَو دینار بھی تو تھے، اُن کا کیا بنا؟ وہ اُنھیں بھی لے آیا۔ چناں چہ جگر گوشۂ بتول حضرت امامِ حسن رضی اللہ عنہ نے وہ سارے درہم و دینار اُس شخص کو دے دیے اور فرمایا: دو مزدور لا کر اِنھیں لے جاؤ! غلاموں نے عرض کیا: حضور! گھر میں ایک درہم بھی باقی نہیں بچا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ کے یہاں ہمیں بہت بڑا اجر ملے گا۔[۲]

اے اللہ! اِمامِ پاک کے صدقے میں ہمیں بھی دریادلی کی توفیق عطا فرما! آمین بجاہِ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم — تفہیم

**سوال:** ''غزوۂ احد'' میں ''جن بدبختوں'' نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو زخمی کیا تھا ''اُن کا انجامِ بد'' بیان کریں!

**جواب:** جن بدبختوں نے کونین کے آقا صلی اللہ علیہ وسلم پر قاتلانہ حملہ کیا تھا، وہ آخرت کے عذاب سے پہلے دنیا ہی میں سخت ترین عذاب میں مبتلا ہوئے۔ دو خبیثوں کا عبرت ناک انجام ملاحظہ فرمائیں:

[ا] اُبَی بن خلف ملعون: اِس خبیث نے مکہ میں ایک گھوڑا پال رکھا تھا۔ وہ روزانہ اُسے چراتا اور لوگوں میں اعلان کرتا کہ اِسی پر سوار ہو کر میں محمد [فداہ ابی وامی] کو قتل کروں گا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر ہوئی تو فرمایا: ان شاء اللہ تعالیٰ میں ''اُبَیّ بن خَلَف'' کو قتل کروں گا۔ یہ ملعون ''غزوۂ احد'' میں اپنے اُسی گھوڑے پر سوار ہو کر، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو شہید کرنے کی نیت سے بڑھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک چھوٹا نیزہ اُس کی گردن پر مارا۔ زخم تو معمولی آیا؛ مگر اُس کی ناقابلِ برداشت تکلیف سے چیختا ہوا بھاگا۔ راستے بھر تڑپتا رہا یہاں تک مقام ''سَرِف'' میں ہلاک ہو گیا۔[۳]

---

[۱] کنز العمال، ج:۶،ص:۳۹۱،رقم الحدیث:۱۶۱۰۴

[۲] ملخصاً از احیاء العلوم، ج:۳،ص:۵۵۸-۵۵۹]

[۳] ملخصاً از شرح الزرقانی علی المواھب، ج:۲،ص:۴۵

- [۲] **عبداللہ بن قمیہ** : اس ظالم نے پوری طاقت کے ساتھ حضور ﷺ کے چہرۂ اقدس پر تلوار ماری تھی۔ اللہ رب العزت نے اُس پر ایک پہاڑی بکرا مُسَلَّط فرمادیا۔ اُس بکرے نے سینگ مار مار کر اُسے چھلنی کر دیا اور پہاڑ کی بلندی سے نیچے پھینک دیا، جس سے اُس کی ناپاک لاش ٹکڑے ٹکڑے ہو کر زمین پر بکھر کر نشانِ عبرت بَن گئی۔[۱]

**سوال:** ''غزوۂ احد'' سے متعلق چند ''اہم واقعات'' بیان کریں!

**جواب:** جی! ملاحظہ فرمائیں:

- ''**وحشی**'' نامی ایک شخص نے نہایت بے دردی کے ساتھ حضور ﷺ کے چچا حضرت حمزہ کو شہید کیا۔ پھر ابوسفیان کی بیوی ''**ہندہ**'' نے اُن کے سینے کو چاک کیا، کلیجہ نکالا اور اُسے کچا چبا کر تھوک دیا، مگر حضور ﷺ نے ''**فتح مکہ**'' کے دن ایسے دشمنوں کو بھی معاف فرمادیا۔
- حضور ﷺ نے حضرتِ حنظلہ کے بارے میں فرمایا : فرشتے حنظلہ کو غسل دے رہے ہیں۔ معلوم کرنے پر پتہ چلا کہ اعلانِ جہاد کے وقت وہ اپنی بیوی کے پاس تھے۔ اُسی حالت میں شریکِ جنگ ہوئے اور شہید ہو گئے۔ یہ سن کر حضور ﷺ نے فرمایا: اِسی لیے اِنھیں فرشتوں نے غسل دیا۔ اِسی لیے حضرت حنظلہ کو ''**غَسِیْلُ الْمَلٰئِکَۃ**'' کہا جاتا ہے۔[۲]
- جب ظالم کافر انتہائی بے دردی کے ساتھ حضور ﷺ پر تیر برسا رہے تھے، عین اُسی وقت ہمارے پیارے آقا ﷺ اُن کے لیے یہ دعا فرما رہے تھے ''**اے اللہ! میری قوم کو بخش دے! وہ مجھے جانتے نہیں**''۔[۳]
- حضور ﷺ کے چہرۂ اقدس سے بہنے والے خون کو حضرتِ مالک بن سنان نے جوشِ عقیدت میں پی لیا۔ یہ دیکھ کر آپ ﷺ نے اُنھیں بشارت دی کہ اب تمھیں دوزخ کی آگ چھو نہیں سکتی۔[۴]

**سوال:** اِس جنگ میں مسلمانوں کو جو نقصانات ہوئے اُن سے ہمیں ''**کیا سبق مِلا**''؟

**جواب:** یہ سبق مِلا کہ مسلمانوں کو ہر حال میں حضور رحمتِ عالَم ﷺ کی فرماں برداری کرنی چاہیے! آپ ﷺ کے حکم کی بجا آوری ہی میں دارین کی کامیابیوں کا راز پنہا ہے۔ دیکھیے! بعض صحابہ خطائے اجتہادی کی بنا پر، آپ ﷺ کے حکم کی مخالفت کر کے، دَرّے سے نیچے اُتر آئے تو اللہ عزوجل نے اُن کی کامیابی کو ناکامی میں تبدیل کر دیا۔ جو لوگ جان بوجھ کر حضور ﷺ کی نافرمانی کرتے ہیں اُن کے انجامِ بد کا اندازہ بخوبی لگایا جاسکتا ہے۔

---

[۱] مرجع سابق، ص: ۳۹ [۲] مدارج النبوۃ، ج: ۲، ص: ۴۲ [۳] الصحیح للامام مسلم، ج: ۲، ص: ۹۰
[۴] شرح الزرقانی علی المواھب، ج: ۲، ص: ۳۹

## پانچویں فصل — رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عظمت و شان — تفہیم

**سوال:** حضور ﷺ کی "قُوَّتِ بَاصِرَہ" یعنی دیکھنے کی طاقت کس پایہ کی تھی۔

**جواب:** ہمارے نبی حضور رحمتِ عالم ﷺ کی "قُوَّتِ بَاصِرَہ" کا عالم یہ ہے کہ آپ ﷺ آگے، پیچھے، دائیں، بائیں، اوپر اور نیچے ہر جانب یکساں دیکھتے ہیں، فرشتوں اور جناتوں کا مشاہدہ کرتے ہیں اور عرشِ اعظم سے لے کر تحت الثریٰ تک ہر شے ملاحظہ فرماتے ہیں: درج ذیل روایت ہمارے اِس عقیدے کو واضح کر رہی ہے۔حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا:

- اِنَّ اللّٰہَ رَفَعَ لِیَ الدُّنْیَا فَاِنِّیْ اَنْظُرُ اِلَیْھَا وَاِلٰی مَا ھُوَ کَائِنٌ فِیْھَا اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ کَاَنِّیْ اَنْظُرُ اِلٰی کَفِّیْ ھٰذِہٖ۔[1]

ترجمہ: بے شک اللہ عزوجل نے دنیا کو اٹھا کر میرے سامنے رکھ دیا۔تو میں اُسے اور اُس میں قیامت تک ہونے والی تمام چیزوں کو اِس طرح دیکھ رہا ہوں جس طرح اپنی اِس ہتھیلی کو دیکھ رہا ہوں۔سبحان اللہ!

- اِمامِ اہلِ سنت رضی اللہ عنہ نے کیا ہی خوب کہا:

خدا نے کیا اُن کو آگاہ سب سے　　　دو عالَم میں جو بھی خفی و جلی ہے

**سوال:** ہمارے نبی ﷺ کی "قُوَّتِ سَامِعَہ" یعنی سننے کی طاقت کس درجے کی تھی؟

**جواب:** حضور ﷺ کی "قُوَّتِ سَامِعَہ" بھی بے نظیر ہے۔آقائے دوعالَم ﷺ اپنی قبرِ انور میں جلوہ افروز ہو کر اپنے ہر امتی کی فریاد کو سنتے اور اُن کے درد کا مداویٰ فرماتے ہیں۔حضور ﷺ اور دیگر انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام اپنی خداداد "قُوَّتِ سَامِعَہ" سے اُن آوازوں کو بھی سماعت فرما لیا کرتے ہیں، جنھیں آج کی ٹکنالوجی اور جدید سائنسی ایجادات کی مدد سے بھی نہیں سنا جا سکتا۔

- سورۂ نمل میں حضور ﷺ کے ایک امتی اور اللہ کے نبی حضرت سیدنا سلیمان بن داوٗد علیہما السلام کا واقعہ مذکور ہے کہ اُنھوں نے "چیونٹیوں کی گفتگو" سن کر تبسم فرمایا تھا۔[2]

مفسرینِ کرام نے فرمایا کہ حضرت سیدنا سلیمان علیہ السلام نے "تین میل" کی دوری سے چیونٹیوں کی گفتگو کو سماعت فرما لیا تھا۔جب حضور ﷺ کے ایک پیغمبر امتی کی قوتِ سماعت کا یہ عالَم ہے تو حضور تاجدارِ انبیا ﷺ کی قوتِ سماعت کا عالَم کیا ہوگا۔اِس عقیدے کو ثابت کرنے والی ایک روایت ملاحظہ فرمائیں:

---

[1] کنز العمال، ج:۱۱، ص:۴۲۰　　[2] سورۂ نمل آیت نمبر:۱۸

- حضور جانِ عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا:
بے شک میں وہ دیکھتا ہوں جو تم نہیں دیکھ سکتے اور میں وہ سنتا ہوں جسے تم نہیں سن سکتے۔ آسمان چرچرایا ہے اور اُسے چرچرانا ہی چاہیے! قسم ہے اُس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! آسمان میں چار انگشت کے برابر بھی کوئی جگہ ایسی نہیں جہاں کوئی نہ کوئی فرشتہ اپنی پیشانی رکھ کر، اللہ عزوجل کے حضور سجدہ ریز نہ ہو۔[۱]

- اعلیٰ حضرت شاہ امام احمد رضا خان رضی اللہ عنہ نے فرمایا:
دور و نزدیک کے سننے والے وہ کان　　کانِ لعلِ کرامت پہ لاکھوں سلام

## چھٹی فصل — جاں نثارانِ مصطفیٰ ﷺ — تفہیم

### سیرتِ سیدنا ذو النورین رضی اللہ عنہ

**سوال:** حضور ﷺ کے تیسرے جانشین حضرت سیدنا ذو النورین رضی اللہ عنہ کا "نام"، "نسب" بیان کریں!

**جواب:** آپ رضی اللہ عنہ کا اسمِ گرامی **"عثمان"**، کنیت **"ابو عمر"** اور لقب **"ذو النورین"** ہے۔ آپ کے والد کا نام **"عفان"** ہے۔ پانچویں پشت میں آپ کا سلسلۂ نسب حضور ﷺ کے شجرۂ نسب سے مل جاتا ہے۔ آپ کو حضرت فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کے بعد **"سب سے اونچا مقام"** حاصل ہے۔

**سوال:** آپ رضی اللہ عنہ کو **"ذو النورین"** یعنی "دو نور والا" کیوں کہا جاتا ہے۔

**جواب:** حضرتِ عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور ﷺ کے دامادِ نامدار ہیں۔ حضور سید الانبیاء ﷺ کی یکے بعد دیگرے **"دو مقدس بیٹیاں"** آپ کے نکاح میں آئیں، اِس لیے آپ کو **"ذو النورین"** کہا جاتا ہے۔ حضور سرکارِ دوعالم ﷺ نے اعلانِ نبوت سے قبل اپنی شہزادی **"حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا"** کا نکاح آپ رضی اللہ عنہ سے کیا تھا۔ غزوۂ بدر کے موقع پر حضرتِ رقیہ کا انتقال ہو گیا۔ اُن کے وصال کے بعد حضور ﷺ نے اپنی دوسری بیٹی **"حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا"** کو آپ کے نکاح میں دیا۔ نو ہجری میں اُن کا بھی انتقال ہو گیا۔

- حضرت سیدنا آدم علیہ السلام سے لے کر حضور ﷺ تک کسی کے نکاح میں نبی کی دو بیٹیاں نہیں آئیں۔ یہ شرف و کمال صرف حضرت عثمانِ غنی کو حاصل ہوا کہ صرف نبی نہیں؛ بلکہ سید الانبیاء کی دو بیٹیاں آپ کے نکاح میں آئیں۔

**سوال:** قرآنِ مقدس کی کسی "آیتِ کریمہ" سے **"حضرت عثمانِ غنی کی فضیلت"** بیان کریں!

---

۱ـ الجامع للامام الترمذی، ج:۲، ص:۵۷۔

**جواب:** حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تعریف وتوصیف میں قرآنِ مجید کی متعدد آیاتِ کریمہ نازل ہوئیں۔ایک آیت ملاحظہ فرمائیں:

تفسیرِ خازن اور تفسیرِ معالم التنزیل میں ہے کہ جب حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے جیشِ عُسرہ کی مدد کے لیے، ایک ہزار دینار چندہ دینے کے علاوہ، پورے ساز و سامان کے ساتھ ایک ہزار اونٹ بھی رسول اللہ ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں پیش کیے تو یہ آیتِ کریمہ نازل ہوئی:

- اَلَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ثُمَّ لَا یُتْبِعُوْنَ مَاۤ اَنْفَقُوْا مَنًّا وَّلَاۤ اَذًى لَّهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ۔[1]

ترجمہ: جو لوگ اپنا مال راہِ خدا میں خرچ کرتے ہیں، پھر خرچ کرنے کے بعد نہ ہی احسان جتلاتے ہیں اور نہ ہی تکلیف دیتے ہیں تو اُن کا اجر و ثواب اُن کے رب کے پاس ہے۔ اور نہ اُن پر کوئی خوف طاری ہوگا اور نہ ہی وہ غمگین ہوں گے۔[2]

**سوال:** رسول اللہ ﷺ کی "حدیثِ پاک" سے "حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کی فضیلت" بیان کریں!

**جواب:** حضرت سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے:

- جب حضور ﷺ نے مقامِ حدیبیہ میں "بیعتِ رِضوان" کا حکم فرمایا۔ اُس وقت حضرتِ عثمانِ غنی حضور ﷺ کے قاصد کی حیثیت سے مکۂ مکرمہ گئے ہوئے تھے۔ تمام صحابہ نے حضور ﷺ کے مقدس ہاتھوں پر بیعت کی۔ جب سب لوگ فارغ ہو گئے تو حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک عثمان خدا اور رسولِ خدا کے کام سے گئے ہیں۔ پھر حضرتِ عثمانِ غنی کی طرف سے بیعت کرتے ہوئے آقائے دو جہاں ﷺ نے اپنا ایک ہاتھ دوسرے ہاتھ پر مارا۔[3]
- حضرت شیخ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ "اَشِعَّةُ اللَّمْعَات" میں فرماتے ہیں: حضور ﷺ نے اپنے دستِ مبارک کو حضرتِ عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کا ہاتھ قرار دیا، حضرتِ عثمانِ غنی کے سوا کوئی بھی اِس فضیلت سے مشرف نہیں ہوا۔[4]

---

[1] سورۂ بقرہ، آیت نمبر: ۲۶۲
[2] ملخصاً از خطباتِ محرم، ص: ۱۵۳
[3] الجامع للامام الترمذی، کتاب المناقب، باب فی مناقب عثمان بن عفان، رقم الحدیث: ۴۰۹۷
[4] اشعۃ اللمعات، بحوالہ خطباتِ محرم، ص: ۱۵۸

## ساتویں فصل — مابقی اسمائے حسنیٰ مع ترجمہ — تحفیظ

| | | |
|---|---|---|
| اَلْعَظِيمُ [بہت عظمت والا] | اَلْغَفُورُ [بہت بخشنے والا] | اَلشَّكُورُ [بڑا قدر دان] |
| اَلْعَلِيُّ [بلند رتبہ والا] | اَلْكَبِيرُ [سب سے بڑا] | اَلْحَفِيظُ [سب کا محافظ] |
| اَلْمُقِيتُ [قُوت دینے والا] | اَلْحَسِيبُ [کفایت کرنے والا] | اَلْجَلِيلُ [بزرگ و برتر] |
| اَلْكَرِيمُ [کرم فرمانے والا] | اَلرَّقِيبُ [سب پر نگاہ رکھنے والا] | اَلْمُجِيبُ [قبول کرنے والا] |
| اَلْوَاسِعُ [وسعت دینے والا] | اَلْحَكِيمُ [حکمت والا] | اَلْوَدُودُ [خوب محبت کرنے والا] |
| اَلْمَجِيدُ [نہایت بزرگ] | اَلْبَاعِثُ [رسولوں کو بھیجنے والا] | اَلشَّهِيدُ [مشاہدہ کرنے والا] |
| اَلْحَقُّ [سچا] | اَلْوَكِيلُ [کارساز] | اَلْقَوِيُّ [طاقت والا] |
| اَلْمَتِينُ [مضبوط] | اَلْوَلِيُّ [دوست] | اَلْحَمِيدُ [قابلِ تعریف] |
| اَلْمُحْصِي [شمار کرنے والا] | اَلْمُبْدِئُ [آغاز کرنے والا] | اَلْمُعِيدُ [دوبارہ لوٹانے والا] |
| اَلْمُحْيِي [زندہ کرنے والا] | اَلْمُمِيتُ [موت دینے والا] | اَلْحَيُّ [خود سے زندہ] |
| اَلْقَيُّومُ [کائنات کو قائم رکھنے والا] | اَلْوَاجِدُ [محبت کرنے والا] | اَلْمَاجِدُ [بزرگی والا] |
| اَلْوَاحِدُ [اکیلا] | اَلصَّمَدُ [بے نیاز] | اَلْقَادِرُ [قدرت والا] |
| اَلْمُقْتَدِرُ [قوت والا] | اَلْمُقَدِّمُ [آگے کرنے والا] | اَلْمُؤَخِّرُ [پیچھے کرنے والا] |
| اَلْاَوَّلُ [سب سے پہلے] | اَلْآخِرُ [سب سے پیچھے] | اَلظَّاهِرُ [آشکارا] |
| اَلْبَاطِنُ [پوشیدہ] | اَلْوَالِي [مالک] | اَلْمُتَعَالِي [سب سے بلند] |
| اَلْبَرُّ [احسان کرنے والا] | اَلتَّوَّابُ [توبہ قبول کرنے والا] | اَلْمُنْتَقِمُ [بدلہ لینے والا] |
| اَلْعَفُوُّ [معاف کرنے والا] | اَلرَّءُوفُ [بہت مہربان] | مَالِكُ الْمُلْكِ [سارے ملکوں کو مالک] |
| ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ [بزرگی اور انعام والا] | اَلْمُقْسِطُ [انصاف کرنے والا] | اَلْجَامِعُ [جمع کرنے والا] |
| اَلْغَنِيُّ [غنی، بے نیاز] | اَلْمُغْنِي [دولت مند کرنے والا] | اَلْمَانِعُ [منع کرنے والا] |
| اَلضَّارُّ [ضرر دینے والا] | اَلنَّافِعُ [نفع دینے والا] | اَلنُّورُ [منوّر کرنے والا] |
| اَلْهَادِي [راستہ دکھانے والا] | اَلْبَدِيعُ [بلا مثالِ سابق پیدا کرنے والا] | اَلْبَاقِي [ہمیشہ باقی رہنے والا] |
| اَلْوَارِثُ [مالک] | اَلرَّشِيدُ [رہنمائی کرنے والا] | اَلصَّبُورُ [بڑے تحمل والا] |

# تیرہواں سبق

## پہلی فصل — ایمانیات: ایمان سے متعلق باتیں — تفہیم

**سوال:** ''جَنَّت'' کتنی ''لمبی'' اور کتنی ''چوڑی'' ہے؟

**جواب:** ''جَنَّت'' کتنی بڑی اور کتنی چوڑی ہے اس کو اللہ عزوجل اور اُس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہی جانیں۔ ''جَنَّت'' کی وُسعت کا نہایت مختصر بیان یہ ہے کہ اُس میں ''سو درجے'' ہیں۔ ہر دو دَرجوں کے مابین وہ مَسافت ہے جو آسمان و زمین کے درمیان ہے۔ اللہ اکبر۔ مندرجہ ذیل رِوایتوں سے بھی ''جَنَّت'' کی وُسعت کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے:

- ''جَنَّت'' میں ایک درخت ہے، اگر کوئی شخص تیز رفتار گھوڑے پر سوار ہو کر اُس کے سایہ میں سو سال تک چلتا رہے تب بھی وہ سایہ ختم نہ ہوگا۔[1]
- ''جَنَّت'' کے دروازے اِتنے کشادہ ہوں گے کہ اگر تیز رفتار گھوڑے پر سوار ہو کر ایک بازو سے دوسرے بازو تک جانا ہو تو ستر سال لگ جائیں۔[2]

**سوال:** ''جَنَّت'' کے ''محلات'' اور ''دیواریں'' کیسی ہیں؟

**جواب:** جنت کے ''مَحَلّات'' مختلف ہیرے اور جواہرات سے بنے ہیں۔ وہ اِتنے خوب صورت اور صاف وشفاف ہیں کہ اندر کا حصہ باہر سے اور باہر کا حصہ اندر سے دکھائی دیتا ہے۔ جنت کی دیواریں ''سونے'' اور ''چاندی'' کی اینٹوں اور ''مشک'' کے گارے سے بنی ہیں۔ ایک اینٹ سونے کی، ایک چاندی کی۔ زمین زعفران کی ہے اور کنکریوں کی جگہ موتی اور یاقوت کا استعمال ہوا ہے۔[3]

**سوال:** جنت میں کتنے ''دریا'' ہیں اور وہ کس چیز کے ہیں؟

**جواب:** جنت میں ''چار دریا'' ہیں۔ ایک پانی کا، دوسرا دودھ کا، تیسرا شہد کا اور چوتھا شراب کا۔ پھر اِن سے نہریں نکل کر ہر جنتی کے مکان میں جاری ہیں۔ جنت کی نہریں زمین کھود کر نہیں بہتیں؛ بلکہ وہ زمین کے اُوپر اُوپر رَواں ہیں۔ نہروں کا ایک کنارہ موتی کا اور دوسرا یاقوت کا ہے۔ نہروں کی زمین خالص مشک کی ہے۔ وہاں کی شراب دنیا کی شراب کی طرح بدبودار، نشہ آوَر اور کڑوی نہیں؛ بلکہ وہ نہایت خوش بودار اور فرحت بخش ہوگی۔[4]

**سوال:** مومنوں کو جنت میں اور ''کیا کیا نعمتیں'' ملیں گی؟

**جواب:** جنت میں جنتیوں کو ''ہر قسم کے لذّت دار کھانے'' دیے جائیں گے۔ جو بھی کھانے یا پینے کی خواہش ہوگی، پیش کردی

---

[1] الصحیح للامام مسلم، کتاب الجنۃ، باب ان فی الجنۃ شجرۃ۔۔۔، رقم الحدیث: ۲۸۲۷
[2] المسند للامام احمد بن حنبل، ج: ۵، رقم الحدیث: ۱۶۲۰۶
[3] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصہ اول، جنت کا بیان
[4] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصہ اول، جنت کا بیان

جائے گی۔ وہاں ''ناپاکی، پاخانہ، پیشاب، تھوک، رینٹھ، کان کا میل، بدن کا میل'' وغیرہ کچھ بھی نہ ہوگا۔ ایک خوش بو دار ڈکار آئے گا اور سب کھانا ہضم ہو جائے گا۔ ہر شخص کو ''سو آدمیوں کے برابر کھانے اور جماع کرنے کی طاقت'' دی جائے گی۔ جنتیوں کی زبانوں پر ہر وقت سانس کی طرح تسبیح جاری رہے گی۔ وہاں کسی قسم کا کوئی ''اختلاف، لڑائی، جھگڑا، بغض وحسد'' نہ ہوگا۔

- جنتیوں کے سر کے بالوں، پلکوں اور بھوں کے علاوہ ''بدن پر کہیں بھی بال'' نہ ہوگا۔ ہر جنتی ''تیس سال'' کا نظر آئے گا۔ نہ اُن کے لباس پرانے ہوں گے اور نہ ہی اُن کی جوانی فنا ہوگی۔ ہزاروں لاکھوں ''حور و غِلمان'' دیے جائیں گے۔ اِن کے علاوہ بھی بے شمار نعمتیں ملیں گی؛ مگر سب سے بڑی نعمت یہ ملے گی کہ اُنھیں اپنے ''ربّ اللہ عزوجل کا دیدار'' نصیب ہوگا۔ سبحان اللہ۔[1]

## دوسری فصل — فقہیات: فقہی مسائل — تفہیم

**سوال:** مالِ زکاۃ ''کن لوگوں'' کو دے سکتے ہیں؟

**جواب:** زکاۃ کا مال درج ذیل لوگوں کو دے سکتے ہیں:

- **فقیر:** فقیر سے مراد وہ شخص ہے جس کے پاس کچھ مال ہو، مگر نصاب سے کم ہو۔
- **مسکین:** مسکین وہ شخص ہے جس کے پاس کچھ بھی نہ ہو، یہاں تک کہ کھانے اور کپڑے کے لیے بھی لوگوں سے مانگنا پڑے۔
- **غارِم:** اِس سے مراد مقروض ہے۔ یعنی اُس پر اِتنا قرض ہو کہ اُسے ادا کرنے کے بعد نصاب باقی نہ رہے۔
- **فی سبیل اللہ:** یعنی راہِ خدا میں خرچ کرنا۔ مثلاً: علمِ دین حاصل کرنے والے طالب علم کو، حج پر جانے کی خواہش رکھنے والے فقیر کو یا مدارسِ اسلامیہ میں دے سکتے ہیں۔
- **اِبنُ السَّبِیل:** یعنی جس مسلمان مسافر کے پاس مال نہ رہا ہو، اُسے بھی بقدرِ حاجت زکاۃ کا مال دے سکتے ہیں۔ زکاۃ ادا کرنے میں مالک بنا دینا ضروری ہے، صرف مُباح کر دینا کافی نہیں۔ اِسی لیے زکاۃ کے مال سے سڑک یا پل بنوانا، کنواں کھدوانا یا اُسے مسجد میں صَرف کرنا درست نہیں۔[2]

**سوال:** کِن لوگوں کو زکاۃ کا مال نہیں دے سکتے؟

**جواب:**
- اپنے ماں، باپ، دادا، دادی، نانا، نانی اور اپنی اولاد کو زکاۃ نہیں دے سکتے۔ بیوی شوہر کو اور شوہر بیوی کو مالِ زکاۃ نہیں دے سکتے۔

---

[1] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصہ اول، جنت کا بیان
[2] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصہ پنجم، مالِ زکاۃ کے مصارف

- مالکِ نصاب کو، یوں ہی ''بنی ہاشم'' یعنی حضرت علی، حضرت جعفر، حضرت عقیل، حضرت عباس اور حارث بن عبد المطلب کی اولاد کو، اسی طرح کسی بدمذہب کو زکاۃ کا مال نہیں دے سکتے۔[۱]

**سوال:** ''صدقۂ فطر'' کن لوگوں پر واجب ہے؟

**جواب:** ''صدقۂ فطر'' ہر مسلمان مالکِ نصاب پر واجب ہے، جب کہ نصاب حاجتِ اصلیہ سے زائد ہو۔ صدقۂ فطر نمازِ عید سے پہلے ادا کیا جاتا ہے۔

**سوال:** ''صدقۂ فطر'' کب واجب ہوتا ہے؟

**جواب:** عید کے دن صبح صادق طلوع ہوتے ہی ''صدقۂ فطر'' واجب ہو جاتا ہے۔

**سوال:** ''صدقۂ فطر'' کے کچھ اہم مسائل بیان کر دیں!

**جواب:**
- مرد مالکِ نصاب پر اپنی طرف سے اور اپنی نابالغ اولاد کی طرف سے صدقۂ فطر ادا کرنا واجب ہوتا ہے۔ بیوی اور عاقل و بالغ اولاد کا صدقۂ فطر مرد کے ذمے نہیں۔
- صدقۂ فطر میں گیہوں یا اُس کا آٹا یا سَتُّو میں سے کوئی چیز دیں تو اُس کی مقدار دو کلو سینتالیس گرام ہے اور کھجور، منقیٰ، جَو یا اُس کا آٹا یا ستو میں سے کوئی چیز دیں تو اُس کی مقدار چار کلو چورانوے گرام ہے۔ جن کو زکاۃ دے سکتے ہیں اُنھیں صدقۂ فطر بھی دے سکتے ہیں اور جنھیں زکاۃ نہیں دے سکتے اُنھیں فطرہ بھی نہیں دے سکتے۔[۲]

## تیسری فصل — اَخلاقیات: اسلامی اخلاق و آداب — تفہیم

**سوال:** ہم سب کو اللہ عزوجل پر ''تَوَکُّل'' کرنا چاہیے! یہ بتائیں کہ ''تَوَکُّل'' کہتے کسے ہیں؟

**جواب:** ''تَوَکُّل'' قرآنِ پاک کی ایک بہت اہم اصطلاح ہے، اِس کا لُغوی معنیٰ ہے ''بھروسا'' کرنا۔ اور شرعی معنیٰ ہے ''نفع بخش چیزوں کو حاصل کرنے اور نقصان دِہ چیزوں سے بچنے میں دِل سے اپنے رب اللہ عزوجل پر اعتماد کرنا''۔

''تَوَکُّل'' ایک عظیم الشان ایمانی صفت ہے، اللہ تعالیٰ نے قرآنِ مقدس میں جا بجا ''تَوَکُّل'' کرنے والوں کی تعریف فرمائی اور اپنے بندوں کو ''تَوَکُّل'' اختیار کرنے کا حکم دیا۔

- یہ بھی خیال رہے کہ ''تَوَکُّل'' ترکِ اسباب یعنی ''ہاتھ پہ ہاتھ دَھر کر بیٹھے رہنے'' کا نام نہیں ہے۔ یہ دنیا ''عالَمِ اسباب'' ہے، ہر شے دوسری شے سے وابستہ ہے۔ اس لیے اسباب و تدابیر اختیار کرنا ضروری ہے۔ مومن کی یہ شان نہیں کہ اللہ پر بھروسا کر کے اسباب کو ترک کردے اور اُس کی شان سے یہ بھی بعید

---

[۱] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصہ پنجم، مالِ زکاۃ کے مصارف
[۲] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصہ پنجم، صدقۂ فطر کا بیان

ہے کہ اسباب پر بھروسا کر کے اللہ سے بے تعلق ہو جائے۔ بیمار ہو تو دوا ڈاکٹر سے لے؛ مگر اعتقاد یہ ہو کہ شفا میرے کریم رب کے دستِ قدرت میں ہے۔

**سوال:** توکل کی ''فضیلت'' پر کچھ آیاتِ قرآنیہ پیش فرمائیں!

**جواب:** جی! ملاحظہ فرمائیں!

- وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ [1] ترجمہ: اور اگر تم مومن ہو تو اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسا کرو۔
- وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ [2] ترجمہ: اور توکل کرنے والوں کو اللہ ہی پر توکل کرنا چاہیے۔
- وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ [3] ترجمہ: اور جو شخص اللہ تعالیٰ پر بھروسا کرے تو وہ اُسے کافی ہے۔

**سوال:** ''توکل کی فضیلت'' پر حضور ﷺ کے دو ارشادات پیش فرمائیں!

**جواب:** حضور رحمتِ دو عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

- اگر تم اللہ پر کما حقہ توکل کرو تو وہ تمھیں پرندوں کی طرح رزق عطا فرمائے گا جو کہ صبح کے وقت خالی پیٹ نکلتے ہیں اور شام کے وقت سیر ہو کر آتے ہیں۔[4]
- جو شخص سب سے تعلق توڑ کر اللہ عزوجل سے رشتہ جوڑتا ہے اللہ تعالیٰ ہر مشقت میں اُس کے لیے کافی ہو جاتا ہے، اُس کی تمام ضرورتوں کو پورا کرتا ہے اور اُسے وہاں سے رزق عطا فرماتا ہے جہاں سے [رزق ملنے کا] اسے گمان بھی نہیں ہوتا۔ اور جو شخص دنیا سے تعلق جوڑتا ہے اللہ اُسے دنیا کے سپرد کر دیتا ہے۔[5]

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم ﷺ — تفہیم

**سوال:** سن تین ہجری کے ''متفرق واقعات'' پر روشنی ڈالیں!

**جواب:** تین ہجری میں غزوۂ احد کے علاوہ مندرجہ ذیل واقعات بھی رونما ہوئے:

- ۱۵ ر رمضان کو حضرت سیدنا امام حسنِ مجتبیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ولادت ہوئی۔
- اِسی سال حضورِ اقدس ﷺ نے حضرت بی بی حفصہ رضی اللہ عنہا سے نکاح فرمایا۔ یہ حضرت عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کی بیٹی ہیں جو کہ غزوۂ بدر کے زمانے میں بیوہ ہو گئی تھیں۔
- اِسی سال حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو حضور ﷺ کی شہزادی حضرت سیدتنا اُمِّ کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح کرنے کا شرف حاصل ہوا۔

---

[1] سورۂ مائدہ، آیت نمبر: ۲۳ [2] سورۂ ابراہیم، آیت نمبر: ۱۲ [3] سورۂ طلاق، آیت نمبر: ۳
[4] المسند للامام احمد بن حنبل، ج: ۱، ص: ۳۰ [5] شعب الایمان، ج: ۲، ص: ۲۸، رقم الحدیث: ۱۰۷۴

اِسی سال مسلمانوں سے ''مشرک عورتوں'' کا نکاح ہمیشہ کے لیے ناجائز قرار دیا گیا۔

**سوال:** سن چار ہجری کے ''کچھ واقعات'' اشاروں میں بیان کریں!

**جواب:** سن چار ہجری میں درج ذیل حادثات وقوع پزیر ہوئے:

- اِس سال ''حادثۂ رَجیع'' پیش آیا۔ اِس دردناک سانحہ کا اجمالی ذکر یہ ہے کہ چند کُفّار حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے کہ ہمارے قبیلے والے مسلمان ہو چکے ہیں، آپ تبلیغ کے لیے چند مسلمانوں کو بھیج دیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دس مُنتَخب صحابہ کو بھیج دیا۔ اُن ظالموں نے بدعہدی کی اور دو سَو کی تعداد میں جمع ہو کر راستے میں اُن پر حملہ کر دیا، جس کے نتیجے میں دسوں حضرات نے جامِ شہادت نوش فرمایا۔
- اِسی سال ''واقعۂ بئرِ مَعُونہ'' بھی پیش آیا۔ اِس دردناک حادثہ کا مختصراً ذکر یہ ہے کہ ''عامر بن مالک'' نامی ایک کافر، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے اسلام کی دعوت دی؛ مگر اُس نے ٹال مٹول سے کام لیتے ہوئے کہا: آپ ہمارے ساتھ اپنے چنے ہوئے آدمی بھیج دیں، ہمیں امید ہے کہ اُن کی تبلیغ سے ہمارا قبیلہ مسلمان ہو جائے گا۔ اُس نے یہ بھی کہا کہ میں اُن کی جان و مال کا ضامن ہوں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سَتّر چنے ہوئے ''قُرّاء صحابہ'' کو بھیج دیا۔ اُس غدار نے دھوکا دیا اور اپنے بھتیجے ''عامر بن طفیل'' کے ذریعہ ایک لشکرِ جرار بلا کر، حضرت عمرو بن امیہ ضمری کے سوا سب کو نہایت بے دردی کے ساتھ شہید کروا دیا۔ یہ جاں کاہ خبر سن کر آقائے دو عالَم صلی اللہ علیہ وسلم کو سخت ترین صدمہ لاحق ہوا۔
- ''غزوۂ بنو نضیر'' بھی اِسی سال رونما ہوا۔ اِس قبیلے کے یہودی نہایت بدباطن اور بانیٔ اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کے سخت دشمن تھے۔ مسلمانوں کے خلاف انتہائی خطرناک اور خوف ناک سازشیں کرتے رہتے تھے، یہاں تک کہ اِنھوں نے حضرت صدیقِ اکبر، حضرت فاروقِ اعظم اور حضرت حیدرِ کرار کے ساتھ ساتھ، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے قتل کا منصوبہ بنایا۔ اِس کے باوجود اُنھیں مہلت دی گئی؛ مگر جب اُنھوں نے سرکشی کی حد کر دی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے غلاموں کے ساتھ اُن کا مُحاصرہ کر لیا اور پندرہ دن کی گھیرابندی کے بعد اُنھیں نہایت ذلت و رسوائی کے ساتھ ''مدینۂ منورہ'' چھوڑ کر جانا پڑا۔[۱]

## پانچویں فصل — رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی عظمت وشان — تفہیم

**سوال:** حضور سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کی ''قُوَّتِ شَامَّہ'' یعنی سونگھنے کی طاقت کس کمال کی تھی؟

**جواب:** اللہ عزوجل نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کو بے مثال ''قُوَّتِ شَامَّہ'' سے نوازا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ''قُوَّتِ شَامَّہ'' کی عظمت کا اندازہ درج ذیل واقعہ سے لگایا جا سکتا ہے!

---

[۱] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۲۲۹ تا ۲۴۱

- اللہ رب العزت نے حضرت سیدنا یوسف اور حضرت سیدنا یعقوب علیہما السلام کے قصے میں فرمایا:

ترجمہ: [یوسف نے اپنے بھائیوں سے کہا:] میرا یہ کرتا لے جاؤ! اِسے میرے والد کے منہ پر ڈالو! اُن کی آنکھیں کُھل جائیں گی اور تمام اہلِ خانہ کے ساتھ ہمارے پاس آؤ! جب قافلہ مصر سے جدا ہوا تو [کنعان سے] یوسف کے والد نے کہا: بے شک میں یوسف کی خوش بو پاتا ہوں، اگر یہ نہ کہو کہ میں سٹھ گیا ہوں۔[1]

- مفسرینِ کرام فرماتے ہیں کہ جب حضرت یوسف علیہ السلام کی ''مبارک قمیص'' لے کر اُن کے بھائی ''یہودا'' چلے تو حضرت یعقوب علیہ السلام نے ''کنعان'' سے اُس قمیص کی مہک سونگھ لی، حالاں کہ کنعان وہاں سے سیکڑوں میل کے فاصلے پر تھا۔

- جب حضرتِ یعقوب علیہ السلام کی ''قُوَّتِ شَامَّہ'' اِس قدر زائد ہے تو جس پیغمبر آخر الزماں محمد مصطفیٰ ﷺ کے صدقے میں اُنھیں یہ ''قُوَّتِ شَامَّہ'' ملی اُن کی ''قُوَّتِ شَامَّہ'' کا عالَم کیا ہوگا؛ لہذا ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کو سونگھنے کی ایسی طاقت دی ہے جو نہ کبھی کسی کو ملی نہ ملے گی۔

**سوال:** حضور شفیع المذنبین ﷺ کی ''قُوَّتِ ذائِقَہ'' یعنی چکھنے کی طاقت کس رُتبے کی تھی؟

**جواب:** ''قُوَّتِ ذائِقَہ'' کے لحاظ سے بھی حضور جانِ عالم ﷺ جملہ فرزندانِ بنی آدم سے نمایاں ہیں، اِس وصف و کمال میں بھی اللہ رب العزت نے آپ ﷺ کو بے نظیر بنایا ہے۔ شفا شریف میں مذکور ہے کہ

- جب حضور ﷺ خیبر سے واپس تشریف لا رہے تھے تو ایک یہودی عورت ''بھنے ہوئے گوشت کے ساتھ'' بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوئی اور بولی: اِسے تناول فرمالیں! صحابۂ کرام کے ساتھ حضور ﷺ کو بھی بھوک کا شدت سے احساس تھا۔ اس لیے آپ ﷺ اپنے غلاموں کے ساتھ اُسے تناول کرنے لگے۔ جوں ہی آپ نے اُسے کھایا فوراً اپنے ہاتھوں کو کھینچتے ہوئے فرمایا: اِس میں زہر ملا ہوا ہے۔[2]

یہ وہ قوتِ ذائقہ ہے کہ کسی اور مخلوق میں جس کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔

**سوال:** حضور ﷺ کی ''قُوَّتِ لَامِسَہ'' یعنی چھونے کی طاقت و توانائی بیان کریے!

**جواب:** اللہ رب العزت نے ''قُوَّتِ لَامِسَہ'' کو انسان کے پورے جسم میں ودیعت فرمایا ہے؛ مگر ہماری ''قُوَّتِ لَامِسَہ'' اور انبیاے کرام کی ''قُوَّتِ لَامِسَہ'' میں زمین و آسمان سے بھی زیادہ فرق ہے۔ اور انبیا علیہم السلام میں حضور ﷺ کی ''قُوَّتِ لَامِسَہ'' کا تو کوئی جواب ہی نہیں۔

- مسلم شریف کی روایت ہے کہ

ایک بار اہلِ مدینہ خوف ناک آواز سے خوف زدہ ہو گئے۔ صحابۂ کرام اُس آواز کی جانب لپکے، راستے میں حضور ﷺ سے ملاقات ہوئی۔ اُس وقت آپ حضرت ابوطلحہ کے گھوڑے پر سوار تھے۔ آپ نے اپنے

---

[1] سورۂ یوسف، آیت نمبر: ۹۴
[2] الشفا بتعریف حقوق المصطفیٰ، ج: ۱، ص: ۶۰۷

غلاموں کو تسلی دیتے ہوئے فرمایا: گھبرانے اور ڈرنے کی کوئی بات نہیں۔ پھر فرمایا: میں نے اِس گھوڑے کو سمندر کی طرح رواں دواں پایا۔[1]

حضرت امام نووی نے فرمایا: وہ گھوڑا نہایت سست رفتار تھا؛ مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سوار ہونے کی برکت سے وہ نہایت برق رفتار ہوگیا۔ یہ ہے آقائے دوجہاں صلی اللہ علیہ وسلم کی ''قُوَّتِ لَامِسَہ''۔

## چھٹی فصل — جاں نثارانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم — تفہیم

### سیرتِ سیدنا ذوالنورین رضی اللہ عنہ

**سوال:** حضرت عثمانِ غنی بہت ''سخی'' تھے، آپ کی ''جود وسخاوت'' کا کوئی واقعہ بتائیں!

**جواب:** بے شک! اللہ عزوجل نے آپ رضی اللہ عنہ کو گونا گوں خوبیوں کے ساتھ ''جوہرِ سخاوت'' سے بھی مالا مال فرمایا تھا۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی بے مثال دولت کے ذریعے دینِ اسلام کی بے نظیر خدمت انجام دی۔ اِس سلسلے کا ایک واقعہ پیشِ خدمت ہے، ملاحظہ فرمائیں:

- جس وقت اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور دیگر مسلمان ہجرت فرما کر مدینۂ منورہ تشریف لائے اُس وقت وہاں ''بئرِ رومہ'' کے علاوہ کسی بھی کنویں کا پانی شیریں نہ تھا۔ اُس کنویں کا یہودی مالک اُس کا پانی فروخت کیا کرتا تھا۔ مسلمانوں کو پانی کی سخت حاجت تھی؛ لیکن اتنا پیسہ نہ تھا کہ پانی خرید کر پیتے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت میں حضرت عثمان نے بارہ ہزار درہم میں آدھا کنواں خرید کر مسلمانوں پر وقف کر دیا اور طے یہ ہوا کہ ایک دن مسلمان پانی بھریں گے دوسرے دن یہودی؛ لیکن جب یہودی نے دیکھا کہ مسلمان اپنی باری میں دو دنوں کا پانی بھر لیتے ہیں اور اُس کا پانی کوئی نہیں خریدتا تو اُس نے مجبور ہو کر آٹھ ہزار درہم میں بقیہ آدھا کنواں بھی حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے ہاتھ بیچ دیا۔ اُس کنویں کو آج ''بئرِ حضرت عثمان'' کہتے ہیں۔ آپ رضی اللہ عنہ کی اِس جود وسخاوت کے طفیل مسلمانوں کو بہت بڑی مصیبت سے نجات ملی۔[2]

**سوال:** حضرت ذوالنورین کے ''کچھ کارنامے'' بیان فرمائیں!

**جواب:** آپ رضی اللہ تعالیٰ نے اپنے دورِ حکومت میں کئی روشن کارنامے انجام دیے۔ چند کارنامے یہ ہیں:

- آپ رضی اللہ عنہ کے عہدِ زریں میں ''افریقہ'' فتح ہوا اور وہاں اسلامی پرچم بلند ہوا۔
- فارس، خراسان، سجستان، سواحلِ شام اور بحرِ روم جیسے علاقے بھی آپ کے عہدِ مبارک میں فتح ہو کر اسلام کے انوار سے منور ہوئے۔

---

[1] الصحیح للامام مسلم، ج:۲، ص:۲۵۲

[2] ملخصاً از خطباتِ محرم، ص:۱۵۹۔۱۶۰

- آپ رضی اللہ عنہ نے پوری امت کو ایک ہی لغت پر قرآن پڑھنے پر جمع فرمایا۔ اِسی لیے آپ ''جامع القرآن'' کہا جاتا ہے۔[1]

**سوال:** آپ کی ''شہادت'' کیسے ہوئی؟

**جواب:** حضور رحمتِ عالم ﷺ نے کئی مرتبہ حضرت عثمان غنی کو شہادت کی بشارت دی تھی، اس لیے اُنھیں اپنی شہادت کا پورا یقین تھا۔ آپ رضی اللہ عنہ کی شہادت کا نہایت مختصر بیان یہ ہے کہ

- آپ کی خلافت کے آخری دور میں کچھ بلوائیوں [فسادیوں] نے مصر اور عراق میں شورش کرنے کے بعد، مدینۂ منورہ آ کر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے گھر کا محاصرہ کرلیا۔ کئی دنوں کے محاصرے کے بعد ۳۵ھ ماہِ ذو الحجہ کے ایامِ تشریق میں، اُنھوں نے آپ کو نہایت بے دردی کے ساتھ شہید کر دیا۔ شہادت کے وقت آپ رضی اللہ عنہ قرآنِ پاک کی تلاوت فرما رہے تھے، جب ظالم کی تلوار چلی تو آیتِ کریمہ ''فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللهُ'' پر خون کے قطرے گرے اور آپ کی زوجۂ محترمہ حضرت نائلہ رضی اللہ عنہا نے تلوار کے وار کو اپنے ہاتھوں پر روکا تو اُن کی انگلیاں کٹ گئیں۔ **اناللہ وانا الیہ رٰجعون۔**

**سوال:** ہزاروں صحابۂ کرام اور اسلامی لشکر کے ہوتے ہوئے آپ کیسے ''شہید'' کر دیے گئے؟

**جواب:** حضرت امام حسین، حضرت امام حسن، حضرت عبد اللہ بن عمر اور دیگر صحابۂ کرام آخری دم تک حضرت عثمان غنی سے اُن بلوائیوں سے جنگ کرنے کی اجازت مانگتے رہے؛ مگر چوں کہ باغی بہ ظاہر کلمہ گو تھے، اِس لیے آپ نے نہ ہی انھیں جنگ کرنے کی اجازت دی اور نہ ہی مدینۂ منورہ چھوڑ کر کہیں اور جانا گوارا کیا۔ آپ نے شہادت کو گلے لگالیا؛ مگر یہ گوارا نہ کیا کہ اُن کی حکومت کی وجہ سے مدینۂ منورہ میں خون خرابا ہو اور کسی ایک بھی مسلمان کا خون ضائع ہو۔ یہ آپ رضی اللہ عنہ کی وہ ''خوبی'' ہے جو دنیا کے کسی بھی حکمراں کے اندر نظر نہیں آتی۔

### مسلمان کی توہین کرنا حرام ہے

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ اَلْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ لَا يَخُونُهُ وَلَا يَكْذِبُهُ وَلَا يَخْذُلُهُ، كُلُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ حَرَامٌ عِرْضُهُ وَمَالُهُ وَدَمُهُ، التَّقْوٰى هَاهُنَا، بِحَسْبِ امْرِءٍ مِنَ الشَّرِّ أَنْ يَحْتَقِرَ أَخَاهُ الْمُسْلِمَ۔

[الجامع للامام الترمذی، ابواب البر والصلۃ، باب ماجاء فی شفقۃ المسلم علی المسلم، رقم الحدیث: ۲۰۵۲]

ترجمہ: ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے۔ اسے چاہیے کہ نہ اس کے ساتھ خیانت کرے، نہ اس سے جھوٹ بولے اور نہ ہی اسے بے یار و مددگار چھوڑے۔ ایک مسلمان پر دوسرے مسلمان کی عزت و آبرو، مال و دولت اور قتل و غارت حرام ہے۔ تقویٰ یہاں (دل میں) ہوتا ہے۔ انسان کے شریر ہونے کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ وہ اپنے مسلم بھائی کی توہین کرے۔

---

[1] ملخصاً از خلفاے راشدین، ص: ۲۹ تا ۳۳

ساتویں فصل — نعت و منقبت — تحفیظ

## نعتِ اقدس

### حاجیو! آؤ شہنشاہ کا روضہ دیکھو!

حاجیو! آؤ شہنشاہ کا روضہ دیکھو!
کعبہ تو دیکھ چکے کعبے کا کعبہ دیکھو!

آبِ زَم زَم تو پیا خوب بجھائیں پیاسیں
آؤ! جودِ شہِ کوثر کا بھی دریا دیکھو!

زیرِ میزاب مِلے خوب کرم کے چھینٹے
ابرِ رحمت کا یہاں زُور برسنا دیکھو!

خوب آنکھوں سے لگایا ہے غلافِ کعبہ
قصرِ محبوب کے پردے کا بھی جلوہ دیکھو!

زینتِ کعبہ میں تھا لاکھ عَروسوں کا بناؤ
جلوہ فرما یہاں کونین کا دولھا دیکھو!

دھو چکا ظلمتِ دِل بوسۂ سنگِ اَسود
خاک بوسیِ مدینہ کا بھی رُتبہ دیکھو!

خوب مسعٰی میں بااُمیدِ صفا دَوڑ لیے
رہِ جاناں کی صفا کا بھی تماشا دیکھو!

غور سے سن تو رضؔا کعبہ سے آتی ہے صدا
میری آنکھوں سے مِرے پیارے کا روضہ دیکھو!

## منقبتِ فاروقِ اعظم

### اسلام کے دِلیر وجَرِی تاجوَر عُمَر (تفہیم)

اِظہارِ حق کے روشن وتاباں قمر عُمَر
اسلام کے دلیر و جری تاجُور عُمَر

کیسا حسیں نظارہ تھا اسلام لانے کا
جھومے صحابہ نعرہ لگا کر عُمَر عُمَر

اِعلانیہ نماز و اذاں ہوگئی شروع
جب حق کی طلعتوں سے ہوئے بہرہ وَر عمر

فاروق کا لقب اُنھیں بخشا رسول نے
یعنی رضائے حق ہے اُدھر، ہیں جدھر عمر

بو بکر، اور حیدر و عثمان کے حبیب
اَصحابِ مصطفیٰ میں بڑے معتبر عمر

عالَم ہے ان کی چشمِ فراست پہ منکشف
سرکار کی عطا سے ہیں عالی نظر عمر

آیات کا نزول ہوا اُن کی حسبِ رائے
ہیں جلوۂ معارفِ حق، سَر بَسَر عمر

ہستی کے سارے پھول، نبی پر کیے نثار
آدابِ عشق کے ہیں بڑے دِیدہ وَر عمر

جو دشمنِ عمر ہے وہ دشمن نبی کا ہے
قربت کے اُس مقام پہ ہیں جلوہ گر عمر

ایسا جلال تھا ترے تیور میں عدل کا
ظلم وستم کی توڑدی تونے کمر عمر

آبِ حیات پائے مرا چشمۂ قلم
جاری رہے فریدؔی کا فکری سفر عمر

# چودھواں سبق

## پہلی فصل — ایمانیات: ایمان سے متعلق باتیں — تفہیم

**سوال:** "دوزخ" کس طرح کا گھر ہے؟

**جواب:** "دوزخ" ایک ایسا گھر ہے جو کافروں، مشرکوں اور گنہ گاروں کے لیے بنایا گیا ہے۔ یہ اللہ قہار و جبار کے "جلال و قہر" کا مظہر ہے۔ جس طرح اُس کی رحمت و نعمت کی انتہا نہیں، اِسی طرح اُس کے غضب و قہر کی کوئی حد نہیں۔ اِس گھر میں جہنمیوں کو طرح طرح کی سزائیں دی جائیں گے۔ سب سے کم درجے کا عذاب یہ ہوگا کہ "آگ کی جوتیاں" پہنا دی جائیں گی جن سے دماغ اِس طرح کھولے گا جیسے تانبے کی پتیلی میں پانی کھولتا ہے۔ العیاذ باللہ تعالیٰ منہ۔[1]

**سوال:** دوزخ کی "آگ" کی کیفیت بیان کریے!

**جواب:** دوزخ کی "آگ" دنیا کی آگ سے ستر گنا زیادہ گرم ہے۔ جہنم کی آگ کو ہزار سالوں تک بھڑکایا گیا، یہاں تک کہ سرخ ہوگئی، پھر ہزار سالوں تک بھڑکایا گیا تو سفید ہوگئی، پھر ہزار سالوں تک بھڑکایا گیا تو سیاہ ہوگئی۔ اس لیے جہنم کی آگ میں روشنی کا نام و نشان نہیں ہے۔ حضرت سیدنا جبریل علیہ السلام نے حضور ﷺ کی بارگاہ میں قسم کھا کر عرض کیا:

- اگر دوزخ کو سوئی کے ناکے کے برابر کھول دیا جائے تو تمام زمین والے، سب کے سب، اُس کی گرمی سے مر جائیں۔

اور قسم کھا کر یہ بھی کہا:

- اگر جہنم کا کوئی داروغہ دنیا والوں پر ظاہر ہو جائے تو زمین پر رہنے والے کُل کے کُل اُس کی ہیبت سے مر جائیں گے۔

اور قسم کھا کر یہ بھی بیان کیا:

- اگر جہنمیوں کی زنجیر کی ایک کڑی دنیا کے پہاڑوں پر رکھ دی جائے تو وہ کانپنے لگیں گے، اُنھیں قرار نہ آئے گا، یہاں تک کہ وہ نیچے کی زمین تک دھنس جائیں گے۔

**سوال:** دوزخ کی "گہرائی" کتنی ہے؟ بیان کریں!

**جواب:** دوزخ کی گہرائی کا حقیقی حال تو اللہ عزوجل جانے یا اُس کے بتانے سے اُس کے حبیب ﷺ جانیں۔ اُس کی

---

[1] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصۂ اول، دوزخ کا بیان

مثال دیتے ہوئے حضور ﷺ نے فرمایا:

- اگر دوزخ کے کنارے سے اس میں پتھر کی چٹان پھینکی جائے تو ستر سال میں بھی اُس کی تہہ تک نہیں پہنچے گی۔

**سوال:** دوزخ میں دوزخیوں کو ''کس طرح'' کے عذاب دیے جائیں گے؟

**جواب:** اُنھیں بڑے بڑے ''سانپ اور بچھو'' ڈسیں گے۔ اُنھیں بڑے بڑے ''ہتھوڑوں'' سے مارا جائے گا۔ سر پر اُبلتا پانی بہایا جائے گا۔ پینے کو کھولتا ہوا پانی دیا جائے گا۔ جہنمیوں کے بدن سے بہنے والی ''پیپ'' خود اُنھیں کو پلائی جائے گی۔

**سوال:** کیا ''موت'' کو بھی ذبح کیا جاسکتا ہے؟

**جواب:** جی ہاں! جب سب مومن جنت میں چلے جائیں گے اور دوزخ میں صرف ''کافر و مشرک'' رہ جائیں گے تو تمام جنتیوں اور دوزخیوں کے سامنے ''موت'' کو مینڈھے کی شکل میں لا کر ذبح کر دیا جائے گا اور یہ اعلان کیا جائے گا کہ اب ''جنتی ہمیشہ جنت میں'' اور ''دوزخی ہمیشہ دوزخ میں'' رہیں گے۔ اب نہ کسی کو موت آئے گی اور نہ کسی کو اُس کے ٹھکانے سے نکالا جائے گا۔[۱]

## دوسری فصل — فقہیات: فقہی مسائل — تفہیم

**سوال:** قرآنِ مجید کے حوالے سے ''زکاۃ کی عظمت'' بیان کریے!

**جواب:** زکاۃ بڑی اعلیٰ قسم کی عبادت ہے، اِس کی عظمت کا اندازہ اِس سے لگایا جاسکتا ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے قرآنِ مجید میں بتیس [۳۲] جگہ نماز کے ساتھ زکاۃ کا ذکر فرمایا اور اپنے بندوں کو طرح طرح سے اِس کی اہمیت کا احساس دلایا۔ ارشاد فرماتا ہے:

- اَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِیْنَ۔[۲]

ترجمہ: نماز قائم رکھو اور زکاۃ دو اور رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کرو۔

**سوال:** زکاۃ ادا کرنے سے کیا کیا ''فائدے'' حاصل ہوتے ہیں؟

**جواب:** زکاۃ ادا کرنے کے بے شمار فائدے ہیں، احادیثِ کریمہ سے ماخوذ چند نمایاں فائدے یہ ہیں:

- زکاۃ دینے سے باقی مال پاک ہو جاتا ہے، اُس میں برکت کا نزول ہوتا ہے اور وہ برباد ہونے سے بچ جاتا ہے۔
- زکاۃ ادا کرنے سے ایمان میں کمال پیدا ہوتا ہے اور رب تعالیٰ کی رضا حاصل ہوتی ہے۔
- زکاۃ دینے سے نماز اور دیگر عبادتیں مقبول ہوتی ہیں؛ کیوں کہ جو زکاۃ نہیں دیتا اُس کی عبادتیں قبول نہیں ہوتیں۔

---

[۱] ملخصاً از بہارِ شریعت، حصہ اول، دوزخ کا بیان  [۲] سورۂ بقرہ، آیت نمبر: ۴۳

زکاۃ دینے سے مسلمانوں کے درمیان بھائی چارہ کو فروغ ملتا ہے اور اسلامی معاشرہ مضبوط ہوتا ہے۔

سوال: زکاۃ نہ دینے کے "نقصانات" اور "سزائیں" کیا ہیں؟

جواب: زکاۃ نہ دینا بہت بڑی بدبختی اور دنیا و آخرت کی بے پناہ رُسوائی کا سبب ہے۔ زکاۃ نہ دینے والوں پر لعنت بھیجی گئی ہے۔ قیامت کے دن یہی مال وبالِ جان بن جائے گا۔ حضور ﷺ نے اپنی مقدس حدیثوں میں زکاۃ نہ دینے والوں کے لیے سخت ترین عذابوں کا ذکر فرمایا ہے۔ صرف ایک حدیث ملاحظہ کریں!

جس شخص کو اللہ عزوجل نے مال دیا اور اُس نے اُس کی زکاۃ ادا نہ کی تو وہ مال قیامت کے دن ایک گنجا سانپ بنا دیا جائے گا، جس کی آنکھوں پر دو کالے نقطے ہوں گے، پھر وہ سانپ اُس کی گردن میں طوق کی طرح ڈال دیا جائے گا، جو اُس کے دونوں جبڑوں کو پکڑے گا اور کہے گا: میں تیرا مال ہوں، میں تیرا خزانہ ہوں۔[۱]

سوال: "صدقۂ فطر کی فضیلت" پر کوئی ایک حدیثِ پاک پیش کریے!

جواب: حضرتِ جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا:

رمضان کے روزے زمین و آسمان کے درمیان معلّق [لٹکے] رہتے ہیں رب کی بارگاہ میں نہیں پہنچتے، جب تک کہ بندہ صدقۂ فطر ادا نہ کرے۔[۲]

اللہ عزوجل ہم سب کو زکاۃ و صدقات ادا کرنے کی توفیق مرحمت فرمائے! آمین بجاہِ سید المرسلین ﷺ

## تیسری فصل — اَخلاقیات: اسلامی اخلاق و آداب — تفہیم

سوال: "چوری" کا لُغوی اور شرعی معنٰی بیان کرتے ہوئے اِس کا حکمِ شرع واضح کریے!

جواب: جی! ملاحظہ فرمائیں:

**لغوی معنٰی:** خفیہ طریقے [چپکے] سے کسی دوسرے کا سامان اُٹھالینا۔[۳]

**شرعی معنٰی:** عاقل و بالغ شخص کا کسی ایسی محفوظ جگہ سے کہ جس کی حفاظت کا انتظام کیا گیا ہو دس درہم یا اِتنی مالیت یا اِس سے زیادہ کی کوئی ایسی چیز جو کہ جلد خراب ہونے والی نہ ہو، چھپ کر، کسی شبہ و تاویل کے بغیر اُٹھالینا۔[۴]

مگر عام بول چال میں کسی شخص کا مال اُس کی مرضی کے بغیر غیر قانونی طور پر لے لینے کو "چوری" کہتے ہیں اور جو شخص یہ عمل کرے اُسے "چور" کہتے ہیں۔ چھپ کر لینے کے بجائے کھلم کھلا، لے تو "لٹیرا" ہے اور اگر زبردستی چھینے تو "غاصب" ہے۔[۵]

---

[۱] الصحیح للامام البخاری، کتاب الزکاۃ، باب اثم مانع الزکاۃ، ج:۱، ص:۱۸۸
[۲] الترغیب والترہیب، ج:۲، ص:۲۷۳
[۳] ہدایہ، ج:۱، ص:۳۶۳
[۴] فتح القدیر، کتاب السرقۃ، ج:۵، ص:۳۳۹
[۵] لسان العرب، ج:۱۰، ص:۱۵۶

**حکم:** چوری کرنا حرام وناجائز اور دوزخ میں لے جانے والا عمل ہے، اِس کا حرام ہونا بہت سی اَحادیثِ کریمہ؛ بلکہ نصِّ قطعی یعنی قرآنِ مقدس سے ثابت ہے؛لہٰذا اِس عمل کو جائز ماننا کفر ہے۔ ہر مومن پر چوری کرنے سے بچنا فرض ہے۔ شریعتِ اسلامیہ نے ''چور'' کے لیے سخت ترین سزا مقرر فرمائی ہے۔

**سوال:** قرآنِ مجید نے ''چوروں'' کی کیا سزا بیان فرمائی ہے؟

**جواب:** ہمارے رب اللہ عزوجل نے ''چوری کی سزا'' بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

- وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْٓا اَيْدِيَهُمَا جَزَآءًۢ بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ [1]

ترجمہ: چوری کرنے والے مرد اور چوری کرنے والی عورت کے [دائیں] ہاتھ کو کاٹ دو۔ یہ اُن کے کیے ہوئے کی سزا ہے اور اللہ کی طرف سے عبرت ناک تعزیز ہے اور اللہ بہت غالب نہایت حکمت والا ہے۔

**سوال:** چور کا ''ہاتھ کاٹ ڈالنے'' میں کیا ''حکمت'' ہے؟

**جواب:** اللہ ربُّ العزت نے اپنے فضل وکرم سے چور کی سخت سزا مقرر فرما کر لوگوں کا مال محفوظ فرما دیا ہے؛ کیوں کہ اُس کی سزا کو دیکھ کر دوسروں کو عبرت حاصل ہوگی اور کوئی بھی شخص چوری کرنے کی ہمت نہیں کر سکے گا۔ اگر آج یہ قانون نافذ ہوجائے تو ہر طرف امن کا بول بالا ہوگا اور لوگوں کو اپنا مال تجوری میں رکھنے کی ضرورت ہی محسوس نہیں ہوگی۔

**سوال:** ''چوری کی مذمت'' میں چند روایتیں پیش فرما دیں!

**جواب:** جی! ملاحظہ فرمائیں:

- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمانِ عالی شان ہے:

لَا يَسْرِقُ السَّارِقُ حِيْنَ يَسْرِقُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ ۔ چور جب چوری کرتا ہے تو وہ مومن نہیں ہوتا۔[2]

- حضرت سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ سے مروی ہے کہ حضور جانِ عالَم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

لَعَنَ اللّٰهُ السَّارِقَ [3] ترجمہ: اللہ عزوجل نے چور پر لعنت فرمائی ہے۔

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم — تفہیم

**سوال:** ''غزوۂ خندق'' کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

**جواب:** اِس کا دوسرا نام ''غزوۂ احزاب'' ہے۔ یہ سن پانچ ہجری کی لڑائیوں میں سب سے زیادہ مشہور ہے۔ اِس جنگ میں مسلمانوں کو فتحِ عظیم حاصل ہوئی۔

اِس کا مختصراً بیان یہ ہے کہ مشرکینِ مکہ نے مسلمانوں سے فیصلہ کن جنگ کرنے کی ٹھانی۔ ابوسفیان نے قریش، عرب

---

[1] سورۂ مائدہ، آیت نمبر: ۳۸ [2] الصحیح للامام مسلم، کتاب الایمان، باب بیان نقصان الایمان بالمعاصی، رقم الحدیث: ۲۱۱

[3] الصحیح للامام مسلم، باب حد السرقۃ ونصابھا، رقم الحدیث: ۴۵۰۳

کے دوسرے قبیلوں اور یہودیوں کو جنگ پر راضی کیا اور آپس میں کئی معاہدے کرنے کے بعد، تقریباً دس ہزار کا لشکرِ جرّار تیار کرلیا اور اسلام کو جڑ سے اُکھاڑ پھینکنے کے لیے "مدینۂ منورہ" کی جانب چل پڑا۔

- حضور ﷺ کو اطلاع ملی تو حضرت سلمانِ فارسی کے مشورے سے، تین ہزار صحابۂ کرام کو ساتھ لے کر خندق کھودنے میں مصروف ہو گئے۔ آپ ﷺ نے دس دس آدمیوں پر دس دس گز زمین تقسیم فرما دی اور کافروں کے حملے سے پہلے، بیس دنوں میں یہ خندق تیار ہو گئی۔ اِس وسیع و عریض خندق کے سبب دشمنانِ دین مسلمانوں کا کچھ بھی بگاڑ نہ سکے۔ ایک مہینے کے محاصرے اور اپنے بہت سے جاں بازوں کے قتل کے بعد، نہایت ذلت کے ساتھ، مشرکینِ مکہ مایوس ہو کر چلے گئے۔[1]

**سوال:** "غزوۂ خندق" کے چند "اہم واقعات" پر روشنی ڈالیں!

**جواب:** جی! چند اہم واقعات ملاحظہ فرمائیں:

- خندق کھودنے کے دوران ایک ایسی چٹان ظاہر ہو گئی جسے کوئی توڑ نہ سکا۔ صحابۂ کرام نے بارگاہِ رسالت میں ماجرا عرض کیا۔ حضور ﷺ اُٹھے، اپنے دستِ اقدس میں پھاوڑا لیا اور تین دن کے فاقے کے باوجود، ایک ہی وار میں اُس چٹان کو ریت کے بھر بھرے ٹیلے کی طرح بکھیر دیا۔[2]

اِسی لیے ہمارا اعتقاد ہے کہ جیسی طاقت حضور ﷺ کو دی گئی کائنات میں نہ کسی کو ملی ہے، نہ ملے گی۔ سبحان اللہ۔

- حضرت جابر رضی اللہ عنہ کو حضور ﷺ کے فاقوں کا علم ہوا۔ بے تاب ہو کر گھر تشریف لے گئے۔ بیوی سے کہا: گھر میں موجود جَو کو پیس کر گوندھ لو! میں بکری کے بچے کی بوٹیاں بناتا ہوں۔ پھر بیوی کو کھانا تیار کرنے کا حکم دے کر حضور ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں حاضر ہو کر، کان میں چپکے سے بولے:

یا رسول اللہ! ایک صاع آٹے کی روٹیاں اور ایک بکری کے بچے کا گوشت تیار ہے۔ چند حضرات کے ساتھ چل کر تناول فرمالیجیے۔ یہ سن حضور ﷺ نے وہاں موجود تمام صحابہ کی دعوت کر دی۔ چناں چہ حضور ﷺ تشریف لائے، آٹے اور ہانڈی میں اپنا لعابِ دہن ڈال کر برکت کی دعا فرما دی۔ ایک ہزار لوگوں نے شکم سیر ہو کر کھایا؛ مگر نہ آٹا کم ہوا اور نہ ہی سالن اور نہ ہی بوٹیوں میں کوئی کمی واقع ہوئی۔[3]

یہ حضور ﷺ کا عظیم الشان معجزہ ہے کہ نہایت مختصر کھانا ایک ہزار لوگوں نے پیٹ بھر کھالیا۔ سبحان اللہ۔

- اِسی جنگ میں عرب کا مشہور بہادر "عمرو بن عبدِ وُدّ" حضرت علی شیرِ خدا کے ہاتھوں مارا گیا۔ یہ ایک ہزار سواروں کے برابر مانا جاتا تھا۔ خندق پھلانگ کر مسلمانوں کو مقابلہ کی دعوت دی۔ حیدرِ کرار جنگ کے لیے آمادہ ہوئے۔ حضور ﷺ نے روکا؛ مگر شیرِ خدا نے اُسے جہنم پہنچانے کی ضد کر لی۔ علی کی جرأت دیکھ کر حضور ﷺ نے اپنے ہاتھوں سے اُن کے سر پر عمامہ باندھا اور اپنی خاص تلوار "ذو الفقار" عطا کی اور یہ دعا کی:

---

[1] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۲۵۵ تا ۲۵۷ [2] الصحیح للامام البخاری، ج: ۲، ص: ۸۸
[3] مصدرِ سابق، ص: ۵۸۹

## اے اللہ! علی کی مدد فرما!

میدانِ جنگ میں جا کر حیدرِ کرار نے بہادری کے جوہر دکھاتے ہوئے ذوالفقار کا ایسا جچا تلا ہاتھ مارا کہ تلوار اُس کے کندھے کو کاٹتی ہوئی کمر سے پار ہوگئی اور اُس کا سارا غرور خاک میں مِل گیا۔[۱]

**سوال:** اسلام کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے عزمِ مصمّم کے ساتھ حملہ آور ہونے والے مشرکین "بھاگنے پر کیوں مجبور ہوئے"؟

**جواب:** سخت سردی، آپسی اختلاف اور فوج کا راشن ختم ہونے، نیز مشرق کی جانب سے، ڈیگوں کو اُلٹ دینے اور خیموں کو اُکھاڑ دینے والے خوف ناک طوفان نے اُنھیں سر پر پیر رکھ کر بھاگنے پر مجبور کر دیا۔[۲]

## پانچویں فصل: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت و شان — تفہیم

**سوال:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے "لُعابِ دہن"، یعنی پاکیزہ منہ سے نکلنے والے مبارک تھوک کی "خصوصیات" بیان کریں!

**جواب:** دیگر اوصاف و کمالات کے ساتھ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا "لعابِ دہن" بھی انتہائی خوش بودار، شفا بخش، شیریں اور بے شمار خصوصیات کا حامل تھا۔ جس کھارے کنویں میں ڈالا وہ صبحِ قیامت تک کے لیے شیریں ہوگیا اور جس بیمار کو لگا یا وہ فوراً شفایاب ہوگیا۔

- امامِ اہلِ سنت محدّث بریلی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

جس سے کھاری کنویں شیرۂ جاں بنیں — اُس زُلالِ حلاوت پہ لاکھوں سلام
جس کے پانی سے شاداب جان و جناں — اُس دہن کی طراوت پہ لاکھوں سلام
جس میں نہریں ہیں شیر و شکر کی رواں — اُس گلے کی نضارت پہ لاکھوں سلام

**سوال:** "لُعابِ دہن" کی برکتوں سے متعلق چند روایتیں پیش کریں!

**جواب:** جی! اختصار کے ساتھ ملاحظہ فرمائیں:

- جنگِ احد میں حضرت قتادہ بن نعمان رضی اللہ عنہ کی آنکھ کا ڈھیلا نکل کر رخسار پر آپڑا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس ڈھیلے کو آنکھ میں رکھ کر لعابِ دہن لگا دیا، وہ آنکھ پہلے سے زیادہ خوب صورت اور روشن ہوگئی۔
- حضرت ابو قتادہ رضی اللہ عنہ کا چہرہ ایک مرتبہ تیر لگنے سے زخمی ہوگیا، حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کے زخم پر لعابِ دہن لگا دیا، اُس کی برکت سے فوراً شفا مل گئی، نہ اُس مقام پر دوبارہ تیر لگا اور نہ اُس سے کبھی خون نکلا۔
- حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی چوٹ پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا لعابِ دہن لگا فوراً درد جاتا رہا اور اُسی وقت اُنھیں کامل شفا اور مکمل راحت مل گئی۔

---

[۱] ملخصاً من شرح الزرقانی علی المواہب، ج:۲، ص:۱۱۴-۱۱۵
[۲] ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص:۲۷۱

- ایک مرتبہ حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ تلوار سے زخمی ہو گئے، حضور ﷺ نے اُس پر اپنا لعاب شیریں لگا دیا، فوراً زخم جاتا رہا۔
- جنگِ بدر میں، ابو جہل کے قاتل، حضرت مُعوّذ بن عفرا رضی اللہ عنہ کا بازو کٹ گیا، حضور ﷺ نے اُس کٹے ہوئے بازو کو جوڑ کر اپنا لعابِ دہن لگا دیا، وہ ہاتھ اُسی جگہ جُڑ کر بالکل درست ہو گیا اور پہلے کی طرح کام کرنے لگا۔
- فتحِ خیبر کے روز حضرت مولا علی رضی اللہ عنہ کی دکھتی آنکھوں میں اپنا لعابِ دہن ڈال کر اُنھیں ایسی شفا دی کہ خود حضرت علی نے فرمایا: میری آنکھیں ایسی تندرست ہو گئیں کہ جیسے کبھی دُکھی ہی نہ ہوں[1]
- آج نادان قسم کے لوگ حضور رحمتِ عالم ﷺ کو اپنے جیسا بشر کہتے نہیں تھکتے۔ اُنھیں غور کرنا چاہیے کہ ہمارے منہ سے روزانہ نہ جانے کتنا لعاب نکلتا ہے؛ لیکن اگر ہم اُسے کسی پانی میں ملا دیں تو اُسے پینے کے لیے کوئی تیار نہ ہو، کھانے میں ڈال دیں تو ہمارے اپنے بھی گھِن کرنے لگیں، جس مجلس میں کھنکھار دیں، لوگ اٹھ کر بھاگ جائیں اور کسی کے زخم پر لگا دیں تو ممکن ہے کہ اُسے نقصان پہنچ جائے۔ جب کسی انسان کے لعاب کو حضور ﷺ کے لعابِ دہن کے مساوی نہیں کہہ سکتے تو پھر کسی کو حضور ﷺ کے مثل کیسے کہا جا سکتا ہے؟ اللہ عزوجل ہدایت نصیب کرے!

## چھٹی فصل — جاں نثارانِ مصطفیٰ ﷺ — تفہیم

### سیرتِ سیدنا مولائے کائنات کرّم اللہ وجہہ الکریم

**سوال:** حضور ﷺ کے چوتھے جانشین "حضرتِ مولائے کائنات" رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے "نام و نسب" پر روشنی ڈالیے!

**جواب:** آپ کا نامِ اقدس "علی بن ابو طالب" کنیت "ابو الحسن" اور "ابو تراب" ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ، حضور ﷺ کے چچیرے بھائی اور آپ ﷺ کی سب سے چہیتی بیٹی "حضرتِ سیدہ فاطمہ" رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر نامدار ہیں۔ آپ رضی اللہ عنہ کی والدۂ محترمہ "حضرت فاطمہ بنت اسد" رضی اللہ عنہا اسلام قبول کرنے اور ہجرت کرنے والی سب سے پہلی ہاشمی خاتون ہیں[2]

آپ رضی اللہ عنہ کے بے شمار القاب ہیں؛ مگر "شیرِ خدا، حیدرِ کرّار" اور "مولائے کائنات" کو زیادہ شہرت حاصل ہے۔ آپ، حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے بعد "سب سے افضل" ہیں۔

**سوال:** حضرت علی مولائے کائنات رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے "فضائل و مناقب" بیان کریں!

---

[1] [ملخصاً از جواہر البحار فی فضائل النبی المختار، مترجم، ج: ۱، ص: ۹۳]

[2] [تاریخ الخلفاء، ص: ۱۱۳]

جواب: حضرت شیرِ خدا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فضائل و مناقب میں اِس قدر ''کثیر روایتیں'' وارد ہیں کہ اُنھیں شمار نہیں کیا جا سکتا۔ چند روایتیں ملاحظہ فرمائیں:

ام المومنین حضرت سیدہ اُمِّ سلمہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا:

- جس نے علی سے محبت کی اُس نے مجھ سے محبت کی اور جس نے مجھ سے محبت کی اُس نے اللہ سے محبت کی۔
  جس نے علی سے دشمنی کی اُس نے مجھ سے دشمنی کی اور جس نے مجھ سے دشمنی کی اُس نے اللہ سے دشمنی کی۔[۱]

ایک دن حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایک کھلے ہوئے میدان میں بہت سے لوگوں کو جمع کر کے فرمایا:

- میں اللہ کی قسم دے کر تم لوگوں سے پوچھتا ہوں کہ ''غدیرِ خم'' کے دن اللہ کے رسول ﷺ نے میرے بارے میں کیا فرمایا تھا؟ یہ سن کر اُس مجمع سے تیس لوگوں نے کھڑے ہو کر کہا: ہم گواہی دیتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اُس روز فرمایا تھا:

''مَیں جس کا مولا ہوں علی بھی اُس کے مولا ہیں، اے اللہ! جو شخص علی سے محبت رکھے تُو بھی اُس سے محبت رکھ اور جو شخص علی سے عداوت رکھے تو بھی اُس سے عداوت رکھ''۔[۲]

حضرت سیدتنا ام سلمہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ تاج دارِ کائنات ﷺ نے فرمایا:

- لَا یُحِبُّ عَلِیًّا مُنَافِقٌ وَلَا یُبْغِضُهُ مُؤْمِنٌ۔[۳]

ترجمہ: کوئی منافق علی سے محبت نہیں کرتا اور کوئی مومن علی سے بغض نہیں رکھتا۔ سبحان اللہ۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی محبت ایمان کا معیار ہے۔

سوال: حضرت حیدرِ کرّار، شیرِ خدا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وہ ''خوبیاں'' بیان کریں جو آپ کے ساتھ ''خاص'' ہیں!

جواب: اللہ ربُّ العزت نے حضرت علی مولائے کائنات کو کئی خوبیوں کے ساتھ مخصوص فرمایا۔ چند خوبیاں یہ ہیں:

- آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور ﷺ کے سایۂ عاطِفت میں پرورش پائی اور حضور ﷺ ہی کی گود میں ہوش سنبھالا۔
- آنکھ کھلتے ہی سب سے پہلے حضور سید المرسلین ﷺ کے جمالِ جہاں آرا کے دیدار سے شاد کام ہوئے۔
- نَو عمر بچوں میں سب سے پہلے دامنِ اسلام سے وابستہ ہوئے، اِس لیے آپ کا دامن کبھی بھی بت پرستی سے داغ دار نہ ہوا۔
- حضور ﷺ کی سب سے چہیتی شہزادی حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا آپ رضی اللہ عنہ کے نکاح میں آئیں۔
- ہجرت کے انتہائی خطرناک موقع پر حضور ﷺ کی سبز چادر اوڑھ کر حضور کے پاکیزہ بستر پر لیٹ کر میٹھی نیند کے مزے لینا آپ کا مقدَّر رہنا۔

---

۱؎ المعجم الکبیر، جز: ۲۳، ص: ۳۸۱ ۲؎ الجامع للامام الترمذی، کتاب المناقب، باب فی مناقب علی بن ابی طالب، رقم الحدیث: ۴۰۷۸
۳؎ الجامع للامام الترمذی، کتاب المناقب، باب فی مناقب علی بن ابی طالب، رقم الحدیث: ۴۰۸۳

- حیدرِ کرار رضی اللہ عنہ نے غزوۂ تبوک کے سوا تمام غزوات میں شجاعت و بہادری کے بے مثال جوہر دکھائے۔
- آپ رضی اللہ عنہ قیامت تک پیدا ہونے والے تمام ''ساداتِ کرام'' کے ''والد'' ہیں۔ وغیرہ۔

**سوال:** حضرت شیرِ خدا رضی اللہ عنہ کی ''شجاعت و بہادری'' کا کوئی واقعہ سنائیں!

**جواب:** حضرت علی مولائے کائنات رضی اللہ کی بہادری ''شہرۂ آفاق'' ہے، عرب و عجم میں آپ رضی اللہ عنہ کے قوتِ بازو کا سِکّہ بیٹھا ہوا ہے اور آپ رضی اللہ عنہ کے رُعب و دبدبے سے آج بھی ''بڑے بڑے سورماؤں'' کے دل کانپ جاتے ہیں؛ بلکہ صرف آپ کے نام کا وظیفہ پڑھ لینے سے مومن کے جسم و روح میں توانائی کی لہر دوڑ جاتی ہے۔ اب ذیل میں حضرت حیدرِ کرار کی بے مثال بہادری کا ایک واقعہ ملاحظہ فرمائیں!

- غزوۂ خیبر کے دن حضور ﷺ نے حضرتِ علی شیر خدا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جھنڈا عطا فرمایا۔ مولا علی سے مقابلہ کرنے کے لیے خیبر کا مشہور بہادر ''مُرَحَّبْ'' آیا۔ شیر خدا نے اُسے اسلام اور صلح کی دعوت دی۔ اسلام قبول کرنے یا صلح کرنے کے بجائے ''مُرَحَّبْ'' یہ کہتا ہوا اپنے قلعہ سے باہر نکلا کہ ''خیبر جانتا ہے کہ میں ''مرحب'' ہوں، ہتھیاروں سے لیس بہادر اور تجربہ کار ہوں، کوئی میرا مقابلہ نہیں کرسکتا''۔

اُس کے جواب میں حضرت شیرِ خدا نے فرمایا: ''میں وہ ہوں کہ میری ماں نے میرا نام ''حَیْدَرْ'' رکھا ہے۔ جھاڑیوں میں رہنے والے خوں خوار شیر بھی مجھے دیکھ کر تھر تھر کانپتے ہیں''۔

مرحب اپنی طاقت کے نشے میں چور ہو کر بڑے تکبر و غرور کے ساتھ آیا تھا؛ مگر شیرِ خدا نے اپنی ذوالفقار کے ایک ہی وار سے اُس کے ناپاک سر کو ''دو حصوں میں تقسیم فرمادیا'' اور وہ مر کر زمین پر ڈھیر ہوگیا۔ اُس کی ہلاکت کے بعد شیرِ خدا نے فتح کا اعلان فرمادیا۔

- حضرت شیر خدا کی اِس بہادری کو دیکھ کر خیبر کا ذرہ ذرہ اپنی زبانِ حال سے پکار اُٹھا:

| | |
|---|---|
| شاہِ مَرداں ، شیرِ یزداں ، قوتِ پروردگار | لَا فَتٰی اِلَّا عَلِیٌ لَا سَیْفَ اِلَّا ذُوالْفِقَار |
| علی بہادروں کے بادشاہ، خدا کے شیر اور قوتِ پروردگار ہیں | اُن کے جیسا کوئی جوان نہیں اور ذوالفقار جیسی کوئی تلوار نہیں |
| کبھی دیوار ہلتی ہے، کبھی دَر کانپ جاتا ہے | علی کا نام سُن کر اَب بھی خیبر کانپ جاتا ہے |

**سوال:** حضرت علی مولائے کائنات کی شہادت کیسے ہوئی؟

**جواب:** ۱۷ رمضان المبارک، ۴۰ھ کو نماز فجر پڑھانے کے لیے آپ رضی اللہ عنہ گھر سے نکلے، راستے میں آواز لگا کر آپ لوگوں کو نماز کے لیے جگاتے جارہے تھے کہ اچانک ''ابنِ مُلْجَم خَارِجی'' خبیث نے آپ کے سامنے آکر آپ پر تلوار کا اتنا سخت وار کیا کہ آپ کی پیشانی کنپٹی تک کٹ گئی اور تلوار دماغ پر جا ٹھہری۔ تلوار لگتے ہی آپ نے فرمایا: ربِّ کعبہ کی قسم! میں کامیاب ہوگیا اور پھر ۲۱ رمضان ۴۰ھ بروز اتوار آپ کا وصال ہوگیا۔ انا للہ و انا الیہ رٰجِعُوْن۔

## ساتویں فصل — سُوَرِ قُرآنِ کریم — تحفیظ

### سُوْرَةُ الْبَيِّنَةِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَمَانُ آيَاتٍ

سورۂ بنیہ مکی ہے، اِس میں آٹھ آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا

لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ أَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ مُنْفَكِّيْنَ حَتّٰى تَأْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ ۝

اہلِ کتاب میں سے بعض کفار اور مشرکین [اپنے دین کو] چھوڑنے والے نہیں ہیں حتّٰی کہ اُن کے پاس واضح دلیل آجائے ۝

رَسُوْلٌ مِّنَ اللّٰهِ يَتْلُوْا صُحُفًا مُّطَهَّرَةً ۝ فِيْهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ ۝

وہ اللہ کی طرف سے رسول ہیں جو پاک صحیفوں کی تلاوت کرتے ہیں ۝ اُن میں مضبوط احکام ہیں ۝

وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِيْنَ أُوْتُوا الْكِتٰبَ إِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنَةُ ۝

اہلِ کتاب میں اُسی وقت تفرقہ ہوا جب اُن کے پاس واضح دلیل آچکی تھی ۝

وَمَا أُمِرُوْا إِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ حُنَفَآءَ وَيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ
وَذٰلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ ۝

اُن کو صرف یہی حکم دیا گیا تھا کہ وہ اِخلاص کے ساتھ اِطاعت کرتے ہوئے اللہ کی عبادت کریں، ملتِ حنیفہ پر قائم رہتے ہوئے اور نماز قائم کریں اور زکاۃ ادا کریں اور یہی دینِ مستقیم ہے ۝

إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ أَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ أُولٰٓئِكَ هُمْ
شَرُّ الْبَرِيَّةِ ۝


بے شک اہلِ کتاب میں سے جو کفار ہیں اور مشرکین ہمیشہ دوزخ کی آگ میں رہنے والے ہیں، وہی تمام مخلوق میں بدترین ہیں ۝


إِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ أُولٰٓئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ ۝


بے شک جو لوگ ایمان لائے اور اُنھوں نے نیک اعمال کیے وہ تمام مخلوق میں بہترین ہیں ۝


جَزَآؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ أَبَدًا رَضِيَ اللّٰهُ
عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهُ ۝

اُن کی جزا اُن کے رب کے پاس ایسی دائمی جنتیں ہیں جن کے نیچے سے دریا بہتے ہیں، وہ اُن میں ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے ہیں، اللہ اُن سے راضی ہوگیا اور وہ اللہ سے راضی ہوگئے، یہ جزا اُن کے لیے ہے جو اپنے رب سے ڈرتے رہیں ۝




**SHOBA-E-ISHA'AT DARUL ULOOM MEHBOOB-E-SUBHANI**

Kurla West, Mumbai